درویش نامہ

عالم ناسوت، ملکوت، جبروت اور لاہوت کے رازوں کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے
درود ابراھیمی کے مشاھدات پر مشتمل ایک خوبصورت کتاب

درود ابراھیمی کے
مشاھدات

برکات و کرامات | تجربات و مشاھدات | اسرار و رموز

تالیف
محمد تنویر اقبال

بسم الله الرحمن الرحيم



کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

درودابراہیمی کے مشاہدات پر مبنی ایک خوبصورت کاوش

درود ابراھیمی کے مشاھدات

برکات وکرامات، تجربات ومشاہدات، اسرارورموز

تالیف

محمدتنویراقبال

درویش نامہ لاھور پاکستان

0313-4191174

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب: درودابراہیمی کے مشاہدات

تالیف: محمد تنویر اقبال

کمپوزنگ: خالد محمود

پروف ریڈنگ: اُسامہ شمس

سن اشاعت: مارچ 2024

معاونین: محمد فیصل نذیر

ہدیہ:

ضروری نوٹ

اس کتاب کا کوئی بھی حصہ مئولف کی اجازت کے بغیر کہیں بھی شائع کرنا منع ہے، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے گی۔

انتساب


محمد ﷺ وآل محمد ﷺ کے نام

درود ابراهیمی

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

حتی الوسیع کوشش کی گئی ہے کہ کتاب میں کسی بھی قسم کی غلطی یا کمی بیشی کی گنجائش نہ رہے تاہم قارئین کرام سے گزارش ہے کہ دوران مطالعہ کسی بھی قسم کی غلطی، کمی کوتاہی نظر سے گزرے تو ضرور مطلع فرمائیں تاکہ اگلے ایڈیشن میں درستگی کی جاسکے۔ شکریہ



یہ بھی نہیں کہ میرا مرض لاعلاج ہے
یہ بھی نہیں کہ تجھ کو نہیں ہے میری خبر
تیرے سوا دعا کے لیے کس کا نام لوں
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر



قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں اسم محمد سے اجالا کر دے

ترتیب

☆☆☆☆

درود پڑھیے سلام پڑھیے

بصد ادب بصد محبت درود پڑھیے سلام پڑھیے
ملے گی دونوں جہاں میں عزت درود پڑھیے سلام پڑھیے

دلوں میں عشق نبی بسا کر لبوں پر نعتِ نبی سجا کر
بنا کے خود کو غلام نسبت درود پڑھیے سلام پڑھیے

دکھی دلوں کو سکوں ملے گا، بجھی طبیعت بھی کِھل اٹھے گی
گھروں میں برسے گی خیر و برکت درود پڑھیے سلام پڑھیے

نبی کی محفل سجی ہوئی ھے فرشتے سایہ کیے ہوئے ہیں
میاں! یہ پل ھے بہت غنیمت درود پڑھیے سلام پڑھیے

فقط یہ میرا نہی طریقہ، ہے عاشقوں کا یہی وظیفہ
کتابِ حق میں بھی ہے ہدایت درود پڑھیے سلام پڑھیے

جہاں اندھیرا نہ چھٹ رہا ہو جہاں پہ نفرت برس رہی ہو
وہاں بھی ہوگا نزولِ رحمت درود پڑھیے سلام پڑھیے

عاشقوں کا ذکر

درودابراہیمی کے مشاہدات پر مبنی خوبصورت کتاب آپ کے ہاتھ میں ہے۔درودابراہیمی وہ مبارک کلمات ہیں جواللہ کے ہاں محبوب بھی ہیں اور قبول بھی۔عشق کے اس مبارک ومطہر سفر میں روحانیت اور درود ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔درودابراہیمی پڑھنے والے کی زندگی میں رنگ اور نسلوں میں ولایت کے فیصلے ہوتے ہیں۔جس پر رحمت نازل ہونی ہوتی ہے اسے درود شریف کی توفیق دی جاتی ہے اسے درود شریف عطا کیا جاتا ہے۔

ہر نمازی کی نماز کا حصہ ہے درودابراہیمی،اہل بیتؓ سے اظہار محبت ہے درودابراہیمی،درودابراہیمی کے اندر روحانیت ہے،قبولیت ہے،برکت ہے،درودابراہیمی کی محبت زندگیوں کو سچی راہوں کی طرف لے جاتی ہے ہمارے مسائل ختم ہوجاتے ہیں ہماری مشکلیں حل ہوجاتی ہیں ہمیں کریم اللہ کی معرفت حضور اقدس ﷺ کا قرب اور اہل بیتؓ کی توجہات نصیب ہوتی ہیں۔یہ کتاب عاشقین درود کے عشق کی داستان ہے۔

اس کتاب کے اندر حقائق پر مبنی مشاہدات جب آپ پڑھیں گے تو آپ کے اندر درودابراہیمی کی محبت پروان چڑھے گی آپ کے اندر درودابراہیمی ورد کرنے کا شوق پیدا ہوگا۔میرا مشورہ ہے اس درود شریف کو اپنی زندگی کے معمولات میں شامل کریں خود بھی درود شریف محبت سے پڑھیں اور ساتھ درود کی دعوت کا اہتمام کریں۔

اپنی نسلوں،اپنے رشتے داروں،اپنے پڑوسیوں،اپنے دوستوں اپنے تعلق والوں کو درود شریف کی افادیت ضرور بتایا کریں درود شریف کی تبلیغ جہاں تک ممکن ہوکرتے رہا کریں۔یہ بہت بڑا عمل ہے یہ بہت بڑی سعادت ہے۔جب آپ مخلوق میں درود کی محبت کو عام کرنے کے لیے تگ ودو کریں گے تو اس سے آپ خیر پھیلانے والے اور مخلوق خدا کو فیض پہنچانے والے اللہ کے نیک

بندوں میں شمار ہو جائیں گے۔آپ کی اس کاوش سے جہاں دکھی دلوں کوسکھ ملے گا وہاں پیارے آقاﷺ کی نظر کرم بھی آپ پر ہمیشہ رہے گی۔جب آپ نیکی پھیلانے کا ذریعہ بنیں گےتو ان شاءاللہ آپ کی نسلوں میں بھی نیکی کی تاثیر چلتی رہے گی اس لیے درودشریف کا پیغام لے کر داعی بن کر چلتے رہیں۔آپ بیج لگاتے جائیں اس کا پھل آپ اورآپ کی نسلوں کورب کھلا کر دکھائے گا۔

یہاں میں اپنے پیارے دوست محمد فیصل نذیر(درویش نامہ) اور حافظ محسن خان(درود اکیڈمی والے) کا بھی مشکور ہوں کہ اُنہوں نے اس کتاب کولکھنے میں میرا بھرپورساتھ دیا،ترغیب بھی دی اوراپنے قیمتی مشوروں سے بھی نوازا۔ساتھ ساتھ اس بات کا بھی اقرارکرتا چلوں کہ مجھے ان قیمتی دوستوں سے بہت کچھ سیکھنے کو ملے اورآج بھی میں ان پیارے دوستوں سے بہت کچھ سیکھ رہا ہوں۔آخر میں استدعا ہے جب بھی بارگاہ الٰہی میں دعا کے لیے ہاتھ اُٹھائیں مجھے میری نسلوں ،میرے دوستوں کوان کی نسلوں کواپنی دعاؤں میں ضروریادرکھیے گا۔

محمد تنویراقبال

مودبانہ گزارش

السلام وعلیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

آپ تمام مخلصین جودرودشریف کے سفرمیں ہیں۔آپ سب کی خدمت میں مودبانہ گزارش ہے کہ اگرآپ کے پاس درودشریف کے مشاہدات ہیں تو ہم سے ضروررابطہ کریں درودشریف کی خوشبوکو پھیلانے میں ہماراساتھ دیں۔درودشریف کے مشاہدات بھیجتے وقت اس ترتیب کوساتھ لےکرچلیں۔

☆ کتنے سال یا مہینے پہلے آپ نے درود شریف پڑھنا شروع کیا؟
☆ آپ کو کن بزرگ سے درود شریف کا ورد عطا ہوا؟
☆ کیا کسی دوست کسی رشتہ دار کسی ویڈیو کے ذریعے آپ تک درود شریف کا پیغام پہنچا؟
☆ کیا آپ کے خاندان میں پیڑی در پیڑی درود شریف کا ورد چلا آ رہا ہے؟
☆ آپ کے ورد میں درود شریف کا کونسا صیغہ ہے؟
☆ آپ کے اندر درود شریف پڑھنے کا شوق پیدا ہوا تو یہ کتنا عرصہ پہلے کا واقعہ ہے؟
☆ آپ روزانہ کتنا درود شریف ورد کرتے ہیں؟
☆ کیا آپ کو خواب، مراقبہ کے ذریعے درود شریف کے مخصوص کلمات عطا کیے گئے؟

آپ کو درود شریف پڑھنے کے بعد جو مشاہدات ہوئے جو واقعات آپ کے ساتھ پیش آئے اور جو آپ کو دلی مسرت، سکون، عزت، عافیت برکت، روحانیت اور نورانیت ملی۔ وہ سارے واقعات مشاہدات تفصیل سے ترتیب سے مجھے میرے نمبر پر ضرور بھیجیں۔آپ اپنے مشاہدات تفصیل سے میرے وٹس ایپ نمبر پر لکھ کر یا آواز ریکارڈ کر کے بھیج دیں۔

اگر آپ اپنا نام صیغہ راز میں رکھنا چاہتے ہیں تو آپ کا نام نہیں بتایا جائے گا اور اگر آپ اپنا نام بتانا چاہتے ہیں تو ہم آپ کا نام آپ کے مشاہدے کے ساتھ لوگوں کے سامنے شیئر کر دیں گے۔آپ کی ترغیب سے یا آپ کے مشاہدے سے اگر ایک فرد بھی درود شریف پڑھنے پر لگ گیا تو اس سے مراد ایک فرد شمار نہیں ہوگا بلکہ اس فرد کے پیچھے پورا خاندان ہوتا ہے۔

سوچیں آپ کی ترغیب سے اگر پورے خاندان کے اندر آپ کی وجہ سے درود شریف کا سلسلہ چل پڑے اور اس فرد کی قیامت تک آنے والی نسلیں جو درود شریف پڑھیں گی اس کا اجر آپ کو آپ کی نسلوں کو ملتا رہے گا۔ مجھے آپ کے مشاہدات کا انتظار رہے گا میں آپ کے مشاہدے کو تحریری شکل میں لوگوں کے سامنے ان شاء اللہ خوبصورت انداز میں پیش کروں گا۔

یہاں ایک عمومی پوچھنے جانے والے سوال کا جواب عرض کرتا چلوں۔ اکثر یہ بدگمانی پیدا کی جاتی ہے کہ مشاہدات بتانے سے مشاہدات کا سلسلہ بند ہو جاتا ہے۔ میں عرض کرتا چلوں کہ اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ یہ کتاب جو آپ کے ہاتھ میں ہے یہ بھی تو مخلصین کے مشاہدات ہیں جو آپ کی خدمت میں پیش کیے گئے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو آج ہمارے پاس مخلصین کے اکابرین کے مشاہدات نہ ہوتے۔ کتابوں کی کتابیں مشاہدات درود سے بھری ہوئی ہیں۔ ایسی بدگمانی سے بچیں اور یہ یاد رکھیں علم ہو یا رزق جتنا بانٹیں گے رب اس سے کئی گنا زیادہ عطا فرمائے گا۔

شیطان عبادت گزار سے اتنا نہیں ڈرتا جتنا سخی سے ڈرتا ہے اس لیے سخی بنیں اور مخلوق خدا کو اپنی ذات سے نفع پہنچائیں۔ مومن سخی ہوتا ہے اور سخی کو جھولیاں بھر بھر کر عطا کیا جاتا ہے رب کریم کو سخی مومن پسند ہے اور سخی کے ساتھ رب کی خصوصی مدد ہوتی ہے۔

سخی بنیں اور اپنے قیمتی مشاہدات، واقعات ہمیں ضرور بھیجیں۔ میرے اس درود شریف کے مشن میں میرا ساتھ دیں۔ تا کہ ہماری کاوش سے گھر گھر نگر نگر درود شریف کی خوشبو پہنچ سکے۔

درود شریف کی خوشبو کو عام کرنے میں آئیں ہم سب مل کر کوشش کریں۔ رب کا ایک نظام ہے ہم جو مخلوق خدا میں بانٹتے ہیں رب ہمیں مزید اُس نعمت سے نوازتا ہے رب کو سخاوت بہت پسند ہے ہم سخی بنیں گے تو رب ہمیں مزید جھولیاں بھر بھر کے عطا کرے گا۔ اس لیے دل کھول کر درود شریف کے مشاہدات ہمیں بتائیں تا کہ یہ فیض کا سلسلہ سدا چلتا رہے مجھے آپ کے مشاہدات کا انتظار رہے گا جزاکم اللہ خیرا۔

محمد تنویر اقبال
قصبہ ملہووالی، تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک
وٹس ایپ نمبر:0333_5461808

درود ابراہیمی محبتوں کا سفر

درود شریف کا سفر ایک مبارک سفر ہے یہ مبارک سفر نصیب والوں کو نصیب ہوتا ہے۔ یہاں نہ عقل کے فیصلے ہیں نہ ہی علم کا کمال ہے یہ تو بس رحمت خداوندی ہے کہ ہمیں درود شریف کے مبارک سفر کے لیے قبول کیا گیا ہے۔

اس مبارک سفر کے لیے چناؤ پہلے ہوتا ہے درود شریف کا سفر بعد میں دیا جاتا ہے۔ درود شریف کی یہ خوبصورت کتاب ''درود ابراہیمی کے مشاہدات'' ایسے ہی خوش نصیبوں کے تذکروں پر مبنی ہے۔ اس کتاب کے اندر مخلصین نے اپنے خوبصورت مشاہدات بتائے ہیں جس کو تنویر بھائی نے انتہائی سادہ اور احسن انداز میں ہمارے سامنے پیش کیا ہے۔ رب کریم سے دعا گو ہوں کہ رب کائنات تنویر بھائی کو اسی طرح درود شریف کی خدمت پر مامور رکھے، ان کی نسلوں کو درود شریف کی نشر و اشاعت اور تبلیغ کے لیے قبول فرمائے۔ آمین

درود شریف وہ مبارک عمل ہے جو قبول بھی ہے مقبول بھی ہے جو اس کے ساتھ جڑ جاتا ہے وہ رنگا جاتا ہے۔ اس لیے میں بھی اور آپ بھی آج عہد کریں کہ ہم درود شریف کو اپنی زندگیوں کے اندر داخل کریں گے اپنی نسلوں کو درود شریف کی ترغیب دیا کریں گے اپنوں کو درود شریف کی طرف لے کر آنے کا ذریعہ بنیں گے۔

اگر ہم نے یہ کر لیا ہم بھی کامیاب اور ہمارے کہنے پر ہماری ترغیب پر جس کسی نے درود شریف کا راستہ پکڑ لیا وہ بھی کامیاب۔ اس لیے کہا جاتا ہے کہ درود شریف وہ عمل ہے جس میں نفع ہی نفع ہے جس میں فائدہ ہی فائدہ ہے تو آئیں ہم سب مل کر اس قافلے (درویش نامہ) کا حصہ بن جائیں جو درود شریف کی خوشبو کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچانے کی کوششوں میں سرگرم ہے۔

محمد فیصل نذیر (ایڈیٹر۔ درویش نامہ)

تقریظ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

امابعد!

درودوابراہیمی کے مشاہدات پرمبنی کتاب ''درودابراہیمی کے مشاہدات'' پڑھنے کی توفیق ملی اس کے اندر عاشقین درود کا تذکرہ بہت احسن انداز میں پیش کیا گیا ہے۔اس کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ مئولف محمد تنویر اقبال نے اپنی کتاب میں درودابراہیمی کے مشاہدات کو بڑی محنت اور ذوق وشوق کے ساتھ جمع فرمایا ہے۔مئولف نے اپنی اس خوبصورت کتاب میں درودشریف کی عظمت وفضیلت کو اجاگر کرنے کی خوب اور بہترین کوشش کی ہے۔تنویر بھائی کی یہ کاوش ایک خوبصورت کاوش ہے اللہ کریم ان کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اوران کی نسلوں کو بھی اس عظیم کام کے لیے قبول فرمالے۔دعاگوہوں کہ رب کریم اُمت محمد ﷺ کو درودشریف کے ساتھ منسلک رہنے کی توفیق عطاءفرمائے۔آمین

والسلام

مفتی زبیر اصغر

فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور

ایک بڑا قیمتی خزانہ

بِسۡمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام عَلٰی رَسُول اللّٰہ ﷺ

لاکھوں کروڑوں درود محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر کہ جن کے صدقے اور وسیلے سے اللہ پاک نے ہم پر اپنی بے پناہ عنایات جاری رکھی ہوئیں ہیں۔اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ درود ابراہیمی سب سے افضل اور مکمل درود شریف ہے، یہی وہ درود ہے جس میں ولایت مخفی ہے، یہی وہ درود ہے جس میں کشف کا حصول ہے، یہی وہ درود ہے جس میں کائنات کے بڑے بڑے راز پوشیدہ ہیں، یہی وہ درود ہے جس میں زیارت رسول کریم ﷺ کی سعادت واضح ہے،اس درود کا ثانی کوئی درود نہیں ہے۔

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کی زبان درود ابراہیمی کے ورد سے تر رہتی ہے اور خوش بخت ہیں وہ لوگ جو اس درود شریف کی نشر و اشاعت میں اپنی زندگیاں صرف کر رہے ہیں۔میری خواہش تھی کہ میں درود ابراہیمی کی افضلیت اس کی برکات و کرامات پر ایک کتاب تالیف کروں،الحمدللہ میری اس خواہش کو میرے دیرینہ دوست اور ادارہ درود اکیڈمی کے مخلص ترین ساتھی جناب ماسٹر محمد تنویر اقبال صاحب (ملہووالی،اٹک) نے "درود ابراہیمی کے مشاہدات" پر مشتمل کتاب ترتیب دے کر، پورا کیا اور مجھے اس بات کی بھی بے حد خوشی ہے کہ ماسٹر محمد تنویر اقبال نے اپنی پہلی کتاب کا آغاز درود ابراہیمی سے کیا جو کہ تمام درودوں اور وظائف کا سردار درود شریف ہے،

بلاشبہ یہ کتاب دنیا کے بیش قیمتی خزانوں میں سے ایک بہت بڑا خزانہ ہے جو کہ ایک محبّ درود شریف کے ذوق شوق کو بڑھانے کے لیے کافی ووافی ہے۔

دعا گو ہوں کہ اللہ پاک تنویر بھائی کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرما کر انہیں بہترین اجرِ عظیم عطا فرمائے اور اس کتاب کا فیض ان کی نسلوں میں جاری فرمائے۔آمین

والسلام

حافظ محسن خان

درود اکیڈمی لاہور کینٹ پاکستان

5 شعبان المعظم 1445ھ

باکمال عمل

کائنات کی سچی، کھری اور رب کے پرحکمت اور متبرک ارشادات پرمبنی خوبصورت اور مقدس دستاویز قرآن مجید میں ارشادربانی ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

ترجمہ: بیشک اللہ اوراس کے (سب) فرشتے نبی (مکرم ﷺ) پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم (بھی) ان پر درود بھیجا کرواور خوب سلام بھیجا کرو۔(سورہ احزاب)

سرکار دوعالم ﷺ نے فرمایا میرے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والا آیا اور عرض کیا یارسول ﷺ جو آپ ﷺ کا اُمتی آپ ﷺ پر ایک بار درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس اُمتی پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ اوراس کے دس درجے بلند کرتا ہے اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اوراس کے دس گناہ مٹا دیتا ہے۔(صحیح مسلم، نسائی)

حضرت اُبی بن کعبؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ میں آپ ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھتا ہوں۔ میں کس قدر درود شریف پڑھا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا چاہو اگر زیادہ کروتو بہتر ہے میں نے عرض کیا ''نصف'' آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا چاہو البتہ زیادہ کروتو بہتر ہے میں نے عرض کیا دوتہائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا زیادہ کروتو بہتر ہے میں نے عرض کیا۔ میں سارے کا سارا وظیفہ آپ ﷺ کے لیے کیوں نہ کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اب تیرے غموں کی کفایت ہوگی اور گناہ بخش دیئے جائیں گے۔(ترمذی شریف)

درودابراہیمی کی فضیلت:

شافع محشر، رحمت عالم ﷺ نماز میں دو، تین (مغرب کی نماز) یا چار رکعت والی نماز کے قعدہ اخیرہ

میں ہمیشہ درودِ ابراہیمی پڑھتے جو درج ذیل ہے:

اَللّٰھُمّ صَلِّ عَلَیٰ مُحَمّدٍ وَعَلَیٰ آلِ مُحَمّدٍ کَمَا صَلّیْتَ عَلَیٰ إِبْرَاھِیمَ وَعَلَیٰ آلِ إِبْرَاھِیمَ إِنّکَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ.

اَللّٰھُمّ بَارِکْ عَلَیٰ مُحَمّدٍ وَعَلَیٰ آلِ مُحَمّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلَیٰ إِبْرَاھِیمَ وَعَلَیٰ آلِ إِبْرَاھِیمَ إِنّکَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ.

(بخاری، الصحیح، کتاب الانبیاء، باب النسلان فی المشی، ۳:۱۲۳۳، رقم: ۳۱۹۰)

اے اللہ رحمتیں نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور اُن کی آل پر، جس طرح تو نے رحمتیں نازل کیں حضرت ابراہیمؑ پر اور ان کی آل پر، بے شک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی والا ہے۔

''اے اللہ! تو برکتیں نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور اُن کی آل پر، جس طرح تو نے برکتیں نازل فرمائیں حضرت ابراہیمؑ پر اور ان کی آل پر، بے شک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی والا ہے۔

(بخاری، الصحیح، کتاب الانبیاء، باب النسلان فی المشی، ۳:۱۲۳۳، رقم: ۳۱۹۰)

صلوات:

صَلَوات، عربی زبان میں ایک مخصوص ذکر کو کہا جاتا ہے جس میں نبی کریم ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر درود بھیجا جاتا ہے۔ مسلمان نماز کے تشہد میں نیز رسول کریم ﷺ کا اسم مبارک لیتے وقت صلوات پڑھتے ہیں۔ اسلامی تعلیمات میں صلوات، سنت الٰہیہ میں شمار ہوتی ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نہ صرف خود اپنے حبیب ﷺ پر درود وسلام بھیجتا ہے بلکہ فرشتوں اور اہل ایمان کو بھی اس کام کا پابند قرار دیتا ہے۔

خوبصورت الفاظ:

درودِ ابراہیمی دوسرے درودوں کی بہ نسبت افضل ترین کلمات پر مشتمل ہے، اور اس کے صیغے تمام درودوں سے زیادہ فضیلت رکھتے ہیں، رسولِ کریم ﷺ نے نماز کے لیے اس درود کا انتخاب فرمایا ہے، لہٰذا نمازوں میں اور نماز کے باہر اس درود پاک کا وِرد زیادہ افضل ہے۔

بخاری شریف میں ہے:

"عبد الله بن عيسى سمع عبد الرحمن بن أبى ليلى قال: لقينى كعب بن عجرة فقال: ألا أهدى لک هديةً سمعتها من النبى صلى الله عليه وسلم؟ فقلت: بلى فأهدها لى! فقال: سألنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلنا: يا رسول الله! كيف الصلاة عليكم أهل البيت؟؛ فإن الله قد علمنا كيف نسلم! قال: قولوا: اللّٰهم صل على محمد، وعلى آل محمد، كما صليت على إبراهيم، وعلى آل إبراهيم إنک حميد مجيد، اللّٰهم بارک على محمد، وعلى آل محمد، كما باركت على إبراهيم، وعلى آل إبراهيم إنک حميد مجيد."

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ مجھ سے کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ ملے تو فرمایا: کیا میں تمہیں ایسا تحفہ نہ دوں جسے میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ میں نے عرض کیا: ضرور دیجیے، انہوں نے کہا: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا: یارسول اللہ! آپ ﷺ پر یعنی اہلبیت پر ہم کس طرح درود پڑھیں؟ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ تو بتا دیا ہے کہ آپ ﷺ پر کیسے سلام پڑھیں اب ہمیں حکم فرمائیں کہ درود کس طرح پڑھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس طرح پڑھو

"اَللّٰهُمّ صَلِّ عَلَى مُحَمّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمّدٍ، كَمَا صَلّيتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنّکَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ،

اَللّٰهُمّ بَارِکْ عَلَى مُحَمّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنّکَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ."

پسند کردہ ذکر:

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کونسا ذکر پسند فرماتا ہے خیال رہے کہ اس کا جواب سورۃ الاحزاب کی 56 نمبر آیت میں موجود ہے۔ ترجمہ: ''بے شک اللہ تعالیٰ اوراس کے فرشتے اس

نبیﷺ پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والوتم بھی مل کرآپﷺ پردرود بھیجو اورسلام بھیجو نہایت عاجزی کے ساتھ''۔ یہ آیت مبارکہ ہجرت کے دوسرے سال نازل ہوئی حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں ''جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپﷺ کا چہرہ مبارک گلنار ہوگیا اور فرمایا۔''مجھے مبارک باد پیش کرو کہ آج وہ آیت نازل ہوئی جو دنیا اوراس میں موجود ہر چیز سے بہتر ہے'' اس پر میں نے کہا''اے اللہ کے رسولﷺ آپﷺ کو یہ نعمت مبارک ہو''

صحیح بخاری شریف میں ابوالعالیہ سے روایت ہے کہ جب اس بابرکت عمل کی نسبت اللہ تعالی سے کی جائے تو صلوٰۃ کا مطلب ہے کہ اللہ تعالی فرشتوں کی بھری محفل میں اپنے محبوب محمد عربیﷺ کی تعریف وثناء کرتا ہے۔

علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں:''اللہ تعالی کی طرف سے صلوٰۃ کا مطلب دعائے خیر اوراُمت کی طرف سے اس کا مطلب درود شریف' دعا اور آپﷺ کی تعظیم وتکریم کرنا ہے''۔ مذکورہ بالا آیت تین پہلوؤں کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

قدامت درود:

یعنی جب سے اللہ تعالیٰ ہے اورجب سے فرشتے ہیں اتنا ہی درود شریف بھی قدیم ہے کیونکہ وہ تب ہی سے آپﷺ پردرود شریف بھیج رہے ہیں۔اس لیے درود شریف کو کائنات کا قدیم وظیفہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

قدوقامتِ درود:

یعنی اللہ تعالیٰ جو لامحدود ہے اس کی طرف سے درود شریف کی معنویت بھی لامحدود ہوگی' فرشتوں کے درود کی مقداراورقدروقیمت کا بھی صحیح اندازہ کسی کے بس کی بات نہیں۔حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ اگرمخلوق کو دس حصّوں میں تقسیم کردیا جائے تو نو حصے فرشتوں کے ہوں گے

اور ایک حصہ باقی تمام مخلوق کا۔تو آپ یہاں بخوبی جان سکتے ہیں درود شریف کی تعداد کو شمار کرنا مشکل ہی نہیں ناممکن بھی ہے۔

مداومت درود:

اس کا مطلب یہ ہے کہ درود شریف کا عمل ابد تک جاری رہے گا۔درود شریف زمان ومکاں کی قیود سے آزاد ہے یہ مخصوص زمانے یا مخصوص وقت کی بجائے ہر زمانے اور ہر وقت میں پڑھا جانے والا عمل ہے۔کائنات کے درہم برہم ہونے پر بھی اور اللہ تعالی اور اس کے فرشتوں کا پیارے نبی مکرم ﷺ پر درود شریف بھیجنے کا عمل جاری وساری رہے گا۔

مذکورہ بالا آیت کے مطابق سنتِ الیہ اور سنتِ ملائکہ کے عمل کو عظمت اور رفعت شان بیان کرنے کے بعد پھر ایمان والوں کو اس کا باقاعدہ حکم دیا گیا۔ترجمہ ''اے ایمان والو تم کر درود شریف بھیجو اور سلام بھیجو خوب خوب عاجزی کے ساتھ۔(الاخراب۔56)

دنیا میں دن رات کے ہر لمحہ اذان اور نماز جاری ہے اور کوئی نماز اور اذان ایسی نہیں ہے جس میں ذکر الٰہی کے ساتھ ذکر رسول ﷺ موجود نہ ہو یہ ''**ورفعنالک ذکرک**'' کی ایک مثال ہے مسلمان دن میں 44 رکعتوں میں 16 مرتبہ درود شریف اور 23 مرتبہ حضور اقدس ﷺ پر ان الفاظ میں سلام بھیجتے ہیں۔

صحاح ستہ میں درود ابراہیمی کے 36 صیغے منقول ہیں۔اس کے علاوہ اہل بیتؓ، صحابہ کرامؓ، تابعین، تبع تابعین اور بزرگانِ دین سے بھی کئی درود منسوب ہیں۔جیسے درود عترت، درود قرب مصطفیٰ ﷺ، درود ماہی، درود خضری، درود تاج مدرود تنجینا اور درود اکبر وغیرہ۔حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا۔''جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھے اللہ تعالی اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔(صحیح مسلم حدیث نمبر 498)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم رؤف ورحیم ﷺ نے فرمایا۔ترجمہ: جو مجھ پر ایک بار

درود شریف پڑھے گا اللہ تعالی اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اوراس کے دس گناہ معاف کیے جائیں گےاوراس کے درجات بلند کئے جائیں گے۔(نسائی حدیث نمبر 1296)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضور سید المرسلین ﷺ کو یہ فرماتے سنا ''مجھ پر درود شریف بھیجا کرو تمھارا درود شریف مجھے پہنچتا ہے، تم جہاں بھی ہو۔

(ابوداوًد حدیث نمبر 2042)

الحمداللہ حضور اقدس ﷺ کا اپنی امت کو درود شریف کی تلقین وترغیب کرنا آپ ﷺ کا ہم پر ایک اوراحسانِ عظیم ہے کیونکہ اس طرح درود شریف بھیج کر اُمت محمد ﷺ سنتِ الیہہ اور سنتِ ملائکہ میں شامل ہوجاتی ہے'' یہ وہ واحد مشترکہ عمل ہے جس میں اللہ تعالی نے اپنے اورفرشتوں کے ساتھ مومنین کو بھی شامل کیا ہے۔

اصل مطلب اور مقصد:

درود ابراہیمی وہ کلمات ہیں جواللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول ومحبوب ہیں۔قرآن میں مؤمنین کو پیارے نبی ﷺ پر درودوسلام بھیجنے کی خاص تلقین کی گئی ہے۔

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيما

بے شک اللہ اوراس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو!تم بھی ان پر درودوسلام بھیجو جس طرح بھیجنے کا حق ہے۔(سورہ احزاب)

پیارے نبی ﷺ پر درودوسلام بھیجنا تمام مسلمین اور مومنین کی روزمرہ زندگی کا لازمی جزو ہے کیونکہ ہم کم ازکم پانچ دفعہ نماز میں درودِ ابراہیمی کے کلمات دہراتے ہیں۔مومنین کو نبی محترم ﷺ کی طرف سے بروز جمعہ درودوسلام کی کثرت کرنے کی تاکید کی گئی ہے کہ اس دن ہمارا درودوسلام نبی کریم ﷺ تک پہنچایا جاتا ہے۔درود پڑھنے کی بے پناہ فضیلت ہے کہ ایک دفعہ پڑھنے سے دس

نیکیاں بڑھائی جاتی ہیں، دس گناہ مٹائے جاتے ہیں اور دس درجات کی بلندی کا باعث بنتا ہے۔
آیئے دیکھتے ہیں کہ درودِ ابراہیمی میں ایسا کیا ہے جو اس درود نے اتنا مقام پایا؟۔ درود شریف کا عربی متن بمعہ ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیمَ اِنَّکَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ، وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیم اِنَّکَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ

درودِ ابراہیمی ایک خوبصورت دعا ہے جس کا مطلب ہے کہ اے اللہ محمد ﷺ اور ان کی آل پر صلِّ نازل فرما جیسے کہ تو نے حضرت ابراہیمؑ کی آل پر نازل فرمائی اور محمد ﷺ کی آل پر برکت نازل فرما جیسا کہ تو حضرت ابراہیمؑ اور ان کی آل پر نازل فرمائی بے شک تو بڑا تعریف والا بزرگی والا ہے۔
صَلِّ کا لفظ صلو سے نکلا ہے جس کے معنی پکارنا، طلب کرنا، تعریف کرنا، حمد کرنا، بھی ہے اور اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ ہو بہو پیروی کرتے ہوئے پے در پے ایک کے بعد ایک کا آنا۔
برکت کا مطلب ہے خیر کے ساتھ بڑھنا۔ آل کا مطلب نسل در نسل سلسلہ بھی ہو سکتا ہے اور اس کا مطلب ہر زمانے میں نبی کے پیروکار بھی مراد ہو سکتے ہیں۔ قرآن میں آل کا لفظ فرعون کے پیروکاروں کے لیے بھی استعمال کیا گیا ہے اور آل عمران یعنی کہ عمران کی اولاد۔
ہم سب جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ابراہیمؑ کو متقین کا امام بنایا اور آئندہ آنے والے سب انبیاء کرامؑ کو اُن کی ہی لڑی سے چنا۔ حضرت اسحاقؑ سے حضرت یعقوبؑ، حضرت یوسفؑ، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی اولاد سے سلطان مدینہ حضرت محمد عربی ﷺ کا انتخاب کیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد میں سے انبیاء کرامؑ کو سلطنت بھی عطا کی اور معجزے بھی دیے۔

درودِابراہیمی پرغور کرنے سے یہ گمان ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ آلِ محمدﷺ میں سے بھی ایک ایسی نسل تیار کریں گے جو اللہ اوراس کے رسولؐ سے محبت رکھتی ہوگی اور اللہ اور رسولؐ ان سے محبت رکھتے ہوں گے۔ چونکہ ہمارے پیارے نبیﷺ کا معجزہ قرآن ہے اس لیے اللہ اور رسولؐ کی فرمانبردار نسل کا معجزہ بھی غیر معمولی علم ہی ہوگا۔ اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور لوگوں کا درود وسلام پڑھنا ہمارے پیارے نبیﷺ کی روحانی قوت کو جلا بخشتا ہے اوران کے مشن کو مقامِ محمود تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ جو آپﷺ کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد بھی فعال ہے اورتا قیامت رہے گی۔

درودابراہیمی

اَللّٰھُم صَلِّ عَلٰی مُحَمّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمّدٍ
کَمَا صَلّیُتَ عَلٰی إِبُرَاھِیمَ وَعَلٰی آلِ إِبُرَاھِیمَ
إِنّکَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ.
اَللّٰھُم بَارِکُ عَلٰی مُحَمّدٍ، وَعَلٰی آلِ مُحَمّدٍ
کَمَا بَارَکُتَ عَلٰی إِبُرَاھِیمَ وَعَلٰی آلِ إِبُرَاھِیمَ
إِنّکَ حَمِیدٌ مَجِید''.

☆☆☆

درودابراہیمی کے مشاہدات

بابرکت زیارت:

میرے ایک دوست ہیں اُن کا تعلق میرے قصبہ ملہووالی (ضلع اٹک) سے ہے۔ میرے ان دوست کے چھوٹے بھائی کو درودشریف، درودابراہیمی پڑھنے کا شوق ہوا انہوں نے خوشبو کا اہتمام شروع کر دیا صاف ستھرا رہنا اور ہر وقت صبح و شام درودابراہیمی ان کی زبان پہ جاری ہوگیا اُس نوجوان کی روٹین تھی کہ درودابراہیمی وہ بہت زیادہ پڑھتا تھا اور خوشبو کا استعمال وہ بہت احسن انداز میں کررہا تھا۔

علاوہ ازیں تنہائیوں میں بیٹھ کر وہ جوان درودابراہیمی بڑی توجہ۔ دھیان۔ عقیدت۔ ادب سے پڑھتا رہا (یہ ایک راز ہے جس کو ملا ہے تنہائی سے ملا ہے تنہائی میں اخلاص ہوتا ہے خاموشی ہوتی ہے توجہ تقسیم نہیں ہوتی تنہائی میں پڑھا گیا درودشریف اور عبادات جلد تاثیر دیتے ہیں)

اس نوجوان نے ناغہ نہ کیا۔ ہر وقت درودشریف کی محبت میں ڈوبا رہا۔ ایک رات اس کے بھاگ جاگ گئے۔ اس نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے کمرے میں سویا ہوا ہے اور اسی اثناء میں دروازہ کھلتا ہے تو ایک پروقار شخصیت داخل ہوتی ہیں جنہیں نور کے ہالے نے گھیر رکھا ہوتا ہے جوان اٹھ کر حیرانی سے دیکھتا ہے کہ یہ کون پروقار شخصیت میرے گھر تشریف لائی ہیں؟

وہ ہستی فرماتی ہیں حیران نہ ہوں ابھی اور حیران ہونا باقی ہے میں شیر خدا حیدر کرار علی المرتضیٰؓ ہوں۔ جب وہ حیدر کرارؓ کی گفتگو سنتا ہے تو وہ نوجوان اپنی اس سعادت پر خوشی سے رونے لگتا ہے۔ چند لمحے گزرتے ہیں اسی دوران ایک اور شخصیت کمرے میں مسکراتی ہوئی داخل ہوتی ہیں جن کی آنکھوں میں حیا خوبصورت چہرہ دھیما پن نرمی جھلک رہی ہے۔ ان کے بارے میں بتایا جاتا ہے یہ سیدنا عثمان غنیؓ ہیں۔ ادھر جب وہ نوجوان یہ خوبصورت منظر دیکھتا ہے اور زیارت کرتا

ہے تو وہ نوجوان اپنی خوش بختی پر حیران کھڑا ہوتا ہے کہ اسی دوران ایک اور بارعب شخصیت داخل ہوتی ہیں بتایا جاتا یہ سیدنا عمر فاروقؓ ہیں۔ وہ جوان حیران کہ مجھ گناہ گار پہ اتنا کرم اور وہ خوشی سے اپنی اس خوش بختی کے سبب رونے لگتا ہے۔ اسی دوران بہت ہی خوبصورت آنکھوں اور پیارے چہرے والے سیدنا ابوبکر صدیقؓ اندر تشریف لاتے ہیں۔

اسی دوران شیر خدا سیدنا علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں باادب ہو جاؤ پیارے آقا تاجدار مدینہ ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ وہ نوجوان بتاتے ہیں میں جب یہ بشارت سنتا ہوں تو میری آنکھیں دروازے کی طرف لگ جاتی ہیں ایک پیاسی جان کی طرح کہ وہ کب آئیں اور میری روح کو سیراب کریں۔ اسی دوران نور ہی نور ہر سمت پھیل جاتا ہے روشنی بہت زیادہ ہو جاتی ہے پورا کمرہ جگمگ جگمگ کرنے لگتا ہے اور بہت ہی پیاری خوشبو کے چشمے پھوٹنے لگتے ہیں۔

سب آنکھیں جھکائے ادب سے منتظر زیارت ہیں۔ آپ ﷺ تشریف لاتے ہیں کیا جلوہ۔ کیا کمال۔ کیا خوشبو۔ واہ واہ۔ نور کے گالے گرنے لگتے ہیں آپ ﷺ اس نوجوان کے کندھے پر اپنا ہاتھ مبارک رکھتے ہیں اور فرماتے ہیں اے فلاں (اس نوجوان کا نام لے کر) کہ اے نوجوان نماز باجماعت پڑھا کرو داڑھی رکھ لو اور درود شریف پڑھنا ہمیشہ اپنا وظیفہ بنا لو یہ میری تمہیں نصیحت ہے۔ فرمان رسول ﷺ سن کر وہ جوان جواب میں عرض کرتا ہے جی یارسول اللہ ﷺ جو آپ کا حکم اور وہ جھکتا چلا جاتا ہے۔ آپ ﷺ کے قدم مبارک کی طرف اچانک منظر بدلتا ہے اور اُس کی آنکھ کھل جاتی ہے۔

درود ابراہیمی کی برکت سے اُسے اتنی مبارک سعادت سے نوازا گیا اتنی خوبصورت زیارات سے نوازا گیا۔ پہلے وہ جوان نماز میں سستی کیا کرتا تھا لیکن اس بشارت اور زیارت کے بعد میں نے اس نوجوان کو مسجد میں تہجد کی عبادت میں دیکھا۔ باجماعت نماز ادا کرتے دیکھا تسبیح ہاتھ میں لیے درود شریف کی کثرت کرتے دیکھا۔ اُس کے ورد میں عجیب سوز اور کمال ہے۔ آج بھی اس کی

آنکھوں کو دیکھنے سے بندہ اس کی آنکھوں کا عاشق ہو جاتا ہے۔اس کی آنکھوں میں عجیب کشش کمال خوبصورتی دیکھی۔اس کی آنکھیں ہر وقت تشکر سے بھیگی دیکھیں۔آج بھی اُس نوجوان کو دیکھتا ہوں تو مجھے اُس کی خوش قسمتی پہ رشک آتا ہے اور میں عشق کی دھن میں گم ہونے لگتا ہوں۔

درودابراہیمی کی برکت سے اُن کی شادی ایک اچھے خاندان میں اور نیک خاتون سے ہوگئی اللہ کریم نے درودابراہیمی کی برکت سے انہیں چھوٹی سی عمر میں حج کی نعمت سے بھی سرفراز فرمایا ۔اُس نوجوان کی پیدائش کے بعد اب جا کر ایک بچے کی ولادت ہوئی ہے۔ اُن کے گھر میں اندازہ تیس سال سے اولاد نہیں ہوئی تھی ۔اللہ کریم نے کرم کیا اور اُن کے گھر میں عرصہ کے بعد اولاد نرینہ ہوئی۔ درودابراہیمی کی برکت سے انہیں رب کریم نے بہت نوازا۔الحمدللہ

درودابراہیمی کے اسرار ورموز

درودابراہیمی وہ درود ہے جسے پڑھنے کا حکم نبی کریم ﷺ نے اپنی زبان مبارک سے ہمیں خود سکھایا ہے۔درودابراہیمی سب سے افضل درود شریف ہے اس کی فضیلت کمال کے درجے کو پہنچی ہوئی ہے اس درود شریف کے اسرار و رموز ساتوں سمندروں کی تہوں تک اور ساتوں آسمانوں کی بلندیوں سے زیادہ ہیں اور یہ خاصیت صرف درود ابراہیمی کو ہی حاصل ہے یہ نکتہ یاد رکھیے گا شیطان کبھی درود شریف پڑھنے والے کے ذکر میں پنگا نہیں لے سکتا درود شریف کے ورد میں اُس کی مکاری نہیں چلتی۔ کیونکہ درود پڑھنے والے کے ساتھ رب کا کرم چل رہا ہوتا ہے۔

درود شریف ہمیشہ صالحین، متقین، عاشقین ومحبین پڑھتے ہیں جن میں انسان ونیک جنات دونوں طبقے شامل ہیں۔ جو شخص مستقل مزاجی سے درود ابراہیمی پڑھتا ہے نیک جنات اس سے انس حاصل کرتے ہیں اس کی اللہ کے امر سے مدد کرتے ہیں اور صالح جنات عاشق درود کو اپنا دوست رکھتے ہیں عاشق درود کا معاملہ کمال کے درجے پر ہے کہ عاشق درود کی محفلوں میں صالح جنات

باقاعدہ حاضری دیتے ہیں اور اس محفل میں بیان کی گئی محبت درود کو سن کر خوش ہوتے ہیں۔ جنات کو درود ابراہیمی سے بہت محبت ہے اور جو انسان درود ابراہیمی پڑھتا ہے جنات اس کی غلامی بخوشی قبول کرتے ہیں جو اس بات کو سمجھ گیا وہ فلاح پا گیا جو اس راز کو سمجھ گیا گویا اس نے دنیا کو مسخر کر لیا۔ درودابراہیمی وہ خوبصورت کلام ہے جسے عزتوں کے اعزاز سے نوازا گیا ہے ۔درودابراہیمی کے اندر وہ گہرے راز موجود ہے جو آج تک چند خوش نصیبوں پر کھلے ہیں درود ابراہیمی بھیدوں کا سمندر ہے اور رموز کی چابی ہے۔

حکیم محمد طارق محمود چغتائی مدظلہ (عبقری والے) اپنے ایک بیان میں فرماتے ہیں کہ ایک صاحب میرے پاس آئے اور کہنے لگے کہ جنات نے بہت تنگ کر رکھا ہے زندگی عذاب بنادی ہے۔ ہر طرح کا علاج کروا کے دیکھ لیا تمام وظیفے پڑھ ڈالے سارے عامل آزما لیے لیکن مجال ہے کہ ایک فیصد بھی فرق پڑا ہو اب تو عاملوں اور وظیفوں سے اعتبار اٹھ چکا ہے اور آج میں یہاں آپ کے پاس کوئی وظیفہ لینے نہیں آیا کیونکہ میں اب کوئی وظیفہ پڑھنا نہیں چاہتا بس آپ سے دعا کروانے آیا ہوں کیونکہ میں نے سنا ہے آپ جو دعا کرتے ہیں وہ قبول ہو جاتی ہے لہٰذا میرے لیے دعا کر دیں کہ اللہ پاک مجھے ان جنات کے شر سے نجات عطا فرمائے۔

مرشد کریم نے یہ بات سن کر فرمایا اچھا میں آپ کو کوئی وظیفہ نہیں دیتا بس ایک کام کر لو صرف درود ابراہیمی پڑھ لو ثواب سمجھ کر ہی پڑھ لو اور کھلا پڑھتے رہو میں دعا کروں گا ان شاء اللہ کرم ہوگا۔ اس دیوانے کو درود ابراہیمی کی فضیلت کی خبر تھی وہ درود ابراہیمی کی محبت کو لے کر عہد کر کے چلا گیا اور اس نے اپنے مقام پر جا کر کھلا درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا۔

ابھی اسے درود ابراہیمی پڑھتے ہوئے چند دن ہی گزرے تھے کہ جنات نے اس شخص پر حاضری دے دی اور کہنے لگے کہ اپنے مرشد سے کہو درود ابراہیمی تو ہم بھی پڑھتے ہیں لہٰذا کچھ اور پڑھنے کو بتاؤ۔ وہ شخص جب بھی درود ابراہیمی پڑھنا شروع کرتا وہ جنات بھی درود ابراہیمی ساتھ پڑھنا

شروع کر دیتے اب یہ حیران کہ یہ کیا معاملہ ہے؟

جب یہ سارے معاملات ہوتے اُس نے دیکھے تو اس کے حل کے لیے وہ حضرت والا کے پاس پہنچا اور کہنے لگا حضرت میں جب درود ابراہیمی پڑھنا شروع کرتا ہوں وہ جنات بھی میرے سامنے درود ابراہیمی پڑھنے بیٹھ جاتے ہیں۔ وہ مجھ سے مخاطب ہوکر کہتے ہیں کہ درود ابراہیمی تو ہم بھی پڑھتے ہیں اپنے مرشد سے جا کر کہو کہ کچھ اور پڑھنے کے لیے بتائیں۔

حکیم صاحب نے جب یہ سنا تو فرمایا اگر وہ جنات درود ابراہیمی پڑھتے ہیں تو اس کا مطلب ہے وہ شیاطین جنات میں سے نہیں ہیں بلکہ وہ نیک جنات ہیں یہ معاملہ کچھ اور ہی ہے ضرور اس میں کوئی راز ہے کوئی خاص بات ہے؟ کہ وہ جنات درود ابراہیمی پڑھتے ہیں یعنی نیک جنات ہیں اور تمہیں تنگ بھی کرتے ہیں حالانکہ نیک جنات انسانوں کو تنگ نہیں کرتے۔ سارکیس سننے کے بعد حضرت نے فرمایا اآپ درود ابراہیمی جاری رکھیں وجہ سمجھنے کے لیے آپ کو درود ابراہیمی جاری رکھنا ہوگا۔

حضرت نے اُس دیوانے کو فرمایا کہ آپ اس درود شریف کو پڑھتے رہیں وہ جنات خود حاضر ہوکر آپ سے بات کریں گے اور وجہ بتائیں گے۔ چنانچہ وہ شخص درود ابراہیمی کھلا پڑھتا رہا ایک روز دوبارہ سے جنات کی حاضری ہوئی تو اس شخص نے پوچھا کیا وجہ ہے کہ تم نیک جنات ہو درود ابراہیمی بھی پڑھتے ہو؟ اس کے باوجود ہمیں تکلیف بھی دیتے ہو؟ وہ کہنے لگے کہ جس شخص نے تمہیں درود ابراہیمی پڑھنے کو بتایا ہے ہم اس شخص سے ملنا چاہتے ہیں ہم تمہیں تمہارے سوالوں کو جواب نہیں بتائیں گے۔

بلکہ ہمیں اُن سے ملواؤ ہم اُن سے بات کریں گے اُنہیں ساری وجوہات کھول کر بتائیں گے ہماری چاہت ہے کہ تم ہماری اُن سے ملاقات کرواؤ۔ پس وہ شخص دوبارہ سے حکیم صاحب کے پاس لاہور تسبیح خانہ میں کلینک پر حاضر ہوا اور اپنا سارا واقعہ حضرت جی کی خدمت میں عرض

کیا۔حضرت جی نے ساری بات سننے کے بعد فرمایا آپ درود ابراہیمی پڑھنا شروع کریں چنانچہ جب اس شخص نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا تو کچھ دیر بعد ہی اس شخص کی آواز بدل گئی آنکھیں سرخ ہوکراوپر چڑھ گئیں اور جنات کی حاضری ہوگئی۔

اس کے بعد وہ جنات حضرت جی کوسلام کرنے کے بعد مخاطب کر کے عرض کرنے لگے۔آپ سے ملنے کا بے حد اشتیاق تھا کیونکہ آپ مخلوق خدا سے محبت کرنے والے اور مخلوق خدا کی بہت خدمت کرنے والے ہیں۔حضرت والا نے سلام کا جواب دے کر فرمایا کیا وجہ ہے کہ باوجود صالحین جنات سے ہوکر آپ انسانوں کو تنگ کرتے ہو؟

وہ جنات کہنے لگے اس نے اور اس کے گھر والوں نے ہمیں بہت تکلیف دے رکھی ہے ہم اس کے گھر میں رہتے ہیں اللہ کی عبادت کرتے ہیں درود ابراہیمی پڑھتے ہیں اور ان کی حالت یہ ہے کہ ان کے اندر شریعت پر پابندی میں سستی پائی جاتی ہے گناہوں کی طرف رغبت زیادہ ہے۔دن کے اکثر حصے میں یہ موسیقی وفلموں کی آواز سے ہمیں تکلیف دیتے ہیں جس سے ہماری عبادت میں خلل ڈالتے ہیں نیز یہ کہ یہ اپنے گھر کی صفائی نہیں رکھتے بہت گندگی ہوتی ہے جس کی وجہ سے ہمارا اٹھنا بیٹھنا مشکل ہوجاتا ہے۔

حضرت والا نے فرمایا! یہ انسان ہیں اور اس بات سے معذور ہیں لہٰذا ان کی طرف سے میں معافی مانگتا ہوں بلکہ منت کرتا ہوں کہ انہیں معاف کردیں۔کہنے لگے ٹھیک ہے پھر آپ ہی انہیں سمجھا لیں اگر یہ آپ کی بات مان لیتے ہیں تو پھر ہم انہیں تنگ نہیں کریں گے۔حضرت والا نے فرمایا آپ لوگ ان کا گھر کیوں نہیں چھوڑ دیتے؟

کہنے لگے باپ دادا کا گھر کون چھوڑتا ہے یہ تو کل کے مکین ہیں ہماری عمریں تو ہزاروں سال ہوتی ہیں پس ہم کیسے اور کیوں اپنا ٹھکانہ تبدیل کریں؟ لہٰذا ان کو سمجھائیں کہ یہ اپنے گھر کو صاف ستھرا رکھا کریں اور موسیقی کے آلات گھر سے نکال کر پھینک دیں اور کثرت سے درود ابراہیمی پڑھا

کریں اگر یہ درود ابراہیمی کی محفل اپنے گھر میں سجانے لگ جائیں تو ہم ان کے دوست بن جائیں گے اوران کے ہر کام میں ان کی مدد کریں گے۔حضرت والا نے فرمایا درود ابراہیمی میں ایسا کیا خاص راز ہے کہ اگر یہ شخص اوراس کے گھر والے درود ابراہیمی پڑھیں تو آپ لوگ ان کے دوست بن کران کے ہر کام میں ان کی مدد کریں گے؟

کہنے لگے درود ابراہیمی سب سے افضل درود شریف ہے اس کی فضیلت ساتوں زمین کے نیچے سے اورساتوں آسمان کے اوپر سے ہے درود ابراہیمی پڑھنے والے کو ولایت کا ایک درجہ ملتا ہے درود ابراہیمی ہماری نسل در نسل میں پڑھا جانے والا مبارک عمل ہے۔

ہم جنات کروڑوں مرتبہ درود ابراہیمی پڑھتے ہیں لیکن جب کوئی انسان ایک مرتبہ محبت توجہ و دھیان سے درود ابراہیمی پڑھتا ہے تو اسے ہم جنات کے کروڑوں مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنے کے برابر تاثیر اور برکات ملتی ہیں۔

جب ایک شخص درود شریف پڑھتا ہے تو جنات کے ہزاروں قبیلے اس کی محفل میں حاضر ہو کر اس کا درود سنتے ہیں اور اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں اور اسے اپنا دوست بنا کر اس کے سارے کام بخوشی پورے کرتے ہیں۔دشمنوں سے اس کی حفاظت کرتے ہیں اوراس درود کا ایک راز یہ بھی ہے کہ جو شخص اس کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیتا ہے تو ساری کائنات اس شخص کے لیے مسخر کر دی جاتی ہے۔اور وہ دنیا میں ہی جنت کا حقدار ٹھہرا دیا جاتا ہے۔

جنات کی ساری گفتگو سننے کے بعد حکیم صاحب نے اس شخص کو ضروری ہدایات سمجھائیں اور درود ابراہیمی کے ورد کو مضبوطی سے تھام لینے کو کہا اور یوں درود ابراہیمی کی برکت سے وہ شخص جنات کی ایذا رسانی سے نجات پا گیا اور ساتھ اُسے نسلوں کے لیے درود ابراہیمی کا تحفہ بھی مل گیا۔درود ابراہیمی کائنات کا وہ راز ہے جسے ولایت کے شاہسواروں نے خوب سمجھا بھی ہے اور اس کی روحانیت و نورانیت سے خوب استفادہ بھی کیا ہے۔اسی طرح جب کوئی شخص رات کے

اندھیرے میں درود ابراہیمی کا ورد کرتا ہے کہ جب خلق خدا محوِ آرام ہو تب مکمل اہتمام و انتظام کے ساتھ محبت و توجہ سے درود شریف پڑھے تو اس کے منہ سے ایک ایسی خوشبو پھوٹتی ہے کہ انسانوں کے علاوہ تمام مخلوق اس خوشبو کو محسوس کرتی ہے۔

اور درود ابراہیمی پڑھنے والے اس شخص سے خوش ہو کر ساری مخلوق اس کے لیے دعائے مغفرت کرتی ہے اور جس جگہ پر درود ابراہیمی پڑھا جاتا ہے وہاں کے در و دیوار الغرض ہر چیز اس ذاکر سے مانوس ہو کر اس کے قدموں میں بچھی چلی جاتی ہے بظاہر یہ سب ایک انسانی آنکھ نہیں دیکھ سکتی لیکن جس کو اللہ تعالیٰ دلِ بینا یعنی قلبی آنکھ، بصیرت عطا کرتا ہے وہ اس کیفیت کا پورا اندازہ لگا لیتا ہے۔

درود ابراہیمی کا نور:

درود ابراہیمی کا نور ہماری روح میں جذب ہوتا ہے ہمارے دل کے پیالے کو منور کرتا ہے اور ہماری روحانیت میں اضافے کا سبب ہے۔اسی طرح جو شخص درود ابراہیمی کی کثرت کرتا ہے اور خاص تعداد میں اس درود شریف کا ورد کر کے اس کا عامل بنتا ہے اُس پر اللہ کا خصوصی کرم ہوتا ہے۔اللہ پاک اس کے چہرے پر ایک ایسی وجاہت و نورانیت عطا کرتا ہے کہ اہل نظر دیکھتے ہی فوراً پہچان لیتے ہیں کہ یہ شخص درود ابراہیمی کا عامل ہے پھر اس کو خاص قرب سے نوازتے ہیں اس پر خاص توجہ ڈالتے ہیں اور محفل میں اس کے لیے جگہ کشادہ کرتے ہیں۔

درود کی محفل:

ایک اللہ والے تشریف فرما تھے اور ان کے ہاں درود شریف کی محفل جاری تھی محفل درود میں حضرت والا درود شریف کے فضائل بیان کر رہے تھے اور حضرت کے بالکل سامنے درود ابراہیمی کا ایک عامل بیٹھا تھا جو کہ درود شریف کے فضائل و خواص اور اسرار و رموز سن کر پہلے وجد میں آیا اور

پھر درود شریف کے نور کی تاب نہ لاتے ہوئے بیہوش ہو گیا۔ درود شریف کے فضائل بیان کرتے ہوئے تمام معاملات حضرت دیکھ رہے تھے۔ حضرت نے فرمایا کہ اس بیہوش ہونے والے شخص کے پیچھے جو آدمی بیٹھا ہے اسے چاہیے کہ بیہوش ہونے والے شخص کی کمر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے درودابراہیمی پڑھے۔ چنانچہ اس بے ہوش کے پیچھے بیٹھے شخص نے اس بیہوش آدمی کی کمر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے ابھی چند مرتبہ ہی درودابراہیمی پڑھا تھا کہ وہ شخص ہوش میں آ گیا۔

جب وہ شخص ہوش میں آ گیا تو حضرت والا نے فرمایا کہ ہر عبادت کے نور کا ایک رنگ ہوتا ہے جب کہ درودابراہیمی کے نور کا رنگ سبز ہوتا ہے جسے اولیاء اللہ درودوابراہیمی پڑھنے والے کی پیشانی میں بآسانی دیکھ لیتے ہیں۔ درودابراہیمی کے نور کا رنگ سبز ہے جو آنکھوں کو لبھاتا ہے جو آنکھوں میں چبھتا نہیں اور نہ ہی اُکتاہٹ پیدا کرتا ہے۔

درودوابراہیمی کا نور ایک ایسا نور ہے جو درودوابراہیمی پڑھنے والے کی پیشانی میں ایسا واضح چمکتا ہے کہ اولیاء اللہ دیکھتے ہی پہچان لیتے ہیں کہ یہ درودابراہیمی کا عامل ہے درودابراہیمی کا دیوانہ ہے ۔درودابراہیمی ہماری روحانی پاور میں اضافہ کرنے کا سبب بنتا ہے۔

اللہ والوں نے فرمایا:

علامہ سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے مجربات میں لکھا ہے کہ درود شریف پڑھنے والے کے چہرے پر اللہ تعالی ایک خاص نور رکھ دیتے ہیں ایک جاذبیت پیدا کر دیتے ہیں کہ جو دیکھتا ہے وہ کھینچا چلا جاتا ہے۔ ہر شخص اس سے محبت کرنے لگتا ہے سوائے منافق کے۔

ڈاکٹر عبدالواجد شاذلی دامت برکاتہم العالیہ درودابراہیمی کے فضائل میں فرماتے ہیں کہ درود ابراہیمی پڑھنے والے کو زیارت رسول ﷺ نصیب ہوتی ہے کیونکہ یہ تمام درودوں کا سردار درود شریف ہے اور پھر یہ وہ درود ہے جو کہ خود نبی کریم ﷺ کی زبان مبارک سے جاری ہوا یہاں تک کہ صحابہ کرامؓ نے پوچھا کہ ہم آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر درود کس طرح بھیجیں؟ تب نبی

کریم ﷺ نے انہیں درود ابراہیمی پڑھنے کی تلقین کی اور پڑھنا بھی سکھایا۔نیز فرمایا کہ درود ابراہیمی پڑھ کر جو بھی اعمال کیے جاتے ہیں وہ تمام کے تمام قبول کر لیے جاتے ہیں اسی لیے بزرگان دین اس بات پر زور دیتے ہیں کہ کسی بھی وظیفے کے اول و آخر کم سے کم گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا بہت ضروری ہے۔اور جس دعا کے اول و آخر اور درمیان میں درود ابراہیمی ہو وہ دعا ضرور بالضرور قبولیت کا شرف حاصل کرتی ہے نہ صرف دعا قبول ہوتی ہے بلکہ درود پڑھنے والا بھی مقبول بارگاہ ہوتا چلا جاتا ہے۔

قارئین کرام! درود ابراہیمی کی جتنی بھی فضیلت وخاصیت بیان کی جائے وہ کم ہے اس درود شریف میں وہ گہرے راز موجود ہیں کہ ایک انسانی عقل ان کا احاطہ بھی نہیں کرسکتی لہٰذا ہمیں چاہیے کہ کم از کم دن میں تین سو تیرہ 313 بار درود ابراہیمی کی لازمی پڑھا کریں تا کہ برکات و کرامات کے ایک سمندر سے فیض یاب ہوسکیں اور اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کے دربار میں مقبولیت حاصل کر کے دین و دنیا دونوں میں سرخرو ہوسکیں۔

درود شریف کا مشاہدہ:

ایک ایسا جوان جسے رب کریم نے درود شریف کی محبت سے نوازا وہ بتاتے ہیں کہ درود ابراہیمی میں نے بچپن میں ٹی وی پرسن کر یاد کیا پھر آہستہ آہستہ شعور بڑھتا گیا اور جب اساتذہ سے درود ابراہیمی کی فضیلت کے بارے میں سنا کے انسان کو کوئی چیز دعا سے بھی نہیں مانگنی پڑتی بلکہ رب کریم دل کی مرادیں درود شریف کی برکت سے پوری کرتے ہیں درود شریف کو کثرت سے پڑھنے والے پر رحمتیں نازل ہوتی ہیں سکول کالج سے ہی درود پڑھتا آرہا ہوں اور میرے اس وقت کچھ کام ایسے بھی ہوئے جن کا یقین نہ تھا پھر جدید دور میں اینڈرائیڈ موبائل لیا تو ایک دن بیٹھے بیٹھے خیال کیا کہ سرچ کرتے ہیں شاید کوئی درود شریف کی فضیلت پر گروپ ہو۔

سرچ کرنے پر آپکا گروپ ملا تو دن بدن احادیث ملتی گئی اور ذوق بڑھتا گیا ایک دن واٹس ایپ

گروپ ایڈمن کو میسج کیا انہوں نے ایڈ کر دیا۔درود شریف کے گروپ میں ایڈ ہونے کی وجہ سے درود شریف کا شوق میرے اندر بڑھ رہا تھا مجھے احساس ہوتا تھا کہ مجھے کثرت سے درود شریف پڑھنا چاہیےاور میں نے درود شریف کا سفر شروع بھی کر دیا تھا۔

میری شادی ہوئی اور دو سال تک اولاد نہ ہونے پر میں پریشان رہنے لگا تھا علاج بھی کروایا اور ساتھ میں نے درود شریف کی کثرت کی تو اللہ نے اولاد عطاء فرمائی۔میں درود ابراہیمی کا ورد کرتا رہا میرے دل کے اندر طمانیت موجود تھی۔میں نے جب درود شریف کی کثرت کی تو رب کریم نے روزی کے اسباب بھی بنا دیے ایک ڈیجیٹل تسبیح ہر وقت میرے ہاتھ میں ہوتی تھی اور میں کثرت سے درود شریف ورد کرتا رہتا تھا۔میرے مخالفین نے بھرپور کوشش کی کہ میری جاب نہ ہوسکے لیکن رب کریم نے مجھے درود شریف کی برکت سے سرکاری نوکری عطا کر دی۔میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں کہ اُس کریم نے مجھے درود شریف پڑھنے کی توفیق دی اور جب میں نے درود شریف کو کثرت سے پڑھنا شروع کیا تو مجھے اس کی تاثیر اور برکات سے بھی نوازا۔

روضہ رسول ﷺ کی جالیاں:

میرا نام سید قارب منیر ہے میرا مشن ہے کہ ہر بندہ درود شریف کے ورد میں آجائے۔میں گاہے گاہے مشاہدات درود شریف بیان کرتا رہتا ہوں ہر تعلق والے فرد کو درود شریف کی دعوت ضرور دیتا ہوں۔

میرے والد بیمار رہے تو میرا ارادہ تھا کہ بارہ ربیع الاول کو جب بابا جانی صحت یاب ہوں گے تو محفل درود شریف کا اہتمام گھر پر کروں گا لیکن امر الٰہی میرے والد جانبر نہ ہو سکے اور بارہ ربیع الاول سے تین چار روز قبل ہی دارلفناء سے دارلبقاء کی طرف ہجرت کر گئے۔میری ایک بہن جن کا تعلق انڈیا سے ہے وہ ہمارے وٹس ایپ گروپ کی ممبر ہیں۔انہوں نے میرے والد کے لیے ایک کروڑ درود شریف کا ہدیہ بھیجا تو میں نے وہ ہدیہ اپنے والد کو ایصال ثواب کر دیا۔اسی دوران

مجھے خیال آیا کہ محفل درود شریف کا ارادہ تھا جو ابھی تک نہ کروا سکے اب اس کا اہتمام کرنا چاہیے اس طرح بابا جانی کو ایصال ثواب بھی کریں گے ان کے لیے مغفرت کی دعا بھی ہو جائے گی۔ بھائی سے عرض کیا کہ تمام فیملی ممبرز اجتماعی طور پر درود شریف کی محفل سجاتے ہیں وہ مان گئے میری بھابھی کہنے لگیں کہ کونسا درود شریف پڑھنا ہے میں نے کہا جو آپ کے معمولات میں ہے وہ پڑھیں۔

وہ کہنے لگیں میں تو درود ابراہیمی زیادہ پڑھتی ہوں میں نے اُن سے عرض کیا آپ درود ابراہیمی پڑھیں انہوں نے تسبیح لی اور درود شریف پڑھنا شروع کر دیا ہم سب بھی درود شریف پڑھ رہے تھے۔اسی دوران ہم نے دیکھا کہ بھابھی درود شریف پڑھتے پڑھتے جھکتی چلی جارہی ہیں جیسے انسان نیند میں ہو یا سجدے میں جارہا ہو خیر انہوں نے کافی دیر سر جھکائے رکھا پھر اچانک سر اوپر کیا اور آنکھیں کھولیں تو ان کی آنکھوں میں آنسو تھے بتانے لگیں کہ درود شریف پڑھتے ہوئے مجھ پر نیند کا غلبہ ہوا اور مجھے اونگھ آ گئی۔

میں نے دیکھا کہ بابا جانی روضہ رسول ﷺ کی جالیوں کے پاس کھڑے ہیں اور مجھے کہہ رہے ہیں کہ آؤ تم بھی سلام کرلو۔جب انہوں نے یہ مشاہدہ بتایا تو ہمیں دلی طور پر بہت سکون ملا۔درود ابراہیمی کی برکت سے اللہ کریم نے میری بھابھی کو میرے والد کا روضہ رسول ﷺ کی جالیوں کے ساتھ یہ مبارک مشاہدہ کرایا۔میرے والد کا کوئی ایسا عمل تھا یا انڈیا سے بہن کا ایک کروڑ درود شریف کے ہدیہ کا کمال تھا یا محفل درود شریف کی برکت تھی کہ میرے والد کو روضہ رسول ﷺ کی حاضری نصیب ہوئی۔اللہ کریم ہی بہتر جاننے والے ہیں۔لیکن یہ سچ ہے کہ درود شریف کی برکت زندہ کو بھی ملتی ہے اور اُن لوگوں کو بھی ملتی ہے جو اس دنیا سے جا چکے ہیں۔درود شریف دونوں جہانوں میں اپنی تاثیر، برکات دکھاتا ہے۔دعا گو ہوں کہ اللہ جی ہمیں ہمیشہ درود شریف سے جوڑے رکھے۔آمین

انوکھا کیس:

ایک اللہ والی بتاتی ہیں کہ میں اندرون لاہور کی رہائشی ہوں میرا گھر مزاروں اور قبرستانوں کے درمیان میں واقع ہے بچپن سے لے کر آج تک قبرستان اور مزاروں کو دیکھا، سکول آتے جاتے انہیں راستوں سے گزر ہوتا جہاں کی دنیا عجیب بھی تھی اور خوفناک بھی لیکن میں آہستہ آہستہ اُن راہوں کی عادی ہوتی چلی گئی۔ میں بچپن سے پڑھائی میں اچھی تھی اور میں سکول میں ایک مانی ہوئی لائق طالبہ تھی۔ میں نے جس سکول میں تعلیم حاصل کی اس سکول کے ساتھ بھی ایک پرانا قبرستان موجود تھا۔

تقریباً آٹھ سال میں نے اُس سکول میں تعلیم حاصل کی۔ میرے ساتھ ایک عجیب معاملہ تھا میں سکول میں ہوتی یا گھر کے اندر میری نظریں لاشعوری طور پر قبرستان کی طرف لگی رہتیں اور میں بغیر کسی وجہ کے گھنٹوں قبرستان کو دیکھتی رہتی تھی۔ وقت گزرتا رہا میری اس عادت کا کسی نے نوٹس نہ لیا۔ میں جسمانی طور پر مسلسل کمزور ہوتی جا رہی تھی میری طبیعت ٹھیک نہیں رہتی تھی نہ مجھے خاص بھوک لگتی تھی اور نہ ہی نیند آتی تھی۔ میں جب بھی سونے کے لیے جاتی تھی عجیب وغریب خواب دیکھا کرتی تھی جب یہ معمول ہو گیا اور میرے گھر والوں کو خبر ہوئی تو اُنہوں نے مجھے ڈاکٹرز کو چیک کروایا کہ شاید کمزوری ہے یا دماغی مسئلہ ہے ڈاکٹرز نے ادویات بھی دیں علاج بھی کیا لیکن افاقہ نہ ہوا۔ ادھر صورتحال یہ تھی کہ ہمارا گھرانہ اسلامی روایات سے بہت دور تھا۔

میرے گھر کے تمام فیملی ممبرز روحانی دنیا سے ناآشنا تھے گھر کا ہر فرد دنیاوی آسائشوں میں کھویا ہوا تھا ہم سب عبادات کے معاملے میں بہت زیادہ کوتاہی کا شکار تھے، میرے دونوں بھائی دین سے دوری کی وجہ سے بہت زیادہ بگڑ گئے بات یہاں تک پہنچ گئی کہ بالآخر وہ تباہ اور برباد ہو گئے روپیہ پیسہ سب کچھ ختم ہو گیا والد کو ہیپاٹائیٹس کا مرض ہو گیا ان کے پیٹ میں پانی بھر گیا بہت علاج کروایا لیکن شفاء نہ ہو سکی۔ بعدازاں لاعلاج قرار پائے اور آخر میں وفات پا گئے ان کی وفات

بہت تکلیف دہ حالات میں ہوئی ۔ میں اس وقت پری میڈیکل کی سٹوڈنٹ تھی اچانک میں بیمار ہوگئی جس سے میرا تعلیمی سلسلہ منقطع ہوگیا ۔میری زندگی مسائل اور اذیتوں سے بھری ہوئی تھی ۔تعلیمی نظام بند ہونے کے بعد پھر سے ڈراؤنے خوابوں کا لامتناہی سلسلہ شروع ہوگیا نیند اڑ گئی شدید ڈپریشن ہوگیا مجھے خواب میں مارا پیٹا جاتا تھا۔عجیب الخلقت شکلیں دکھائی دیتی تھیں ان کا وجود اکثر میری آنکھوں اور جسم کے قریب اور میرے اردگرد رہتے تھے اُن سے مجھے گھن آتی تھی اُن سے عجیب وغریب آنے والی بدبو سے مجھے بہت اذیت کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔

ہر جگہ میرے ساتھ بدشکل آدمی بلی، بھالو، بندر، چمگادڑ، سانپ، بھینس، دیو قامت پرندے رہتے جو صرف مجھے نظر آتے ۔خواب کے اندر میں اکثر اپنے والد کو دیکھتی، خواب کے اندر مجھے قبرستان مزار اور مندر نظر آتے ، میں لاشیں دیکھتی جس سے میری نیند اُڑ جاتی تھی ،خواب کے اندر مجھے خون دکھایا جاتا تھا، خواب میں میرے منہ میں خاک بھر دی جاتی دانت توڑ دیے جاتے ہیں منہ جلا دیا جاتا پیٹ پھاڑ دیا جاتا غرضیکہ مجھے اس حد تک ہراساں کیا گیا کہ نا قابل بیان ہے۔

خواب کے اندر مجھے جادو کی کتابیں دکھائی جاتیں اور جادو سیکھنے پر مجبور کیا جاتا ہے اکثر بستر پر پیشاب ملتا جس کی بدبو نہیں جاتی تھی ۔ مجھے جسم پر اکثر نا قابل بیان حد تک بوجھ محسوس ہوتا تھا ایسا بار بار ہونے لگا ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے میرے وجود پر سر سے پیر تک کوئی موجود ہے کچھ دیر بعد وزن غائب ہو جاتا مگر میرا جسم پھوڑے کی طرح دکھتا تھا مجھے جھٹکے لگتے میرے اردگرد زلزلہ سا محسوس ہوتا بدبو کا ایک حصار میرے اردگرد رہتا۔

برہنہ اور ننگے وجود میرے گرد رقص کرتے بھیانک شکلیں مجھ پر ہنستیں، میرا مذاق اڑاتیں، منتر سیکھنے پر مجبور کرتیں، مجھے سمجھ نہیں آتی تھی کہ میرے ساتھ یہ سب کیوں ہو رہا ہے اور مجھے کچھ طاقتیں قبرستان کی طرف لے جاتیں ، میں خود پیدل چل کر قبرستان پہنچ جاتی اور وہاں میں تمام رات قبرستانوں میں بیٹھی ایک الگ دنیا میں ڈوبی رہتی ۔ مجھے آئینے سے خوف آنے لگا مجھے لگتا کہ

میں پاگل ہوگئی ہوں۔اسی دوران میں نے اللہ سے خوب رورو کر مانگنا شروع کر دی رب نے میری التجاءکوسن لیارب نے میری دعاؤں کوقبولیت دی اورمیرے لیے رب کی طرف سے کرم کے فیصلے ہوئے مجھے درودابراہیمی کثرت سے پڑھنے کااشارہ ملارب نے میری زبان پردرودابراہیمی کوجاری کردیا۔

میں نے درودابراہیمی کوکثرت سے پڑھنا شروع کیا یہ میراایساروحانی ہتھیار بنا جس نے مجھے یہ جنگ جاری رکھنے کا حوصلہ دیا ورنہ مجھ سی گنہگار کہاں ان اعمال اوران دیکھی طاقتوں سےلڑنے کے قابل کہاں تھی۔الحمدللہ اب میں کافی بہتر ہوں میری اذیت کم ہورہی ہے۔مجھےسکون مل رہا ہے میری زندگی سے ڈراؤنے خواب نکل چکے ہیں اور میں اب بہت اچھامحسوس کرتی ہوں درودابراہیمی میرے لیےسکھ کاسکون کاعافیت کا ذریعہ ثابت ہوا ہے۔درودابراہیمی کی خوشبو نے میری زندگی کی بدبوکوختم کردیا ہے ۔درودابراہیمی میری اندھیری زندگی میں روشنی کا دیا ثابت ہوا ہے۔

درودابراہیمی میرے لیےکسی ڈھال سے کم نہیں ہے۔درودابراہیمی نے مجھےایک دوست کی طرح سہارہ دیاہے۔درودابراہیمی کا ساتھ میرے لیےسکون کا ذریعہ ہے درودابراہیمی کی دوستی نے مجھےاذیتوں سےنجات دلائی ہے۔

بےچینی سےچین تک:

ایک بہن پاکستان کےمعروف شہرساہیوال سےتعلق رکھتی ہیں وہ پڑھی لکھی ہیں اوراُن کے پاس درودابراہیمی کے بہت زیادہ روحانی مشاہدات وروحانی خواب ہیں وہ ہمارے وٹس ایپ گروپ (درویش نامہ) کی ممبر بھی ہیں۔وہ بہن اپنا مشاہدہ بتاتی ہیں کہ میں نے سوالاکھ درودابراہیمی کی نیت کی مجھےسیدنا سرورکونین ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی ہوا کچھ یوں کہ میں نے درودابراہیمی کی سوالاکھ کی تعداد پوری کرلی لیکن مجھےزیارت نصیب نہ ہوئی۔

میں بے چین رہنے لگی ہر پل زیارت رسول ﷺ کی طلب رہتی ۔یہی بے کلی اور بے چینی کے دن تھے کہ ایک رات جب میں سوئی تو میں نے ایک خواب دیکھا کہ سیدنا سرورکونین ﷺ ایک خوبصورت اور دلفریب بچے کی صورت میری والدہ کی جھولی میں جلوہ افروز ہیں ۔آپ ﷺ کی خوبصورت آنکھیں ،نرم وگداز گال ،معصوم صورت آج بھی میری یاداشت میں محفوظ ہے ۔بہن بتاتی ہیں کہ خواب میں ,میں امی کو کہتی ہوں امی امی دیکھیں تو سہی کتنے خوبصورت ہیں کتنے پیارے ہیں آقا ﷺ ۔

مزید وہ بہن بتاتی ہیں کہ جس طرح سیرت کی کتابوں میں آپ ﷺ کے بچپن ,اماں حلیمہؓ کے پاس رہنے اور نور کا ذکر ملتا ہے میں نے اس نورانیت اور خوبصورتی کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔اس مبارک خواب سے مجھے بہت خوشی ہوئی دلی مسرت ملی بہت ہی حسین منظر بہت ہی پیاری صورت ،میں نے بچپن کی حالت میں پیارے آقا ﷺ کو دیکھا اور یہ میرے لیے بہت بڑی سعادت کی بات تھی جو مجھے درود شریف کی برکت سے نصیب ہوئی ۔درود شریف پڑھتے رہیے۔درود شریف کو اتنا وقت دیجیے کہ درود شریف سے عشق درود شریف سے لگاؤ یہ ہماری زندگی کا حصہ بن جائیں۔

الجھنیں سلجھ گئیں:

انہی بہن (ف۔ج) کا ایک مشاہدہ درود ابراہیمی کی نسبت سے آپ کی خدمت میں پیش ہے انہوں نے مجھے وٹس ایپ کے ذریعے اپنا مشاہدہ بھیجا اور اُن سے اجازت لینے کے بعد یہ مشاہدہ آپ کی خدمت میں پیش کرر ہا ہوں۔

بہن بتاتی ہیں کہ میں بچپن سے درود ابراہیمی پڑھتی ہوں اللہ کا شکر ہے کہ رب نے مجھے یہ سعادت دی تھی کہ نوعمری سے ہی درود شریف کا ورد کیا کرتی تھی ۔میرا درود شریف کا سفر جاری رہا اور میں ساتھ ساتھ تعلیم بھی حاصل کرتی رہی ۔تعلیم مکمل کرلی تو میرے والدین کو میری شادی کرنے کی فکر

ہوئی۔اور مجھے اچھی جاب کی تلاش تھی ۔وہ دن ٹینشن کے تھے ،ہمارے گھر میں مسائل بھی تھے،الجھنیں تھیں میں نے جب یہ سارے حالات دیکھے تو اُن دنوں اور زیادہ درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا اس نیت سے کہ اللہ کریم ہمیں ان الجھنوں سے نکالے۔میرے والدین کو بھی سکون ملے اور مجھے بھی رزق حلال کمانے کا موقعہ مل جائے اچھی پوسٹ پر جاب مل جائے میرا درود شریف کا ورد چلتا رہا درود شریف سے تعلق مجھے سکون دیتا تھا۔

میں نے سوا لاکھ درود ابراہیمی پڑھنے کی نیت کی اور اللہ کا نام لے کر درود ابراہیمی مسلسل پڑھنا شروع کر دیا۔ایک شب میرے مقدر جاگے رب راضی ہوا حضور اقدس ﷺ نے کرم کیا۔میں سوئی میرے بھاگ جاگے میں صبح صادق کا وقت ہوگا کہ میں نے خواب دیکھا کہ سبز گھاس ہے اور اُس گھاس پر سیدنا محمد عربی ﷺ کالی کملی اوڑھے میرے سامنے کھڑے ہیں۔میں نے آپ ﷺ کو نقاب میں دیکھا۔نقاب سے آپ ﷺ کی خوبصورت آنکھیں دکھائی دے رہی تھیں میں نے زیارت پر خوشی کا اظہار کیا اور ایک پرچی میرے ہاتھ میں تھی جس پر شادی کے حوالے سے اور اچھی جاب کے حوالے سے لکھا ہوا تھا۔

یہ دو مسئلے میں نے پڑھ کر آپ ﷺ کے سامنے پیش کیے تو آپ ﷺ نے اثبات میں سر ہلایا اور فرمایا آپ کے یہ دونوں کام ہو جائیں گے۔خواب ختم ہو گیا میری آنکھ کھلی تو خوشی سے میں پھولے نہ سماتی تھی۔کچھ عرصہ نہ گزرا تھا کہ میری اچھے گھرانے میں شادی بھی ہوگئی،میری اچھی پوسٹ پر جاب بھی ہوگئی اب الحمدللہ میرے دو بچے ہیں اور میری بہترین جاب ہے۔

یہ سب نعمتیں اللہ کریم نے مجھے درود شریف کی برکت سے عنایت فرمائیں۔الحمدللہ پرسکون زندگی گزار رہی ہوں اور درود شریف کا ورد الحمدللہ جاری وساری ہے۔

سفید چادر:

ساہیوال سے بہن مزید درود شریف کے حوالے سے مشاہدہ بتاتی ہیں کہ میری خالہ بچوں کو قرآن

مجید پڑھاتی ہیں اللہ والی ہیں نیک ہیں صالح ہیں۔اُنہوں نے ایک روز خواب دیکھا کہ روضہ رسولﷺ پر موجود ہیں ساتھ میں میں بھی موجود ہوں خالہ مجھے پکڑ کر ساتھ بٹھا لیتی ہیں اسی دوران ایک عربی آتا ہے اور روضہ رسولﷺ کا دروازہ کھولتا ہے۔خالہ دیکھتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سامنے سفید چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے ہوتے ہیں چہرہ نہیں دیکھ پاتیں لیکن جب خواب ختم ہوا اور جب آنکھ کھلی تو بہت خوش ہوئیں کہ مجھے نبی کریمﷺ کی زیارت کی سعادت ملی مجھے جب اُنہوں نے خواب سنایا اور میری وہاں موجودگی کا بتایا تو مجھے بہت خوشی ہوئی۔بے شک نبی کریم ﷺ کی زیارت بہت بڑی نعمت اور سعادت ہے اور وہ خاتون بتاتی ہیں میری خالہ درودابراہیمی کثرت سے پڑھتی ہیں اس درودابراہیمی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اُنہیں نبی کریمﷺ کی زیارت بابرکت سے نوازا۔الحمدللہ

مقام پیدائش:

ایک بہن بتاتی ہیں کہ میری امی کو درودابراہیمی سے محبت ہے وہ جب بھی درودشریف پڑھتی ہیں درودابراہیمی ہی پڑھتی ہیں۔درودشریف کا ورد میری امی اکثر کرتی رہتی ہیں۔اسی درودشریف کی برکت سے میری والدہ کو بہت نعمتیں اور برکتیں ملی ہیں اور مل رہی ہیں۔

درودشریف کی برکت سے میری امی نے ایک بار خواب دیکھا امی بتاتی ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ایک دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھی ہوئی ہوں اس جگہ پر عجیب سا سکون اور اطمینان مجھے محسوس ہوتا ہے میں خواب میں اس پرسکون جگہ بیٹھے ہوئے کہتی ہوں کہ یہ جگہ دنیا سے تو بہت اچھی ہے یہاں کس قدر سکون ہے۔پھر خواب میں آواز آتی ہے کہ یہ جگہ وہ مبارک جگہ ہے۔

جہاں سیدنا آقا سرورکونینﷺ کی ولادت مبارکہ ہوئی۔خواب ختم ہوگیا اور میری والدہ کو بہت حیرانی ہوئی کہ کمال ہوگیا مجھے نبی کریمﷺ کی ولادت کا مقام دکھایا گیا ہے جو میرے لیے کسی سعادت سے کم نہیں ہے۔خیر کچھ عرصہ کے بعد میری امی کو عمرہ کی سعادت نصیب ہوئی تو امی ٹیکسی

میں جارہی تھیں کہ اچانک آپ چونک کر بولیں کہ یہی تو ہے وہ جگہ جو میں نے خواب میں دیکھی تھی۔اب اس جائے پیدائش کی جگہ پر عمارت بنی ہوئی ہے اور لائبریری بھی ہے۔درود شریف کے اندر بہت برکات ہیں درود شریف کی برکت سے روحانی تصرفات ہوتی ہیں۔

بہن نے بتایا کہ بچپن سے ہی بڑوں سے درود ابراہیمی کے فوائد سن سن کر مزاج میں طبیعت میں درود ابراہیمی پڑھنے کا شوق ہوا اور درود شریف پڑھنے لگے۔زندگی کے شب و روز گزرتے گئے زندگی میں جب بھی کوئی مشکل پیش آتی تو سب سے درود شریف میری زبان پر آتا اور مجھے کوئی ایسی مشکل یاد نہیں کہ میں نے درود شریف پڑھا ہو اور مشکل حل نہ ہوئی ہو۔

علاوہ ازیں راز کی بات یہ ہے کہ میں جب بھی کھانا بناتی ہوں درود شریف پڑھتی رہتی ہوں اور الحمدللہ میرے کھانے ذائقہ ہوتا ہے اور برکت خوب ہوتی ہے۔درود شریف پڑھنے والے پر اللہ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں کتنی مبارک ہے وہ زبان جس پر درود شریف جاری رہتا ہے۔اگر آپ چاہ کر بھی درود شریف کا ورد نہیں کر پا رہے تو یہ تین عمل کر لیں حسب توفیق صدقہ دیں ،توبہ کے نوافل ادا کرنے کے بعد دعا کریں ساتھ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنی زبان کو ہدیہ کر دیا کریں یہ تین عمل گیارہ روز تک کریں ان شاءاللہ رب کریم کی کریمی سے قوی توقع ہے کہ کچھ دنوں بعد ہی درود شریف آپ کی زبان پر جاری ہو جائیگا۔یہ بارہا کا آزمودہ عمل ہے جس نے کیا درود شریف کا ورد اُسے نصیب ہوا۔

پردے ہٹ گئے:

آج میں آپ کی خدمت میں اپنا ذاتی مشاہدہ عرض کرتا ہوں جسے سن کر ان شاءاللہ آپ کے علم میں اضافہ بھی ہوگا اور درود شریف کی برکت کا یقین بھی بڑھے گا۔اکثر علاقوں میں موذی حشرات الارض پائے جاتے ہیں۔ہماری مارکیٹ بن رہی تھی دکانوں کی تعمیر جاری تھی عصر کا وقت تھا مزدور چھٹی کر کے چلے گئے تو میں نے روڑے اور ٹوٹی ہوئی اینٹوں کے ٹکڑے اکٹھے

کرنے شروع کر دیے تا کہ صبح جب مزدور مستری آئیں تو کام جلدی شروع ہو سکے اور کچرا ایک طرف کر دیا جائے تا کہ صفائی بھی ساتھ ساتھ چلتی رہے۔

گرمیوں کے دن تھے اور دیواروں پر نمی موجود تھی اینٹیں بھی گیلی تھیں۔اینٹیں اکٹھی کر رہا تھا تو میں نے دیکھا کہ اچانک سانپ نکلا میں نے اینٹ اُٹھا کر ماری لیکن سانپ اینٹوں کے پڑے ٹکڑوں میں غائب ہو گیا۔میرے ذہن میں اُسی وقت خیال آیا کہ میں نے کسی سے سنا تھا کہ اگر سانپ گم ہو جائے یا کسی بل میں چلا جائے تو آپ درودابراہیمی پڑھنا شروع کر دیں تو وہ ظاہر ہو جاتا اور آپ آسانی سے اُس کو مار سکتے ہیں۔

جب میں نے دیکھا کہ سانپ اینٹوں کے اندر گم ہو گیا ہے اور اینٹیں بھی بہت زیادہ تھیں اور اُن میں سانپ تلاش کرنا کافی مشکل کام تھا۔یہ بھی ڈر تھا کہ صبح کام بھی کرنا ہے تو کسی اور مسلمان بھائی کو نقصان نہ پہنچائے۔اب اُس سانپ کو مارنا بھی ضروری تھا۔جبکہ اُس کو ڈھونڈنا بھی ناممکن تھا۔

ساتھ عصر ڈوب رہی تھی اور اندھیرا ہو رہا تھا اور ادھر سانپ کا ابھی تک کوئی اتا پتہ نہیں تھا۔

میں نے اسی وقت درودابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا اور قدرے اونچی آواز میں پڑھنا شروع کر دیا۔کوشش بھی جاری رکھی اور جب پانچ سے دس منٹ گزرے تو اُس نے اپنا سر باہر نکالا میں نے اُس کا سر کچل دیا اس طرح دل کو تشفی ہوئی کہ اب سانپ مر چکا تو ان شاءاللہ اب کسی کو نقصان نہیں ہوگا۔

سانپ سامنے تھا:

قارئین! درودابراہیمی کے موضوع کے حوالے سے ایک اور مشاہدہ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں جو میرا اپنا ذاتی مشاہدہ ہے میں شاپ پر بیٹھا ہوا تھا تو میرے ایک دوست بائیک پر جلدی جلدی میں آئے اور کہنے لگے کہ ہمارے گھر میں سانپ نکل آیا ہے اگر آپ کے پاس برچھی ہے اور آپ سانپ مارنے کا تجربہ رکھتے ہیں تو سانپ مارنا ہے۔یہ سننا تھا کہ وہاں پر

موجود میرے سارے دوستوں نے مذاق اُڑانا شروع کر دیا کہ تنویر بھائی اکثر سانپ مارتے رہتے ہیں یہ سانپ مارنے کے ماہر ہیں۔ خیر میں دوست کے ساتھ چلا گیا جب میں وہاں پہنچا تو سارے گھر والے صحن میں چارپائیوں پر بیٹھے ہوئے تھے اور حویلی کی دیوار کچی تھی سانپ اُس دیوار میں چلا گیا تھا میں نے جب یہ سارا منظر دیکھا تو پوچھا کہ یہ کیا نظام ہے؟ بتانے لگے کہ سانپ دیوار سے نکلتا ہے صحن کے اندر آتا ہے بچے شور مچاتے ہیں سانپ سانپ اور بچے دوڑ کر چارپائی پر سوار ہو جاتے ہیں اور ادھر سانپ سب کو دوڑتا ہوا دیکھتا ہے تو خوفزدہ ہو کر پھر دیوار کے اندر چلا جاتا ہے اب ہم پریشان ہیں کہ رات بھی ہو رہی ہے تو رات کو سانپ کسی کو کاٹ نہ لے اور ہمیں کسی نقصان سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

میں نے اُن سے عرض کیا کہ آپ اونچی اونچی آواز میں درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیں ان شاء اللہ سانپ ظاہر ہو جائے گا اور ہم اُس کو مار لیں گے تو وہ میرے دوست کہنے لگے کہ عجیب بات ہے میں نے اُن سے عرض کیا کہ تجربہ کر لیں۔ خیر اُنہوں نے اونچی آواز میں درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا۔

میں نے بھی درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا۔ صورتحال یہ تھی کہ میرے وہ دوست صبح سے اُس سانپ کی تلاش میں لگے ہوئے تھے لیکن وہ سانپ پکڑائی نہیں دے رہا تھا۔ اسی کوشش میں سارا دن گزر گیا تھا اور اب شام کے قریب وقت ہونے کو تھا لیکن سانپ کو مار نہیں پائے تھے۔ خیر درود شریف ہم نے کچھ دیر پڑھا تو تھوڑی دیر کے بعد ہم نے دیکھا کہ سانپ نے دیوار کے سرے سے سر نکالا ہے ہم وہاں پہنچے تو سانپ پھر کچی اینٹوں کی درزوں میں چھپ گیا۔

پھر ہم نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا سانپ اچانک باہر نکلا اور دیوانوں کی طرح دیوار کے ساتھ لپٹنے لگا ہم نے آسانی سے اُس کا سر کچل دیا اور اس پریشانی سے نجات ملی۔ درود ابراہیمی پڑھنے سے دشمن بھی واضح ہو جاتا ہے درود ابراہیمی پڑھنے سے سازشیں کرنے والا بھی سامنے

آجاتا ہے حجاب ہٹتے ہیں اور انسان دیکھ لیتا ہے کہ کونسا شخص ،مخلوق، جنات کا نظام مجھے نقصان پہنچانے کے لیے سازشیں کررہا ہے درودابراہیمی سے حجاب ہٹتے ہیں اور راستے دکھائی دینے لگتے ہیں۔درودابراہیمی کے اندرانوکھے راز موجود ہیں اس کے اندرایک غیبی نظام کام کررہا ہے جو پڑھنے والے کے ساتھ ہوجاتا ہے۔

میرامبارک سفر:

ڈیرہ غازی خان سے ایک بہن بتاتی ہیں کہ بہت وقت تک میں نے ان رازوں کو چھپا کے رکھا ارادہ تھا درودابراہیمی کی برکت سے جو پایا جو ملا اس پرایک کتاب لکھوں گی لیکن میرے بھائی محترم محمد فیصل نذیر(ایڈیٹر۔درویش نامہ) کے حکم کو نہ ٹال سکی اللہ کریم نے بھائی کو ذریعہ بنایا اور میری توجہ اس طرف ہوئی اور میں نے چند مشاہدات لکھ کر فیصل بھائی کو بھیجے اس کا اجر کریم ہمارے بھائی اور ہم سب کو عطا فرمائے۔آمین

اپنے مشاہدات لکھ رہی ہوں اللہ پاک میری اس تحریر کو کو میرے اور تمام پڑھنے والوں کے خیر کا ذریعہ بنائے۔آمین

بچپن سے الحمدللہ نماز کی طرف اوردین کی طرف توجہ زیادہ تھی ایک بار پتانہیں کون سے کتاب سے درود کے فائدے میری نظر سے گزرے۔اس تحریر سے متاثر ہوکر میں نے درود اِبراہیمی پڑھنا شروع کیا اور درود پڑھتی رہی۔درودابراہیمی کے ورد کے ساتھ میں گنتی کہ ایک کے بدلے دس نیکیاں ملتی ہیں دس گناہ معاف ہوتے ہیں دس درجے بلند ہوتے ہیں پھر جب اپنی تعداد مکمل کرتی تو سب کو ملاتی کہ اتنی نیکیاں مل گئیں۔پھر اگلے دن مزید کوشش کرتی شروع کے دن تھے میری تعداد تقریباً کوئی 800یا900 تک ہوجاتی یا کبھی کبھار 1000 بھی ہوجاتی۔

بچپن سے میرا درودشریف کا سفر چلا اور آج تک الحمدللہ جاری ہے اس دوران مجھے درودابراہیمی کی برکت سے جو نعمتیں ملیں وہ میں آپ کی خدمت میں عرض کرتی چلوں۔

حضور اقدس ﷺ کے ہاتھ مبارک:

پہلی بار جب شاید 2010 کی بات ہے جب سیلاب آیا تھا اور بہت زیادہ پریشانیوں کا سامنا تھا انہی دنوں کی بات ہے کہ لوگ بہت پریشان تھے بارشیں بھی مسلسل تھی کہ ایک دن میں نے ظہر کی نماز ادا کی کہ اچانک وہی مجھے نیند آنا شروع ہوئی میں اٹھی جائے نماز لپیٹی ساتھ ہی ایک چار پائی پڑی تھی نیند کی شدت ایسی تھی کہ میں چار پائی پر صحیح طریقے سے بھی لیٹ بھی نہ سکی اور میری آنکھیں لیٹتے ہی شدت سے بند ہوگئیں۔ چند لمحوں بعد جب میں گہری نیند میں گئی تو میں نے خواب دیکھا کہ ایک گھر ہے جس کے بارے میں مجھے کوئی خبر نہیں ہے۔ خواب میں میں دیکھتی ہوں کہ میں کسی کے گھر گئی ہوئی ہوں بہت ساری عورتیں بیٹھی باتیں کر رہی ہیں کہ میری آنکھیں آسمان کی طرف اٹھتی ہیں تو آسمان پر دو چاند ہوتے ہیں میں ذرا سا دیکھ کہ پھر نگاہ نیچی کرتی لیکن حیرت ہوتی کہ آسمان پے دو چاند؟

پھر دیکھتی ہوں غور سے تو کیا دیکھتی ہوں کہ ایک تو واقعی چاند ہے اور دوسرا چاند چاند نہیں بلکہ میرا آقا کملی والے ﷺ کے ہاتھ مبارک ہیں جو دعا کی پوزیشن میں اُٹھے ہوئے ہیں اور ان سے نور ایسے برس رہا جیسے روشنی پھوٹ رہی ہو میرے پاس الفاظ نہیں ہیں میں اُس منظر کو الفاظ بیان نہیں کر پا رہی۔

جب میں نے یہ منظر دیکھا تو حیرت سے سب کو بتایا کہ اوپر دیکھو حضور اقدس ﷺ کے ہاتھ مبارک ہیں سبھی غور سے دیکھتے ہیں لیکن کسی کو نظر نہیں آتے بلکہ جب سب دیکھنے لگتے ہیں تو وہ ہاتھ مبارک تارے میں بدل جاتے ہیں مطلب ہاتھ مبارک کی جگہ ایک روشن تارا نظر آتا ہے پھر سب کہتے ہیں کہ نہیں ہے پھر باتوں میں لگ جاتے ہیں میں پھر دیکھتی ہوں تو پھر مجھے نظر آ جاتے میں پھر سب کو چیخ چیخ کر کہتی ہوں وہ دیکھو ہاتھ مبارک اس بار میرا پورا جسم کانپ رہا ہوتا ہے لیکن جب سب خواتین دیکھتی ہیں تو پھر تارا نظر آتا ہے اب مجھے افسوس ہوتا ہے کہ ان کو نظر نہیں آتا کم سے کم

میں تو جی بھر کہ دیکھ لیتی مطلب ان کو بتاتی ہوں تو مجھے بھی نظر نہیں آتا۔ پھر پہلے مشرق کی طرف دو بار ہاتھ مبارک کا دیدار ہوتا ہے اب مغرب کی طرف دیکھتی ہوں تو پھر مجھے میرے آقا جان ﷺ کے دونوں ہاتھ مبارک دعا کے لیے اٹھے نظر آتے ہیں اس بار میں کسی کو نہیں بتاتی اور محبت سے بہت دیر تک دیکھتی رہتی ہوں پھر کافی ٹائم بعد پھر مجھے تارا نظر آتا ہے اب میں دوبارہ مشرق کی طرف دیکھتی ہوں تو ایک تارا اور ایک چاند زمین پر اتر رہے ہوتے ہیں زمین کے قریب آکر پھر اوپر چلے جاتے ہیں اور بہت بڑا چاند ہوتا ہے اس کے درمیان میں استغفار لکھا ہوتا ہے۔ بس اتنا خواب دیکھا اور میری اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔

روحانی واردات:

میرا درود کا سفر شروع ہوا تو بس بڑھتا ہی چلا گیا جو برسوں سے مانگ رہی تھی وہ ایسے ملا کہ آج سوچتی ہوں تو حیران رہ جاتی ہوں۔ میری دعائیں قبول ہوتیں اور درود ابراہیمی کی برکت سے مجھے شرح صدر ہوا رات کو جب میں سوتی تو مجھ پر راز کھلتے۔ لوگوں کی خبریں مجھ پر کھلنے لگیں۔ اپنے اردگرد کچھ خاص محسوس کرتی کہ کچھ ہے جو میرے ساتھ ہے مالی حالات بہتر نہ تھے مختلف مکان بدلے تو جہاں اللہ کی مخلوق ہوتی وہ مجھ سے مخاطب ہوتی اور مجھے آکے بتاتی کہ ہم یہاں ہیں۔

جیسے کہ میں نے ایک بار سوچا کہ جمعرات کی ساری رات درود پاک پڑھوں گی عبادت کے لئے جاگا کروں گی عبادت کروں گی ایک جمعرات جاگ کے گزاری اگلی جمعرات بہن نے اچانک ڈرایا کہ یہاں جنات ہیں اگر رات کو اکیلی بیٹھو گی تو یہ ہو جائے گا وہ ہو جائے گا میں نے ان کے سامنے تو ظاہر نہ ہونے دیا یہ کہہ کہ ٹال دیا کہ میں کوئی چلہ نہیں کر رہی اللہ کی عبادت کے لئے بیٹھی ہوں لیکن حقیقت ہے رات دیر تک میرے اندر خوف طاری ہوا میں سو گئی تو دیکھا کوئی شاید بزرگ ہے یا ایسے کہ آپ خوف زدہ نہ ہوں ہم واقعی ادھر ہیں لیکن چھت پے ہیں آپ عبادت کرو۔

یہ اس طرح کا معاملہ اب عام ہو گیا یہ اکثر ہوتا پھر بس روحانیت کھلتی گئی۔ مجھے درودابراہیمی کی برکت سے اکثر نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ ایک بار دیکھا کہ ایک گھر ہے وہاں آقا جان ﷺ موجود ہیں پہلے مجھے لگتا ہے جب میں دیکھتی ہوں تو ان کے مبارک چہرے کو دیکھ نہیں سکتی سر جھک جاتا ہے یا کچھ ہوتا کہ بہت کوشش کہ باوجود نہیں دیکھ سکتی تو سامنے ایک طرف بڑا شیشہ رکھا ہے میں دیکھتی ہوں تو بہت ہی صاف اور بہت ٹائم تک میں آقا جان ﷺ کی زیارت کرتی رہتی ہوں۔ میں نے بے شمار مرتبہ خواب میں کعبہ پاک کی زیارت کی ہے اور یہ سب مجھے درودابراہیمی کی برکت سے ملا ہے۔

ناممکن ہوا ممکن:

مزید بہن بتاتی ہیں کہ مجھے درودِ ابراہیمی کی برکت سے عزت ملی اور وہ سب ملا جس کو میں ناممکن سمجھتی تھی۔ درودِ ابراہیمی کا کمال یہ ہے جو بندہ درودابراہیمی پڑھتا ہے وہ پاتا ہے درودابراہیمی کی برکت سے مجھے نوازا گیا۔

درودشریف کی طرف جب آپ متوجہ ہوں گے اور دنیا کی طمع چھوڑیں گے تو دنیا بھی ملے گی سکون بھی ملے گا اور آپ کی زندگی درودشریف سے رنگین بھی ہوگی اور ان شاءاللہ آپ کے زندگی کے تمام مسائل کرشماتی طور پر حل ہوجائیں گے جس کو نہ عقل تسلیم کرے گی اور نہ لوگوں کو سمجھ آئے گی کہ یہ سب کیسے ممکن ہوگیا۔ جو لوگ مایوسی کی اتھاہ گہرائیوں میں چلے گئے ہیں ان کو چاہیے کہ درودشریف سے دوستی کریں درودشریف کو یقین سے پڑھیں پھر اس کی برکت سے مسائل سے خود کو نکلتا دیکھیں۔ اللہ کی مدد درودشریف پڑھنے والے کے ساتھ شامل حال ہوجاتی ہے مصائب ختم ہوتے ہیں، ذلتیں ختم ہوتی ہیں، مشکلات کا خاتمہ ہوتا ہے اور درودشریف کی برکت سے وہ کچھ ملتا ہے جسے عام عقل انسانی سمجھنے سے قاصر ہے کہ یہ کیسے ممکن ہوا۔

جنات سے ملاقات:

یہ ان دنوں کی بات ہے کہ ہم ایک اور رینٹ کے مکان میں شفٹ ہوئے اس مکان میں شفٹ ہونے سے پہلے مجھے بتایا گیا کہ اس میں چڑیل رہتی ہے لیکن میری فیملی ان چیزوں پے کم ہی یقین رکھنے والی ہے خیر ہم اس گھر میں شفٹ ہو گئے پہلے رات ہی کچھ جنات آ گئے اور اتنے خوش جیسے ان کی بہت بڑی خوشی ہو اور وہ خوشی صاف پتا لگ رہا تھا کہ جیسے مجھ سے مل کے ہوئے یا میرے آنے کی وجہ سے اتنے خوش ہوں۔

میرے پاس آئے اور بتایا کہ ہم یہاں رہتے ہیں فلاں کمرے میں پھر ایک بوڑھی عورت جو جننی تھی وہ بیٹھی تھی میں اس کو دیکھ کے ڈرنے لگی تو اس نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا کہ دیکھو مجھے چھو کر دیکھو کچھ ہوتا ہے ہم کچھ بھی نہیں کہتے آپ کو۔ مطلب وہ میرا ڈر ختم کر رہی تھی۔ یہ میری اس گھر میں اُن سے پہلی ملاقات تھی۔ لیکن معاملہ یہاں ختم نہیں ہوا یہ ان کا فریب تھا وہ دھوکے باز تھے وہ شریر تھے وہ شریعت پر عمل کرنے والے نہیں تھے وہ اچھے نہیں تھے اُن کے اندر شرارت کا مزاج تھا وہ جنات میرے پیچھے پڑ گئے۔

شریر جنات:

ہم لوگ اسی گھر میں رہے ایک سال ہمارا سکون سے گزرا ایک دن دل میں خیال آیا اسی گلی میں ہی مدرسہ ہے کیوں ناں مدرسے جاؤں قرآن حفظ کروں بس یہ سوچتے کچھ دن کے اندر میں مدرسے جانا شروع ہو گئی۔ اب حال یہ تھا کہ مدرسہ گھر کے کام دو بوڑھے والدین ان کی ذمہ داری قرآن پاک کو یاد کرنا اتنا وقت لگتا میں جو ہزاروں کی تعداد میں درودابراہیمی پڑھتی تھی مصروفیت زیادہ ہو جانے کی وجہ سے میری درود کی تعداد کم ہونے لگی۔ ادھر درود کی تعداد کم ہوئی میری روحانی دیوار کمزور ہونا شروع ہو گئی میرے ساتھ جو حفاظت کا نظام تھا وہ کمزور ہونے لگا۔

پہلے میری یاداشت بہترین تھی لیکن درود شریف کی تعداد کم ہونے کے بعد میرے ساتھ مسائل

ہونے لگے میں جتنی بھی محنت کرتی مجھے قرآن پاک اس طرح سے یاد نہ ہوتا یاد ہوتا تو جب سنانے کا وقت آتا بھول جاتی رفتہ رفتہ محسوس ہوا میری یاداشت کم ہو رہی ایک وقت ایسا بھی آیا کہ اتنا کچھ بھولنے لگی تھی کہ میری اس بھولنے کی بیماری کو گھر کے تمام افراد نے محسوس کیا۔

حتیٰ کہ ڈاکٹر کے پاس چیک اپ کے لیے جانا پڑا جب ڈاکٹر نے معائنہ کیا تو اُنہوں نے کہا کہ بچی بالکل ٹھیک ہے لیکن میری حالت یہ تھی کچھ بھی اب یاد نہیں رہتا حتیٰ کہ روز ملنے والی کلاس کی لڑکیوں کے نام تک یاد نہ رہتے گھر سے باہر اگر کبھی کسی کام کے لیے جاتی تو گھر کا واپسی کا راستہ تک بھول جاتی تھی اور کافی سوچ بچار اور پوچھ پوچھ کر گھر کو پہنچتی۔

مدرسہ چھوٹ گیا مجھے بہت دکھ ہوتا تھا کہ میرا قرآن مجید کے سبق کا حرج ہو رہا تھا۔اور ادھر میرا کام ہر وقت بس رونا اللہ پاک سے فریاد کرنا تھا بس پھر اس دوران درود شریف بھی جاری تھا کبھی کم کبھی زیادہ جس دن دو ہزار مکمل ہوتے اس دن بہت صاف محسوس کرتی کہ جسم اور دماغ کئی رسیوں سے بند ہے ہوئے تھے جو درود کی تعداد مکمل ہوتے ہی کھل گئے۔

خطرناک بلا:

چہرہ دن بدن داغوں سے بھرنے لگا رنگ جیسے رفتہ رفتہ ختم ہونے لگا لیکن ان سب سے زیادہ دکھ قرآن پاک کے چھوٹ جانے کا تھا ایک رات اسی غم میں روتے روتے سو گئی تو ایک خواب دیکھا۔ میں کیا دیکھتی ہوں کہ ایک بہت ہی خوبصورت روڈ صاف شفاف اور بہت پیارا ہے لوگ اس پے چل رہے ہیں لیکن میں دوڑ رہی ہوں اس رستے پے دوڑتے دوڑتے اچانک مجھے پیچھے سے ایک بہت ہی بڑی کالی سیاہ بلا جس کا سر تقریباً کوئی آسمان کے قریب ہے اتنی بڑی ہے وہ اپنی صرف دو انگلیوں میں مجھے کمر سے جکڑ کر اٹھا لیتی ہے میں پاؤں چلا رہی ہوں اور چیخ رہی ہوں لیکن وہ مجھے نہیں چھوڑتی۔

اچانک میری زبان پر درودِ ابراہیمی جاری ہو جاتا ہے ہے تو اس بلا کو ایک جھٹکا لگتا ہے اور وہ ایسے

لگتا ہے جیسے کرنٹ لگا ہوا سے اور وہ مجھے ایک دم چھوڑ دیتی ہے میں اس راستے پر پھر دوڑنے لگتی ہوں اور درود اِبراہیمی بھی پڑھتی رہتی ہوں پھر میں دوڑنے میں اتنا زور لگاتی ہوں کہ درود پاک چھوڑ دیتی ہوں پھر جیسے ہی درود پاک چھوڑتی ہوں کچھ ہی دور جاتی ہوں وہ بلا مجھے پھر سے پہلے کی طرح پکڑ لیتی ہے۔

میں پھر چیختی ہوں پھر درود اِبراہیمی میری زبان پر جاری ہو جاتا ہے پھر اسے جھٹکا لگتا ہے اور وہ مجھے چھوڑ دیتی ہے اور یہ معاملہ سارے خواب میں مسلسل ہوتا رہتا ہے۔ خواب مکمل ہو جاتا ہے میں جاگی تو ساری سمجھ آ گئی کیونکہ یہ صرف خواب نہیں تھا تعبیر بھی ساتھ تھی۔ میری تحریر پڑھنے والے قارئین کو اس سے بھی حیران کر دینے والی بات عرض کرتی چلوں کہ جس جگہ ہم رہتے تھے اسی گلی میں مدرسہ تھا اور میرے ساتھ مدرسے میں پڑھنے والے میرے محلے کی دو سے تین لڑکیاں ذہنی طور پر پاگل ہوگئی تھیں۔

میرے ساتھ جن جن لڑکیوں نے قرآن مجید کا حفظ شروع کیا تھا اُن کے ساتھ یہی جناتی مسائل ہوئے اور پھر وہ شفاء یاب نہ ہوسکیں ان میں سے جو بچ گئی وہ صرف میں تھی میرا یقین ہے کہ میرے ساتھ درود اِبراہیمی تھا ورنہ میرے ساتھ کی جو لڑکیاں تھیں وہ پاگل ہوگئی تھیں وہ گھر سے نکل جاتی تھیں اور اُن کو کوئی ہوش وحواس نہ تھا وہ پاگلوں جیسی حرکتیں کرتی تھیں اور اُن کو اپنی کوئی خبر نہیں تھی۔ آج بھی سوچتی ہوں اگر درود اِبراہیمی میرے ساتھ نہ ہوتا تو آج میں پتہ نہیں کس حال میں ہوتی۔

میں کہتی ہوں درود آبِ حیات ہے جب انسان اس کو چھوڑتا ہے تو دنیا کے فتنے اس کو پھر پکڑتے ہیں اور درود شریف کا ساتھ ہو تو اس کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ درود ابراہیمی سے دوستی لگائیں زندگی پر بہار ہو جائے گی۔ درود ابراہیمی کا مسلسل ورد انسان کو رنگ ورنگ کر دیتا ہے کریم اللہ ہمیں سدا درود شریف کے ساتھ جوڑے رکھے اور زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھنے کی توفیق عطا

فرمائے۔آمین

دیوانگی و مستقل مزاجی:

اللہ والو! آپ کی خدمت میں عرض کرتا چلوں کہ عاشق درود ہو، دیوانہ ہو، یقین والا ہو، مستقل مزاج ہواورادب والا ہوتو۔درودابراہیمی پڑھنے سے مشکلات حل ہوتی ہیں، درودابراہیمی پڑھنے سے بیماریاں دور ہوتی ہیں ،درودابراہیمی پڑھنے سے دعائیں قبول ہوتی ہیں،درودابراہیمی پڑھنے سے مشکلات حل ہوتی ہیں، درودابراہیمی پڑھنے سے مسائل حل ہوتے ہیں، درودابراہیمی پڑھنے سے دنیاوی نفع ہوتا ہے۔

درودابراہیمی پڑھنے سے اُخروی نفع ہوتاہے۔درودابراہیمی پڑھنے سے برکت ملتی ہے ۔درودابراہیمی پڑھنے سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔ جہاں مہنگی سے مہنگی ادویات اور تھراپیاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں درودابراہیمی پڑھنے سے ڈپریشن جڑ سے ختم ہوجاتا ہے۔درودابراہیمی پڑھنے سے جادوٹوٹ جاتاہے درودابراہیمی پڑھنے والے پر پھینکے گئے سفلی رسے، زنجیریں ٹوٹ جاتے ہیں۔

درودابراہیمی کے اندراس قدرروحانی پاور موجود ہے کہ دنیا کا کوئی باطل درواِبراہیمی کے آگے ٹھہر نہیں سکتا۔درودابراہیمی پڑھنے نظر بد کا خاتمہ ہوتاہے ۔درودابراہیمی پڑھنے سے روحانی ترقی ہوتی ہے، درودابراہیمی پڑھنے سے روح کو طاقت ملتی ہے، درودابراہیمی پڑھنے سے نفس کی منہ زوری کم ہوتی ہے ،درودابراہیمی پڑھنے سے شرح صدر ہوتاہے ،درودابراہیمی پڑھنے سے کائنات کے حجاب ہٹا دیے جاتے ہیں، درودابراہیمی پڑھنے والے کو رازوں سے آشنا کیا جاتاہے، درودابراہیمی پڑھنے والے کی نسل میں ولایت کے فیصلے ہوتے ہیں، درودابراہیمی پڑھنے سے سکون ملتاہے۔

درودابراہیمی پڑھنے سے علم میں اضافہ ہوتاہے، درودابراہیمی پڑھنے سے حلم میں اضافہ ہوتاہے۔

درود ابراہیمی پڑھنے سے نحوست ختم ہو جاتی ہے۔ درود ابراہیمی پڑھنے سے نور ملتا ہے۔

درود ابراہیمی پڑھنے والے کو ولایت کا تاج پہنایا جاتا ہے۔ درود ابراہیمی پڑھنے والے کی نسلوں کے لیے خیر، برکت، کرم، فضل، ولایت کے فیصلے ہوتے ہیں۔ درود ابراہیمی پڑھنے سے توجہات رسول ﷺ ملتی ہیں۔ درود ابراہیمی پڑھنے سے نبی کریم ﷺ کا قرب ملتا ہے۔ درود ابراہیمی پڑھنے سے اولیاء کرام کا دوست ہو جاتا ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح درود ابراہیمی پڑھنے کا معمول بنائیں پھر اپنی زندگی میں کرشمے ہوتے دیکھیں۔ لوگ آپ کی زندگیوں سے رشک کریں گے۔

آپ اپنی زندگی میں سکون، عافیت، برکت، کرم، فضل کو ملتا دیکھیں گے۔ عبادت کی حلاوت ملے گی، دعاؤں کی قبولیت ملے گی، ولایت کی خوشبو ملے گی، قرب رسول ﷺ ملے گا اور قرب الٰہی کی نعمت ملے گی۔ مستقل مزاجی سے ہر نماز کے بعد توجہ، دھیان، ادب، یقین سے درود ابراہیمی کو پڑھنے کا معمول بنائیں اور اپنی زندگی و آخرت کو شاندار بنائیں۔

درود ابراہیمی کے پراسرار راز:

میرے مرشد حکیم محمد طارق محمود مدظلہ نے رمضان المبارک 2018ء میں درود ابراہیمی کے راز کھولے جو آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں۔ ایک کعبہ ہم انسانوں کو زمین پر ہے اور اسی کے اوپر عرش پہ ایک اور کعبہ ہے جس کو بیت المعمور کہتے ہیں فرشتوں کا کعبہ بیت المعمور ہے۔ جب حضرت محمد ﷺ معراج پہ تشریف لے گئے۔ تو سب آسمانوں پہ انبیاء کرامؑ نے آپ ﷺ کا استقبال کیا۔

بیت المعمور پر جب آپ ﷺ پہنچے تو ایک بابا جی ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ اُنھوں نے میرے آقا مدینے والے ﷺ کا استقبال کیا جبرائیلؑ نے بتایا کہ یہ حضرت ابراہیمؑ ہیں۔ اور حضرت ابراہیمؑ میرے مدینے والے ﷺ کے بڑوں میں سے ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ کی جو قربانیاں ہیں وہ کمال ہیں۔ جتنا بڑا کوئی فرد ہوتا ہے اُس پہ آزمائشیں بعض اوقات اتنی آتی ہیں اور جتنا بڑا منصب

اورعہدہ ہوتاہے اُتنی اُس کےاوپر ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔حضرت ابراہیمؑ بہت عظیم ہستی ہیں اور اُن پہ آزمائشیں بھی بہت آئیں اور بہت زیادہ آزمائشیں آئیں۔لیکن اُنہوں نے ہرآزمائش کواللہ کاحکم رب کی رضا سمجھ کرایسا کردیاایسا کردیااوراتنے اچھےانداز سےاُس امتحان اورآزمائش سے نکلے کہ وہ خودآزمائش اورامتحان مخلوق خدا کے لیےایک نشانی بن گئی اور قیامت تک کے لیے وہ ''شعائرُاللہ''''اللہ کی نشانیاں''بن گئیں۔

مقام ابراہیم:

حضرت ہاجرہ بیٹے کے لیے جہاں دوڑی ہیں وہ صفامروہ ہیں۔ایک صفا کا پہاڑ ہےایک مروہ کا پہاڑ ہے۔اُس جگہ کے دوڑنے کولازم قراردے دیا گیا۔یہ بنیاد بھی نسبت ابراہیمی کی وجہ سے تھی ابراہیمؑ بچے کواللہ کے حکم سے چھوڑ کر گئے تھےاور باپ اور بیٹے نے مل کرخانہ کعبہ کی تعمیر کی۔بیت اللہ کے سامنے جبل کعبہ موجود ہے جہاں سے پتھراُٹھائے گئے تھےاوراُن سے کعبۃ اللہ کوتعمیر کی گیا اللہ کی شان دیکھیں کہ اللہ پاک نے ایک پتھر دیا جوخودبخوداوپر ہوتا جا تا تھا۔دیوار بنانے کے لیے کوئی سٹینڈ وغیرہ بنانے کی ضرورت نہیں تھی اورآج بھی وہ پتھرموجود ہےجس کومقام ابراہیم کہتے ہیں۔اوراگلی نشانی زمزم کی نشانی ہے جوزمزم کی قربانی کہلاتی ہےاورقربانی کے بعدزمزم کی نعمت کا ملنا ہے۔نسبت ابراہیمی سے کعبے کا ملنا نسبت ابراہیمی سے مقام ابراہیمی کا ملنا اورنسبت ابراہیمی سے زمزم کا ملنا ہے۔

زمزم کاحصول:

یعنی آپ کا کام ایڑیاں رگڑنا ہے ایڑیاں رگڑنا ضروری ہے کوئی بھی زمزم ایڑیاں رگڑے بغیرنہیں ملا اس چھوٹے سے لفظ کو ہمیشہ یادرکھیے گا کوئی بھی زمزم ایڑیاں رگڑے بغیرنہیں ملے گا ہرزمزم کے لیےایڑیاں رگڑنی پڑیں گی چاہے وہ تھوڑی یا زیادہ یعنی قربانی،محنت کرنی پڑے گی۔تیرا کام

ایڑیاں رگڑ رہا ہے۔ جبرائیلؑ آئے اور انہوں نے پر مارا اور پتھر کے اندر سے ایک چشمہ نکلا اور وہ چشمہ کبھی ختم نہیں ہوگا۔

وہ چشمہ اللہ کے دو ناموں سے نکل رہا ایک نام ''**حمید**'' ہے ایک نام ''**مجید**'' ہے اور یہ دونوں نام درود ابراہیمی میں موجود ہیں۔ ایک منٹ میں تینتالیس ہزار لیٹر زمزم کا پانی نکلتا ہے۔ آج تک اُس میں کائی، پھپھوند، جراثیم نہیں بنے۔ وہ جیسے پہلے دن سے شفاف اور صاف تھا آج بھی اسی طرح چمکدار اور شفاف ہے۔ آج بھی کنویں سے جتنا پانی کھینچتے ہیں اُس سے کہیں زیادہ پانی اور نکل آتا ہے اور پھر یہ نہیں ہے کہ پانی کا ایک زور ہے کہ پانی باہر نکل آتا ہے پانی اپنے توازن پہ رہتا ہے پھر نکالو پھر اور آجاتا ہے۔ یہ ساری نعمتیں جمع ہو کے سیرت ابراہیمی بنیں اور سیرت ابراہیمی جمع ہو کے ایک نعمت بنی وہ درود ابراہیمی بنا۔

میں نے حضرت ابراہیمؑ کی زندگی کو مختصر بیان کیا ہے۔ فلسطین سے بچے کو لے کر نکلے ہیں تین راتوں کا سفر کیا اور منیٰ کی وادی میں آئے ہیں اور سات آٹھ سال کے چھوٹے سے معصوم بچے کو ذبح کرنے کے لیے لے کر جا رہے ہیں کہ میرے بیٹے میرے اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں نے تیری گردن پہ چھری پھیرنی ہے بیٹا کہتا ہے ابا جی آپ دیر نہ کریں بس آپ اس عمل کو کر گزریں بس آپ میری یہ قمیص اُتار لینا اور میری اماں کو دے دینا بڑھاپے کی اولاد ہے ماں نے بہت لاڈ سے پالا ہے ستر اسی سال کے بعد اولاد ہوئی ہے۔ حضرت اسماعیلؑ نے کہا ابا جان میری قمیص اماں کو دے دیجیے گا اُنہیں جب میری یاد آئے گی تو میری قمیص کو سینے سے لگا کر اپنے دل کو بہلا لیا کریں گی۔

اور ابا جی ایک درخواست ہے میرا چہرہ اپنے چہرے کی طرف نہ کیجیے گا کہیں ایسا نہ ہو کہ آنکھوں سے آنکھیں ملیں اور محبت جاگ اُٹھے اور اللہ کے حکم میں کوئی خلل نہ آجائے مجھے اوندھا کر دیجیے اور میرے ہاتھ پاؤں باندھ دیجیے کہیں ایسا نہ ہو میں تڑپوں اور والد کی محبت جاگ نہ

جائے اور کہیں اللہ کا امر نہ چوک جائے۔کیا کمال بچہ تھا اور کیا کمال باپ تھا۔چھری کو تیز کیا اور باپ نے اپنے بیٹے کو بالوں سے پکڑا اور گھٹنا بچے کے اوپر رکھا ادھر آسمانوں پر فرشتوں میں کہرام مچا ہوا ہے اور ابراہیمؑ نے آسمان کی طرف دیکھا کہ مولا اگر تُو میری اس قربانی پر راضی ہے تو میں بھی تجھ سے راضی ہوں۔پھر اُس تیز چھری کو بیٹے کی گردن پر پھیرا خون کا ایک فوارہ اُٹھا تھوڑی دیر کے بعد جب دیکھا تو مینڈھا ذبح ہوا پڑا ہے اور ساتھ حضرت اسماعیلؑ کھڑے ہیں اُن کی قربانی نہیں لی گئی۔

کیوں؟ کیونکہ اُن کی پشت سے محمد مصطفیٰ ﷺ نے آنا ہے۔حضرت اسحاقؑ کی پشت سے بنی اسرائیل آئے ہیں بنی اسرائیل کے ہزاروں انبیاءؑ تشریف لائے اور حضرت اسماعیلؑ کے سلسلے کو اللہ نے محفوظ رکھا کیونکہ اُن کی لڑی میں محمد عربی ﷺ نے آنا ہے اور اس طرح اللہ نے نبی کریم ﷺ کی نسبت کو محفوظ رکھا ہے۔حسب کو محفوظ رکھا نسب کو محفوظ رکھا۔یہ قیامت تک پیغام تھا کہ اے میرے بندو! میں قربانی کہتا ہوں لیتا نہیں ہوں۔

رب کتنا خوش ہوا ہوگا کہ میرے امر کے اوپر اپنے اُس بیٹے پر چھری چلائے جس کو اسی سال تک مانگتے مانگتے ۔! زندگی کے شب و روز گزرے۔اُس قربانی پہ رب اتنا خوش ہوا کہ آج ہر حاجی قربانی کرتا ہے جو اسی قربانی کی یاد میں کی جاتی ہے۔جو بندے قیامت کی صبح تک درود ابراہیمی پڑھتے رہیں گے وہ حضرت ابراہیمؑ کی قربانیوں کے اوپر ملنے والا اجر ہر قربانی پہ اجر درود ابراہیمی پڑھنے والے شخص کو وہ رحمتیں ملیں گی سب سے پہلے جو قربانی پہ ملی تھیں۔درود ابراہیمی پڑھنے والے کو برکتیں ملیں گی۔

اللہ کی وہ مددیں ملیں گی جو سات جگہ کنکریاں مارنے پہ ملتی ہیں۔جب حضرت ابراہیمؑ اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کو اللہ کا امر پورا کرنے کے لیے لے کر جا رہے تھے تو سات جگہ پہ اسماعیلؑ کو شیطان نے بہکانے کی کوشش کی کہ کیا پتہ ہے ابا کہاں لے کر جا رہا ہے؟ تمہاری گردن پہ تمہارا ابا

چھری پھیرے گا۔ پھر آگے آ کے بہکایا وسوسے ڈالے۔ پھر تیسری جگہ آ کر اپنا جال پھینکا وسوسے ڈالے۔ تین جگہوں پہ حضرت ابراہیمؑ نے شیطان کو کنکریاں ماریں۔ اُن کنکریوں والی جگہوں پہ آج بھی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ گھنٹوں دعائیں مانگنے والے موجود ہیں اور وہاں حکم ہے کہ وہاں کنکریاں مارنے کے بعد ایک طرف ہو کر دعائیں مانگو وہاں دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ ابراہیمؑ کی ایک ادا پہ درود ابراہیمی پڑھنے والے کو وہ برکت بھی مل جائے گی وہ قبولیت بھی مل جائے گی اور وہ خیر بھی اللہ تعالیٰ نے درود ابراہیمی کے اندر رکھ دی ہے۔

قربانی کا صلہ:

ہر مجاہدے پہ اللہ کی رحمت اُترتی ہے ہر قربانی پہ اللہ کی محبت اور مغفرت اُترتی ہے۔ اور درود ابراہیمی پڑھنے والے کو رحمت اور مغفرت بے بہا مل جاتی ہے۔ اور اگلا وعدہ اور اگلی برکت کعبہ کو محور بنا دیا اور جب کہہ دیا۔ ''**ربنا تقبل منا** '' مولا تو قبول کر لے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کعبے جیسی عمارت کعبے جیسی نعمت بنا کر بھی ڈرنا ہے۔ مولا تیری مہربانی بس قبول ہی کر لے مولا اگر قبول ہو جائے میرے لیے سعادت ہے۔ درود ابراہیمی پڑھنے والے کو تعمیر کعبہ کی برکات حاصل ہوں گی۔ خانہ کعبہ کے گرد جو طواف ہو رہا ہے، ماضی میں جو ہوا اور مستقبل میں جو ہوگا درود ابراہیمی پڑھنے والے کو ان تمام طواف کی برکات حاصل ہوں گی کعبہ کو دیکھنا بھی ثواب ہے سب سے زیادہ ثواب طواف کرنے والوں کو ملتا ہے۔ سعادت تو یہ ہے کہ درود ابراہیمی پڑھنے والے کو یہاں بیٹھے ثواب مل رہا ہے۔

دنیا کے کسی بھی کونے میں بیٹھا کوئی بھی بندہ درود ابراہیمی پڑھے وہ یہ سارے انعامات پائے گا۔ قربانی کا ثواب، کنکریاں مارنے کا ثواب، طواف کا ثواب، زمزم کے چشمے کی برکات، زمزم نے جتنے لوگوں کو سیراب کیا اور قیامت تک جو سیراب ہوں گے یہ سب نسبت ابراہیمی کی برکت سے اور ملا ہے۔ اور درود ابراہیمی پڑھنے والے کو یہ سب ثواب ملتا چلا جائے گا۔ ہر وہ درود شریف

جو حدیث سے ثابت ہے افضل ہے، ارفع ہے، اعلیٰ ہے ۔لیکن درودابراہیمی سب سے ارفع واعلیٰ ہے اس کی عظمت دیکھیں کہ اس کا انتخاب خود نماز کے اندر کیا گیا ہے۔

انوکھا پُر تاثیر عمل:

التحیات میں درودابراہیمی میں "**آل ابراھیم** " "**انک حمید مجید**" پڑھا جاتا ہے ۔اس درودابراہیمی کے اندر اللہ کریم کے دو اسم آئے ہیں ایک اسم "**حمید**" آیا ہے دوسرا اسم "**مجید** " آیا ہے۔ایک عمل عرض کرتا ہوں دھیان سے سمجھیے گا۔درودابراہیمی کا پہلا صیغہ پڑھیں جب اسمائے الٰہی "**حمید مجید**" پر پہنچے تو ان اسماء "**حمید مجید** " کی ایک تسبیح پڑھیں ۔پھر درودابراہیمی کا دوسرا صیغہ پڑھیں جب دوسری بار اسمائے الٰہی "**حمید مجید** " آئے تو ان دوناموں کی دوبارہ ایک تسبیح پڑھیں۔

اس انداز سے ایک بار درودابراہیمی پڑھیں ۔جو بندہ اس طریقے سے درودابراہیمی ایک بار پڑھے گا اُس کی من کی مرادیں ایسی پوری ہوں گی کہ اتنی عالم میں شاید ہی کسی کی مرادیں پوری ہوئی ہوں بظاہر اُس کو نظر آئے یا نہ آئے لیکن اس عمل کے اندر کمال پوشیدہ ہے۔

بغیر اجازت عمل کرنا:

بعض اوقات کیا ہوتا ہے کتابوں سے عمل دیکھ کر اجازت دے دیتے ہیں عمل کرو ہم تمہاری نگرانی کریں گے بنیادی طور پر وہ نگرانی نہیں ہوتی وہ اس بندے پہ تجربہ کر رہے ہوتے ہیں جس کو کہتے ہیں یہ عمل کر ہم تیری روحانی طور پر نگرانی کریں گے ہو گیا تو ہو گیا اُلٹا پڑ گیا تو اُسی پہ پڑے گا ہمارا کیا۔عرصہ سے ان معاملات کو دیکھ رہا ہوں یہ کیس میرے پاس بے شمار آتے ہیں اور بہت آتے ہیں اس لیے عمل کسی صاحب اجازت سے پوچھ کر اور اجازت لے کر کرنے میں ہی خیر ہوتی ہے۔

ایک صاحب آئے اُنہوں نے کہا جی میرے پاس ہمزاد کا عمل ہے ۔ہمزاد تیرا تابع ہو جائے گا میں تیری نگرانی کروں گا اس طرح کر ایک بڑا سا چراغ لے اُس کی ایک بتی ہو گی اُس میں آگ

جلا اُس آگ کی روشنی سے تیرا سایہ بنے گا اُس سائے کو دیکھ کر یہ عمل کر پھر کچھ عرصے کے بعد خود سایہ بولے گا جی آقا کیا حکم ہے؟ پھر الہ دین کا چراغ ہوگا پھر یوں ہو جائے گا اور یوں ہو جائے گا۔

وہ بیچارہ مشقت میں لگا رہا لگا رہا کچھ ہی عرصے کے بعد اُس کے گھر میں حادثات ہونا شروع ہوئے، پریشانیاں شروع ہوگئیں اور معاشی نظام ختم، گھر، رزق، برکت، خیریں، ہر نعمت اُس بیچارے سے دور ہونا شروع ہوگئی۔ مشکلات، مسائل نے اُس کو گھیر لیا حالات بہت تنگ ہوتے ہوتے بدترین حالت تک پہنچ گئے۔

آخر کار اُس نے عمل چھوڑ دیا اور وہ عمل چھوڑنا اس کے لیے اور زیادہ نقصان دہ بن گیا۔ اب ادھر اُدھر بھاگ کے باقی جو گھر کا سرمایہ بچا تھا وہ بھی ٹوں میں نے لے لیا کہ تیرا یہ توڑ کرتے ہیں۔ ہم یہ توڑ کریں گے یوں ہو جائے گا اس طرح ہو جائے گا اُس طرح ہو جائے گا۔ گھر کی جو روٹی بچی تھی وہ بھی گئی۔

دھکے کھانے کے بعد لٹے پٹے میرے پاس آئے کہنے لگے جی میرے اوپر جادو ہے اس طرح ہے اس اس طرح ہے۔ میں کوئی عامل کامل تو نہیں ہوں لیکن میں نے اُن سے عرض کیا کہ مجھے احساس ہوتا ہے کہ نہ تیرے اوپر جادو ہے نہ جنات کا مسئلہ ہے۔ تیرے اوپر کسی عمل کی رجعت ہے کوئی عمل ایسا ہے کہ جو آپ پر لوٹا ہے، اُس عمل کے جو مئوکلات ہیں وہ تیرے ویری اور دشمن بن چکے ہیں آپ نے کوئی عمل کیا تو وہ بولے جی میں نے یہ اس اس طرح عمل کیا تھا۔

رجعت کا حل:

میں نے اُن سے عرض کیا میرے مشاہدات میں اور میرے شیخ (سید عبداللہ ہجویریؒ) نے مجھے بتایا تھا اور میں نے بے شمار کو یہ عمل بتایا ہے کہ جن کو کسی عمل کی رجعت ہو جس کو کہتے ہیں فلاں پہ عمل اُلٹا پڑ گیا ہے اُسے چاہیے کہ وہ سارے عمل چھوڑ دے صرف فرائض اور واجبات، سنت موکدہ ادا

کرے اور باقی عمل چھوڑ دے ۔ پھر اُن سے سب عمل چھڑوا دیے جاتے ہیں کیونکہ فرض اور واجب چھوڑنہیں سکتے یہ تو لازم ہیں فرض اور واجب اور سنت موکدہ اُن کوادا کریں اُن کے علاوہ سب کچھ چھڑوادیا جاتا ہے۔

جس بندے پر رجعت ہواُس کو کہا جاتا ہے کہ فرائض ادا کرے، واجبات ادا کرے،سنت موکدہ ادا کرے اور باقی جو اُس کے پاس وقت ہو صرف اور صرف درودابراہیمی مسلسل پڑھے۔درودابراہیمی کوسینکڑوں، ہزاروں لاکھوں بار پڑھیں۔میں نے اُن سے عرض کیا کہ بہت جگہ سے پھر پھرا کے آئے ہو تھک ہار کے آئے ہو اب میری مان کر چلو جیسے کہوں ویسے کرو درودابراہیمی کو کثرت سے پڑھو۔

اُس نے درودابراہیمی پڑھا۔میں نے کہا خوب گھوٹا لگاؤ دن رات اس درود کو پڑھو اور خوب پڑھو۔وہ درودابراہیمی پڑھتا گیا اور اُس کے حالات سنورتے گئے پورا ڈیڑھ سال میں نے اُس کو درودابراہیمی پڑھوایا۔کیس اتنا خطرناک تھا آپ گمان نہیں کر سکتے بہت خطرناک کیس تھا۔لیکن اب اللہ کے فضل سے درودابراہیمی پڑھتے پڑھتے اُس کے حالات اچھے ہوگئے ہیں اب اُس کی حالت الحمد للہ قابل رشک ہے۔رب نے وسعت، عزت،صحت،رزق، عافیت ، برکت کے دروازے اُس پر کھول دیے ہیں۔

غیبی نظام اُس کے ساتھ ہوگیا ہے۔میں نے اُن سے عرض کیا تھا کہ آپ کا کیس خطرناک حد تک پہنچا ہوا ہے اس کو حل ہونے میں وقت لگے گا محنت لگے گی۔میں نے اُن کو مثال یہ دی تھی کہ ترازو میں ایک طرف دوکلووزن ہے ایک طرف پانچ کلووزن ہے۔دوکلو ہے تو سہی لیکن پانچ کلو اُس کو مانتا نہیں ہے۔دوکلو کو ہم نے تین کلو کر دیا لیکن پھر بھی پانچ کلو تین کلو کو کوئی حیثیت نہیں دے رہا۔تین سے چار کلو کر دیا پھر بھی پانچ کلو چار کلو کو نہیں مانتا۔چار سے جب ہم پانچ پہ آئے ہیں تو پانچ کلو کو فرق محسوس ہوا ہے وہ اپنی جگہ سے ہلا ہے۔اب برابری کا معاملہ پیش آ گیا ہے۔اب یہاں حق کی آواز ساڑھے پانچ کلو ہوگا تو پانچ کلو باطل والا جھکے گا۔بعض اوقات ہمارے وظائف

اور تسبیحات کا معاملہ بھی اسی طرح ہوتا ہے۔ وظائف کام کر رہے ہوتے ہیں ہم وظائف کو مطلوبہ توجہ مطلوبہ دھیان ،مطلوبہ مقدار اور مطلوبہ ہمت اور محنت سے نہیں کر رہے ہوتے جس کو وجہ سے آدھا کام ہوتا ہے اور مطلوبہ نتائج نہیں مل رہے ہوتے جو ملنے چاہیں۔ مطلوبہ اوقات پر توجہ نہیں دیتے مطلوبہ مقدار میں وظائف نہیں پڑھتے ہم جلدی میں ہوتے ہیں کہ جلدی جلدی ہمارا کام ہو جائے۔ جلدی میں پھر یہ ہوتا ہے کہ انسان عمل ادھورا کر کے چھوڑ دیتا ہے اور بعض اوقات ادھورا عمل کرنے سے وہی کچھ ہوتا ہے جن صاحب کو آپ کو واقعہ سنا رہا ہوں۔

ایک صاحب نے بتایا کہ ہم بنگلہ دیش میں ڈیوٹی کر رہے تھے میں وہ صاحب آرمی میں آفیسر ہیں وہ بتاتے ہیں کہ مسلسل گولیاں چل رہی تھیں۔ میں نے اپنے ماتحت تمام سپاہیوں سے کہا کہ بس کچھ نہ کرو سب مل کر درود ابراہیمی پڑھو اور درود ابراہیمی پڑھا اور بہت توجہ سے پڑھا۔ بتاتے ہیں کہ ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ ہمارے دائیں بائیں سے گولیاں گزر رہی ہیں لیکن کمال کی بات یہ ہے کہ ہمارے ایک سپاہی کو بھی کسی گولی نے چھوا تک نہیں کیونکہ ہمارے ساتھ درود ابراہیمی کی روحانی طاقت تھی۔

نانی اماں کا گھر:

میرے بچپن کی بات ہے ہماری نانی اماں کے گھر میں ایک کمرہ تھا جہاں پر جنات رہتے تھے وہ صالح جنات تھے اس کمرہ کی جگہ جب پڑوسیوں سے خریدی تو اپنے کمرے کے ساتھ اُس جگہ کو ملا لیا تو اُن کے ساتھ عجیب معاملات شروع ہو گئے۔

ایک اللہ والے تھے اُن کو بلایا گیا تو انہوں نے بتایا کہ یہاں صالح جنات رہتے ہیں پہلے جو لوگ تھے وہ یہاں موسیقی ،دھمال،ڈھولک چلاتے تھے۔اس لیے اب یہ مسائل ہیں کوئی تعویذ جلانے،کوئی عمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے بس آپ نے کرنا یہ ہے کہ آئندہ سے موسیقی ،دھمال،ڈھولکی والا کام نہیں کرنا اور درود ابراہیمی پڑھ پڑھ کر ان صالح جنات کو ہدیہ کرتے رہیں

ان شاء اللہ تمام مسائل ختم ہو جائیں گے اور سکون ہو جائے گا۔ درود ابراہیمی پڑھ کر کہہ دیا کریں ۔یہ ہم آپ کو ہدیہ کرتے ہیں پھر سکون ہو گیا۔ اُس کے بعد میں اُس کمرے میں کئی بار سویا لیکن کبھی احساس نہیں ہوا۔ ورنہ وہ کہتے تھے وہ یہاں سونے نہیں دیتے تھے چار پائیاں اُلٹ دیتے تھے برتن گرا دیتے تھے وغیرہ وغیرہ۔

لیکن درود ابراہیمی کی برکت سے یہ سارے معاملات ختم ہو گئے۔ درود ابراہیمی میں نور ہے برکت ہے ،رحمت ہے اور درود ابراہیمی قبولیت کا مدار ہے ۔جس عمل کے شروع میں اور آخر میں درود ابراہیمی پڑھا جائے وہ عمل میں قبولیت ہے اور وہ عمل قبول ہوتا ہے اور عمل محبوب ہوتا ہے۔اس کے بہت ثمرات اور برکات ہیں درود ابراہیمی بہت زبردست وظیفہ ہے یہ وظیفہ نیک لوگوں کو نیک دوستوں کو قریب کرتا ہے اور برے دوستوں کو دور کرتا ہے وہ دوست انسانوں کی شکل میں ہوں یا جنات کی شکل میں ہوں۔

فرشتے دوست بن جاتے ہیں اور اللہ کے امر سے ساتھ دیتے ہیں معاونت کرتے ہیں ساتھی بنتے ہیں غیبی نظام متوجہ ہوتا ہے اس درود ابراہیمی پڑھنے والے کے ساتھ یہ درود نماز کا حصہ ہے اور مقبول و محبوب درود ہے۔ درود ابراہیمی کے اندر حفاظت بھی ہے، کفایت بھی ہے، کفالت بھی ہے اور غیبی مدد بھی ہے عجب اس کے کمالات ہیں۔

درود ابراہیمی کے کرشمات:

میرے مرشد حکیم محمد طارق محمود چغتائی مدظلہ نے محرم الحرام کے مہینے میں یوم عاشورہ کو درود ابراہیم کے راز کھولے اور آل رسولؐ اور آل ابراہیمؑ کے تذکرے کے راز بیان فرمائے ہیں ۔فرماتے ہیں ۔ایک تھانیدار تھا میری اُس سے ہر منگل کو ملاقات ہوتی تھی۔ اُس وقت انارکلی تھانے کا ایس ۔ایچ ۔او تھا۔ اب وہ صاحب ریٹائر ہو گئے ہیں۔ کہنے لگے کہ میں 1971ء کی جنگ میں شامل تھا۔ بتایا میرے پاس ایک گاڑی تھی ساتھ فورس تھی ہم نرغے میں آ گئے۔

ہر طرف دشمن موجود تھے مجھے احساس ہوا کہ اب زندہ رہنا مشکل لگ رہا ہے۔ دوراستے ہیں بھاگو بھاگتے ہوئے مروگولیاں آرہی تھیں اور بارش کی طرح آرہی تھیں کہنے لگے کہ ایک دم خیال آیا ۔اللہ کی طرف سے دل میں آیا درودابراہیمی پڑھ اور میں نے سب کو کہا درودابراہیمی آتا ہے؟

کہنے لگے سر ہم ٹوٹے پھوٹے مسلمان ہیں پر نماز میں تو درودابراہیمی پڑھتے ہیں۔ درودابراہیمی ہمیں الحمد للہ آتا ہے کہنے لگے کہ بس درودابراہیمی پڑھنا شروع کیا درودابراہیمی شروع ہی میرے ''**محمد اور آل محمد**'' سے ہوتا ہے۔ ''**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍوَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ**'' کہا ہم نے درودابراہیمی پڑھنا شروع کیا اور میرے ساتھ جو فورس تھی اس نے بھی پڑھنا شروع کردیا بتاتے ہیں کہ اس وقت وہ جذبہ کمال کا آگیا تھا؟

ایک جذبے کے ساتھ درودابراہیمی ہم نے پڑھا اور کریم رب نے ہماری حفاظت بھی کی کفالت بھی کی اور کسی کو آنچ تک نہ آئی۔

بچپن سے لے کر جوانی تک جوانی سے لے کر بڑھاپے تک اور بڑھاپے سے لے کر موت تک جس درود پاک کی نسبتیں ہماری نمازوں کو قبول کراتی ہیں وہ درودابراہیمی ہی تو ہے۔ اپنی نمازوں میں جو ہم درودشریف پڑھتے ہیں وہ درودابراہیمی ہے۔ اللہ پاک نے ہمیں جو نماز کی ترتیب دی ہے درودشریف کو التحیات میں پڑھنے کا حکم ہے۔ التحیات سے مراد یہ ہے کہ اس پہ ایک مہر لگتی ہے قبولیت کی، محبوبیت کی، مقبولیت کی اور وہ یہ درودشریف ہے۔ اگر کوئی بندہ اپنی نماز میں کوئی اور درود پڑھتا ہے تو وہ اُس کی اپنی نماز ہوگی اور جو بندہ اپنی نماز میں آل پہ درود نہیں پڑھتا تو اُس کی اپنی نماز ہوگی۔

ہر نماز کی التحیات میں ''**محمد آل محمد**'' پر درود پڑھنے کا حکم ہے۔ بچپن سے ہمیں جو نماز سکھائی گئی وہ درودابراہیمی والی نماز ہے۔ ''**محمد آل محمد**'' پر درودوسلام یہ درودابراہیمی ہے۔ ہم جب جائیں مدینہ شریف میں ہوں ہمارا چہرہ ہو بیت اللہ کی طرف تو روضہ رسول ﷺ

ہماری دائیں طرف ہوگا اور بائیں طرف جنت البقیع کا قبرستان ہے جس میں حضورﷺ کی آل موجود ہے ۔بیٹے، بیٹیاں، داماد، ازواج مطہرات، نواسے، نواسیاں جنت البقیع میں سو رہے ہیں۔ جنت البقیع کے اندر اولا د رسولﷺ میں حضرت زینبؓ بنت محمدﷺ، حضرت اُم کلثومؓ بنت محمدﷺ، حضرت رقیہؓ بنت محمدﷺ، حضرت فاطمہؓ بنت محمدﷺ، حضرت ابراھیم بن محمدﷺ، ازواج مطہرات میں سے حضرت عائشہ بنت ابوبکرؓ، حضرت سودہؓ بنت زمعہ، حضرت حفصہ بنت عمرؓ، حضرت زینبؓ بنت خزیمہ، حضرت اُم سلمہؓ، حضرت جویریہ بنت حارثؓ، حضرت اُم حبیبہ رملہ بنت ابوسفیانؓ، حضرت صفیہؓ بنت حیی بن اخطب، دیگر رشتہ داروں میں سے رضاعی ماں حضرت حلیمہ سعدیہؓ، داماد رسولﷺ عثمان بن عفانؓ، نواسہ رسولﷺ حضرت حسنؓ ابن علیؓ، نواسہ رسولﷺ حضرت عبد اللہ بن عثمانؓ، آپﷺ کے چچا حضرت عباسؓ بن عبد المطلب، نواسہ رسولﷺ امام حسینؓ کے بیٹے امام زین العابدین بن حسینؓ، امام حسینؓ کے پوتے امام زین العابدینؓ کے بیٹے امام محمد باقر صادق سلام اللہ علیہ کی تربت جنت البقیع میں موجود ہے اور ساتھ ہی امام باقر صادق کے بیٹے امام جعفر صادق سلام اللہ علیہ۔ اہل بیت میں سے جنت البقیع میں یہ حضرات وخواتین آرام فرمارہے ہیں۔

التحیات کی دعا کے راز:

ایک اُصول ہے ایک ضابطہ ہے جب کسی بڑے کے پاس جاتے ہیں تو ہدیہ لے کر جاتے ہیں ۔جب میرے آقاﷺ عرش پر تشریف لے گئے تو اللہ کے حضور ہدیہ لے کر گئے ۔اللہ کریم نے فرمایا میرے حبیبﷺ میرے لیے کیا تحفہ لائے ہیں۔ آپﷺ نے فرمایا اے میرے اللہ! آپ کے لیے۔''**اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ**'' ۔یہ لے کرآیا ہوں۔ التحیات للہ والصلوٰۃ ۔اللہ کریم خوش ہوئے اس ''**اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ**''۔ میں اللہ کی پوری تعریف ہوجاتی ہے اللہ کی پوری حمد ہوجاتی ہے اللہ کا سارا وقار

اللہ کی ساری عزت اللہ کی ساری عظمت اور اللہ کی ساری قدرت اسی میں سمودی گئی ہے میرے حبیب ﷺ نے اپنے رب کی محبت میں پڑھا "**اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰاتُ وَالطَّیِّبَاتُ**" اللہ نے خوش ہوکر فرمایا۔"**اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَ یُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَتہُ اللہِ وَ بَرَکَا تُہ**"۔اور یہ سلام میں نے ہمیشہ آقا ﷺ کے روضے پر پیش کیا ہے۔سارے سلام مبارک ہیں اس کے علاوہ بے شمار سلام ہیں روضے پر سلام پیش کیے جاتے ہیں۔یہ وہ سلام ہے جو ہر نماز میں ہم پیش کرتے ہیں یہ وہ سلام ہے جو ہر نماز میں پیش کیا جاتا ہے اور صرف حضور ﷺ پہ نہیں۔آگے بھی سنیں۔**اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَ یُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَتہُ اللہِ وَ بَرَکَا تُہ**۔**اَلسَّلَامُ عَلَیْنَاوَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰالِحِیْنَ**۔

اور وہ سارے عباد اللہ الصالحین جو جنت البقیع میں موجود ہیں۔اب میں سارے کیوں کہہ رہا ہوں۔آپ کے مطابق ساری دنیا میں عباد الصالحین ہیں۔اللہ کی پوری کائنات میں ولی ،غوث ،قلندر، نجیب ،ابرار،نقیب موجود ہیں سارے ولی ساری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔اور میں کہہ رہا ہوں عباد اللہ الصالحین جنت البقیع میں ہیں۔اس کی دلیل عرض کرتا ہوں۔بریلی شہر کے ساتھ ایک جگہ ہے اُس کا نام بدایوں ہے۔وہاں کے ایک بزرگ ہر سال مکہ مکرمہ،مدینہ منورہ تشریف لے جاتے تھے اور چاہت تھی کہ میں مدینہ منورہ میں دفن ہوں گے۔

اس بار سب کو مل ملا کر گئے کہ اب میں واپس نہیں آؤں گا۔زندگی کے دن وہیں گزاروں گا اور مدینہ منورہ میں آخری لمحہ ہوگا۔جب وہاں پہنچے تو کچھ عرصے کے بعد حج کے جب قافلے آئے تو یہ بھی واپس آ گئے تو لوگوں نے پوچھا آپ تو الوداع کہہ کر گئے تھے۔فرمانے لگے ایک وجہ بنی ہے جس کی وجہ سے میں واپس آ گیا ہوں۔ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ بقیع کا قبرستان ہے اور کچھ میتوں کو نکالا جارہا ہے اور اُن میں سے کسی کو دائیں،کسی کو بائیں،کسی کو مشرق اور کسی کو مغرب کی طرف بھیجا جارہا ہے۔اور کچھ میتیں آرہی ہیں مشرق سے مغرب سے شمال سے جنوب سے اُن

کو بقیع کے قبرستان میں دفن کیا جا رہا ہے۔ میں نے پوچھا یہ کیا ماجرہ ہے؟
وہاں جو دفن کرنے والے تھے انہوں نے بتایا کہ دنیا کے جس
کونے میں بھی جب کوئی صالح فوت ہوتا اور وہ بقیع کے قابل
ہوتا ہے تو اُسے یہاں بقیع کے قبرستان میں لایا جاتا ہے اور جو بقیع

کے قا عشق مصطفیٰ ﷺ اگر ہے سینے میں
مرے گا جہاں ہوگا مدینے میں

ایک اور واقعہ عرض کرتا ہوں میرے ایک اُستاد تھے محمد امین اُن کا نام تھا اُن کے والد صاحب کا نام بشیر احمد تھا سچے عاشق رسول ﷺ تھے۔ وہ دنیا سے رخصت ہو گئے دائیں بائیں اطلاع کے لیے خط اور رقعے لکھے بہت لوگ آئے۔ اُن کا ایک گہرا دوست تھا وہ دوسرے شہر سے تشریف لائے۔ وہ کہنے لگے بیٹا مجھے اپنے باپ کی قبر پر لے چل کہنے لگے ہمارے گھر کے قریب ہی قبرستان تھا وہاں لے گیا۔

انہوں نے مراقبہ کیا بہت دیر مراقبہ کرنے کے بعد کہنے لگے بیٹا تُو بھول گیا یہ تیرے باپ کی قبر نہیں ہے اگر ہے تو اس قبر میں تیرا باپ نہیں ہے۔ کہنے لگے چچا ابھی تو میرے باپ کی قبر کی مٹی بھی خشک نہیں ہوئی اور مجھے باپ کی قبر کیسے بھول سکتی ہے؟ یہی قبر ہے۔ پھر مراقبہ کیا پھر بتایا کہ تُو بھی سچا ہے بات یہ ہے کہ تیرے باپ کی قبر میں کوئی اور ہے اور تیرے والد کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا گیا ہے پھر جب میں نے مراقبہ کیا تو مجھ پر یہ حقیقت کھلی ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْن

وہ نیک ہستیاں جن میں آل رسول ﷺ ہیں جن میں اصحاب رسول ﷺ ہیں آپ ہر نماز میں اُن پر سلام بھیجتے ہیں۔ تو معلوم ہوا آل رسول ﷺ پر آپ ہر نماز کی التحیات میں سلام بھیجتے ہیں۔ پھر آپ ایک اور کام بھی کرتے ہیں ہر رکعت کی سورہ فاتحہ میں آل رسول ﷺ پر انعام کی دعا کرتے ہیں

۔بل نہیں ہوتا اُسے یہاں سے نکال کر وہاں پہنچایا جاتا ہے جہاں اُس کی جگہ ہوتی ہے۔

"انعَمتَ عَلَیھِمۡ"

اے اللہ! جو انعام یافتہ ہیں جیسے تُو نے اُن پر رحمتیں بھیجیں اُن پہ اپنی برکتیں بھیجیں اُن پہ اپنی خیریں بھیجیں۔آپ سوچیں آل رسول ﷺ سے زیادہ کوئی انعام یافتہ ہوسکتا ہے۔قرآن کہتا ہے انعام یافتہ لوگوں میں نبیین ،صدیقین ،شہداء اور صلحاء شام ہیں۔آل رسول ﷺ صدیقین بھی ہیں ،آل رسول ﷺ شہدا بھی ہیں ،آل رسول ﷺ صالحین بھی ہیں اور آل رسول ﷺ ولایت کے تاجدار بھی ہیں ۔ ہر نماز میں ہم آل رسول ﷺ کی نسبتوں کا تذکرہ ہم اپنی نمازوں میں کرتے ہیں۔(نومحرم الحرام 2023ء بمطابق 28_07_2023)

امام باقر صادق سلام اللہ علیہ کا عمل:

آل رسول ﷺ خود دار ہیں اُن کے اندر عظمتیں ہیں اُن کے اندر وقار ہے اُن کے اندر ایک عزت ہے جب امام زین العابدین سلام اللہ علیہ کی شہادت کے بعد اُن کی تدفین ہوگئی تو اُن کے بیٹے امام محمد باقر سلام اللہ علیہ گھر آئے تو والد کی باتیں بتانے لگے اُن کی باتوں میں ایک بات میں آپ کو بتاتا ہوں فرمایا جب میرے والد عاشورہ کے دن کو یاد کرتے تھے اور عاشورہ کی مغرب کو جب یاد کرتے تھے تو روتے تھے زندگی کے جتنے سال حیات رہے اُسی دن کو روتے تھے اور بہت زیادہ اپنے پیاروں کو یاد کرتے رہتے تھے۔

اور پھر فرمایا ایک اہتمام کرتے تھے لوگ اُن کے پاس آتے تھے خود آتے تھے کہ آج عاشورہ کا دن ہے آج آل رسول ﷺ کی آخری قربانی ہے۔آج آل رسول ﷺ نے دین کو آنچ نہ آنے دی آج وہ دن ہے کہ آل رسول ﷺ نے اپنی ذاتوں کو اپنے گھر والوں کو اپنے ساز وسامان کو قربان کر دیا۔تو اُس لمحے کو فرمایا جب لوگ آتے تھے پھر وہ لوگوں کو بٹھا دیتے تھے اور لوگوں کو بٹھا کر کہتے

تھے مجھے وہ کلمات سناؤ جن کلمات کے اندر آل کی عطرت اور محبت ہے مجھے وہ کلمات سناؤ جس میں میرے جد کا تذکرہ ہے میرے آبا کا تذکرہ ہے۔ابراہیم علیہ السلام آل رسول ﷺ کے آباء ہیں۔اسماعیلؑ سے میرے حضور ﷺ کی لڑی چلی۔حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے حضرت اسحاقؑ سے سارے بنی اسرائیل کے انبیاء کرامؑ آئے۔لیکن اسماعیلؑ سے صرف نبی کریم ﷺ کی لڑی چلی اللہ کریم نے حضور ﷺ کے نسب کو محفوظ رکھا۔

فرمایا میرے آباء کا تذکرہ سناؤ پھر لوگ سمجھ جاتے تھے کہ ان کے آباء اور ان کے پیاروں کا تذکرہ کے کلمات کیا ہیں؟ وہ کلمات درود ابراہیمی ہے۔فرمایا امام سجاد سلام اللہ علیہ اس مبارک تذکرے سے خوش ہوتے تھے اور اس تذکرے کو بہت سنتے تھے اور خود پڑھتے تھے۔امام محمد باقر سلام اللہ علیہ فرماتے ہیں کچھ لوگ دکھ کے مارے غم کے مارے حالات،مشکلات اور الجھنوں کے مارے ہوئے جب آپ کی خدمت میں آتے تھے آپ انہیں فرماتے تھے عاشورہ کے دن مغرب کی نماز پڑھ کر میرے پاس آجانا اور جب میں درود شریف پڑھوں گا تم بھی اس میں شامل ہوجانا۔پھر اس درود پاک کے بعد جو دعا ہوگی میں تمہارے لیے دعا کردوں گا تمہاری دعائیں بھی قبول ہوں گی تمہارے مسئلے بھی حل ہوں گے تمہاری مشکلیں بھی ختم ہوجائیں گے۔

امام محمد باقر سلام اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے اپنے والد کو ساری عمر اس عمل میں دیکھا کہ اپنے پیاروں کی اور اپنے آباء کی پیاروں سے مراد وہ سارا قافلہ کربلا،آباء سے مراد ابراہیمؑ ان کا ذکر خیر ان کا تذکرہ کرتے تھے اور ان کا ذکر خیر اور تذکرہ کر کے سارے مل کر درود ابراہیمی پڑھتے تھے بڑوں کے مزاجوں میں بڑی عظمتیں تھیں اُنہوں نے ہمیں آج یہ راستہ اور سبق دیا کہ اُن پیاروں کی یادوں میں وہ تذکرے کرو جو نمازوں میں کرتے ہو آل پر درود ہماری نماز کا حصہ ہے آل پر درود ہماری نماز کی تکمیل ہے۔

التحیات میں جو درود ابراہیمی پڑھتے ہیں یہ محمدؐ اور آل محمدؐ پر درود تو پڑھتے ہیں یہ ''محمدؐ اور آل محمدؐ'' یہ

سلام ہی تو پڑھتے ہیں۔پھر ''محمد آل محمد'' کے لیے برکت کی دعا بھی کریم رب سے کرتے ہیں ۔اے اللہ برکت دے محمدؐ پہ وعلیٰ آل محمدؐ اور برکت عطا فرما آل محمدؐ پر۔ایک نکتہ ہے اس میں فرمایا جس نے برکت لینی ہے تو وہ اس درود ابراہیمی کو جمع ہوکر پڑھے ۔چند افراد عاشورہ کے دن مغرب کے بعد پڑھیں جس نے برکت لینی ہو وہ یہ عمل کرے۔

برکت سے مراد:

برکت سے کیا مراد ہے؟ آپ سے عرض کرتا ہوں میری بائیں طرف ایک چوک ہے یہاں ٹاور ہیں ایک ایسا وقت آیا کہ برکت اُس سے روٹھ گئی اور سو دو سو روپے لوگ اُس کو دیتے تھے اور اُس کے گھر کے اخراجات چلتے تھے ایک شخص بہت بڑا زمیندار تھا اُس کی ڈیرہ داری چلتی تھی اُس کے ہاں لوگ کھانے کھاتے تھے اور بڑے بڑے لوگ آتے تھے ایک وقت ایسا آیا برکت اُس سے روٹھ گئی شوگر ہوگئی پھر شوگر سے پاؤں کٹ گیا پھر ایک ٹانگ کٹ گئی۔

پھر اسی معذوری میں لوگ اُٹھا کر اسے گلی میں بٹھاتے تھے پھر اسی گلی میں وہ کھاتا پیتا تھا اور بعض اوقات حاجت ہوتی تھی کوئی اُٹھانے والا نہیں ہوتا تھا پھر حاجت نکل جاتی تھی کپڑوں سے بدبو ہوتی تھی شام کو آنے جانے والے کی منت کیا کرتا تھا مجھے میرے گھر پہنچا دیں کوئی بندہ ہوتا تھا جو اُس کو گھسیٹ کر اُس کے گھر پہنچا دیتا تھا گھر میں غربت تھی اور برکت اُس سے روٹھ گئی تھی۔

برکت کے حوالے سے ایک اور واقعہ آپ کی خدمت میں عرض کرتا چلوں سفر سے واپس آیا ائیر پورٹ سے مجھے بندے نے اُٹھایا یہاں لاہور میں ایک جگہ ٹاؤن شپ ہے ایک سوسائٹی ہے وہاں ایک گھر میں لے گئے وہاں جب ایک گھر میں گیا تو وہاں ایک صاحب کے گھر گئے تو ٹوٹی پھوٹی کرسیاں اُن صاحب نے کہا میں نے ان کو گھر میں جگہ دی ہوئی ہے اور انہوں نے کہا میرا نام یہ ہے میرے پاس ایک جہاز ہوتا تھا اور میرا سکہ چلتا تھا اور میرے پاس دولت اور مال تھا اور مجھ سے برکت روٹھ گئی۔

اللھم بارک علیٰ محمد یہ دیکھیں **وعلیٰ آل محمد** اے اللہ برکت عطا فرما محمدؐ پہ ۔اے اللہ اُن کے تذکروں میں برکت دے اے اللہ اُن کے ناموں میں برکت دے۔اے اللہ اُن کے جذبوں میں برکت دے اُن کے سننے میں برکت دے۔اُن کے سوچنے میں برکت ملتی ہے اُن کو دیکھنے سے برکت ملتی ہے اُن کے تذکروں سے برکت ملتی ہے۔اُن پہ لکھنے سے برکت سے ملتی ہے۔اُن کے تذکرے مل بیٹھ کر ہم کر رہے اس سے برکت ملتی ہے۔کتنے لوگوں کی زندگیوں کو ہم نے دیکھا ہے کہ اُن سے برکتیں روٹھ گئی ہیں۔رزق تھا صحت تھی،عزت تھی،اور اُن کا سکہ چلتا تھا اور آج وہی لوگ ہیں جن کو کوئی جانتا نہیں اور اُن سے برکت روٹھ گئی۔

عاشورہ کا دن:

امام محمد باقر سلام اللہ علیہ فرماتے ہیں میرے والد حضرت علی بن حسینؑ کا ہر عاشورہ میں مغرب کے بعد درود ابراہیمی کا یہ معمول تھا۔فرمایا جب تک میرے والد تک حیات رہے یہ معمول رہا۔ولایت کے شہنشاہ،قلندروں کے قلندر،ابدالوں کے ابدال،قطبوں کے قطب،شہنشاہوں کے شہنشاہ امام زین العابدین سلام اللہ علیہ کا مستقل درود ابراہیمی کا یہ معمول رہا۔آپ ہر عاشورہ میں مغرب کے بعد یہ عمل اجتماعی شکل میں کیا کرتے تھے۔آپ کے پاس لوگ آتے تھے اور پھر بیٹھ کر درود ابراہیمی پڑھتے اور آپ بھی بڑے ذوق سے درود ابراہیمی پڑھتے تھے اپنے پیاروں کو یاد کر کے روتے تھے درود پڑھتے اور جب آل کا ذکر آتا تو روتے بھی تھے۔

کافی دیر درود ابراہیمی کا ورد کرنے کے بعد لجائے قلبی سے دعا کیا کرتے تھے۔حتیٰ کہ یہ مشہور ہوگیا لوگ عاشورہ دس محرم کا انتظار کرتے تھے۔اور لوگ میرے ابا حضور سلام اللہ علیہ کے گھر تشریف لاتے۔

میرے والد امام سجاد سلام اللہ علیہ خوشبوؤں کا انتظام کرتے،کھانے پینے کا انتظام کرتے کہ سخی کے در پر لوگ آئے ہیں۔خالی پیٹ نہ جائیں،ان کو کھلاتے پلاتے تھے کھلانے کے بعد میرے والد

، میں اور ہمارے سارے بھائی سب مل کر مہمانوں کے لیے اہتمام کیا کرتے تھے۔امام زین العابدین سلام اللہ علیہ کی چودہ اولاد ہوئی جن میں سے دس بیٹے تھے اور چار بیٹیاں ہوئیں ۔امام باقر سلام اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم سب بھائی مل کر اس مبارک محفل میں یوم عاشورہ کو مغرب کے بعد درودابراہیمی پڑھتے تھے ۔اور پھر فرمایا کیفیت کے ساتھ ،درد کے ساتھ پڑھتے رہتے تھے پڑھتے رہتے تھے پھر میرے والد محترم دعا کے لیے ہاتھ اُٹھاتے تھے اور کہا اُن کی دعائیں مجھے یاد ہیں ۔اُن کی دعائیں ایسی ہوتی ہیں جیسے کوئی سانپ کا ڈسا ہے، یا مرغ بسمل ہے مرغ کو آدھا ذبح کر دیا اور چھوڑ دیا وہ کیسے تڑپتا ہوگا؟ وہ کیسے تڑپتا ہوگا؟ وہ درد بھری دعائیں تھیں۔اُنہوں نے ہمیں مانگنا سکھایا، اُنہوں نے تو اللہ سے ہمیں لینا بھی سکھایا۔

اُنہوں نے دعائیں ہمیں دی بھی ہیں اور سکھائی بھی ہیں ۔اُنہوں نے زندگیوں کے راز دیے ہیں، اُنہوں نے عزتیں دی ہیں اُنہوں نے بہت کچھ دیا ہے ہم ہی لینا بھول گئے ۔اُن کے چراغ روشن ہیں وہ تو چلے گئے ہم ہی لینا بھول گئے ہم نے اُن کی زندگی کو تلاش نہیں کیا کہ وہ مبارک لوگ اپنی زندگی میں کیا کرتے تھے اور کیا بانٹتے تھے اور کیا لیتے تھے اُن کی صبحیں اُن کی شامیں اُن کے دن اُن کی راتیں کیسی تھیں؟ امام باقر صادق سلام اللہ علیہ فرماتے ہیں میرے والد درودابراہیمی پڑھتے تھے جس میں میرے پیاروں کا تذکرہ ،محمد آل محمد، امام زین العابدین سلام اللہ علیہ کے پیارے تھے وہ خود آل رسول ﷺ تھے اور میرے بڑوں کا تذکرہ ، میرے آباء کا تذکرہ، ابراہیم علیہ السلام کا تذکرہ ہوتا تھا۔

پیاروں کا تذکرہ:

امام زین العابدین سلام اللہ علیہ کی شہادت محرم کے دوسرے عشرے میں سن 94 ہجری میں ہوئی ہے۔امام محمد باقر سلام اللہ علیہ فرماتے ہیں جب میرے والد کا انتقال ہوا۔سال گزرا جب اگلے سال محرم میں لوگ جمع ہوئے تو مجھے بھی علم تھا کہ لوگ جمع ہوں گے اور ہمارے گھر میں درود شریف

پڑھا جائے گا۔فرمایا میں نے اس محفل کا اہتمام کیا اور اس بات پر رویا کہ اس بار میرے والد میرے ساتھ نہیں ہیں۔پھر ہم نے ایک کیفیت ،درد، جذبے کے ساتھ درود ابراہیمی پڑھا سب نے مل کر درود ابراہیمی پڑھا اور بہت زیادہ پڑھا سب حاضرین مجلس نے مجھ سے استدعا کی کہ آج آپ کے والد نہیں ہیں اس دفعہ آپ دعا فرمائیں۔اور فرمایا پھر دعا کی اُس محفل میں قرضے کے جکڑے ہوئے تھے،اُن میں ایسے تھے جن کی اولاد نہیں تھی ،کچھ ایسے تجر جن کا کاروبار نہیں تھا۔ کچھ لوگ وہ تھے جن پر غربت اور تنگدستی تھی ،کچھ ایسے بھی تھے جن پر حالات ،مسائل مشکلات تھیں،اُن حالات مسائل مشکلات میں جادو بھی ہے ،بندش بھی ہے ،بیماریاں بھی ہیں، گھریلو مسئلے بھی ہیں ،جھگڑے بھی ہیں،الجھنیں بھی ہیں ،مقدمات بھی ہیں،اُن حالات مسائل میں ناکامیاں بھی ہیں ،پریشانیاں بھی ہیں،یہ ساری چیزیں تھی اور لوگ جمع ہوتے تھے اور جب اُنہوں نے اجتماعی درود ابراہیمی کے عمل میں دعا میں شرکت کی وہ خوشحال ہوگئے وہ کامیاب ہوگئے اور اُن کے بخت کھل گئے۔

امام باقر صادق سلام اللہ علیہ نے فرمایا عاشورہ کی شام تھی ہم نے مل کر درود ابراہیمی پڑھا جس میں ہمارے پیاروں کا تذکرہ اور ہمارے آباء کا تذکرہ موجود ہے۔

اس محفل میں ایک شخص شریک تھا جو بہت زیادہ مفلسی کا شکار تھا اور وہ یمن کی کسی بستی سے آیا تھا۔کئی دنوں کا سفر کر کے اس عاشورہ کی شام میں درود ابراہیمی کی مجلس میں شامل ہونے کے لیے آیا تھا۔اُس کی کمزور سی اونٹنی تھی اُس کے پاس بھی کھانے کے لیے کچھ نہیں تھا۔اُس کی اونٹنی کے پاس بھی کھانے کے لیے کچھ نہیں تھا۔وہ آیا اور آ کر دعا میں شامل ہوا اور ہمارے ساتھ بیٹھ کر درود ابراہیمی پڑھتا رہا۔فرمایا وہ بدو تھا اُسے درود ابراہیمی صحیح پڑھنا بھی نہیں آتا تھا ہم دیہاتی کہتے ہیں عرب میں دیہات میں رہنے والے کو بدو کہتے ہیں۔

اُس کو پڑھنا ہی نہیں آتا تھا وہ ہمارے ساتھ عمل میں شامل ہوا۔آئندہ سال جب وہ آیا تو اُس کے

پاس سات اونٹ تھے اور اونٹوں کے اوپر خوشحالی کے اثرات تھے۔ اور وہ خود خوشحال تھا اُس کے بیٹے ساتھ تھے وہ خود ہمارے لیے توشے لایا اور ہدیے لایا اور کہنے لگا کہ میں نے یہاں سے جانے کے بعد وہاں اونٹوں کا کاروبار کیا اونٹ ایک لیا اُس کو بیچا بس اُس میں برکت کے خزانے یہ ملے اور آج میرے پاس خوشحالی ہے "**اللھم بارک علیٰ محمد**" یہ اُس کا ترجمہ ہے" **وعلیٰ آل محمد** "، جو برکت ملی تھی محمد آل محمد کو اُس میں سے ہم نے حصہ لینا ہے۔ اور اس برکت کو ہم ہر نماز میں پڑھ رہے ہیں کبھی خیال ہی نہیں کیا۔ ساری زندگی التحیات پڑھتے پڑھتے گزر گئی کبھی خیال ہی نہیں کیا کہ اس میں کن کن ہستیوں کا تذکرہ ہے یاد رکھیے گا برکت ہمیشہ غیب کے خزانے سے ملتی ہے۔ اور درود ابراہیمی ایک خزانہ ہے۔

(دس محرم الحرام۔مورخہ۔2023_07_29)

درود ابراہیمی کی فضیلت و برکت:

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خاندان کا یہ بیش بہا تحفہ جو امت محمدیہ کے حق میں پیش کیا گیا۔ اس کے بدلے میں اُمّتِ محمدی کو یہ حکم دیا گیا کہ خاندانِ ابراہیم کے حق میں پانچوں نمازوں میں دعا کیا کرو۔ اور اس دعا کو حضورﷺ نے درود ابراہیمی کی صورت میں بوضاحت بیان فرمایا۔ اس درود پاک سے حضورﷺ کی خاندانِ ابراہیم سے محبت کا اظہار ہوتا ہے۔ اور اسی محبت کی بنا پر حضورﷺ نے اپنے ایک بیٹے کا نام ابراہیم رکھا۔ اس کے علاوہ شبِ معراج میں حضرت ابراہیمؑ نے حضور اکرمﷺ سے فرمایا تھا کہ اپنی اُمت کو میرا سلام کہہ دیجیئے گا اس سلام کے جواب میں آپﷺ نے درود ابراہیمی میں ان پر سلام پیش کیا۔ یہ درود تمام درود کے صیغوں سے افضل ہے کیونکہ اس درود کے الفاظ حضور اقدسﷺ کے فرمودہ ہیں۔ اس لیے اس درود پاک کو نماز کے علاوہ کثرت سے پڑھنا دینی و دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

امام حسینؓ کی زیارت:

ساہیوال سے بہن (ف۔ج) بتاتی ہیں کہ میری والدہ شروع سے درود ابراہیمی کا ورد کرتی ہیں

اُنہیں درودابراہیمی سے پیار ہے اُنہیں درودابراہیمی پڑھنا سکون دیتا ہے اُنہیں درودابراہیمی سے ایک ایسا لگاؤ ہے کہ جسے دیکھ کر رشک آتا ہے میری والدہ بہت زیادہ درودابراہیمی کا ورد کرتی ہیں اسی پیاری عادت کو دیکھ دیکھ کر ہم بہن بھائی بڑھے ہوئے اور ہمارا رجحان بھی درودابراہیمی کی طرف ہونے لگا۔

پھر میری زندگی میں بھی درودابراہیمی کا تسلسل شروع ہوااور ہماری پوری فیملی میں درودابراہیمی کی کثرت عرصہ دراز سے الحمدللہ چلی آرہی ہے۔

خیر میری والدہ کثرت سے درودابراہیمی کا ورد کرتی ہیں محرم الحرام (2022ء) کا مہینہ شروع ہوا تو میری والدہ نے سیدنا امام حسینؓ اوراہل بیتؓ کی مبارک ہستیوں کو درودابراہیمی کا تحفہ ہدیہ بھیجنے کا سلسلہ شروع کیااور مسلسل درودابراہیمی کا تحفہ آپؓ اوراہل بیتؓ کی بارگاہ میں پیش کرتی رہیں ۔اللہ والی بتاتی ہیں کہ میری امی محبت سے درودشریف کا تحفہ بھیجتی رہیں جس کی برکت سے میری امی نے ایک رات خواب دیکھا بتاتی ہیں کہ میں نے دیکھا کہ ایک بہت ہی خوبصورت جوان گھوڑے پر سوار چلے آرہے ہیں اُن کے ہاتھ میں تلوار ہوتی ہے میں دیکھ رہی ہوتی ہوں کہ اُن کا گھوڑا میرے قریب آتا ہے اور وہ جوان جب میرے پاس آکر رکے تو غیب سے آواز آئی یہ جوان سیدنا امام حسینؓ ہیں اور آپؓ کربلا میں تمام اہل شرکائے کربلا کی شہادت کے بعدا کیلے رہ گئے ہیں۔

باقی اہل بیتؓ شہید کردیے گئے ہیں میری امی یہ منظر دیکھتی ہیں اور خواب ختم ہوجاتا ہے۔درود ابراہیمی کی برکت سے میری امی کو سیدنا امام حسینؓ کی زیارت نصیب ہوئی۔درودشریف پڑھنے والے کو پاکیزہ ہستیوں کی زیارت نصیب ہوتی ہے ۔درودشریف کا ہدیہ پاکیزہ ہستیوں کو بھیجا کریں ۔آپ کو دعائیں بھی ملیں گی،اُن کی نظروں میں بھی آجائیں گے ۔انبیاء کرامؑ ،صحابہ کرامؓ،اہل بیتؓ اولیاء کرامؒ اعمال کاہدیہ بھیجا کریں۔

درود شریف کا ہدیہ اپنے فوت شدگان کو بھیجا کریں یہ وہ بہترین تحفہ ہے جو قبول بھی ہے مقبول بھی ہے اور دلوں کو ٹھنڈا کرنے والا ،محبتوں کو پروانے چڑھانے والا اللہ کی بارگاہ میں قبول کیا جانے والا خوبصورت تحفہ ہے۔جب درود شریف کا تحفہ اُن ہستیوں تک پہنچتا ہے تو اُن ہستیوں کی دعائیں ہمیں ملتی ہیں ہماری نسلوں کو ملتی ہیں ۔اُن دعاؤں کی برکتوں سے الجھنیں سلجھ جاتی ہیں ،مشکلیں ٹل جاتی ہیں، برکتیں مل جاتی ہیں،خوشیاں عطا کردی جاتی ہیں اور اس کا بہت زیادہ روحانی طور پر فائدہ ہوتا ہے اور نسلوں میں اس کی برکات چلتی ہیں۔

خاص تعداد کی برکت:

ایک بہن بتاتی ہیں کہ درود ابراہیمی سے پہلے میری زندگی کچھ نہ تھی ۔زندگی میں پہلے ایسے برے اور مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا کہ وہ نا قابل بیان ہے۔ ہر طرف نا اُمیدی اور مایوسی کا سایہ چھا چکا تھا سب نے ساتھ چھوڑ دیا تھا کوئی تدبیر نظر نہ آتی تھی ۔میں ذاتی طور پر ٹینشن اور ڈپریشن کی مریض بن چکی تھی ۔رب کریم نے میری التجاؤں کو قبول فرمایا،رب کی ذات کو مجھ پر ترس آیا اور پھر ایک دن ایسے ایسے بیٹھے خیال آیا کہ کیوں ناں میں درود ابراہیمی ایک خاص تعداد میں اور خاص وقت میں پڑھنا شروع کروں ۔چنانچہ میں نے روزانہ عشاء کی نماز کے بعد 313 بار درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا زیادہ کوشش ہوتی تھی کہ میں درود شریف باوضو پڑھوں اور میں اپنی مصروف زندگی میں سے وقت نکال کر درود ابراہیمی کو دے سکوں۔

جب میں نے درود شریف پڑھنے کا فیصلہ کیا تو اُسی وقت مجھے سکون کی کیفیات کا احساس وادراک ہونا شروع ہوگیا تھا مجھے سکون محسوس ہوا اندھیرے میں ایک اُمید کی ایک کرن نظر آئی۔میں نے کسی سے کچھ بھی ڈسکس نہیں کیا کیونکہ لوگ اپنے اپنے ذہن کے مطابق کچھ بھی دے دیتے ہیں کچھ بھی کہہ دیتے ہیں۔

درود ابراہیمی شروع کرتے وقت میرے اندر ایک تسلی تھی کہ یہ میرے اللہ کے حکم کی تعمیل ہے اور

میرے نبی کریم ﷺ نے بھی درود شریف پڑھنے کا حکم فرمایا ہے۔ میں نے جس شب درود شریف پڑھنا شروع کیا وہ رات میری زندگی کی خوبصورت رات تھی، زندگی کی وہ پہلی رات جب مجھے بہت زیادہ سکون ملا نیند بھی بہت اچھی آئی جبکہ مجھے پہلے نیند کا مسئلہ ہو چکا تھا نیند بالکل نہیں آتی تھی میں بے سکون رہتی تھی رب نے مجھے قبول کیا اور مجھے یہ سعادت ملی کہ میری زبان پر درود جاری ہو گیا۔ جیسے جیسے میں نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا مجھے درود ابراہیمی سے ملنے والی کیفیات کا چسکا لگ گیا اس سے ملنے والی برکات نے مجھے اپنا گرویدہ کر لیا۔

پھر حال یہ ہو گیا کہ مجھے درود ابراہیمی پڑھے بغیر سکون نہیں ہوتا تھا۔ درود شریف کی ایک برکت اور کرامت میں نے یہ دیکھی کہ میں دل میں جو خواہش کرتی تھی وہ ویسا ہی ہو جاتا تھا۔ درود ابراہیمی کی کثرت سے مجھے الحمدللہ تہجد کی نماز نصیب ہوئی اور مجھے وہ سب کچھ ملا جس کا ذکر کبھی خود سے بھی نہیں کیا جا سکتا۔

درود ابراہیمی کے ورد میں اور تہجد کے نوافل میں دنیا تو ملتی ہی ہے اخروی خزانے، نعمتیں اور برکتوں کے وعدے الگ ہیں۔ الحمدللہ آج میں لاکھوں کی تعداد میں درود ابراہیمی پڑھ چکی ہوں۔ اب ایک بار لاکھ کی تعداد پوری ہو جائے تو پھر دوسرا لاکھ پھر تیسرا لاکھ شروع ہو جاتا ہے اور یہ سلسلہ الحمدللہ تسلسل سے اور سبک رفتاری سے جاری و ساری ہے۔ بتانے کا مقصد یہ ہے کہ جتنا پڑھیں گے اتنا آپ روحانی طور پر امیر ہوتے جائیں گے۔ سب مشکلیں آسان ہوتی چلی جائیں گی وقت میں ایسی برکت ہوگی کہ آپ تھوڑے وقت میں زیادہ درود شریف ورد کر لیں گے۔ درود ابراہیمی کی برکت سے وہ سب ملا جس کے بارے میں دنیا والے کہتے تھے یہ ناممکن ہے لیکن درود ابراہیمی کی کیا ہی بات ہے کہ ہر منزل پر مجھے کامیابی ملی اور میں آگے سے آگے نکلتی چلی گئی۔ ایک نور اور کرامت کا راستہ ہے درود ابراہیم، روحانیت کی چابی ہے درود ابراہیم، محبتوں کا سفر ہے درود ابراہیم، یقین کی شمع ہے درود ابراہیم، عشق کی شمع ہے درود ابراہیم، خوبصورت مہک

ہے درود ابراہیم، شفاعت کی تسلی ہے درود ابراہیم، کامیابی کی ضمانت ہے درود ابراہیم۔آخر میں اتنا ہی عرض کروں گی کہ آپ جتنا زیادہ درود شریف پڑھیں گے اُتنے زیادہ انعامات ،ثمرات، کمالات، عروج وترقی پائیں گے۔

اندھے کو ملی آنکھیں:

ایک بھائی بتاتے ہیں کہ میں ایک ادارے میں منیجر ہوں۔پچھلے دنوں میرے پاس ایک آدمی آیا وہ مجھ سے اپنے کاغذات لینے آیا تھا میں نے اسے کہا کہ آپ کو تو کئی سال پہلے کاغذات واپس لے لینے چاہیے تھے آپ اتنی دیر سے کیوں آئے؟

کہنے لگے میری نظر بند ہوگئی تھی اور میں مکمل طور پر نابینا ہو چکا تھا۔بہت سے اچھے ڈاکٹرز کو چیک کروایا تقریباً 35 ڈاکٹرز نے رائے دی کہ میری نظر مکمل طور پر ہمیشہ کے لیے ختم ہوگئی ہے۔میری دنیا تاریک ہوگئی کاروبار ختم ہوگیا گھر تک محدود ہوکر رہ گیا بیوی یا بیٹا مجھے روٹی کھلاتے اور باتھ روم لے کر جاتے۔

غرض میں کچھ بھی نہیں کرسکتا تھا۔میں ہر وقت پریشان رہتا اور روتا رہتا تھا۔میں تاریک دنیا کا مسافر بن چکا تھا میں وہ شخص تھا جس کو ڈاکٹرز نے بھی جواب دے دیا تھا۔پھر رب کا کرم میری طرف متوجہ ہوا ایک دن مجھے کسی نے کہا کہ تم درود شریف پڑھو وہ وقت قبولیت کا تھا اُن کی یہ بات میرے دل کو لگی اور میں نے درود ابراہیمی بہت ہی محبت سے پڑھنا شروع کردیا۔

میرے لیے دن رات برابر تھے نہ اخبار تھا، نہ ٹی وی تھا، نہ کاروبار تھا، نہ سیر وتفریح تھی، نہ دوست احباب نہ گپ شپ غرض میں بالکل فارغ بیٹھا رہتا تھا۔سارا دن اور ساری رات اپنی زندگی کے روز پورے کررہا تھا۔میرے پاس وقت ہی وقت تھا جب میں نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا تو میری طبیعت میں صبر، ٹھہراؤ، سکون نے سر اُٹھایا اور مجھے اچھا محسوس ہونے لگا طبیعت کا بوجھ کم ہونے لگا امتحان کا درد کم محسوس ہونے لگا اندر ایک انجانی خوشی تھی اور ایک اُمید کی کرن تھی جو

میرے اندر ہی اندر پھوٹ رہی تھی اسی کیفیت کو لے کر میں نے وضو بے وضو، دن رات، اُٹھتے بیٹھتے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا۔

میں تعداد کی حدود سے نکل چکا تھا میں بلا تعداد سارا دن درود ابراہیمی پڑھتا رہتا اور مسلسل اس کا ورد میری زبان پر جاری وساری رہتا۔ میرا جنون تھا اور درود ابراہیمی کا ورد تھا۔ میرا یہ جنون رنگ لایا میرا یہ جذبہ قبول ہوا اور ایک روز کرشمہ ہوا۔ میں درود شریف پڑھ رہا تھا کہ مجھے روشنی کی جھلک محسوس ہوئی جس کو محسوس کر کے مجھے اچھا لگا پہلے تو میں نے سوچا کہ یہ محض چند لمحوں کی روشنی تھی جو میری آنکھوں میں کوندی ہے اور پھر اندھیروں میں جا کر گم ہوگئی ہے لیکن میرا یہ گمان بعد میں غلط ثابت ہوا۔

کیونکہ یہ روشنی بڑھنے لگی پردے ہٹنے لگے اندھیرے کی جگہ روشنی نے جگہ بنائی اور مجھے ہلکا ہلکا عکس نظر آنے لگا میں نے اپنی اس حالت کا ذکر اپنی بیوی سے کیا تو میری بیوی کہنے لگی آپ درود شریف پڑھتے رہیں ان شاء اللہ، کریم رب ضرور کرم کرے گا اور درود شریف اپنا کرشمہ دکھائے گا۔

رات اسی کیفیت میں گزری جب میں صبح جاگا تو میری آنکھیں روشن ہو چکی تھیں میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا نہ میں نے کوئی انجکشن لگوایا نہ کوئی گولی لی اور نہ ہی کوئی کیپسول کھایا تھا اور وہ شخص جسے پینتیس ڈاکٹرز نے جواب دے دیا تھا وہ شخص دوبارہ آنکھوں کی روشنی پا چکا تھا اور یہ بہت بڑی کرامت تھی۔ جو میرے اوپر بیتی درود شریف اندھیروں میں روشنی لاتا ہے اندھیری زندگیوں کو روشن کرتا ہے تو ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زندگیوں کو درود شریف سے مزین کریں۔

جو بندہ درود شریف سے جڑ جاتا ہے اُس کی زندگی روشن ہو جاتی ہے اُس کے راستے واضح ہو جاتے ہیں منزلیں جلد مل جاتی ہیں اور کامیابیاں مقدر کر دی جاتی ہیں۔ درود شریف خود بھی پڑھا کریں اور اپنے بچوں کو بھی درود شریف کی ترغیب، تعلیم دیا کریں۔

خیر وہ صاحب بتانے لگے کہ الحمدللہ آج کل میرا کاروبار بھی ہے سفر بھی کرتا ہوں اخبار بھی پڑھ سکتا ہوں عینک کی بھی ضرورت نہیں پڑتی۔ اللہ کو یاد کر کے میں نے درود شریف شروع کیا تھا اللہ کریم نے درود شریف کی برکت سے مجھے شفاء دی۔ سچ بتاؤں تو درود ابراہیمی اسم اعظم ہے درود ابراہیمی نے میری زندگی کو روشن کر دیا اور یہ میری زندگی میں پیش آنے والی سب سے بڑی کرامت ہے۔

ابدال کی ڈیوٹی:

میرے دوست محمد فیصل نذیر (ایڈیٹر۔ درویش نامہ) بتاتے ہیں کہ میں لاہور کی ایک مسجد میں نماز پڑھنے کے بعد ذکر اذکار کر رہا تھا تو مجھے ایک صاحب کہنے لگے کیا پڑھ رہے ہیں تو میں نے انہیں بتایا کہ میں فلاں ذکر کر رہا ہوں وہ میرے پاس بیٹھ گئے اور اس طرح گپ شپ شروع ہو گئی۔ میں نے ان صاحب سے پوچھا کہ آپ کونسا ذکر کر رہے ہیں؟ تو بتانے لگے کہ میں درود شریف پڑھ رہا ہوں۔ گپ شپ جاری تھی کہ وہ صاحب بتانے لگے کہ میرے والد عشاء کی نماز کے بعد پانچ سو بار درود ابراہیمی پڑھا کرتے تھے یہ آپ کے معمولات میں تھا۔ وہ صاحب بتانے لگے کہ میرے والد سلسلے کے پیر بھی تھے آپ باقاعدہ سلسلے کو لے کر چل رہے تھے۔

پھر درود ابراہیمی کے مشاہدے کے حوالے سے اُنہوں نے اپنے والد کا ایک واقعہ فیصل بھائی کو سنایا کہ ایک رات میرے والد اپنے مرید کے ساتھ پیدل جا رہے تھے کہ راستے میں دیکھا کہ محفل لگی ہوئی ہے اور گانا بجانا ہو رہا ہے میرے والد وہاں رک گئے اور مرید سے کہا کہ جا اس ڈھولچی کو بلا کر لا جو ڈھولکی بجا رہا ہے مرید کہنے لگا حضرت ٹھیک ہے میں چلا جاتا ہوں اور آپ کا حکم اُس تک پہنچا بھی دیتا ہوں پر میرے کہنے پر وہ کیوں آئے گا وہ تو مجھے اور آپ کو جانتا تک نہیں؟

حضرت نے فرمایا سوال نہ کر جلدی جا وقت نہیں ہے اسے میرا بتا کہ میں بلا رہا ہو بہر حال مرید ڈرتا ڈرتا محفل میں گیا اور اس کے کان میں کہا کہ فلاں پیر صاحب تمہیں بلا رہے ہیں تو حیرانگی کی بات یہ ہے کہ اس نے بغیر کوئی سوال کیے مرید کے ساتھ چل پڑا۔ حضرت نے اور اُس ڈھولکی والے

نے ایک دوسرے کو دیکھا اور بغیر بات کیے پھر حضرت آگے چلنے لگے اور وہ ڈھولچی اور مرید پیچھے پیچھے دوران سفر کوئی گفتگو نہ ہوئی راستے میں ایک نل آیا۔

حضرت نے ڈھولچی سے کہا غسل کرو اور پھر اپنے تھیلے میں سے کپڑے نکالے اور کہا کہ غسل کر کے یہ پہن لے وہ ڈھولچی سر جھکائے ہر بات مانتا جا رہا تھا وہ اچھے بچوں کی طرح بات مانتا گیا غسل کیا صاف کپڑے پہنے اور پھر پیدل سفر شروع ہو گیا آگے گئے تو دریا آ گیا وہ صاحب بتانے لگے کہ میرے والد نے کہا آگے تیرا راستہ ہے اب ہم واپس جائیں گے مرید پریشان کہ یہ کیا معاملہ ہے؟ حضرت نے جب اُس ڈھولچی کو حکم دیا تو اُس نے حکم کی تعمیل میں راہ پکڑی اور چلتا بنا اُس نے کوئی نہ سوال کیا اور نہ ہی کوئی دلیل مانگی بس حکم سننا تھا کہ وہ چلا گیا۔حضرت کے حکم کے بعد جب وہ بندہ چلا گیا اور آنکھوں سے اوجھل ہو گیا تو ادھر یہ مرید پریشان تھا کہ حضرت سے پوچھوں کہ یہ ماجرہ کیا ہے؟

ساتھ مرید پریشان کہ بندہ بلا کر لایا تھا وہ پتہ نہیں حضرت نے کہاں بھیج دیا ہے؟ سوال یہ بھی ذہن میں اُٹھے کہ اب میں واپس جا کر اُن محفل والوں کو کیا جواب دوں گا؟۔مرید نے جب ان سارے سوالات کو حضرت کے سامنے رکھا تو حضرت نے فرمایا تُو پریشان نہ ہو رب کا کرم ہو گا تیرے سے کوئی نہیں پوچھے گا کہ کیا ہوا تھا۔دراصل راز یہ ہے کہ پہلے علاقے کا جوابدال تھا وہ دنیا چھوڑ چکا ہے اب تکوینی امور کے مطابق روحانی ڈیوٹی کے لیے اس ڈھولچی کو ابدال بنانے کے لیے چنا گیا ہے اور ہم نے ان احکامات کی پیروی کرتے ہوئے اسے ڈیوٹی پر بھیج دیا ہے۔ وہ صاحب بتانے لگے کہ درود شریف کی برکت سے اللہ کریم نے میرے والد کو روحانی ڈیوٹیاں عطا کی تھیں جس کی بنا پر وہ مختلف علاقوں میں اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے رہے درود شریف کی برکت سے اللہ کریم نے نسلوں کو بھی نوازا اور دنیاوی واخروی بہت فوائد ملے۔

درودابراہیمی کا فیض:

درود شریف کی برکتوں کے کیا کہنے درود شریف سے کفالت بھی ہوتی ہے کفایت بھی ہوتی ہے اور حفاظت و کامیابی کی راہیں بھی کھلتی ہیں آپ نے درود شریف کے بہت سے واقعات و مشاہدات پڑھے اور سنے ہوں گے۔لیکن یہ واقعہ پڑھ کرآپ درود پاک پڑھنے والوں کا درود پر یقین ان شاء اللہ پہاڑ سے زیادہ مضبوط اور سمندر سے زیادہ وسیع ہوجائے گا۔ایک اللہ والی بتاتی ہیں کہ میری بڑی بہن کے رشتے کا نظام چلا اُن حضرات کا ہمارے گھر میں رشتے کے لیے آنا جانا شروع ہوا۔میرے والد نے سوچ بچار کے بعد رشتے کے لیے ہاں کردی۔ہم لوگ بھی لڑکے اور لڑکے کے گھر والوں کے بارے میں کافی مطمئن اور خوش تھے۔لیکن ہماری خوشی خاندان میں کچھ لوگوں کو ہضم نہیں ہورہی تھی رشتہ ہوا خاندان والے رشتے دار سب نہیں لیکن کچھ مخصوص لوگ حسد کی وجہ سے اس رشتے کو توڑنا چاہتے تھے۔

اپنی تہی کوشش کرنے کے باوجود رشتہ نہیں ٹوٹا تو ایک رشتہ دار عورت عاملوں کے پاس جانے لگی عاملوں سے میری بہن کا رشتہ تڑوانے کے لیے تعویذات کرواتی رہی عاملوں کو بھاری رقم بھی دیتی لیکن رشتہ نہیں ٹوٹ رہا تھا۔ہمیں اس بات کا پتہ بھی چل گیا تھا کہ ہماری بہن کا رشتہ توڑنے کے لیے کتنی اور کیسی کیسی کوششیں کی جارہی ہیں۔

میری بہن روزانہ ایک ہزار مرتبہ درود ابراہیمی پڑھتی تھی یہ اُس کا معمول تھا ہماری وہ رشتے دار عورت جو رشتہ تڑوانے کے لیے بہت سارے عاملوں کے پاس جا چکی تھی اور اچھے خاصے پیسے بھی خرچ کر چکی تھی کوشش کے باوجود اُس کی یہ کوشش کارگر نہیں ہورہی تھی۔ایک دن وہ ایک معروف عامل کے پاس گئیں اور اُس سے کہا کہ تم جتنا کہو گے میں اُتنا مال دینے کے لیے تیار ہوں لیکن یہ رشتہ نہیں ہونا چاہیے اور یہ کام تمہیں گارنٹی سے مجھے کر کے دینا ہوگا۔

وہ عامل چیک کرنے کے بعد کہنے لگا یہ رشتہ ہم نہیں توڑ سکتے میرے تعویذات میری پڑھائی کا اُن پر اثر نہیں ہوسکتا کیونکہ اُن کے گھر میں کوئی درود پڑھنے والا موجود ہے اس لیے اللہ پاک نے اُن

کے گھر پر فرشتوں کا پہرا لگایا ہوا ہے اور وہ فرشتے اُن کے گھر تک کسی بھی منفی چیز کو پہنچنے ہی نہیں دیں گے بالآخر میری بہن کی اُسی گھر میں شادی ہوگئی ۔رشتے توڑنے والوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا لیکن وہ نا کام ونامراد رہے۔

میرے رب کا درود شریف پڑھنے والوں پر کرم تو دیکھیں کہ رب اُن کے گھر پر فرشتوں کا پہرا لگا دیتاہے درود شریف پڑھنا کبھی نہ چھوڑنا ،درودشریف خیروں برکتوں کو کھینچنے کی زنجیر ہے درودشریف کا ورد کبھی نہ بھولیں درودشریف پر اپنی نسلوں کو لگائیں درودشریف کی محبت کا بیج اُن کے دلوں میں لگائیں۔

اپنے بچوں سے روزانہ پوچھا کریں بیٹا آج کتنا درودشریف پڑھا تاکہ اُن کے اندر فکر پیدا ہو اُن کے اندر شوق پیدا۔اُنہیں درودشریف ورد کرنے پر شاباش دیا کریں اُنہیں انعامات دیا کریں تاکہ اُن کے اندر شوق مزید بڑھے اُنہیں فضائل درودشریف پڑھ کر سنایا کریں۔اُنہیں واقعات درودشریف پڑھ کر سنایا کریں اُنہیں مشاہدات درودشریف بتایا کریں تاکہ اُن کے دلوں کے اندر درودشریف کی محبت اور چاہت پروان چڑھے۔اللہ کریم ہمیں درودشریف کی سچی اور کھری محبت سے نوازے۔آمین

قبولیت کے دروازے:

سید علی رضا صاحب لکھتے ہیں کہ درودابراہیمی کی برکات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں ایک تو درودابراہیمی نماز میں پڑھا جانے والا درودشریف ہے دوسرا نبی کریم ﷺ نے اس درود کو پڑھنے کی تلقین فرمائی تیسرا یہ درودشریف بہت بابرکت او رفضیلت رکھنے والا درودشریف ہے ۔درودابراہیمی تمام درودشریف میں افضل کہلایا جاتا ہے اور اس کی برکات بھی افضل ترین ہیں میں اپنا ذاتی مشاہدات آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں جو میں نے درودابراہیمی کی برکت سے پائے۔

میں روٹین سے درود شریف کا ورد کیا کرتا تھا۔ میں نے دو بار یہ خواب دیکھا کہ ایک جگہ بڑے بڑے حروف میں درود ابراہیمی لکھا ہوا ہے اور میں وہاں ہاتھ اُٹھا کر دعا کر رہا ہوتا ہوں دراصل یہ دعا کی قبولیت کا اشارہ تھا جو کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ جس دعا کو میں اللہ تعالیٰ سے مسلسل مانگ رہا تھا اس کی قبولیت کی طرف مجھے اشارہ دیا گیا۔ درود ابراہیمی کی برکت سے اللہ کریم نے اُس دعا کو ویسا ہی قبول فرمایا جیسا کہ میں مانگا کرتا تھا میری وہ دعا من وعن پوری ہوئی سچ ہے کہ درود ابراہیمی بہت ہی کمال کا حامل وظیفہ ہے۔ مجھے اس درود شریف سے بہت فیض ملا اور قبولیت کے دروازے مجھ پر کھولے گئے۔

دعاؤں کی قبولیت میں درود ابراہیمی بہت پرتاثیر درود شریف ہے۔ اکثر لوگ درود ابراہیمی کو اس لیے ورد میں نہیں رکھتے کہ یہ لمبا درود شریف ہے جب آپ درود شریف کو وقت دیں گے تو ان شاء اللہ آپ کو یہ درود شریف لمبا نہیں لگے گا بلکہ آپ کی زبان پر یہ درود شریف جب جاری ہوگا تو تھوڑے وقت میں آپ زیادہ درود شریف ورد کر پائیں گے۔ میرا مشورہ ہے کہ اگر آپ چند بار اس درود شریف کو پڑھنا شروع کریں ان شاء اللہ برکت ملے گی اور درود شریف کی تعداد بھی بڑھ جائے گی۔ اپنی زندگی میں درودشریف شامل کر لیں ان شاء اللہ آپ پر برکتوں ،خیروں، کرم، فضل، عطا، کے دروازے کھولے جائیں گے۔

منفی سوچوں سے نجات:

کھاریاں شہر سے ایک بہن درود ابراہیمی کا مشاہدہ بتاتی ہیں۔ کہ یہ 2021ء میں اگست کے

مہینے کی بات ہے کہ میں ایک رات بہت پریشان تھی ڈپریشن اور ذہنی دباؤ کی وجہ سے مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ آنے والے وقت میں کیا ہوگا؟

منفی سوچوں نے مجھے گھیرا ہوا تھا اور مجھے ان مسائل کا کوئی حل بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ میں بہت زیادہ رو رہی تھی آنسو تھے کے تھمنے کا نام ہی نہیں لیتے تھے۔ میں ہر وقت ذہنی دباؤ کا شکار رہتی تھی میری زندگی بالکل بے ذائقہ ہو چکی تھی مجھے کچھ اچھا نہ لگتا تھا ہر چیز منفی دکھائی دیتی تھی مسلسل ذہنی دباؤ اور سٹریس کی وجہ سے مجھے ہر دروازہ بند دکھائی دیتا تھا کوئی اُمید، کوئی خوشی مجھے محسوس نہ ہوتی تھی۔ میں ہر وقت ایک ٹوٹے ہوئے وجود کے ساتھ زندگی کے شب و روز گزار رہی تھی۔ اسی ڈپریشن میں میری صبح ہوتی تھی اسی ذہنی اذیت میں میری شامیں ہوتی تھیں اور یہی میرے روز کا درد تھا، دکھ تھا جو مجھے اندر سے کھوکھلا کر رہا تھا۔ اسی روٹین کے ساتھ، اسی دکھ کے ساتھ ایک شب میں میں روتے روتے سو گئی۔

اسی دوران میں نے ایک خواب دیکھا جس میں میں ایک صفحہ دیکھتی ہوں جس پر کچھ لکھا ہوتا ہے لیکن وہ واضح نہیں ہوتا صرف تین سطریں مجھے دکھائی دے رہی ہوتی ہیں جو بالکل واضح پڑھی جاسکتی تھیں۔ جب میں نے غور سے ان لائنوں کو پڑھا تو لکھا تھا کہ روزانہ 313 بار درودابراہیمی پڑھا کرو اس سے غم اور مشکلات ختم ہو جائیں گی۔ میں خواب میں مسلسل اس صفحے کو دیکھتی رہی اور درودابراہیمی کے بارے میں جو حکم دیا جا رہا تھا۔ اس کو میں واضح پڑھ رہی تھی اسی دوران میر اخواب ختم ہو گیا۔

خواب کے ذریعے میری رہنمائی کی گئی۔ میرا خواب ختم ہوا تو میں نے بیدار ہونے کے بعد درودابراہیمی کو بتائی گئی تعداد کے مطابق پڑھنے کا پکا عزم کیا اور میں نے دوسرے ہی دن درودابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا۔ اللہ کی شان کہ درودابراہیمی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پریشانی سے کچھ ہی دنوں کے اندر نجات عطا فرمادی اور میری زندگی میں خوشیاں آئیں۔ رب نے مجھ پر کرم کیا ڈپریشن میری زندگی سے نکل چکا ہے میری زندگی میں اب سکون ہے، عافیت

ہے برکت ہے خوشیاں ہیں اوراب میں الحمدللہ بہت ہی خوبصورت زندگی گزاررہی ہوں۔

تین دن سے تمہیں ڈھونڈرہاہوں:

محمدخالدصاحب جہلم سے یہ مشاہدہ لکھتے ہیں کہ میرے ایک دوست حاجی اشرف صاحب حج وعمرہ کی سعادت سے واپس لوٹے تو میں ان سے ملاقات ومبارک باد کے لیے گیا۔دوران ملاقات وہ مجھے کہنے لگے یارخالددرودشریف کی برکات وکرامات کاایک عجیب واقعہ سناناچاہتاہوں، میں نے کہاجی حاجی صاحب ضرورسنائیں میں منتظرہوں! کہنے لگے میں اپنے گاؤں گیاتووہاں مسجدمیں میرے ایک پرانے جاننے والے قاری صاحب مل گئے نمازکے بعدان سے ملاتوبڑی دیرتک گفتگوہوتی رہی۔دین کی باتیں ہونےلگیں اورچلتے چلتے بات درودشریف کی برکات تک آ پہنچی پھروہ قاری صاحب کہنے لگے کہ حاجی صاحب میں آپ کودرودشریف کی برکت کاایک واقعہ سناتا ہوں وہ یہ کہ کافی عرصہ پہلے میں حج پرگیاایک دن میں خانہ کعبہ کے صحن میں بیٹھاہواتھاتودیکھاکہ میرے سامنے ایک بزرگ بیٹھے ہوئے ہیں ان کے گلے میں پاکستانی کارڈتھامیں نے سوچاکہ یہ پاکستانی ہیں چلوان سے سلام دعاکرتے ہیں۔

چنانچہ میں اٹھ کران کے پاس گیااورسلام دعاکرنے کے بعدان سے پوچھاآپ کہاں سے ہیں؟وہ بزرگ بولے میں پاکستان کے شہربہاولپورسے ہوں پھرمیں نے پوچھاآپ کب یہاں آئے ہیں؟ان بزرگ نے ایک لمباسانس لے کرکہاقاری صاحب 22 سال ہوگئے ہیں اورمیں ہرسال یہاں آتاہوں۔

یہ سن کرمیں نے کہااچھاماشاءاللہ آپ بائیس سال سے یہاں آرہے ہیں توآپ کرتے کیا ہیں؟ کہنے لگے میراایک بیٹاہے وہ مزدوری کرتاہےاورمیں بھی مزدوری کرتاہوں۔یہ سن کرمجھے بڑاتعجب ہوامیں نے کہاآپ مزدوری کرتے ہیں توماشاءاللہ سے ہرسال یہاں آنے کےاسباب کیونکراورکیسے بن جاتے ہیں؟ کہنے لگے چونکہ میں درودابراہیمی پڑھتاہوں تواسی درودشریف کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھ پرکرم کیاہواہے۔

وہ اسطرح کہ جب میں نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا تو میں نے اللہ تعالی سے رو رو کر دعا مانگی تھی کہ یا اللہ! مجھے اپنے گھر کا دیدار نصیب فرما، چنانچہ کچھ دن بعد اللہ کا ایک بندہ میرے پاس آیا اور مجھے کہنے لگا کہ آپ حج پر جائیں انتظامات میرے ذمے ہیں۔اور یوں میں حج وعمرہ کی سعادت حاصل کرنے پہلی مرتبہ یہاں آ گیا۔ یہاں آ کر غلاف کعبہ پکڑ کر میں نے پھر دعا مانگی کہ یا اللہ مجھے ہر سال یہاں آنے کی سعادت نصیب فرما کیونکہ میں یہاں آ کر بہت خوش ہوتا ہوں۔ در کعبہ پر قبولیت کے در وا تھے سو میری اس دعا کو بھی قبولیت کا شرف حاصل ہو گیا اور آج بائیس سال ہو گئے ہیں ہر سال کوئی نہ کوئی بندہ آ کر مجھے یا تو حج پر بھیج دیتا ہے یا عمرہ پر۔اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ساری برکات درود شریف کی ہیں اور حضورﷺ کی مجھ پر نظر کرم ہے کہ آپﷺ ہر سال مجھے اپنے در پر بلاتے ہیں۔

درود ابراہیمی کا خاص راز:

یہ سن کر میں نے کہا بابا جی مجھے درود ابراہیمی کا کوئی اور خاص راز یا بات بھی بتلائیں۔ وہ بزرگ کہنے لگے ایک اور خاص بات ہے جو میں بتانا تو نہیں چاہتا لیکن اب چونکہ آپ اور میں حرم شریف میں بیٹھے ہوئے ہیں تو چھپانا بھی مناسب نہیں ہے۔ بائیس سال ہو گئے ہیں مجھے حرم شریف میں آتے ہوئے اور میں ہر سال جب خانہ کعبہ آتا تو خانہ کعبہ کے دروازے کے سامنے بیٹھ کر اللہ تعالی سے دعا مانگا کرتا تھا کہ یا اللہ! مجھے اپنے گھر میں داخل ہونے کی بھی توفیق نصیب فرما کہ یہ دروازہ بھی کبھی میرے لیے کھلے ہر سال اسی طرح کعبے کے سامنے بیٹھ کر درود ابراہیمی پڑھتا اور یہی دعا مانگتے ہوئے دروازے کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہتا پھر جب تھک جاتا تو واپس اپنے کمرے میں آ جاتا یوں دل کی حسرت دل میں ہی رہ جاتی تھی۔

پھر ایک سال ایسا ہوا کہ میں حج پر آیا اور کعبے کے سامنے بیٹھا درود شریف پڑھ رہا تھا۔ یہ جنرل ضیاء الحق کا دورِ حکومت تھا میں نے دیکھا کہ جنرل ضیاء الحق مرحوم صاحب حرم شریف میں معہ لاؤ

لشکر داخل ہوئے اوران کے لیے کعبتہ اللہ شریف کا دروازہ کھولا گیا۔دروازہ کھلا تو جنرل صاحب اندر داخل ہو گئے پھر کچھ دیر بعد باہر آئے تو دروازہ بند کر دیا گیا۔میں وہیں بیٹھا یہ سب دیکھ رہا تھا۔میں نے رونا شروع کر دیا کہ یا اللہ! نہ میں کوئی بادشاہ ہوں اور نہ ہی جنرل ضیاء ہوں کہ یہ لوگ میرے لیے کعبے کا دروازہ کھولیں اب تو نے ہی مجھ پر کرم کرنا ہے کہ جس طرح مرضی چاہے خانہ کعبہ کے اندر حاضری نصیب فرمادے۔

چنانچہ تین چار دن میں اسی طرح درودابراہیمی پڑھ کر کعبہ کے سامنے دعا مانگتا رہا۔چوتھے دن میں حسبِ معمول اسی طرح بیٹھا ہوا تھا اور ٹکٹکی باندھ کر کعبہ شریف کے دروازے کو دیکھ رہا تھا کہ اتنے میں ایک عربی بھاگتا بھاگتا میرے پاس آیا اور مجھے پکڑ کر کہنے لگا۔تم کدھر تھے؟ میں تین دن تمہیں سے ڈھونڈ رہا ہوں۔

میں نے پوچھا آپ مجھے کیوں ڈھونڈ رہے ہو؟ وہ عربی کہنے لگا مجھے خواب میں نبی کریمﷺ کی زیارت نصیب ہوئی ہے اور آپﷺ نے مجھے حکم دیا ہے کہ فلاں بندہ فلاں جگہ پر بیٹھتا ہے اس کے پاس جاؤ اور اس کے لیے کعبہ شریف کا دروازہ کھولو اور اسکو اندر داخل کراؤ۔لہٰذا اب آپ میرے ساتھ چلو میں آپ کو کعبتہ اللہ میں داخل کرواتا ہوں چنانچہ میں اس کے ساتھ چلا میری آنکھوں میں اشکوں کا سیلاب اڈآیا اور زبان پر شکرانہ تھا۔اس عربی نے دروازہ کھلوایا اور کہنے لگا آپ کے پاس پینتالیس منٹ ہیں، پینتالیس منٹ بعد ہم آپ کو باہر لے آئیں گے اور دروازہ بند کر دیں گے۔لہٰذا اندر داخل ہوں اور شکر وعبادت بجالائیں۔

یہ وہ خاص بات ہے جو درودابراہیمی کی برکت سے وجود میں آئی۔اس واقعے کے بعد سے لے کر آج تک میں نے درودابراہیمی پڑھنا نہ چھوڑا اور یہ درودابراہیمی کی برکات ہی ہیں کہ اللہ پاک ہر سال مجھے حج وعمرہ کی سعادت نصیب فرماتے ہیں۔(الحمدللہ)

(ماہنامہ درود شریف کے مشاہدات)

ڈپریشن سے نجات:

بہن سلمہ پروین شورکوٹ سے اپنا مشاہدہ لکھتی ہیں کہ جب سے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا ہے ایک عجیب سا سکون زندگی میں آ گیا ہے۔ میری زندگی میں بہت سے مسائل تھے جن کا میں یہاں ذکر نہیں کر سکتی البتہ اتنا ضرور ہے کہ جب سے ان مسئلوں سے نجات کے لیے محبت رسول ﷺ میں درود ابراہیمی ورد کرنا شروع کیا تو میری زندگی پُرسکون ہوگئی ہے۔ میں ڈپریشن کی مریضہ تھی خودکشی جیسے خیالات میرے ذہن میں جنم لیتے رہتے تھے اور عجیب وغریب وسوسے ذہن میں گھومتے رہتے تھے۔ پس میں نے درود ابراہیمی کا سہارا لیا تو مجھے سکون ملنا شروع ہو گیا۔ درود ابراہیمی پڑھتے ہی سکون ملنا شروع ہو جاتا ہے چاہے ایک سو مرتبہ ہی کیوں نہ پڑھوں، اب بھی میری روٹین یہی ہے کہ زندگی میں جب کبھی کسی مسئلے یا پریشانی کا سامنا ہو یا ڈپریشن محسوس ہو تو فوراً درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیتی ہوں اور یقین جانیے درود ابراہیمی کام آ جاتا ہے۔ اب تو میں سب کو درود ابراہیمی پڑھنے کی دعوت دیتی ہوں کہ جہاں سب کچھ ناممکن ہو جائے وہاں درود ابراہیمی پڑھ لیں، یہ آپ کے کام آ جائے گا۔

(بحوالہ: ماہنامہ "درود شریف کے مشاہدات" صفحہ نمبر 21)

لو اپنا شوق پورا کرلو:

جب طلب سچی ہو تو رب نوازتا ضرور ہے جب اندر عشق رسول ﷺ کی چنگاری ہو تو محبوب ﷺ کی زیارت ہوتی ضرور ہے۔ رب بھی کریم اور ہمارے آقا ﷺ بھی شفیق جب ہم درود شریف سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں تو ہماری حاضریاں مدینے میں لگتی ہیں اور ہمارا درود بارگاہ رسالت ﷺ میں نوٹ ہوتا رہتا ہے۔ اب یہ ہم پر ہے کہ ہم کتنا اخلاص دکھاتے ہیں، کتنی محبت دکھاتے ہیں اور کتنی طلب دکھاتے ہیں۔ جتنی زیادہ طلب ہوگی اُتنا جلدی عطا ہوگی۔ جناب حاجی محمد ارشد صاحب (راجہ چوک فیصل آباد) لکھتے ہیں کہ میں اپنے دل میں زیارت رسول ﷺ کا

بہت شوق رکھتا تھا پس مجھے میرے مرشد نے روزانہ دوسومرتبہ درودشریف پڑھنے کا حکم دیا اور میں نے محبت وذوق شوق سے درودشریف پڑھنا شروع کر دیا درودشریف میں پڑھا کرتا تھا اور ساتھ یہ امید کرتا تھا کہ میرے آقا کریم ﷺ ایک دن ضرور میرے دل کی حسرت پوری فرمائیں گے۔ پس ایک رات میرے مقدر کا ستارا چمکا اور تاجدارِ مدینہ سرکارِ دوعالم ﷺ نے مجھ خطا کار کو اپنی زیارت بابرکت سے نوازا۔

رات کو میں درودشریف پڑھتے پڑھتے سو گیا۔ عالم رؤیا میں کیا دیکھتا ہوں کہ درودشریف ورد کر رہا ہوں اتنے میں میرے آقا کریم ﷺ تشریف لے آئے اور آپ ﷺ نے اپنے دونوں پاؤں مبارک اس گناہ گار کے سامنے کرتے ہوئے فرمایا "لو اپنا شوق پورا کرلو" جب میں نے نبی کریم ﷺ کو اپنے روبرو دیکھا تو میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی اور میں فوراً آقا کریم ﷺ کے قدموں میں گر گیا جیسے ہی میں نے قدموں کو بوسہ دیا تو میری آنکھ کھل گئی آنکھ کھلی تو بڑی دیر تک جذب و مستی کا عالم طاری رہا۔

باکمال زیارت:

ایک خاتون ممبر فوزیہ جبین، ساہیوال سے تعلق رکھتی ہیں وہ ہمارے وٹس ایپ گروپ درویش نامہ کی ممبر بھی ہیں۔ بچپن سے اُن کے ورد میں مسلسل درودابراہیمی ہے۔ اُن کی درودابراہیمی کی Journy بہت خوبصورت ہے۔ وہ بتاتی ہیں کہ اُنہوں نے شروع سے اپنی والدہ کو درودابراہیمی پڑھتے ہی ہمیشہ دیکھا ہے اور اُن کی والدہ درودابراہیمی کی برکت سے نبی کریم ﷺ کی زیارت بابرکت سے فیض یاب ہو چکی ہیں۔ اُن کی والدہ کو درودابراہیمی کی برکت سے حضرت امام حسینؓ کی زیارت بھی ہوئی ہے۔ اُن کے گھر میں درودابراہیمی کی برکات مسلسل چل رہی ہیں۔

اب ان خاتون کی زندگی میں بھی درودابراہیمی کی خوشبو ایسی چلی ہے کہ یہ اور ان کی نسلیں مسلسل فیض یاب ہو رہی ہیں یہ خاتون اپنا درودابراہیمی کے حوالے سے اپنا مشاہدہ بیان کرتی ہیں کہ درود

شریف کی برکات وکرامات کا سلسلہ ایک ایسا سلسلہ ہے۔ جو انسان کو درود شریف سے جوڑے رکھتا ہے اور یہ اللہ پاک کا خاص کرم ہے اپنے بندوں پر کہ اس نے نہ صرف اپنے محبوب ﷺ کا ذکر مبارک ہمیں کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔

بلکہ اس ذکر مبارک کی برکات وکرامات ہم پر دنیا میں ظاہر کرتے ہوئے آخرت میں بھی بہترین اجر وثواب کی بشارت سنائی۔ میں الحمدللہ درود شریف باقاعدگی کے ساتھ کثرت سے پڑھ رہی ہوں اور اللہ پاک کی رحمت اور درود شریف کی برکت سے میرا ہر کام خود بہ خود آسان ہوتا چلا جاتا ہے اور یہ درود شریف کی ہی برکت ہے کہ اللہ تعالی نے مجھے اپنے محبوب ﷺ کے دیدار سے بامشرف فرمایا، الحمدللہ تین مرتبہ خواب میں زیارت النبی ﷺ کا شرف حاصل ہوا اب تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس دنیا میں آنے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔ اللہ تعالی سے دعا گو ہوں کہ درود شریف کا یہ رحمتوں اور برکتوں بھرا سفر اسی طرح محبت وشوق سے جاری وساری رہے۔ آمین۔

خصوصی زیارت رسول ﷺ:

ایک خاتون ہیں اُنہوں نے درودابراہیمی کے حوالے سے اپنا مشاہدہ بتایا کہ میں مسلسل درودابراہیمی کا ورد کرنے والی، اللہ کی بندیوں میں سے ہوں درودابراہیمی سے میرا بچپن کا ساتھ ہے۔ درودابراہیمی کا ورد مسلسل روٹین سے میری زندگی میں چل رہا تھا کہ مجھے کریم رب نے اپنے گھر بلایا اور عمرے کی سعادت عطا فرمائی۔ جب مدینہ شریف میں حاضری ہوئی تو رش ہونے کی وجہ سے مجھے نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کرنے کا موقعہ نہ ملا اور ہم لوگ درود وسلام پیش کرنے کے بعد واپس آ گئے۔ اس بات سے میں بہت مغموم رہی اور میرے دل کے اندر یہ حسرت بار بار سر اُٹھاتی تھی کہ کاش مجھے بھی قبر کی زیارت نصیب ہو جاتی لیکن میری یہ خواہش دل ہی میں رہی اور میں اسی طلب کے ساتھ مسلسل درودابراہیمی کا ورد کرتی رہی۔

دن گزرتے رہے راتیں گزرتی رہیں اور میں مسلسل زیارت رسول ﷺ کی خواہش کو لیے دیوانہ

وار دن رات گزارتی رہی ایک رات میں درودابراہیمی کا ورد کرکے سوئی تو میرے بھاگ جاگے میں کیا دیکھتی ہوں کہ ہمارے گھر کی کھڑکی کھلی ہوئی اور اُس کھڑکی میں نبی کریم ﷺ کا چہرہ مبارک دمک رہا ہے آپ نے عربی سفید رنگ کا مکمل عربی روپ اپنایا ہوا ہے اور میں خوشی و سرشاری سے مسلسل نبی کریم ﷺ کی زیارت کیے جارہی ہوتی ہوں۔

اسی دوران آواز آتی ہے کہ تمہاری خواہش تھی کہ پیارے آقا ﷺ کی زیارت کروتو آج آپ کی یہ دعا پوری کردی گئی ہے۔میں مسلسل نبی کریم ﷺ کو دیکھ رہی تھی اور خوشی کے آنسو میری آنکھوں سے رواں تھے۔میں نے کافی دیر تک نبی کریم ﷺ کی زیارت کی اور میرے لیے یہ بہت ہی خوشی کے لمحات تھے۔زیارت کرتے ہوئے میرا خواب مکمل ہوا اور میری آنکھ کھل گئی۔زیارت کی یہ سعادت مجھے درودابراہیمی کی برکت سے نصیب ہوئی۔الحمدللہ

خواب میں درودابراہیمی پڑھنے کا اشارہ:

ایک اللہ والی اپنا درودابراہیمی کا مشاہدہ بتاتے ہوئے اپنی کارگزاری سناتی ہیں کہ میرا تعلق پاکستان کے شہرملتان سے ہے میں نے درود پاک کے سفر کے آغاز میں درود پڑھنا شروع کیا اور ایک دن دل میں خیال آیا کہ رسول ﷺ کی بارگاہ میں عرض کرتی ہوں کہ یارسول ﷺ مجھے آپ حکم فرمایئے آپ رسول ﷺ نے میرے لیے کونسے درود پاک کو پسند فرمایا ہے تاکہ میں وہ صیغہ زیادہ سے زیادہ پڑھوں جوآپ کو پسند ہو۔

انہی دنوں میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک چھوٹے سے باغ میں جائے نماز بچھا کر بیٹھی ہوں سر سبز پودے ہیں جن پر بہت پیارے پھول لگے ہوئے ہیں۔اور میری گود میں دوچھوٹے سے بچے ہیں جن کی عمر تقریباً2 ماہ ہے اور دونوں نے سفید رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور میرے سامنے عبقری والے حکیم محمد طارق محمود چغتائی مدظلہ بیٹھے ہوئے ہیں میں اپنی گود میں سے ایک بچہ اٹھا کر حکیم طارق صاحب کے سامنے کرتی ہوئے عرض کرتی ہوں اس بچے کو دیکھیں یہ بہت

روتا ہے۔

حکیم محمد طارق صاحب اس بچے پر کچھ پڑھ کے پھونک مارتے ہیں دم کرتے ہیں تو وہ بچہ جو میں نے پکڑا ہوتا ہے وہ درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیتا ہے اور میں حیران ہوتی ہوں اتنا چھوٹا سا بچہ درود پاک کیسے پڑھ سکتا ہے اسی حیرانی کی کیفیت میں یہ سب سوچ رہی ہوتی ہوں کہ خواب ختم ہو جاتا ہے اور میری آنکھ کھل جاتی ہے۔(ز،ف ملتان)

بے شمار برکتیں:

میرا نام ارم خان ہے میں درود ابراہیمی کے مشاہدات کے حوالے سے اپنے کچھ مشاہدے آپ کی خدمت میں پیش کرتی ہوں۔ تا کہ آپ کو میرے مشاہدات سے فائدہ ہو شوق پیدا ہو اور درود شریف کی طرف سے آپ متوجہ ہو سکیں۔

میں نے بچپن سے درود ابراہیمی پڑھا ہے اور بے شمار برکتیں پائی ہیں اور اپنی ان گناہ گار آنکھوں سے بہت کچھ دیکھا ہے۔اللہ نے وہ وہ کرشمے مجھے اس درود شریف کی برکت سے دکھائے ہیں کہ عقل حیران ہو جاتی ہے ۔مجھے درود ابراہیمی کی برکت سے رب کریم نے نبی کریم ﷺ کی زیارت با برکت سے نوازا ہے،درود شریف کی برکت سے دعاؤں پر قبولیت دیکھی درود ابراہیمی کی برکت سے رب نے ایسا شرح صدر عطا کیا کہ حالاتوں کی دور بیٹھے خبریں پائیں۔درود ابراہیمی کی ایک برکت میں نے یہ دیکھی کہ مخلوق خدا کی خامیوں سے توجہ ہٹی اور اپنی غلطیوں کا احساس پایا اچھائی برائی کی تہذیب پائی درود کی برکتس ے معاشرے میں خاندان میں عزت ملی۔

ایک عرصہ مجھ پر ایسا بھی آیا کہ دنیا نے مجھے اپنی طرف متوجہ کیا میں موسیقی بھی سننے لگی اور فیشن بھی کرنے لگی لیکن یہ وہ زون تھا جس میں میں زیادہ عرصہ ٹھہر نہ سکی درود ابراہیمی کی برکت سے اپنی غلطیوں کا احساس جاگا اور میں ان فضول چیزوں سے نکلنے میں کامیاب ہوگئی۔میرا ماننا یہی ہے

مجھے اللہ پاک نے درودابراہیمی دیا اور پھر دنیاوی معاملات سے بچالیا جو میرے لیے شر کا باعث ہوسکتے تھے۔

میں نے لاکھوں کی تعداد میں درودابراہیمی پڑھا میرے مزاج میں نرمی پیدا ہوچکی تھی۔میرے معاملات کو دیکھ کر کچھ لوگ مجھ سے حسد کی بنا پر جادوٹونے کے ذریعے مات دینے کی کوشش کی لیکن درودابراہیمی کی برکت سے میری حفاظت ہوئی۔

درودابراہیمی کے عجائبات:

ایک خوش نصیب بہن کی درودابراہیمی کے حوالے سے تفصیلی کارگزاری آپ کی خدمت میں اُن ہی کی زبانی عرض کرتا ہوں وہ بتاتی ہیں کہ جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے تب سے لے کر آج تک میں درودابراہیمی کے سفر میں ہوں۔بچپن میں فجر کی نماز کے بعد درودابراہیمی ضرور پڑھتی تھی اور پھر زندگی میں جب مجھے وقت ملتا میں دل ہی دل میں یا پھر زبان سے درودابراہیمی کا ورد جاری رکھتی تھی۔مجھے درودابراہیمی کا سفر کب ملا آپ سے عرض کرتی ہوں۔

ایک بار ایک انکل ہمارے گھر تشریف لائے اُن کے ہاتھ میں ایک بہت ہی خوبصورت چھوٹی سی تسبیح تھی اس کا رنگ سبز تھا اور وہ تسبیح اُن کے ہاتھ میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی اور وہ تسبیح میرے لیے کشش کا باعث بن رہی تھی۔ ہمارے والدین نے ہم سب بہن بھائیوں کو بلایا اور حکم دیا کہ انکل کو سلام کرو ہم نے چاچو کو سلام کیا۔لیکن میری کیفیت کچھ اور تھی میں بہت متجسس اور انداز محبت سے نظروں سے تسبیح کو مسلسل دیکھ رہی تھی۔انکل نے میری نظروں کو جانچ لیا اور کہنے لگے کہ بیٹا کیا آپ کو یہ تسبیح پسند آئی ہے؟

تو میں نے کہا جی مجھے تسبیح اچھی لگی ہے۔پھر میں نے جھجکتے جھجکتے پوچھا کہ آپ اس پر کیا پڑھتے ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ بیٹا میں اس تسبیح پر درودابراہیمی کا ذکر کرتا ہوں اور یہی میرا وظیفہ ہے ۔جب میں نے یہ سنا تو مجھے عجیب سا لگا کیونکہ میں بچی تھی اور میرے پاس اتنا علم نہیں تھا کہ

کیادرودابراہیم کونماز کے باہر بھی پڑھا جاسکتا ہے؟

انہوں نے مجھ سے پوچھا کیا بیٹا آپ نماز پڑھتے ہوتو اس سوال پر میرے ابوجھٹ سے بولے جی ہاں الحمدللہ ہماری ساری فیملی نماز کا اہتمام کرتی ہے اور ہمارے گھر میں نماز پر پوراFocus س رکھا جاتا ہےاور کسی قسم کی سستی برداشت نہیں کی جاتی۔اسی طرح انکل سے میرے والدین کا گفتگو کا سلسلہ چلتا رہا یہ وہ مبارک دن تھا جس دن مجھے درودشریف کا شوق ملا،میرا درودشریف کا سفر شروع ہوااور یہ دن میرے لیےایک یادگار دن رہا۔خیر یہ گفتگو چل رہی تھی اور انکل یہ سن کر خوش ہورہے تھے کہ ہمارے گھر کے اندر نماز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔انکل مسکرا کر میری طرف متوجہ ہوئے اور پیار سے مجھے مخاطب کرکے کہنے لگے بیٹا آپ جونماز کی آخری رکعت میں درودشریف پڑھتی ہیں اسے درودابراہیمی کہتے ہیں۔میں نے جھٹ سے سوال کیا لیکن ہم تواس درودشریف کو نماز کےاندر پڑھتے ہیں تو آپ اس درودشریف کونماز کے باہر کیوں پڑھتے ہیں؟

انکل نے میرے سوال کے جواب میں کہا کہ بیٹا جب ہم نماز کے باہر درودابراہیمی کوایک بار پڑھتے ہیں تو ہمیں ایک بار درودابراہیمی پڑھنے پر اللہ کریم دس نیکیاں دیتے ہیں ہم جوں جوں درودشریف پڑھتے جاتے ہیں ہماری نیکیاں بڑھتی چلی جاتی ہیں اور ہمارا نیکیوں کا ترازو بھاری ہوتا چلا جاتا ہے،جس کی نیکیاں قیامت کے روز زیادہ ہوں گی وہ جنت میں جائے گا۔میں نے شوق سے پوچھا کہ انکل کیا واقعی ایک بار درودابراہیمی پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں تو انکل نے کہا ہاں بیٹا ایسا ہی ہے۔انکل نے مجھے مخاطب ہوکر کہا بیٹا اگر آپ آج مجھ سے وعدہ کریں کہ آپ آئندہ زندگی میں درودابراہیمی پڑھیں گی تو یہ جو تسبیح میرے ہاتھ میں ہےاور مجھے محسوس ہورہا ہے کہ آپ کو پسند بھی بہت آئی ہے تو میں یہ تسبیح آپ کو دیدوں گا۔

میں نے خوشی خوشی قدرے جوش میں کہا کہ انکل ان شاءاللہ میں ضرور بالضرور درودابراہیمی کا ورد کروں گی میں آپ سے وعدہ کرتی ہوں جب انکل نے میرا یہ جواب سنا تو انہوں نے مجھے وہ

تینتیس دانوں والی خوبصورت تسبیح عطا کردی۔

انکل نے مجھے جب تسبیح دی تو مجھے بہت خوشی ہورہی تھی اور میں خوشی سے مسکرانے لگی تو میرے والدین جو وہاں موجود تھے وہ بھی میرے اس خوبصورت تحفے پر خوش ہورہے تھے اور میری اس سعادت پر مجھے داد بھری نگاہوں سے دیکھ رہے تھے۔ وہ انکل ہمارے گھر تھوڑی دیر ٹھہرے پھر وہ تشریف لے گئے۔ رات ہوگئی رات گزارنے کے بعد جب میں صبح فجر کی نماز کے لیے جاگی تو نماز کی ادائیگی کے بعد میں نے بہت ہی محبت، عقیدت اور شوق سے اس تسبیح پر درودابراہیمی کا ورد کرنا شروع کردیا مجھے یہ تو یاد نہیں میں نے کتنی تعداد میں درودابراہیمی پڑھا تھا۔ لیکن مجھے اتنا ضرور یاد ہے کہ میں نے اپنی ڈائری پر لکھا تھا کہ میں نے آج اتنا درودابراہیمی پڑھا ہے اور اُس تعداد کے آگے میں نے ضرب لگا کر دس کا ہندسہ لگایا اور درودشریف کی تعداد کے ساتھ دس کو ضرب دے کر اپنی ٹوٹل نیکیاں بھی اس ڈائری میں لکھی تھیں۔

پھر یہ میرا معمول بن گیا فجر کی نماز کی ادائیگی کے بعد درودابراہیمی پڑھتی پھر ڈائری پر درودشریف کی تعداد لکھتی اُس تعداد کو دس کے ساتھ ضرب دیتی اپنی نیکیوں کی تعداد لکھتی اور پچھلی لکھی نیکیوں کے ساتھ جمع کرتی اور خوش ہوتی کہ میں نے اتنی کمائی کرلی ہیں۔ جہاں میری نیکیوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا تھا وہاں میرا شوق بھی زور پکڑتا جارہا تھا۔ سلسلہ چلتا رہا بچپنا تھا وقت گزرتا رہا اور میں شعور کے دور میں قدم رکھنے لگی، ادھر ڈائری کی طرف رجحان نہ رہا ڈائری پر لکھنا بھولتی گئی اور پھر ڈائری بھی کھودی جو پھر مجھے نہ مل سکی لیکن درودابراہیمی کی مجھے عادت ہوچکی تھی۔ میں نے وہ تسبیح سنبھال کر رکھی اور سفر حضر میں وہ تسبیح میرے ساتھ رہتی تھی۔ سبز رنگ کی وہ خوبصورت تسبیح اکثر میرے ساتھ رہتی اور میں اس پر درودشریف پڑھتی رہتی تھی۔ ایک وقت آیا کہ اس تسبیح کا دھاگہ ٹوٹا تو وہ بھی مجھ سے گم ہوگئی لیکن مجھے درودابراہیمی کے سفر کے لیے رب کی بارگاہ میں اور بارگاہ رسالت ﷺ میں الحمدللہ منظوری مل چکی تھی۔ میرا درودشریف کا ورد چلتا رہا اور میں کبھی ہاتھ کے

پوروں پر تسبیح پڑھتی کبھی کسی اور تسبیح پر درود شریف پڑھتی رہتی تھی۔

رشتے دار جاننے والے جب حج یا عمرے سے واپس آتے تو وہ ہمارے گھر میں آب زمزم، کھجور اور تسبیح کا تحفہ ضرور دیتے تھے۔ پھر میں وہ تسبیح گھر والوں سے لے لیتی اور شوق سے اُس تسبیح پر درودابراہیمی پڑھنا جاری رکھتی میرے گھر والے میرے اس شوق کو بخوبی جانچ بھی رہے تھے اور میرے اس سفر پر خوش بھی ہو رہے تھے۔ میرے شوق کو دیکھ کر ہمارے گھر میں جب بھی کوئی تسبیح کا تحفہ بھیجتا تو مجھے مخاطب کر کے تسبیح تھما دی جاتی کہ بیٹا یہ دیکھو تمہارے لیے تحفہ آیا ہے جس کا تم انتظار کرتی رہتی ہو۔ میرے گھر والے میری یہ روٹین دیکھ رہے تھے انہوں نے کبھی مجھ سے نہ پوچھا کہ کیا پڑھتی ہو اور کتنا پڑھتی ہو میرے والدین تو انکل والا واقعہ بھول چکے تھے لیکن میں نے اُس میسج کو پکڑ لیا تھا اور مسلسل درودابراہیمی کو اپنی زندگی میں شامل رکھا۔ جب بھی ہمارے گھر میں تسبیح کا تحفہ آتا تو مجھے تھما دیا جاتا اور میں ان تحفہ ملنے والی تسبیحوں پر درودابراہیمی مسلسل شوق سے پڑھتی جاتی۔

اس طرح پتہ نہیں کتنی تسبیحاں میرے ہاتھوں میں چل چل کر گھس گھس کا ٹوٹیں ایک جنون تھا ایک عشق تھا جو بڑھتا چلا جا رہا تھا۔ میں مختلف تسبیحوں کے ٹوٹے دانے اکٹھی کرتی رہتی اور پھر سوئی دھاگے سے اُن کی تسبیح بناتی اور پھر اس پر درودابراہیمی پڑھنا شروع کر دیتی لیکن دھاگہ کچا ہوتا تھا اس لیے تسبیح جلد ٹوٹ جاتی تھی۔ درود شریف کا سلسلہ میرا ایسا چلا کہ بچپن سے لے کر آج تک مجھے نہیں یاد کہ کسی دن میرا ناغہ ہوا ہو۔ درود شریف کی تعداد کم زیادہ و ہوتی رہتی تھی لیکن کبھی غفلت نہیں ہوئی اور میرا درود شریف جاری رہا۔

میرے بہن بھائی میری یہ ساری معمول دیکھتے رہتے تھے پھر وقت کے ساتھ ساتھ میرے بہن بھائی مجھ سے کہنے لگے کہ ہم نے ایک بات نوٹ کی ہے کہ تم رات کو سوتے ہوئے درود شریف پڑھ رہی ہوتی ہو۔ درود شریف میرے اندر جذب ہو رہا تھا درود شریف میرا جنون بنتا جا رہا تھا

درودشریف کی نورانیت میرے اندراُتر رہی تھی مجھے درودشریف سے عشق تھااور میرادرودشریف کے ساتھ سفر مسلسل بڑھتا چلا جارہا تھا۔میں نے کبھی کسی لالچ میں درودابراہیمی نہیں پڑھامیں نے کبھی کسی دنیاوی نعمت یا چیز کے حصول کے لیے درودابراہیمی نہیں پڑھامجھے شوق تھا تو یہ کہ میری نیکیاں بڑھ رہی ہیں میری نیکیوں میں اضافہ ہورہا ہے اس نیکیوں کے شوق کی بدولت میرے اندردرودشریف ایسا جاری ہوا کہ مسلسل وردچل رہا تھااور میں درودشریف کے ورد میں مسلسل متفکر رہتی تھی۔میں درودشریف کی عادت میں مبتلا ہوچکی تھی۔وقت گزر گیا بہت زیادہ میں نے درودابراہیم پڑھالیکن آج تک میں نے الحمدللہ کسی دنیاوی نعمت یالالچ کے لیےنہیں پڑھا آج بھی میں کسی دنیاوی نعمت کی طمع نہیں رکھتی۔

کالج میں داخلہ:

زندگی کے شب وروزگزرتے رہے آج سے دس سال پہلے کی بات ہے میرا کالج میں داخلہ ہوا جو میرا کورس تھااس کا دورانیہ چارسال تھا۔میں کالج میں جانا شروع ہوئی تو میرا وہاں کوئی جاننے والا نہیں تھاوہاں ہرکوئی میرے لیےاجنبی تھامیری کوئی دوست وہاں نہ بن سکی۔

کچھ ہفتوں کے بعدایک لڑکی جومیرے ساتھ دوسبجیکٹ اکٹھے پڑھتی تھی اُس کے ساتھ میری علیک سلیک ہوئی اور ہم ساتھ کچھ وقت گزارنے لگے۔میرا مزاج ہے کہ میں بہت کم گو ہوں لیکن میرے یہ کلاس فیلو بہت باتونی تھی میری کم گوئیگی کی وجہ سے میرے دوست بھی نہ ہونے کے برابر تھے۔

اس لڑکی کے ساتھ مجھے وقت گزارنا اچھا لگنے لگا اور مجھے اس کے ساتھ وقت گزارنے میں مشکل پیش نہیں آرہی تھی۔وہ ہرموضوع پر بول لیتی تھی اور بہت کم ہی خاموش ہوتی تھی میں اکثر اُس کی باتیں سنتی رہتی اور ہوں، ہاں، ہمم ,کے جوابات کے ساتھ کام چلاتی رہتی۔اُسے ایسے دوست کی ضرورت تھی جواُس کی باتیں سنے اور میں اُسے بہترین سامع مل چکی تھی۔

میں اُس کی گفتگو سنتی رہتی اور اپنا سر ہلاتی رہتی۔ درود ابراہیمی کی برکت سے مجھے شرح صدر ہو چکا تھا کہ میری جب بھی کسی اجنبی کے ساتھ معاملات ہوتے تو میرے اندر سے آواز آتی تھی کہ اس کی شخصیت کے اندر کا نظام کیسا ہے؟ سلسلہ چلتا رہا پہلے دھیمی دھیمی آواز مجھے محسوس ہوتی کہ یہ لڑکی اچھی نہیں ہے اس سے دور رہو لیکن میں اس بات پر توجہ نہ دیتی پھر وقت کے ساتھ ساتھ اس آواز نے زور پکڑنا شروع کر دیا۔ اور ادھر میں مسلسل اس آواز کو نظر انداز کر رہی تھی کیونکہ اُس لڑکی کی گفتگو اتنی دلچسپ ہوتی تھی کہ میں اُس کی باتوں میں کھو جاتی تھی اور وہ اتنے جادوئی الفاظ استعمال کرتی تھی کہ میں اس کی طرف متوجہ رہتی اور میں نے اپنے اندر اُٹھنے والی اس آواز کو دبانے کی کوشش شروع کر دی۔

ماضی کے تجربات:

حالانکہ میں ماضی میں ان تجربات سے گزر چکی تھی کہ جس وقت میرے دل میں اس قسم کی آواز آتی تھی تو وہ بعد میں سچ ثابت ہوتی تھی۔ لیکن اس لڑکی کی آواز اور گفتگو میں ایسا کوئی سحر تھا کہ میں اپنی اس آواز کو دبانے کی کوشش کرتی اور یہ سوچا کرتی کہ یہ میرا وہم ہے مجھے بلاوجہ وسوسوں میں الجھا کر میرا دماغ مجھے اپنی دوست سے جدا کرنا چاہتا ہے مشکل سے تو میری ایک دوست بنی ہے لیکن میرے اندر کے خیالات مجھے اس سے بھی دور کر دینا چاہتے ہیں۔

کالج کے چار سال میں اکیلے گزارنے کی میں متحمل نہیں ہو سکتی تھی۔ میں ساتھ یہ سوچا کرتی کہ یہ ساری صورتحال سامنے ہونے کے باوجود مجھے اس لڑکی سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جو صحیح نہیں ہے۔ میرے اندر مکالمہ چلتا رہتا میرے اندر کے خیالات مجھے اس سے دور جانے کا کہتے جبکہ میں اُن خیالات کو قبول کرنے کے لیے تیار ہی نہیں ہو رہی تھی۔

میرے پاس یہ دلیل تھی کہ میں دوست بنانے میں بہت ہی کمزور ہوں میں جلد کسی سے گھلتی ملتی بھی نہیں ہوں بڑی مشکل سے تو مجھے ایک دوست ملی ہے اب میں کسی اور لڑکی سے دوستی کرنے کی

پوزیشن میں نہیں ہوں اور دوسرا میں اس دوست سے کافی حد تک واقف بھی ہو چکی ہوں اور وہ بھی میرا مزاج سمجھ چکی ہے تو پھر پریشانی کیا ہے؟ لیکن اندر کی آوازیں مجھے بے چین کیے رکھتیں اور میرے اندر یہ مکالمہ مسلسل چلتا رہا۔ ہماری دوستی کو مہینوں گزر گئے۔

فضول گفتگو:

میری پھوپھی ہمارے پڑوس میں رہتی ہیں جب اُن سے میں نے اپنی دوست کو ملوایا تو انہوں نے کہا کہ مجھے تمہاری یہ دوست کچھ اچھی نہیں لگی کچھ تو گڑ بڑ ہے اتنا بولتی ہے کہ رکنے کا نام ہی نہیں لیتی۔

دوسرا یہ کہ فضول گفتگو کی طرف رجحان اس کا زیادہ ہے۔ میں نے پھوپھو کی بات ہنسی میں یہ کہہ کر اُڑا دی کہ پھوپھو آج کل کی لڑکیاں ایسی ہی بولتی ہیں زمانہ بدل چکا ہے اور لڑکیاں بھی اب ایڈوانس ہو چکی ہیں۔ یہ تو شکر ہے اس نے مجھے اپنی دوستی کے لیے پسند کیا ہے وگرنہ اسے دوستوں کی کیا کمی ہو سکتی ہے۔

ہماری دوستی کو سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا تھا ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ میری وہ دوست ایک اور لڑکی کے ساتھ کھڑے میری بہت زیادہ برائیاں کر رہی ہے اُن کی کمر میری طرف ہوتی ہے اور اُسے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اُس کی پیٹھ پیچھے میں کھڑی ہوں۔

اچانک سے گفتگو کرتے کرتے وہ میری طرف مڑتی ہے تو میں اس وقت شدید رو رہی ہوتی ہوں۔ مجھے بہت افسوس ہوتا ہے اور میں اُسے مخاطب کر کے کہتی ہوں میں تو تمہیں دل سے اپنی دوست مانتی تھی لیکن تمہارے دل کے اندر تو میرے لیے کینہ اور بغض بھرا ہوا ہے۔ اس قسم کے الفاظ کہنے کے بعد میں وہاں سے چلی جاتی ہوں۔

جب صبح میری آنکھ کھلی تو میں پریشان ہوئی لیکن میں نے صرف خواب سمجھ کر اس کو نظر انداز کر دیا صبح میں تیار ہو کر کالج گئی تو میری اُس سہیلی سے ملاقات ہوئی اس کی وہی روٹین تھی وہ مسلسل

بولے جا رہی تھی اور میں اپنی عادت کے مطابق ہوں، ہاں، ہمم کے الفاظ کے ساتھ اُس کا ساتھ دینے کی کوشش کر رہی تھی۔ لیکن اسے میری طبیعت کے اندر بدلاؤ محسوس ہوا اور اُس نے کہا مجھے آج محسوس ہو رہا ہے کہ تم کسی بات کو لے کر پریشان ہو میں نے کہا نہیں ایسی کوئی بات نہیں بس تھوڑا سا میں پڑھائی کو لے کر پریشان ہوں۔

اندر کی کشمکش:

اب میرے اندر کشمکش چلنے لگی تھی وہ آواز کہ یہ لڑکی اچھی نہیں ہے اس سے دور رہو اور پھر رات والا خواب ایک دوسرے سے میل کھا رہے تھے کچھ تو تھا جو مجھے سمجھانے کی کوشش کی جا رہی تھی لیکن میں انجان بن کر آگے سے آگے بڑھتی چلی جا رہی تھی لیکن آج کی صبح پچھلی صبحوں سے کافی مختلف تھی آج میں اپنی اندر کی آوازوں کو لے کر پریشان بھی تھی اور متوجہ بھی تھی۔ سلسلہ چلتا رہا وہی ہوا کہ اُس کی گفتگو کا سحر مجھ پر مسلط ہو گیا اور میں خواب اور وہ آوازیں پھر سے یہ سوچ کر بھول گئی کہ یہ میرا وہم، وسوسہ اور دماغ کی بنائی گئی سٹوری ہے جو مجھے دکھائی گئی ہے۔

تجسس ہوا:

لیکن میرے اندر ایک تبدیلی آئی کہ میرے اندر تجسس ہوا کہ ایسا کیا ہے کہ مجھے بار بار اس سے روکا جا رہا ہے میں کھوج میں لگ گئی اُس کی گفتگو اُس کے الفاظ پر جب میں نے توجہ کی تو میں نے یہ بات نوٹ کی کہ وہ ننانوے فیصد غیبت، الزام، جھوٹ اور دوسروں کے عیب بیان کرنے میں اپنی گفتگو کو مکمل کرتی تھی۔

میں نے نوٹ کیا کہ ہم لوگ بیٹھے ہوئے ہوتے تھے ہمارے سامنے اُس وقت جو بھی آتا تھا گزرتا تھا یا بیٹھا ہوتا تھا تو وہ اُن کی برائی کرنا عیب بتانا اور غیبت کرنا شروع کر دیتی تھی۔ دوسروں کا مذاق اُڑانا اُن پر الزام لگانا، اُن کی شکل وصورت پر اعتراض کرنا، اُن کی خامیاں بیان کرنا اور اُن کے کپڑوں، جوتوں، انداز گفتگو اور ہر پہلو سے اُن کے اندر عیب تلاش کرنے اور بیان کرنے کا

مزاج اُس کے اندر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ اگر کسی کی تعریف بھی کر رہی ہوتی تو اس کے الفاظ کا چناؤ ایسا ہوتا تھا کہ اُن میں حسد کی بو آ رہی ہوتی تھی اور وہ یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتی کہ یہ اس نعمت کے قابل نہیں ہے جو اسے دی گئی ہے وغیرہ وغیرہ۔

میں نے پھر اس کو روکنا اور ٹوکنا شروع کر دیا کہ چھوڑو کسی کی باتیں کر کے کیا فائدہ ہوگا، ہمیں دوسروں سے کیا لینا دینا، ہمیں اپنی گفتگو کرنی چاہیے اور دوسروں کی ذات کو موضوع گفتگو نہیں بنانا چاہیے۔ ہمیں دوسروں کی برائیاں نہیں کرنی چاہیں جنہیں ہم جانتے بھی نہیں، جب بھی ہم کسی کی برائیاں کریں گے تو ہماری نیکیاں کم ہوں گی ہمیں گناہ ملے گا اور ہماری نیکیاں اُن کی طرف چلی جائیں گی۔

میں نے اکثر مذاق میں یہ بھی کہنا شروع کر دیا کہ برائی ہی کرنی ہے تو اپنے گھر والوں کی کر لیتے ہیں کم از کم نیکیاں اپنے گھروں والوں کی طرف تو نیکیاں جائیں۔ میری یہ ساری باتیں سننے کے بعد وہ یہی جواب دیتی تھی کہ ہم کسی کی برائی نہیں کر رہے نہ ہم غیبت کر رہے ہیں اور نہ کسی کی چغلی کر رہے ہیں میں تو تمہارے سامنے حقیقت بیان کر رہی ہوں۔

کالج کا دوسرا سال چل رہا تھا میں کالج میں ایک اچھی اور نمایاں سٹوڈنٹ تھی۔ ٹیچرز بھی مجھے پسند کرتی تھیں اور کالج کی لڑکیاں وقتاً فوقتاً پڑھائی کے متعلق مجھ سے کچھ نہ کچھ سیکھتی اور جانتی رہتی تھیں۔ سلسلہ چل نکلا اور میری علیک سلیک بڑھنے لگی اور ہمارا گروپ بننے لگا ہم اکٹھے کینٹین چلے جاتے یا گپ شپ کے لیے لان میں بیٹھ جاتے میری یہ دوست بھی ہمارے ساتھ ہوتی اور اس دوران اگر کوئی لڑکی کسی دن ہمارے ساتھ نہ ہوتی تو میری یہ دوست اس غیر حاضر لڑکی کی برائی کرنا شروع کر دیتی۔ اکثر مجھے اُس کا یہ کہنا معمول بھی بن گیا کہ اس لڑکی کا کردار اچھا نہیں ہے، یہ فلاں لڑکے کے ساتھ دوستی رکھے ہوئے ہے یا یہ لڑکی ایک وقت میں مختلف لڑکوں کے ساتھ چکر چلا رہی ہے وغیرہ وغیرہ

کبھی اس کا کہنا یہ ہوتا تھا کہ یہ اچھے خاندان کی نہیں ہے کبھی یہ کہنا کہ اس کے والدین نے اس کی تربیت اچھی نہیں کی ہے۔ مجھ سے اکثر یہ بھی کہنا کہ فلاں لڑکی سے دور رہو ہمارے سٹیٹس میں فرق ہے۔ میں اپنی اس دوست کی بات سن کر اُس کی بات کو جھٹلاتی تھی اور کہتی تھی کہ ایسا کچھ بھی نہیں ہے جس طرح تم لڑکیوں کے کردار کے بارے میں بات کر رہی ہو ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ اگر کچھ ہو بھی تو ہم نے نہ اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور نہ اپنے کانوں سے سنا ہے۔ اس لیے ہمیں ایسی باتیں نہیں کرنی چاہیں۔ ہمیں کسی پر الزام لگانے سے پرہیز کرنا چاہیے یہ تو گناہ ہے جو بلاوجہ اپنے سر لینے والی بات ہے۔

مجھے لگتا تھا:

اکثر گفتگو کے دوران میری دوست کا مجھے کہنا کہ تم تو ہو ہی سدا کی بیوقوف تمہیں دنیا کے بارے میں کیا معلوم۔ کبھی مجھے اس کی باتیں صحیح بھی لگتیں کہ شاید مجھے انسان کی پہچان نہیں ہے اور کبھی مجھے لگتا کہ میں اتنی بھی بیوقوف نہیں ہوں جتنا میری دوست مجھے ثابت کرنے کی کوشش کر رہی ہے یہ کشمکش یہ شش و پنج کا سلسلہ ساتھ ساتھ جاری رہتا۔ جن لڑکیوں کے بارے میں دوست باتیں کرتی تھی میرے دل میں کبھی بھی اُن کے متعلق کبھی کوئی بات نہیں آئی تھی۔

بہر حال وقت گزرتا رہا میں نے اپنی دوست کی اس بات پر توجہ نہ دی کہ فلاں کے ساتھ دوستی نہیں رکھنی فلاں کے ساتھ تعلق نہیں رکھنا وقت گزرتا رہا میری کلاس میں جو لائق فائق لڑکیاں تھیں اُن کے ساتھ میری دوستی ہوگئی اور ہم ایک دوسرے کو سمجھنے لگے۔ کیونکہ ہمارے سائنس کے مضامین تھے اور ہم ایک دوسرے کی ہیلپ لیتی رہتی تھیں جس سے ہمیں پڑھائی میں کافی فائدہ ہو رہا تھا اور یہ لڑکیاں بھی اچھی لڑکیاں تھیں۔ جبکہ میری پہلی اور پرانی دوست کے ساتھ لازمی مضامین اکٹھے تھے جبکہ سائنس کے مضامین میں وہ کلاس میں میرے ساتھ نہیں ہوتی تھی اور یہ بھی اللہ کی حکمت تھی جو آنے والے وقت میں مجھ پر کھلی۔

کالج کا تیسرا سال:

کالج کا تیسرا سال شروع ہو گیا تبدیلی یہ آئی کہ میری اس دوست نے اور دوستیں بھی بنالیں کبھی میرے ساتھ اُس کا وقت گزرتا کبھی اُن دوستوں کے ساتھ وہ وقت گزارتی ۔ پڑھائی کا خاصا پریشر تھا اور مجھے کچھ برا بھی نہیں لگ رہا تھا اور اس کی باتیں کیا ہوتی تھیں دوسروں کی برائیاں اور تو اُس کی گفتگو میں کچھ خاص تھا نہیں اس لیے میں مطمئن تھی۔

جب وہ نہیں ہوتی تھی تو مجھے اطمینان رہتا تھا کہ غیبت کے گناہ سے بھی بچی رہتی تھی وقت بھی ضائع نہیں ہوتا تھا اب صورتحال یہ بنی ہوئی تھی کہ جب وہ نہیں ہوتی تھی تو میں خود کو پرسکون Feel کرتی تھی۔

ساتھ میں اپنی دوستوں کے ساتھ پڑھائی میں وقت لگا رہی تھی اور میرا یہ وقت بہترین جا رہا تھا۔ اگر ملاقات نہ ہوسکتی تو رات کو کال کرتی اور سارے دن کی روٹین بتاتی میرے جو دوست تھیں اُن کی باتوں ہی باتوں میں تعریف کم اور برائیاں زیادہ کرتی تھی وہ اپنی اس عادت سے مجبور تھی ۔کبھی مجھے بیوقوف ثابت کرنے کے لیے یہ مثال دیا کرتی کہ پڑھائی میں اچھا ہونے کے باوجود مجھے انسانوں کی پہچان نہیں ہے دوستوں کی پہچان نہیں ہے اچھے لوگوں کی پہچان نہیں ہے۔ وہ کہتی کہ تم ان لڑکیوں کے نمبرز اور گریڈز دیکھ رہی ہو لیکن پتہ نہیں کیوں تم اُن کے کردار کی طرف توجہ نہیں دے رہی جو کہ مشکوک ہے، اُن کا کردار ٹھیک نہیں ہے اور وہ تمہارے لیے بدنامی کی وجہ بن سکتی ہیں۔

گفتگو کے دوران وہ اکثر یہ کہتی کہ تمہیں میرے سے اچھی دوست کبھی نہیں مل سکتی میں صاف گو بھی ہوں اور کھری باتیں بھی کرتی ہوں جس کا تمہیں احساس کرنا چاہیے پھر وہ اپنی تعریف شروع کر دیتی جو کافی الفاظ کا انبار ہوتا تھا۔ وہ اپنے آپ کو مخلص ثابت کرنے کے لیے مثالیں دیا کرتی تھی۔ وقت گزرتا رہا میرے بار بار ٹوکنے پر اُس نے اپنا انداز گفتگو بدل لیا اب ہم مستقبل کے

بارے میں بات کرنے لگے تھے۔

ادھر میری فیملی کو یہ بھانے لگی تھی اور سب گرویدہ ہو چکے تھے سب یہی کہنے لگے تھے کہ یہ جب بھی ہمارے گھر آتی ہے تو ہمارے گھر میں رونق لگ جاتی ہے۔ادھر وہ سہیلی مجھے بتاتی کہ میری امی اور میری بڑی بہن مجھے تمہاری مثالیں دیتی ہیں کہ تم اس سے کچھ سیکھو ذرا کم بولا کرو اور اُس کو کاپی کیا کرو ہم ہنسی مذاق میں اسی طرح گپ شپ کرتی رہتی تھیں۔

کالج کا آخری سال چل رہا تھا ایک اور لڑکی جو کہ میری بہت اچھی دوست تھی وہ کہنے لگی کہ اُسے میں بہت اچھی لگتی ہوں اور وہ اپنے بڑے بھائی کا رشتہ میرے ساتھ کروانا چاہتی ہے یہ بات سن کر مجھے عجیب سا بھی لگا لیکن اچھا بھی لگا۔

میں نے سوچا کہ کیا میں اتنی اچھی ہوں جتنا وہ مجھے کہہ رہی تھی اس بات کا ذکر میں نے اپنی پرانی دوست سے کیا تو اُس نے کہا کہ تم اُسے جانتی نہیں ہو اور نہ ہی اُس کے گھر والوں کو جانتی ہو وہ برے لوگ ہیں اور جیسے دکھتے ہیں ایسے اچھے ہیں نہیں۔

میری کچھ دوستیں تمہاری اس دوست کو جانتی ہیں ان کی محلے میں کوئی عزت نہیں ہے اور اس کا بھائی بھی بہت فضول ہے۔اور اس لڑکے کے کئی لڑکوں کے ساتھ چکر بھی ہیں میں نے اس دوست کی جب یہ باتیں اور خبریں سنیں تو یہ سب سن کر پریشان ہوگئی۔میں سوچنے لگی کہ کیا میں واقعی اتنی بیوقوف ہوں کہ مجھے خبر نہیں جبکہ کالج کی باقی لڑکیوں کو سب خبر ہے۔پھر مجھے اُس دوست پر غصہ بھی آیا کہ میری یہ دوست اپنے آوارہ بھائی کا رشتہ میرے لیے لا رہی ہے اس ساری صورتحال کو لے کر مجھے بہت دکھ ہوا اور میں رونے لگی۔میں بار بار یہی سوچنے لگی کہ یقیناً اس نے یہی سوچا ہوگا کہ یہ تو ہے ہی بھولی بھالی اس کو کیا خبر کہ میرا بھائی کیا کرتا پھر رہا ہے۔

مجھے دوسرے دن پتہ چلا کہ میری اس پرانی دوست نے میری اُس دوست کو خوب سنائیں کہ تم نے سوچ بھی کیسے لیا کہ تم اپنے آوارہ بھائی کے لیے میری دوست کا رشتہ مانگو گی خبردار آئندہ ایسی کوئی

حرکت کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہوگا دوسرے دن مجھے پتہ چلا تو میں نے سوچا اس نے کیوں ایسی بچوں والی حرکت کی ہے جس کی کوئی تُک ہی نہیں بنتی تھی۔

میری دوست نے مجھے کہا کہ اب وہ لڑکی تمہیں تنگ نہیں کرے گی۔تم فوراً اس کا نمبر بلاک کر دو اور اگر سامنے آئے بھی تو بالکل بھی اُس سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔اُس کو اس طرح نظر انداز کرنا کہ جیسے وہ تمہاری نظروں کے سامنے ہے ہی نہیں۔میں نے اپنی دوست کی باتوں پر عمل کرنا شروع کر دیا میرے سامنے جیسے ہی وہ لڑکی آئی میں نے اُسے صاف منع کر دیتی کہ میں تمہارے ساتھ دوستی نہیں رکھنا چاہتی اور میں نے سخت الفاظ میں اسے کہا کہ دیکھو میرے ساتھ آئندہ بات تک کرنے کی کوشش نہ کرنا میں تمہیں پسند نہیں کرتی اور نہ ہی تمہارے ساتھ دوستی رکھنا چاہتی ہوں۔میرے اس رویے اور انداز کو دیکھ کر وہ لڑکی کافی حیران ہوگئی کہ میں نے کس انداز سے اُس سے بات کی ہے۔

پروفیسر صاحبہ:

کچھ عرصے کے بعد میری ایک پروفیسر نے مجھے آفس بلایا اور کہا کہ مجھے آپ کی امی کا نمبر چاہیے چونکہ وہ میری پروفیسر تھیں میں اُن سے نہ پوچھ سکی کہ اُن کو میری امی کا نمبر کیوں چاہیے؟ خیر میں نے نمبر دیا اور گھر آ کر امی کو بھی بتا دیا کہ اس طرح فلاں سبجیکٹ کی پروفیسر نے آپ کا نمبر مانگا تھا تو میں نے آپ کا نمبر دیا ہے۔خیر کچھ دنوں کے بعد میری پروفیسر اپنے بیٹے کے ساتھ ہمارے گھر آ گئیں۔اُن کا انداز اور سلیقہ ہمارے گھر والوں کو بہت پسند آیا اس بات کا ذکر میں نے کالج میں اپنی دوست کے ساتھ کیا تو وہ قدرے خاموش ہوگئی پھر جھٹ سے بولی تم نے ایسا کیا جادو کر دیا ہے۔کہ پروفیسر صاحبہ اپنے بیٹے کا رشتے لے کر تمہارے گھر پہنچ گئی ہیں۔اُس کے اس انداز میں عجیب سی صورتحال مجھے دیکھنے کو مل رہی تھی کہ وہ حیرانی کی کیفیت تھی یا حسد تھا مجھے اُس وقت اندازہ نہ ہوسکا۔

پروفیسر صاحبہ نے میرے والدین کو دعوت دی جب میرے والدین پروفیسر صاحبہ کے گھر جانے کے لیے تیار ہورہے تھےتو دوروز پہلے کال آئی کہ ابھی آپ لوگ رک جائیں ابھی میرا بیٹا ذہنی طور پر تیار نہیں ہے شاید میں نے ہی رشتہ مانگنے میں جلدی کی ہے میرے گھر والوں کو پروفیسر صاحبہ یہ بات عجیب لگی۔

لیکن پھر یہ سوچ کر خاموش ہوگئے کہ اکثر مائیں بیٹوں سے پوچھے بغیر رشتہ مانگ لیتی ہیں اچھا ہوگیا کہ شروع میں ہی ساری صورتحال سامنے آگئی ہے۔ادھر روزانہ پروفیسر صاحبہ کا لیکچر ہوتا اور میرا اُن کے ساتھ آمنا سامنا ہوتا جس پر مجھے بہت عجیب سا لگتا تھا پھر میں نے اپنی ایک دوست سے اس حالت کا ذکر کیا تو اُس نے کہا کہ تم اپنا Section تبدیل کرالو تا کہ تمہارا سامنا اُن سے نہ ہو اور تمہیں جو بے چینی اور عجیب سی کوفت ہورہی ہے اُس سے جان چھوٹ جائے۔

اُس کا مشورہ مجھے بہت پسند آیا اور میں نے اپنا سیکشن تبدیل کرالیا۔ پڑھائی کا سلسلہ بھی جاری تھا اور درود شریف کا سلسلہ بھی میرا چل رہا تھا۔ایک روز مجھے میری دوست کی کال آئی اور وہ رورہی تھی اُس کا کہنا تھا میری ایک دوست نے میرے ساتھ بہت برا سلوک کیا ہے بہت برا بھلا کہا ہے مجھے۔جس لڑکی کا یہ ذکر کررہی تھی وہ میرے ساتھ بھی فیس بک پر ایڈ تھی میری دوست نے کہا کہ تم فوراً اُس کو فیس بک پر بلاک کرو۔

میں نے کہا دوستی تمہاری اُس کے ساتھ بہت زیادہ ہے میری تو اُس کے ساتھ صرف علیک سلیک ہی ہے گہری دوستی بھی نہیں ہے اور میری اُس کے ساتھ لڑائی بھی نہیں ہوئی تو میں اُس کو بلاک کیوں کروں؟

لیکن اُس نے جذباتی الفاظ کا سہارہ لینا شروع کردیا کہ کالج میں تم ہی میری سب سے پہلی دوست ہو ہم سب سے پرانے دوست ہیں اگر تم میرا ساتھ نہیں دوگی تو کون میرا ساتھ دے گا؟ اُس نے اتنا شور مچایا کہ میں نے اُس لڑکی کو فیس بک اور موبائل دونوں پر بلاک کردیا۔

جس لڑکی کو میں نے بلاک کیا تھا وہ صبح کالج میں میرے پاس آئی اور کہنے لگی میں تم سے کچھ بات کرنا چاہتی ہوں میں نے اُس سے کہا کہ تمہاری میری دوست کے ساتھ لڑائی ہوئی ہے اُس سے جا کر بات کریں میرے ساتھ تم نے کیا بات کرنی ہے؟ لیکن اُس نے اصرار کرنا شروع کر دیا اور کہنے لگی کہ میں نے تم سے بہت ضروری بات کرنی ہے اوراس ملاقات کا تم اپنی دوست سے ذکر نہیں کروگی۔ مجھے تجسس ہوااور حیرانی بھی ہوئی کہ اس نے میرے ساتھ ایسی کیا بات کرنی ہے اور ساتھ وہ منع بھی کررہی تھی کہ ہماری اس ملاقات کا ذکر کسی سے نہیں کرنا ہے۔ میں نے دوبارہ منع کیا تو اُس نے مجھے اللہ کا واسطہ دیا اور کہنے لگی تمہیں اللہ کا واسطہ ایک بار میری بات سن لو اُس کے بعد جو مرضی فیصلہ کرنا۔ میں نے اُس سے کہا کہ میں سوچ کر تمہیں کل بتاؤں گی میں گھر گئی تو گھر والوں سے ساری بات شیئر کی تو اُنہوں نے کہا کہ تم اُس لڑکی کو گھر بلا لو میں نے اُس کا نمبر Unblock کیا اور اُسے کال کی کہ تم میرے گھر آ جاؤ میں تمہاری ساری بات سننے کے لیے تیار ہوں۔

میرے گھر والوں نے جب مجھے ان الفاظ سے تسلی دی کہ اُس لڑکی کی بات سن لو ہوسکتا ہے تم پر کوئی ایسی حقیقت کھل جائے جس سے تم ناواقف ہو میں نے جب اپنے فیملی ممبرز کا یہ مشورہ سنا تو مجھے احساس ہوا کہ اُن کا مشورہ اچھا ہے بات سننے میں کیا حرج ہے سن لیتے ہیں۔ میں نے اُس لڑکی کو اپنے گھر بلا لیا جس سے میری ہلکی پھلکی علیک سلیک پہلے بھی تھی۔ اب دیکھیں درود کی برکت سے میرے لیے کیسے راہیں بن رہی تھیں؟ حقائق مجھ پر آشکار رہو رہے تھے۔

راز فاش ہوگیا:

اگلے دن وہ لڑکی اپنی بہن کے ساتھ ہمارے گھر آ گئی۔ میری والدہ بھی گھر موجود تھیں وہ بھی ہماری محفل کا حصہ بن گئیں۔ میری پھوپھی بھی موجود تھیں اُس نے سلام دعا کے بعد فوراً ہی کہا تمہیں شاید میری باتوں پر یقین نہ آئے لیکن میں حلف اُٹھانے کو تیار ہوں کہ تمہاری یہ دیرینہ دوست

تمہارے ساتھ مخلص نہیں ہے۔ یہ جب بھی ہمارے ساتھ بیٹھتی ہے تمہاری شدید برائیاں کرتی ہے اور کہتی ہے کہ تم ایک مغرور لڑکی اور تم اپنے آپ کو بہت ذہین سمجھتی ہو۔ میں اُس کی باتیں سن کر حیران ہوگئی اور میرے فیملی ممبرز بھی وہ ساری باتیں سن کر حیران ہو رہے تھے۔

پھر اُس نے جو اگلی بات کی ہم سب وہ سن کر حیران ہو گئے۔ وہ لڑکی کہنے لگی کہ جس لڑکی نے اپنے بھائی کے لیے تمہارے رشتے کی بات کی تھی اُس لڑکی سے تمہاری دوست نے کہا تھا کہ تمہارا کردار ٹھیک نہیں ہے لیکن اُس لڑکی نے تمہاری دوست کی بات پر توجہ نہیں دی تھی اور تمہارا رشتہ بھائی کے لیے کرنے میں دلچسپی لی تھی لیکن جب تمہاری دوست کو یہ پتہ چلا کہ اُس نے اپنے بھائی کے لیے رشتہ بھیجا ہے تو تمہاری دوست نے جا کر جان بوجھ کر اُس لڑکی سے لڑائی کی تھی۔

اور ہمیں پتہ چلا کہ تم نے اپنی دوست کے کہنے پر اُس لڑکی کا نمبر بھی بلاک کر دیا اور اُس کی کوئی بھی بات سننے کے لیے تیار نہیں ہوئی اور اُس کو تم نے مکمل طور پر منع کر دیا ہے۔ حالانکہ اُس لڑکی نے تمہارے حق میں تمہاری دیرینہ دوست کو کھری کھری سنائی بھی تھیں کہ تم ہر کسی کے کردار کو برا کہتی ہو یہ بات ٹھیک نہیں اور خاص طور پر تو تمہیں اپنی پرانی دوست جو کہ بہت مخلص اور اچھی ہے اُس کے بارے میں تمہیں ایسا کچھ نہیں کہنا چاہیے لیکن تمہارے تک یہ باتیں پہنچ ہی نہ سکیں۔

پھر مزید اُس نے بتایا کہ پروفیسر صاحبہ جو میرے لیے رشتہ لے کر آئی تھیں اُن سے اس تمہاری دوست نے ملاقات کی اور پروفیسر صاحبہ کو بتایا کہ جس سٹوڈنٹ کا آپ رشتہ کرنے جا رہی ہیں وہ تو بہت برے Character کی حامل ہے۔

اُس کے کالج سے باہر لڑکوں کے ساتھ ناجائز تعلقات ہیں اور یہ کہ ان تعلقات کا علم میری امی کو ہے جو بعد میں میرے ان تعلقات پر پردے ڈالتی رہتی ہیں۔ میری دوست کی باتیں سن کر میری پروفیسر نے اسی لیے میرے والدین کو اپنے گھر آنے سے منع کر دیا تھا۔ اور یہ بہانہ بنایا تھا کہ ابھی اُن کا بیٹا شادی کے لیے تیار نہیں ہے۔

وجدان کی پکار:

درود ابراہیمی اپنی تاثیر دکھارہا تھا مجھے اندر سے اُٹھنے والی آوازیں یاد آرہی تھیں میرے وجدان کی وہ پکار مجھے یاد آرہی تھی جو مسلسل مجھے مخاطب کر کے اُس دوست کی اصلیت سے آگاہ کرتی رہی تھی لیکن میں پتہ نہیں کیسے اُس کے سحر میں مبتلا ہو کر حجابات کے اندر بند اور بے بس ہو کر چل رہی تھی۔ میں چاہ سکنے کے باجود اُس کی دوستی نما پنجے سے نکل نہیں پائی تھی۔ اُس لڑکی نے کہا کہ اگر تمہیں میری باتوں پر یقین نہیں آتا تو جو لڑکی اپنے بھائی کا رشتہ لائی تھی اُس سے پوچھ لو۔ میں اُن کے بتائے گئے تمام واقعات کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ کر تجزیہ کرنے لگی کہ جس طرح میری دیرینہ دوست میرے سامنے سب کی برائیاں کرتی تھی تو اُس نے مجھے کہاں چھوڑا ہوگا۔

میری وہ دوست یہ ساری باتیں بتا کر چلی گئیں میری پھوپھو کہنے لگی دیکھو میں تمہیں کہتی تھی ناں یہ لڑکی ٹھیک نہیں ہے۔ میں نے کہا بے شک شروع شروع میں آپ سب لوگوں نے یہ باتیں کہی تھیں لیکن پھر آپ لوگوں کو بھی وہ بھاہ گئی تھی اور آپ کہتے تھے کہ اس کے آنے سے ہمارے گھر میں رونق آجاتی ہے۔ بعد میں آپ لوگوں کو اُس کے گھر والے بھی اچھے لگے تھے۔ میرے گھر والے کہنے لگے جب ہم نے تمہاری دوست کے گھر والوں کے ساتھ ملاقات کی تھی تو ہمیں وہ دیندار گھرانہ لگا تھا جس وجہ سے ہم بھی مطمئن ہو گئے تھے کہ اُن کا رویہ اور انداز اچھا لگ رہا تھا۔ ہمیں فیملی اچھی لگی تھی لیکن ہمیں اندازہ نہیں تھا کہ وہ ایسی نکلے گی۔

دوست سے رابطہ:

میری پھوپھو نے کہا کہ اپنی اُس دوست کو بلاؤ جو اپنے بھائی کا رشتہ لے کر آنا چاہتی تھی میں نے اُس کا نمبر ان بلاک کیا اور جیسے ہی کال کی تو اُس نے کال اُٹھالی جیسے وہ میری کال کے انتظار میں بیٹھی ہو۔ سلام دعا کرنے کے بعد اُس نے کہا کہ تمہیں میری یاد کیسے آ گئی؟ وہ کچھ ناراض بھی لگ

رہی تھی میں نے اُس سے معذرت کی اور کہا کہ دیکھو میں نے تمہیں اس لیے کال کی ہے کہ تم نے اپنے بھائی کا رشتہ میرے ساتھ اس لیے کرنا چاہا تھا کہ میں تمہیں بیوقوف دکھائی دیتی تھی کہ تمہارے بھائی کے غیر لڑکیوں کے ساتھ تعلقات تھے اور تم اپنے بھائی کو ٹھکانے لگانے کے لیے میرا استعمال کرنا چاہ رہی تھی اُس نے میری یہ بات سن کر حیرانی سے کہا کہ میں تو تمہیں سمجھدار سمجھتی تھی لیکن تم واقعی میں ایک بیوقوف لڑکی ہو۔

میں تم سے بات کرنے کے لیے آئی تھی لیکن تم میرے ساتھ بات کرنے کے لیے تیار ہی نہیں تھی اور پھر تم نے مجھے بلاک بھی کر دیا تھا اور جن سخت الفاظ کے ساتھ تم نے مجھے مخاطب کیا تھا پھر میری ہمت نہیں ہوئی کہ تم دوبارہ سے بات کروں۔ جب تمہیں ہی اپنی فکر نہیں تھی اور اچھے برے کی پہچان نہیں ہو رہی تھی تو میں تمہارے پیچھے کتنا بھاگتی۔ تمہاری دوست نے یہ بھی مجھ سے کہا تھا کہ تم اندھی ہوگئی ہو جو تمہیں یہ اچھی لڑکی دکھائی دے رہی ہے اور اُس نے تمہارا خوب مذاق اُڑایا تھا۔

میرے دوست نے میرے متعلق مزید منفی باتیں بھی کی تھیں جو اُس لڑکی نے مجھے بتائیں تو میں سن کر حیران ہوگئی۔ میرے کردار پر تو اُس نے باتیں کی ہی کی تھیں لیکن اُس نے میرے اوڑھنے پہننے کا بھی مذاق اُڑایا تھا اور یہ بھی کہا تھا کہ میرے والدین میری شادی کسی امیر گھرانے میں کرانے کی کوششیں کر رہے ہیں۔ یہ ساری باتیں سن کر مجھے بہت افسوس بھی ہو رہا تھا اور غصہ بھی شدید آرہا تھا۔

میری امی نے تو یہاں تک فیصلہ کرلیا کہ میری دوست کے گھر جائیں گی اور میرے متعلق اُس نے جو کہا تھا اور جو کچھ کیا تھا اُس سب کا تذکرہ اُس کے والدین سے کریں گی لیکن میری پھوپھو نے میری امی کو سمجھایا کہ ایسے کرنے سے بات پھیلے گی اور خاص طور پر ہماری بیٹی کے کردار کے متعلق ہی باتیں ہوں گی۔ پھر جتنے منہ اُتنی ہی باتیں بدنامی ہماری ہی بیٹی کے حصے میں آئے گی۔ کوئی ہماری باتیں مانے گا کوئی نہیں مانے گا نقصان ہمارا ہی ہوگا تو بہتر ہے اس بات کو یہیں دبا دیا

جائے۔

کمر میں چھرا:

میں نے آج تک اُس کیساتھ کبھی کوئی برا نہیں کیا تھا لیکن میری یہ دوست، دوست کے روپ میں دشمن تھی جو بار بار میری کمر میں چھرا گھونپ چکی تھی۔ مجھے وہ وقت یاد آنے لگا کہ شروع شروع میں جب میری اُس کے ساتھ بات چیت شروع ہوئی تھی تو کس طرح میرے دل میں بار بار آواز آرہی تھی کہ یہ لڑکی ٹھیک نہیں ہے کچھ تو گڑ بڑ ہے اس سے دور رہو لیکن میں نے مسلسل اس آواز کو نظر انداز کیا تھا۔ بلکہ میں تو یہ سوچا کرتی تھی کہ میری تو پہلے بھی کوئی کالج میں دوست نہیں ہے تو بلاوجہ مجھے اس کے بارے میں شک میں ڈالا جارہا ہے۔ پھر مجھے وہ خواب بھی یاد آیا جس میں میری یہ دوست کسی اورلڑکی کے ساتھ مل کر میرے بارے میں فضول باتیں کررہی تھی۔ مجھے بہت دکھ ہوا اور سوچنے لگی کہ کاش میں نے اُس وقت اُس آواز پر دھیان دیا ہوتا تو آج یہ سب کچھ دیکھنے کو نہ ملتا جو میرے لیے انتہائی تکلیف دہ ہے۔

پرانا خواب یاد آیا:

اُس خواب کی طرف توجہ دی ہوتی جس میں میرے ہی فائدے کی بات ہورہی تھی تو آج میرا یہ حال نہ ہوتا آج میں بھلے اکیلی ہی ہوتی لیکن ایسی خطرناک لڑکی میری دوست نہ ہوتی۔

آج میں ایک بچی کی ماں ہوں تو میں یہ بہتر جانتی ہوں کہ کسی بھی بچی کے متعلق کی گئی منفی باتیں ہوا کی طرح پھیلتی ہیں اور بعض اوقات تو ناقابل تلافی نقصان بھی پہنچاتی ہیں جس کا ازالہ ممکن نہیں ہوتا۔

لیکن میرا اس بات پر بھی یقین ہے کہ اگر اللہ نہ چاہے تو کوئی آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا عزت اور ذلت سب اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ یہ اللہ کی مدد تھی کہ دو دن کے بعد ہمارے کالج میں چھٹیاں آگئیں روٹین کے مطابق میری دوست مجھے کال کررہی تھی اور میں اُس کا فون نہیں اُٹھارہی تھی

مجھے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ میں اس کا فون اُٹھا کر اس سے کیا بات کروں؟

میرا ایک بار یہ بھی دل چاہا کہ میں اس کو فون کر کے خوب سناؤں اور اپنا دل ہلکا کرلوں لیکن میں اپنے مزاج سے واقف تھی کہ میں اس کو اتنا سب کچھ نہیں کہہ پاؤں گی اور نہ ہی میں اُس کی تیز زبان کا مقابلہ کر پاؤں گی اس لیے فی الحال خاموشی ہی بہتر ہے۔امی پھوپھو نے بھی منع کر دیا کہ بالکل اُس سے بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔میں نے اُس کا نمبر اور فیس بک آئی ڈی بلاک کو کر دیا تاکہ اُس کی بار بار کال کا سلسلہ بند ہو سکے۔

اور ہماری ایک دوست جو ہم دونوں کی دوست تھی اُس کو ساری بات بتائی کہ اس کو بتا دینا کہ آئندہ مجھ سے رابطہ نہ کرے مجھے اس کی اصلیت پتہ چل گئی ہے اور میں نے اپنا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا ہے۔اب نہ تو میں اس کی شکل دیکھنا چاہتی ہوں نہ ہی اس سے بات کرنا چاہتی ہوں۔چھٹیوں کے بعد وہ مجھے نظر نہیں آئی اور بتایا گیا کہ اُس کے ابو کی ٹرانسفر ہوگئی ہے میں نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ جان چھوٹی۔

میرا درودِابراہیمی کا ورد جاری تھا پڑھائی بھی زور و شور سے چل رہی تھی فجر کی نماز کے بعد میں اہتمام کر کے درودِابراہیمی پڑھا کرتی تھی۔پھر سارا دن درودِابراہیمی پڑھتی رہی پھر میرے دل میں خیال آیا کہ پروفیسر صاحبہ سے اپنی جا کر صفائی پیش کروں۔لیکن میں بہت کچھ سوچ کر ان کے پاس نہ جا سکی۔کالج کی پڑھائی ختم ہوگئی رزلٹ آ گیا اور الحمدللہ میرے اچھے نمبر آئے۔

یونیورسٹی میں داخلہ ہو گیا اور پھر وہی پروفیسر صاحبہ ہمارے گھر اپنے بیٹے کا رشتہ لے کر آئیں اور انہوں نے باقاعدہ میرے سب گھر والوں سے معافی مانگی اور بتایا کہ کس طرح میری اُس دوست نے میرے کردار کے متعلق اُن کے دل میں میل ڈالا تھا پھر بتایا کہ وہ دوسری لڑکی اپنی باجی کے ساتھ اُن کے گھر گئی تھی اور اُس دوست کے متعلق اصلیت بتائی تھی کہ کس طرح اُس نے میری دوست بن کر دشمنی کا ثبوت دیا ہے اور جھوٹ الزامات لگائے ہیں۔اُسی لڑکی نے حقیقت پروفیسر

صاحبہ کے سامنے کھولی جو ہمارے گھر باجی کے ساتھ آئی تھی اور میری دوست کی اصلیت اُس نے بتائی تھی اُس نے جب پروفیسر صاحبہ کو ساری حقیقت بتائی تو انہیں شرمندگی محسوس ہوئی۔ کہ کس طرح وہ اُس کی باتوں میں آ کر رشتے میں پیچھے ہٹی تھیں۔

یونیورسٹی میں داخلہ:

اب جب اُنہیں پتہ چلا کہ میرا یونیورسٹی میں داخلہ ہوگیا ہے اور میرا ابھی تک کہیں رشتہ طے نہیں ہوا تو وہ اپنی غلطی کا ازالہ کرتے ہوئے اپنے اُسی بیٹے کا رشتہ لے کر ہماری گھر آئیں۔ پروفیسر صاحبہ کی وضاحت اور معذرت کے بعد تمام معاملات باآسانی طے پاگئے اور میری پروفیسر صاحبہ کے بیٹے سے شادی ہوگئی اب وہ میری ساس ہیں۔ میرے گھر والوں کو جواُن کی ادا پسند آئی تھی وہ یہ کہ اُنہوں نے میرے گھر والوں سے معافی مانگی اور اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ میں اپنی شاگرد سے خود معافی مانگوں گی حالانکہ میری امی نے کہا آپ بڑی ہیں لیکن اُنہوں نے کہا میری غلطی ہے میں معافی ضرور مانگوں گی الحمدللہ سارے معاملات بخوبی طے پائے۔ میرے میاں بہت اچھے ہیں ہماری ایک چار سالہ بیٹی بھی ہے اور میں نے اپنی بیٹی کو درود شریف بھی یاد کرایا ہے۔

درودابراہیمی کی تسبیح:

شادی کے بعد جب میں درودابراہیمی کی تسبیح پڑھتی تھی تو ایک روز میرے شوہر نے مجھ سے پوچھا کہ تم کیا پڑھتی ہو؟ میں نے بتایا کہ میں درودابراہیم پڑھتی ہوں اور پھر سارا واقعہ بھی سنایا کہ کس طرح مجھے درودابراہیم پڑھنے کا شوق ہوا اور انکل اور پھر ڈائری والا واقعہ سنایا الحمدللہ ان تمام واقعات کو سننے کے بعد وہ بھی کافی متاثر ہوئے۔

اب میرے شوہر بھی درود شریف پڑھتے ہیں میں نے اُن سے کبھی نہیں پوچھا کہ آپ کونسا درود شریف پڑھتے ہیں میرے لیے یہی خوشی کی بات تھی کہ وہ درود شریف کا ورد کرتے ہیں کچھ

عرصے کے بعد اُنہوں نے خود ہی مجھے بتایا کہ وہ درودابراہیمی پڑھتے ہیں۔

آج میں جب اپنی سابقہ زندگی پر نظر دوڑاتی ہوں تو میں یہ جان پائی ہوں کہ میری زندگی میں جو مشکلات آئی ہیں اور اللہ نے اُن مشکلات سے مجھے نکالا ہے تو مجھے اس کے پیچھے درودابراہیمی کی برکتیں دکھائی دیتی ہیں۔میں کوئی خاص مذہبی نہیں ہوں صرف فرائض کی ادائیگی کی طرف متوجہ رہتی ہوں اور قرآن مجید روٹین سے پڑھتی ہوں درودابراہیمی بھی روزانہ ضرور ورد کرتی ہوں اور رمضان کے روزے اور ایک بار قرآن مجید کی تلاوت ضرور مکمل کرتی ہوں۔درودابراہیمی کی برکت سے میں آئی پریشانیوں سے جلد نکل جاتی ہوں۔جو بھی دکھ آتا ہے جو بھی رکاوٹ آتی ہے درودابراہیمی کی برکت سے میں اُس سے نکل جاتی ہوں۔دعا گو ہوں کہ رب کریم ہمیں زیادہ سے زیادہ درودابراہیمی پڑھنے کی توفیق سے نوازے۔

مجھے یہ خوشی ہے کہ میری Motivation سے اگر ایک بھی شخص درودابراہیمی پڑھنے پر لگ گیا تو میرے لیے بہت خوش نصیبی کی بات ہوگی۔آج بھی جب میں کسی سے ملتی ہوں اور میرے دل میں سے ایسی آواز آئے کہ یہ بندہ یا بندی مشکوک ہے تو میں اُس پر ضرور توجہ دیتی ہوں اور خود کو اُن لوگوں سے دور کر لیتی ہوں۔درودابراہیمی کے ورد کرنے سے آپ کو شرح صدر ہوتا ہے اور آپ کو آگاہی کے اشارے ملتے رہتے ہیں۔دعا گو ہوں کہ رب کریم ہمیں سدا درود شریف کے ساتھ جوڑے رکھے اور درود شریف کی تاثیر برکت پر یقین عطا فرمائے۔فقط ایک بیٹی

رحمت کا بادل:

ایک اللہ والے درودابراہیمی سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔اگر کوئی سمجھے اس کی زندگی مکمل طور پر خراب ہوگئی ہے اور وہ دوبارہ نیا جنم لینا چاہتا ہے اگر دوبارہ نئ زندگی چاہیے تو وہ درودابراہیم کو محبت و تڑپ کے ساتھ محنت کے ساتھ شوق و لگن کے ساتھ توجہ و تصور کے ساتھ امید و یقین کے ساتھ بہت مضبوط طریقے سے خوب وقت دے کر پڑھے۔

جو لوگ درود ابراہیم کو خاص وقت دیتے ہیں درود ابراہیمی ان کو بدلے میں وہ خاص چیزیں دیتا ہے جن چیزوں کا صاحبِ ورد تصور نہیں کر سکتے، درود ابراہیمی کرم کا راستہ ہے، معجزات کا راستہ ہے، جو لوگ درود ابراہیم کو حرز جان بناتے ہیں ان کو معلوم ہے کہ ثمرات کیسے ملتے ہیں۔

ہم نے مشاہدہ کیا جو لوگ درود ابراہیم کی محبت میں چلنے لگتے ہیں اُن کے مسائل رب کریم اپنے کرم سے حل فرما دیتے ہیں۔ جو لوگ درود ابراہیم پڑھتے ہیں ان کے گرد زبردست نورانی حصار قائم ہوتا ہے جس سے اُن کی سفلی چیزوں سے روحانی طور پر حفاظت رہتی ہے اور جو لوگ کثرت سے صبح شام اٹھتے بیٹھتے درود ابراہیم پڑھتے ہیں تو ان کے رگ و ریش میں درود ابراہیم کا نور سرائیت کر جاتا ہے۔ درود کوئی بھی پڑھ سکتے ہیں اچھا عمل ہے لیکن درود ابراہیم سب کا سردار ہے علماء کرام اولیاء کرام اُمت کے صلحاء نے درود ابراہیم کے بارے میں بہت کچھ لکھا۔ پیارے آقا کریم ﷺ کے اکثر اصحابہ کرامؓ نے درود ابراہیم پڑھا احادیث پڑھ کر دیکھ لیں، زیادہ سے زیادہ فضیلت اس درود ابراہیم کی آئی ہے، اصحاب کرامؓ نے جب پوچھا اہل بیت پر درود کیسے بھیجا جائے؟ تو بھی درود ابراہیم کا ہی بتایا گیا، یہ فیض حضرت ابراہیمؑ اور آل ابراہیم تک جڑا ہوا ہے، ایک راز کی بات عرض کرتا چلوں کہ بقیہ درود کے جتنے بھی صیغے دنیا بھر میں پڑھے جاتے ہیں وہ درود ابراہیمی کی شاخ ہیں ان تمام درودوں کو درود ابراہیم کے حوض سے فیض جاری ہوتا ہے اہل نظر سے جا کر پوچھ لیں اس لئے اگر کوئی درود ابراہیم کو ہی اپنا ورد وظیفہ بنا لے تو اس حوض سے ڈائریکٹ فیض یاب ہوتا ہے۔

درود ابراہیم برکت کو کھینچ لانے والا ایسا عمل ہے جس کی روحانیت کو کہیں کوئی روک ٹوک نہیں ہے، درود ابراہیم کے مقبول بول رب کے ہاں قبولیت کی سند پا چکے ہیں۔ جو بندہ درود ابراہیمی سے عشق کرتا ہے وہ رنگ و رنگ ہو جاتا ہے۔ اس درود شریف کی برکت سے اسے عزتوں کے تاج پہنائے جاتے ہیں اور موت کی کڑواہٹ سے اسے نجات ملتی ہے درود ابراہیم پڑھنے والے

کی موت خاتمہ بالخیر پرالحمدللہ ہوتی ہے۔
دنیا کا خوش قسمت انسان ہے وہ شخص جس کی زبان پر درود شریف جاری ہوگیا،آسمان پر قبولیت کا اعلیٰ مقام رکھنے والے مبارک کلمات میں سے سردار کلمات ہیں۔اگرآپ لوگ زندگی میں ہر دوسرے دن کسی نہ کسی مسئلے کا شکار ہیں وہ مسائل صحت سے متعلق ہوں، یا رزق سے متعلق ہوں، کوئی حاجت سے متعلق ہوں یا تسخیر کے متعلق،رب کی بارگاہ سے آپ درودابراہیم کی برکت سے سے ان مسائل کو باآسانی حل کرا سکتے ہیں،اگرآزمائش ہوگی تو درودابراہیم کی برکت سے آزمائش سے نکل جائیں گے،اگرنحوست ہوگی تو درودابراہیم کی برکت آجائے گی تو نحوست بھاگ جائے گی۔درودابراہیم جادو کے پرخچے اڑانے کے لیے ہتھوڑے سے کم نہیں۔جو بندہ روزانہ 313 بار درود ابرہیم پڑھے گا وہ کثرت سے درودشریف پڑھنے والوں میں شمار ہوگا۔اور جو بندہ اس تعداد کو اپنے معمولات میں رکھے گا اُس کا ذاکرین میں لکھا جائے گا۔درودشریف کو روزانہ ورد کرنا خوش قسمتی کو برقرار رکھنے کا ذریعہ ہے۔اس لیے کوشش کریں کہ روزانہ درودشریف کا اہتمام لازمی کریں۔

مرنے کے بعد درودشریف کی برکات:

ایک صاحب لکھتے ہیں کہ ہمارے پڑوسی گاؤں کا ایک شخص جس کا نام محمد عجائب تھا فوت ہوگیا میں اُس کی نماز جنازہ میں شرکت کرنے کے لیے گیا اور وہاں میں نے مرحوم کو درودشریف کا تحفہ ایصال ثواب کیا۔
کچھ درودشریف ممبران میرے ساتھ جمع ہوگئے میں نے اُنہیں کہا کہ ان شاء اللہ العزیز درودشریف کے اس تحفہ کی بدولت نہ صرف اس مرحوم کی بخشش ہوگی بلکہ قبرستان میں مدفون جملہ مرحومین کی بخشش ہوجائے گی میری بات سن کرایک درودشریف ممبر تڑپ کر بولا شاہ صاحب آپ نے بالکل درست فرمایا ہے میں نے کہا کہ آپ کو کیسے پتہ چلا؟

تو اُس نے کہا کہ میں نے گزشتہ رات خواب میں دیکھا کہ اس قبرستان کے مردے آپس میں بات کررہے تھے کہ کل اس قبرستان میں ایک ایسا مُردہ دفن ہوگا جو اپنے ساتھ درودشریف کا تحفہ لائے گا۔اوراُس سے ہم سب کی بخشش ہوجائے گی۔

آپ اپنا دوسرا واقعہ بیان فرماتے ہیں کہ میرے حقیقی ماموں جان سید طفیل حسین شاہ صاحب جن کا 2006ء میں انتقال ہوا۔فوتگی کے کچھ عرصہ بعد میرے خواب میں آئے دوران خواب مجھے یہ علم تھا کہ ماموں جان فوت ہوچکے ہیں میں نے ماموں جان سے پوچھا کہ آپ کوروزانہ درودشریف کاتحفہ ایصال ثواب کرتا ہوں قبر میں درودشریف کے اس تحفہ سے آپ کو کیا فائدہ پہنچتا ہے؟

تواس پر ماموں جان نے کہا کہ آپ کے درودشریف کے اس تحفہ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ مجھے قبر میں بے شمار انعامات سے نوازتا ہے۔اس پر میں نے اللہ تعالیٰ کا شکرادا کیا کہ میرے درودشریف کے ایصال ثواب کی وجہ سے میرے خاندان کے مرحومین اور درودشریف ممبران کے آباؤاجداد کوفائدہ پہنچ رہا ہے۔

آپ ایک اورواقعہ بیان فرماتے ہیں کہ میرے بڑے دادا جان حضرت پیر میراں شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے ایک عقیدت مند جن کا نام ملک عبدالرحمٰن تھا اُن کا 2004ء میں انتقال ہوا مرحوم کی نماز جنازہ میں نے پڑھائی نماز جنازہ کے بعد تدفین کے موقعہ پر اُن کو میں نے درودشریف کا ہدیہ ایصال ثواب کیا اس طرح مسلسل تین دن میں اُن کو درودشریف کا تحفہ ایصال ثواب کرتا رہا۔

ایک رات مرحوم عبدالرحمٰن میرے خواب میں آئے اور کہا کہ شاہ صاحب تین دن سے مسلسل جو آپ نے مجھے درودشریف ایصال ثواب کیا اُس کا قبر میں مجھے اتنا فائدہ ہوا جو میں بیان نہیں کرسکتا مرحوم کی اس یاددہانی پر میں حیران ہوا اوراللہ تعالیٰ کا شکر بھی ادا کیا درودشریف کے ایصال ثواب سے واقعی ہی اہل برزخ فیض یاب ہورہے ہیں۔

جستجو کا پہلا زینہ:

ایک بہن ہیں لکھتی ہیں کہ میرا نام فاطمہ ہے اور میرا تعلق فیصل آباد سے ہے۔ میں گیارہ سال سے درودابراہیمی کا ورد کر رہی ہوں۔ میں مسلسل اور تواتر سے درودابراہیمی پڑھتی ہوں کہتی ہیں کہ میری ٹیچر نے درودشریف کی کتاب گفٹ کی تھی۔ اس میں حدیث شریف کا مفہوم لکھا ہوا تھا کہ جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ درودشریف پڑھے گا وہ تب تک نہیں مرے گا جب تک جنت میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے۔

جب میں نے یہ حدیث پڑھی تو میرے اندر درودشریف پڑھنے کا شوق پیدا ہوا اور میں نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا۔ میں نے روزانہ پانچ سو بار درودابراہیمی پڑھنا شروع کر دیا میرے جذبے میں میرے شوق میں دن بدن اضافہ ہو رہا تھا۔ اسی شوق کی بدولت میرے درودشریف کی تعداد بڑھنے لگی اور الحمدللہ میں نے روزانہ ایک ہزار بار درودشریف پڑھنا شروع کر دیا۔ میں روزانہ روٹین سے ایک ہزار درودابراہیمی کو جذبے، شوق، ادب اور محنت سے سے پڑھنے لگی۔

جستجو کا پہلا زینہ:

ایک روز میں نے خواب دیکھا کہ آسمان پر بہت زیادہ ستارے ہیں اور اُن کے درمیان خانہ کعبہ اور روضہ رسول ﷺ بھی ہے اور میں دیکھتی ہوں کہ یہ دونوں مقدس مقامات بھی آسمان پر ستاروں کی مانند چمک رہے ہیں۔ میں مسلسل خواب دیکھ رہی ہوتی ہوں اور میں دیکھتی ہوں کہ آسمان پر جلی حروف میں بہت ہی خوبصورت انداز میں درودابراہیمی کے واضح الفاظ لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ بہن بتاتی ہیں کہ یہاں میرا خواب مکمل ہوا اور میری آنکھ کھل گئی۔ جس وقت میں نے خواب دیکھا وہ صبح کا وقت تھا میری طبیعت بالکل ہلکی پھلکی محسوس ہو رہی تھی اور یہ میرا پہلا روحانی خواب تھا۔ جب میں نے یہ خواب دیکھا تو میرے درود میں مزید حلاوت پیدا ہو گئی مجھے درودشریف پڑھ کر سکون ملتا تھا اچھا لگتا تھا طبیعت میں تازگی ملتی تھی اور درودشریف کے بعد میرا یہ پہلا خواب میری جستجو کا پہلا زینہ ثابت ہوا تھا۔

میرا درود شریف کا ورد چلتا رہا اور میں نے کبھی اس میں ناغہ نہیں ہونے دیا۔ درود شریف کی برکت سے میں نے ایک اور انوکھا نظام دیکھا کہ خواب میں جو میں منظر دیکھتی کچھ وقت کے بعد وہی خواب حقیقت میں تبدیل ہو جاتا۔ یعنی وقت سے پہلے ہی مجھے قدرت کی طرف سے آگاہی دے دی جاتی اور یہ سارے سلسلے میرے لیے انوکھے بھی تھے اور حیران کن بھی تھے۔ درود شریف سے میری محبت بڑھتی جارہی تھی اب مجھے درود شریف کے علاوہ دنیا کا کوئی کام اتنا سکون نہیں دیتا تھا جتنا مجھے درود شریف پڑھ کر سکون ملتا تھا۔

مشاہدات کا دروازہ:

میری کالج لائف چل رہی تھی میرا شوق اتنا بڑھ چکا تھا کہ کالج میں بھی جب مجھے وقت میسر آتا میں درود ابراہیمی کا ورد کرتی رہتی۔ یہی وجہ ہے کہ درود شریف کی برکت سے مجھے لیکچرز جلد از بر ہو جاتے تھے اور مجھے علم آسانی سے سمجھ آنے لگا تھا۔ مجھے نبی کریم ﷺ کی زیارت کا بہت شوق تھا اور درود ابراہیمی کی برکت سے مجھے نبی کریم ﷺ کا دیدار نصیب ہوا۔

مجھے درود شریف کی برکت سے جنت کا مشاہدہ ہوا اور مجھے نبی کریم ﷺ، سیدنا علی المرتضیٰؓ، سیدنا فاطمہ الزہرہؓ، سیدنا امام حسنؓ، سیدنا امام حسینؓ کی زیارت سے بھی نوازا گیا۔ اب حال یہ ہے کہ درود شریف کی برکت سے کوئی رات ایسی نہیں گزرتی کہ دیدار نہ ہو۔ اس خصوصی نعمت پر میں اللہ کریم کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے۔

درود شریف کی برکت سے ہم وہ دنیا بھی دیکھ سکتے ہیں جو مرنے کے بعد دکھائی جائے گی تو کیوں نہ ہم اُس دنیا کی تیاری کرلیں۔ مجھے درود شریف کی برکت سے اللہ والوں کی کثرت سے زیارت نصیب ہوئی ہے۔ درود شریف کی برکت سے مجھے ہر روز کوئی نا کوئی مشاہدہ ضرور کرایا جاتا ہے اور میں جنت میں اپنا مقام بھی دیکھ چکی ہوں۔ میری درود شریف پر گیارہ سالہ محنت کے بعد مجھ پر مشاہدات کا دروازہ کھلا۔ درود شریف کی برکت سے انسان پر مشاہدات کا دروازہ کھولا

جاتاہے۔

اور عام لوگ جب ان مشاہدات کو سنتے ہیں تو وہ حیران رہ جاتے ہیں۔میرا مشورہ ہے کہ آپ کو درود ابراہیمی کثرت سے پڑھنے کی ترتیب بنانی چاہیے اس سے آپ کی زندگی خوبصورت اور آخرت شاندار ہوگی ان شاء اللہ۔درودشریف کے ورد میں دھیان،توجہ،ادب کا خیال رکھنا ضروری ہے۔شوق جذبے محبت سے اور مستقل مزاجی سے جو بندہ درودشریف پڑھتاہے اور اُس پر اللہ کی رحمتوں کا تسلسل شروع ہوجاتا ہے اوران نعمتوں کا اثر نسلوں تک چلتا ہے۔

شہد کی مکھیاں:

ایک بیٹی ہیں وہ اپنے مشاہدات بتاتے ہوئے کہتی ہیں کہ میں درودابراہیمی کا بہت شوق سے ورد کرتی ہوں اس درودشریف کی برکت سے میری زندگی میں سکون اور عافیت آئی ہے میری زندگی میں مثبت بدلاؤ آیا ہے اور میں الحمدللہ بہت خوبصورت زندگی گزار رہی ہوں میرا درودابراہیمی کا ورد مسلسل چلتا رہتا ہے۔ میں نے دو بار یہ خواب دیکھا ہے کہ جو بندہ شہد اُتارتے وقت درودابراہیمی کا ورد کرتا ہے اُسے شہد کی مکھیاں نہیں کاٹتیں اور یہ بات خواب میں شہد کی مکھیوں نے مجھے بتائی ہے۔

سوالاکھ درود کی نیت:

ایک بیٹی ہیں وہ بتاتی ہیں کہ میری زندگی کی روٹین یہ چل رہی تھی کہ میں مستقل مزاجی سے درودشریف نہیں پڑھتی تھی کبھی ایک تسبیح درودشریف کی پڑھ لی اور اکثر غفلت میں دن گزر جاتا تھا اور میں درودشریف کا ورد نہیں کر پاتی تھی۔لیکن جب سے حافظ محسن صاحب کا درود اکیڈمی کا وٹس ایپ گروپ جوائن کیا ہے اس گروپ میں مجھے کافی مشاہدات پڑھنے کا موقعہ ملا۔درودشریف پڑھنے والوں کے روحانی خوابوں کو بھی جب میں نے پڑھا تو میرے اندر بھی شوق پیدا ہوا۔

حافظ محسن بھائی (درود اکیڈمی) درودشریف کو پھیلانے میں بہت محنت کر رہے ہیں اللہ اُن کی

کاوش کومزید برکتوں سے نوازے اوراُنہیں ہرقسم کی نظر بد سے محفوظ رکھے۔اُن کا درودشریف کےحوالے سے کام شاندار ہے(میں اُن کی محنت وقابلیت کامعترف ہوں۔تنویر)

خاتون بتاتی ہیں کہ جب میں نے یہ مشاہدات پڑھےتو میرے اندربھی شوق پیدا ہوا کہ میں بھی درودشریف پڑھوں تو میں نے بھی سوالاکھ درودابراہیمی پڑھنے کی نیت کی میں نے جب سوالاکھ درودشریف پڑھنے کی نیت کی تو میں نے روزانہ درودشریف پڑھنا شروع کردیا پہلے دن ہی جب میں نے درودشریف پڑھنا شروع کیا تو مجھے اپنی طبیعت میں سکون محسوس ہواوقت گزرنے لگا سلسلہ چل پڑا درودشریف کی برکت سے میری چھوٹی چھوٹی ضروریات زندگی کی چیزیں خودبخود پوری ہونےلگیں اورمیرے چھوٹے چھوٹے کام جیسالمحوں میں حل ہونے لگے۔جب یہ کیفیات مجھےملیں تو میں نے روزانہ ایک تسبیح سے درودشریف کی تعداد بڑھا کردس تسبیحاں یعنی ایک ہزار باردرودشریف پڑھنے کی ترتیب بنالی۔

بھینی بھینی خوشبو:

ایک اللہ والی بتاتی ہیں کہ اللہ کریم نے میرے وقت میں برکت دی ہے میں روزانہ سینکڑوں بار درودابراہیمی آسانی سے پڑھ لیتی تھی۔جب میری تعدادروزانہ ایک ہزارہوئی تو میری زندگی میں مزید برکتیں اورمشاہدات ہونے لگےمیری زبان درودشریف پڑھتے ہوئےمیٹھی ہوجاتی اورمیں جب بھی درودشریف پڑھتی مجھے اپنے اردگردبھینی بھینی خوشبومحسوس ہوتی۔میں نے درودابراہیمی کی برکت یہ بھی دیکھی کہ میں نے جب سے درودشریف کاوردکرنا شروع کیا میری عزت میں اضافہ ہوااورلوگوں کےدلوں میں میری محبت پیدا ہوئی۔

وہ تمام لوگ جومجھ سے کھنچے کھنچے رہتے تھےمیری مخالفت کرتے تھےمیرے خلاف سازشیں کرتے تھےوہ میرے قریب آنے لگے وہ میری قدرکرنے لگےاوروہ میری عزت کرنے لگےاوریہ سب بدلاؤ درودشریف کی برکت سے آیاسب کےرویے میرے ساتھ اچھے ہوگئے اورسب مجھےعزت

دینے لگے۔ میں درود شریف کی اس کرامت کو کبھی نہیں بھول سکتی کہ درود شریف کی برکت سے اُن لوگوں کے دل نرم ہو گئے جو میرے بارے میں غلط گمان رکھتے تھے مجھ سے نفرت کرتے تھے اور اب اُن کی نفرت محبت میں بدل چکی تھی اور یہ درود شریف کی بہت بڑی کرامت ہے۔ میں اللہ کریم سے دعا گو رہتی ہوں کہ مجھے سدا درود شریف پڑھنے کی توفیق ملی رہے اور ساتھ میں اپنی سابقہ زندگی کو لے کر نا دم بھی ہوں کہ میری جو پہلے زندگی گزری ہے اُس میں میں کاش درود ابراہیمی پڑھ لیتی۔

اب میری یہی خواہش اور دعا ہے کہ میری تمام زندگی درود ابراہیمی کے ورد میں گزرے اور میں زیادہ سے زیادہ درود ابراہیمی کا ورد کروں کیونکہ اس درود شریف کی برکت سے میری زندگی میں خوشیاں آئی ہیں میری زندگی میں آسانیاں آئی ہیں اور مجھے عبادت کی حلاوت ملی ہے۔آپ سے بھی التجاء ہے کہ میری لیے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اس درود شریف کی برکتوں سے نوازے اور مجھے خوب کثرت سے درود شریف پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے اور درود شریف پر استقامت نصیب فرمائے۔آمین

پروقار شخصیت:

ایک خاتون ہیں اُنہوں نے درود ابراہیمی کے حوالے سے اپنا مشاہدہ ہمارے ساتھ شیئر کیا ہے بتاتی ہیں کہ میرے بچپن کا واقعہ ہے میری عمر دس سے گیارہ سال ہوگی مجھے جنات اور بھوتوں سے بہت ڈر لگتا تھا۔اُن دنوں ہمارے گھر میں روزانہ اخبار آتا تھا ایک دن میں نے اخبار میں پڑھا کہ جن بچوں کو ڈر لگتا ہے اگر وہ رات کو سوتے وقت درود ابراہیمی پڑھ کر سویا کریں تو انہیں ڈر نہیں لگے گا۔

میں نے جب یہ تحریر پڑھی تو مجھے بہت خوشی ہوئی کہ میرے ساتھ جو مسئلہ ہے اُس کا حل مل گیا میں نے با قاعدہ درود ابراہیمی یاد کیا اور روزانہ رات کو پڑھ کر سونے کی ترتیب بنالی۔

میری درودشریف کی ترتیب چلتی رہی ایک رات میں نے ایک خوبصورت خواب دیکھا میں کیا دیکھتی ہوں کہ عربی لباس زیب تن کیے ایک بہت ہی پروقار شخصیت تشریف لاتی ہیں مجھے اُنہوں نے لپٹا کر پیار کیا اور فرمایا گھبراؤ نہیں یہ جن بھوت تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے میں نے پوچھا آپ کون ہیں؟ تو وہ ہستی مسکرائی اور غیب سے آواز آئی تمہارے رسول محمدﷺ۔

یہ خواب میں نے دیکھا اور میرا خواب ختم ہوگیا۔اس خواب میں نبی کریمﷺ کے جو تسلی کے بول میرے لیے بولے گئے اس سے میرا خوف ختم ہوگیا اور مجھے جو ڈر محسوس ہوتا تھا وہ ختم ہوگیا اور میرے اندر فوبیا کا جو مسئلہ تھا وہ حل ہوگیا۔درودابراہیمی کی برکت سے مجھے پیارے حضورﷺ کی زیارت بھی نصیب ہوئی اور پیارے آقاﷺ کے پیار بھرے بولوں سے تسلی بھی ملی اور یہ سب نعمت مجھے درودابراہیمی کی بدولت نصیب ہوئی۔بے شک درودابراہیمی بہت بڑی نعمت ہے رب کریم ہمیں اس نعمت کی قدردانی کی توفیق نصیب فرمائے۔آمین

کمال مشاہدات:

السلام علیکم آج سے کچھ ماہ پہلے میری ایک دوست کے باپ کو دوسرا دل اٹیک آیا اس دوران اس نے درود پاک کا بہت ورد کیا اور اپنے باپ کو پھونکتی رہی اللہ نے کرم کیا اور اس کے باپ ٹھیک ہوگئے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ڈاکٹر کی دی ہوئی دوائی جاری رکھیے مگر ساتھ درود پاک کو بھی جاری رکھیے۔

درودابراہیمی کے اندر رب نے شفاء کا سسٹم رکھ دیا ہے اس کے اندر تاثیر ہے اس کے اندر شفاء ہے،کینسر،ہیپاٹائٹس،دل کے امراض اور اس طرح کی سب بیماریاں درود سے علاج 100 فیصد ممکن ہے۔میری ایک دوست کی اولاد نہیں ہورہی تھی اس نے درود پاک کا ورد کیا کبھی بھول جاتی کبھی بہت پڑھتی 4 سال سے بالکل امید نہ تھی مجھ سے بچے اڈوپٹ کی بات کی۔میں نے اس سے کہا کہ درودشریف کی کثرت کریں ان شاءاللہ رب آپ کی جھولی بھردے گا۔انہوں نے میری

بات کو یقین سے لیا درود شریف سے محبت کی اور اس کے صلے میں رب کریم نے اُن کی جھولی ہری کر دی۔

ایک اللہ والی میرے پاس آئی میرا بھائی میرا رشتہ جہاں میں چاہتی ہوں وہاں ہونے نہیں دیتا میں نے اُن سے عرض کیا کہ آپ درود شریف کی کثرت کریں ان شاء اللہ آپ کا رشتہ وہیں ہوگا جہاں آپ کی منشاء ہوگی اور آپ کا بھائی کچھ نہیں کر پائے گا۔ جس رشتے کے لیے وہ لڑکی چاہ رہی تھی وہ لڑکا بہت اچھی پوسٹ پر تھا اس نے میری بات پر عمل کیا درود ابراہیمی ابھی کوئی 700 بار روزانہ کے حساب سے ورد کرنا شروع کر دیا کچھ عرصہ ہی گزرا کہ رب نے کرم کیا اور اُس کی شادی اُس کی منشاء پر اُسی لڑکے سے ہوگئی۔ میری ایک بیماری کو ڈاکٹرز نے لاعلاج قرار دیا لاہور میں بڑے سے بڑے ہاسپٹل میں گئی ڈاکٹرز کا کہنا تھا آپریٹ کے بعد بھی یہی حال رہے گا ایک سال درود کا ورد کیا اللہ نے اس بیماری سے جان چھڑوا دی۔ میری ایک دوست بہت زیادہ ٹینشن میں تھی اسکو میں نے درود کا ورد کرنے کو کہا کچھ دن کی بات تھی اسکو ڈپریشن کی بیماری بہت شدت سے چمٹی ہوئی تھی درود شریف کی برکت سے اُسے ڈپریشن کے مرض سے شفاء ملی۔

ہر مشکل سے نجات ملی:

ایک اللہ والی بتاتی ہیں کہ مجھے درود پڑھتے ایک سال سے کچھ اوپر ہو گیا ہے میں نے اس کے ان گنت فائدے دیکھے میری ہر مشکل میں درود شریف نے ساتھ دیا مجھے فوبیا کا مرض لاحق تھا چھوٹی چھوٹی چیزوں کو لے کر میں خوفزدہ رہتی تھی اور چار سال سے مجھے ڈراؤنے خواب آتے تھے میں نے جب درود ابراہیمی کا ورد شروع کیا تو اُن کی تعداد کم ہوتے ہوتے آخر کار ختم ہوگئی اور اب میں الحمدللہ اُن ڈراؤنے خوابوں سے مکمل نجات پا چکی ہوں۔

میں نے روزانہ سات سو بار درود ابراہیمی پڑھنے کا معمول بنالیا چند ماہ کے بعد میں نے خوشبو محسوس کی وہ بھینی بھینی خوشبو پھر تواتر سے میرے پاس رہنے لگی میں جب بھی درود ابراہیمی پڑھنا

شروع کرتی وہ خوشبو آنا شروع ہو جاتی تھی۔ دوسرا میں نے مشاہدہ یہ کیا کہ میں جو بات منہ سے نکالتی تھی وہ اللہ کے فضل سے پوری ہو جاتی تھی۔ میرے خلاف سازشیں کرنے والے میرے خلاف باتیں کرنے والے میرے خلاف منصوبے بنانے والے اپنے منہ کی کھاتے اور اُن کی سازشوں کی باوجود میری عزت میں اضافہ ہوا۔ علاوہ ازیں درود کی کثرت کرنے والے کو دنیا کی آگ محسوس نہیں ہوسکتی میرا تجربہ ہے درود کی کثرت سے پسند کی شادی ہوتی دیکھی۔

درود کی وجہ سے جسکی اولاد نہیں تھی اللہ نے اسکو اولاد سے نواز دیا۔ درود کا دم شدہ پانی پینے سے ہر بیماری سے شفاء مل جاتی ہے۔ ذاتی تجربہ ہے درود کی برکت سے ڈیپریشن کا مرض دور ہو جاتا ہے میرا ذاتی تجربہ ہے درود کی برکت سے سچے خواب آنا شروع ہو جاتے۔ درود کی برکت سے جادو ختم ہو جاتا ہے۔ درود کی برکت سے انسان فرائض پورے کرنے لگتا ہے برے کام چھوڑ دیتا ہے۔ درود کی برکت سے انسان کے دل میں دوسروں کے لیے نفرت مٹ جاتی اور تو اور انسان کا ہر غم دور ہوتا ہے۔

اردگرد کا ماحول:

ایک بہن بتاتی ہیں کہ میری زندگی الجھنوں میں مسائل میں جکڑی ہوئی تھی اور ہر کوئی مجھ سے اُکھڑا اُکھڑا ناراض ناراض اور دور دور رہنا پسند کرتا تھا۔

ہر کوئی مجھ سے دور بھاگنے کی کوشش کرتا اور میرے خلوص، میری توجہ کو کسی مطلب یا غرض کے ساتھ جوڑ دیا جاتا حالانکہ میرے ذہن میں نہ کوئی ایسی غرض ہوتی تھی اور نہ ہی کوئی مطلب لے کر میں چل رہی ہوتی تھی میرے سالہا سال سے معاملات خراب چل رہے تھے لیکن جب سے میں نے درود ابراہیمی کا ورد کرنا شروع کیا ہے میری زندگی میں سکون آیا ہے میری عزت میں اضافہ ہوا ہے میری زندگی میں تو جیسے بہار آ گئی ہے۔

جو بھی مسائل تھے وہ ٹھیک ہو گئے۔ سکون کی دولت عطا ہوئی اللہ کی محبت نبی کریم ﷺ کا عشق ملا

۔دل کی نرمی نصیب ہوئی مجھے مبارک خواب نصیب ہوئے۔دل میں دوسروں کے لیے رحم پیدا ہوا میرا دل کشادہ ہوا اور مجھے درود شریف کے ورد میں برکت ملی اور اب الحمدللہ اس نعمت کی برکت سے میں زیادہ سے زیادہ درودابراہیمی ورد کرلیتی ہوں۔درودابراہیمی کا جب سے میں نے ساتھ لیا ہے میری عزت میں اضافہ ہوا ہے مجھ پر میرے رشتے دار میرے جاننے والے اعتماد بھی کرتے ہیں مان بھی کرتے ہیں اُن کی گفتگو اب میرے ساتھ ادب کے دائرے میں واضح دکھائی دتی ہے اور یہ سارا کرشمہ درودابراہیمی کی بدولت ہوا ہے۔

زندگی میں سکون آیا:

میں نے پچھلے سال سے درود کا آغاز کیا تھا لائف میں بہت تبدیلی آئی ہے مجھے سات سال سے ایک مرض سے تنگ کررکھا تھا میں اس مرض سے تنگ آچکی تھی میں نے ایک روز رب کریم کی بارگاہ میں التجاء کی کہ یااللہ مجھے اس ضدی مرض سے نجات عطا فرما ساتھ صدقہ دیا اور درودابراہیمی کا ورد شروع کردیا۔اس دعا کے بعد اور درود شریف کی کثرت کی بدولت رب نے مجھے سات سال پرانے مرض سے شفاء عطا فرمائی اور مجھے اُس مرض سے نجات ملی۔

درودابراہیمی پڑھنے والا انسان بہت سکون میں رہتا ہے چاہے کتنا بڑا غم مل جائے دکھ دکھ نہیں لگتا دکھ اُس کے دل و دماغ کے نظام کو ڈسٹرب نہیں کرسکتا۔درودابراہیمی پڑھنے والے کو ڈیپریشن ہو نہیں سکتا۔میرا یہ یقین ہے کہ درودابراہیمی پڑھنے والے کو کوئی مرض نہیں لگ سکتا۔درودابراہیمی پڑھنے والا کا دل مطمئن رہتا ہے۔

درود پڑھنے والے انسان کو کسی کی ضرورت نہیں رہتی اکیلا پن محسوس نہیں ہوتا۔درودابراہیمی پڑھنے والا دنیا کے ہر قسم کے ڈر سے خوف سے فوبیا سے نجات پاتا ہے۔درودابراہیمی والا اپنی تقدیر پر راضی رہتا ہے اسکا دل ہمیشہ کہتا ہے کہ سب ٹھیک ہے۔درودابراہیمی سکون ہی سکون ہے عافیت ہی عافیت ہے۔

جو 1000 بار روز اس درود کو پڑھ لے میں سمجھتی ہوں اس سے خوش نصیب کوئی نہیں ہے۔درود ابراہیمی پڑھنے والے کی ہر مراد سنی جاتی ہے مگر یہ خیال رکھا جائے کہ درود کو مستقل روز پڑھا جائے۔درود ابراہیمی کا ورد کرنے والا جادو کے وار سے محفوظ رہتا ہے درود ابراہیمی سے ہر بڑی موذی بیماری میں شفا ہے۔درود ابراہیمی پڑھنے والا قبر میں سلامت رہے گا ان شاء اللہ اُس کو قبر میں کیڑے نہیں پڑیں گے اُس کا وجود اُس کا کفن میلا نہیں ہوگا۔

الجھنوں سے نجات:

میں آپکو درود کی دعوت دیتی ہوں جس سے میں بھی مستفید ہو رہی ہو۔اور ہو چکی ہوں میں بھی وہ عورت تھی جو گہرے ڈیپریشن میں گئی تھی۔پھر اللہ نے ہمت دی حالات سے لڑنے کی ہمت اور درود پر لگا دیا اب بھی ذرا سی ڈیپریشن میں چلی جاؤں تو میرا دماغ ماؤف ہو جاتا ہے ایسا لگتا ہے بس آخری دن ہے۔

لیکن میں درود کی کثرت کرتی ہوں اس لیے بڑے سانحے سے بچ جاتی ہوں۔ابھی بھی میرے سر میں بہت درد تھا میں نے صرف 100 بار درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے سر پر دم کیا اور پانی پر دم کر کے پی لیا اللہ نے کرم کیا ایسا لگ رہا درد تو کبھی تھا ہی نہیں۔کبھی کوئی دل سے بات نہ جاتی ہو تو بھی یہ درود پڑھ کر دم کرتی ہوں اللہ کا کرم ہو جاتا ہے اور کبھی سر پر بوجھ ہو تو بھی ایسا کرتی ہوں میرا تجربہ ہے کہ اگر آپ کو امراض نے گھیر رکھا ہے تو درود کے ساتھ دوستی لگائیں۔درود کی کثرت کر لی جائے درود سے دوستی کر لی جائے تو اس کے بعد کسی میڈیسن کی ضرورت نہیں رہتی شفاء کا نظام اُس کے ساتھ ہو جاتا ہے۔آپ درود کی کثرت کریں درود سے محبت کریں ان شاء اللہ آپ کو بہت نفع ہوگا اور آپ لوگوں کی ادویات سے جان چھوٹ جائے گی۔اس درود شریف کے اندر اللہ تعالیٰ نے روحانی اور جسمانی دونوں امراض کا علاج پوشیدہ رکھ دیا ہے۔اور میں نے بارہا آزمایا ہے کہ ہر وہ بیماری جس پر درود ابراہیمی دم کر دیا جائے اُس سے جان چھوٹ جاتی ہے اور بندے کو

شفاءنصیب ہوتی ہے۔بس بات ہے یقین کی اور یقین اعظم ہی اسم اعظم ہے۔

شادی کے اسباب بن گئے:

یہ بات 2019 کی ہے میں نے نیانیا عمرہ کیا تھا میں بہت مطمئن لوٹی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے گھر کی زیارت سے نوازا ہے، روضہ رسول ﷺ پہ حاضری کا شرف بخشا ہے تو وہ خالی ہاتھ نہیں لوٹائے گا ان شاءاللہ عزوجل بہت ساری عنایات سے نوازے گا پھر میں نے ایک کروڑ درود شریف پڑھنے کی نیت کر لی اور جنوری 2020 سے متواتر گن کر پڑھنا شروع کیا۔میرا بھائی مجھ سے دو سال چھوٹا ہے اسکی شادی طے پا گئی جبکہ میری عمر تھی شادی کے لائق لیکن رشتہ نہ ہونے کے باعث میں اور والدین بے بس تھے۔

اسکی شادی 5 ستمبر 2020 کو قرار پائی۔لیکن میرا ابھی رشتہ نہیں آیا تھا میں نے درود کو وقت دینا شروع کر دیا اور میرے درود کی تعداد بڑھتی چلی گئی میں دو تین دن میں ایک لاکھ پڑھنے لگ گئی تھی اور تہجد میں اللہ تعالیٰ کے آگے فریاد کرتی کہ اب کیا ہوگا بھابی آجائے گی گھر بھی بہت چھوٹا ہے دو جوان بہنیں ہیں ہم کدھر جائیں گی۔

پھر وہی ہوا جو درود شریف پڑھنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے بھائی کا رشتہ اچانک ختم ہو گیا اور میری شادی 5 ستمبر سے پہلے ہی 15 اگست کو ایک قابل، شریف اور محنتی انسان سے ہوگئی۔لیکن میرے درود کی تعداد میں فرق نہیں پڑا میں نے شادی کے بعد بھی درود شریف کا دامن تھامے رکھا میری شادی کو ایک سال، ڈیڑھ سال گزر گیا لیکن اولاد سے محرومی مجھے یقین تھا کہ درود شریف کی برکت سے نواز دی جاونگی اور وہی ہوا میرا ابھی 45 لاکھ ہی درود شریف ہوا تھا کہ مجھے اولاد کی امید مل گئی۔کون کہتا ہے کہ درود شریف پڑھنے سے نہیں ملتا میں تو کہتی ہوں سب کچھ رب کے کرم اور درود کی برکت سے ملتا ہے۔میری شادی کے تھوڑے عرصہ بعد میرے بھائی کی شادی کے اسباب بھی بن گئے اور میرے گھر کی اچھے گھرانے میں شادی ہوگئی۔

ہر تالے کی چابی:

ایک بھائی ہیں اُنہوں نے درود ابراہیمی سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ درود ابراہیمی کے کمالات اگر میں سارا دن لکھتا رہوں تو تب بھی ختم نہ ہوں گے درود ابراہیمی ہر مشکل کا حل اور ہر تالے کی چابی ہے۔

اس درود شریف کا کثرت سے ورد کرنے والوں پر اللہ کا ایسا کرم نازل ہوتا ہے کہ دنیا حیران رہ جاتی ہے جادو جنات کو ختم کرنے گندے اثرات کو ختم کرنے بیماریوں پریشانیوں سے نجات پانے اور اللہ پاک سے کوئی بھی جائز حاجات منوانے کے لیے اس درود شریف کا پڑھنا بہت ہی فائدے مند ہے۔جس بندے کی جو بھی حاجت ہو وہ درود ابراہیمی کا ورد کرنا شروع کردے ان شاءاللہ اُس بندے کی حاجتیں پوری ہوں گی۔ ہر نماز کے بعد اگر درود ابراہیمی کی ایک تسبیح پڑھ لی جائے تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

اگر زندگی میں بیماریاں پریشانیاں ہوں تو درود ابراہیمی کی بدولت اُن سے نجات ملے گی جادو جنات نظر بد کے گندے اور خطرناک اثرات ختم ہوجائیں گے زندگی میں سکون ہی سکون ہوگا اور سب سے بڑھ کر اللہ کریم بار بار اپنے گھر میں حاضری نصیب فرمائیں گے۔اگر کوئی بھی شخص درود ابراہیمی کا ورد کرنا شروع کردے تو اُس کے الجھے ہوئے معاملات سلجھ جائیں گے جو لوگ کہتے ہیں کہ ورد وظائف کا اثر نہیں ہوتا میں کہتا ہوں بہت کچھ ملتا ہے اگر انسان کی نیت صاف اور بندہ خلوص والا ہو تو رب عطا کرتا ہے ۔بس نیت اچھی ہونا اور حاجت جائز ہونا شرط ہے درود ابراہیمی کی برکت سے دیا جاتا ہے عطا کیا جاتا ہے یہ بارہا کا آزمودہ اور پرتاثیر عمل ہے۔

دل کا سکون:

ایک خاتون بتاتی ہیں کہ درود ابراہیمی کا ورد کرنے سے میرے دل کو سکون ملتا ہے اور میرے اندر ایک خوشی کا سماں ہر وقت موجود رہتا ہے۔الحمدللہ جب سے میں نے درود ابراہیمی کا ورد شروع کیا ہے ہر کام میں برکت کا مظاہرہ کیا ہے۔

پہلے پہل میں ایک تسبیح بھی مشکل سے مکمل کرتی تھی لیکن اب الحمد للہ میں ایک ہزار بار درودابراہیمی روزانہ آسانی سے پڑھ لیتی ہوں ۔میری زندگی میں مثبت بدلاؤ آیا ہے عبادت کی طرف رجحان بنا ہے اور میں بہت خوش ہوں کہ کریم رب نے مجھے درودابراہیمی کی توفیق عنایت فرمائی درودابراہیمی نے میری زندگی کو خوبصورت بنا دیا ہے۔کریم رب ہمیں سدا درودابراہیمی سے محبت کرنے اوراس کاورد کرنے کی توفیق دیے رکھے۔آمین

اولیاء کی اولاد:

میرا تعلق ایک سید فیملی سے ہے پیر جماعت علی شاہ نقشبندی سرکار (علی پور سیداں) میرے ننھیال والے ہیں۔میری والدہ بھی اللہ کی ولیہ ہیں اور ہم پر ہمارے ولیوں اور بزرگوں کی خاص نظرِ کرم ہے مجھے درودابراہیمی سے بچپن سے ہی بہت لگاؤ ہے اور میں کالج لائف سے درودابراہیمی کا ورد کرتی ہوں لیکن تب زیادہ نہیں پڑھتی تھی ڈیلی کی صرف ایک تسبیح ۔پھر فروری سال 2021 سے میں باقاعدہ اور مستقل مزاجی سے درودِابراہیمی کا وِدر شروع کیا اب الحمداللہ میری روز کی تعداد پانچ سے چھے ہزار ہوگئی ہے پھر ساتھ میں میں نے درود مختصر اور درود رحمت کو بھی شامل ورد کرلیا اور الحمداللہ کچھ دن پہلے ہی میرا ایک کروڑ درود پاک (مختلف صیغوں کے ساتھ)مکمل ہوا ہے۔

میں نے ڈیڑہ سال کے مختصر عرصے ایک کروڑ درود شریف پڑھا ہے۔میں زیادہ تر باوضو رہتی ہوں اور درود شریف ودر کرتی ہوں۔درود پاک کی برکت سے میری وہ وہ دعائیں قبول ہوئیں جنکے قبول ہونے کی امید بھی ختم ہو چکی تھی میرے لئے وہاں سے دروازے کھلنے کی خوشخبری ملی کہ جو ہمیشہ کے لئے بند ہو چکے تھے اور یہاں تک کہ مجھے میری شادی اور میرے مستقبل کے بارے میں دکھایا گیا۔الحمدللہ

مجھے آسمان پر اسمائےحسنیٰ لکھے ہوئے دکھائے گئے خواب میں میرے پیارے آقاﷺ اپنی پیاری بیٹی سیدہ فاطمہ زہرہ سلام اللہ علیہ کے ساتھ میرے لئے دعا کے لئے ہاتھ اُٹھا کر مجھ گنہگار سے

فرماتے ہیں مانگو جو جو مانگنا ہے کہاں میں گنہگار اور کہاں یہ نظرِ کرم۔ میں آلِ رسول ﷺ میں سے ہوں جس پر مجھے فخر ہے، میرے پاس الفاظ نہیں کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اس احسان کے بدلے اسکی شان کے مطابق اسکا شکر ادا کرسکوں۔

دو دن پہلے جب میرا ایک کروڑ درود پاک مکمل ہوا اور میں تہجد اور فجر کی نماز ادا کر کے سوئی تو خواب میں دیکھا کہ آسمان پہ بہت نور ہے اور پھر وہ نور زمین پر آتا ہے اور جب میں اس نور کے پاس جاتی ہوں تو وہاں میرے آقا ﷺ میرے میرے بابا میرے مولیٰ امام مہدیؑ کھڑے ہوتے ہیں اور وہ مجھے اپنی عطاؤں سے فیضیاب کرتے ہیں اور پھر سر پہ ہاتھ رکھ کر فرماتے ہیں تم ہماری بیٹی ہو اور جس نے تمہیں تکلیف پہنچائی اس نے ہمیں تکلیف پہنچائی اور یہ وہ الفاظ ہیں جو میرے پیارے آقا ﷺ نے اپنی پیاری بیٹی سیدہ فاطمہ زہرہ سلام اللہ علیہا کے لئے فرمائے تھے۔ اور جب امام مہدیؑ جانے لگتے ہیں تو میں پوچھتی ہوں کہ آپ دوبارہ کب آئیں گے؟ تو وہ میری طرف دیکھ کر مسکراتے ہیں کہ جیسے فرمارہے ہوں کہ تم جب بھی مجھے دل میں یاد کروگی ہم تمہارے پاس ہونگے۔

امام مہدیؑ کا مجھے یہ کہنا کہ تم ہماری بیٹی ہو اس بات گواہی ہے کہ میرا حسب نسب سید ہے اور میں آل رسول ﷺ ہوں۔ میری سب سے درخواست ہے کہ خدارہ کبھی کسی سید کا دل نہ دکھانا کبھی کسی سید کو برا بھلا نہ کہنا ایسا نہ ہو کہ آقا کریم ﷺ اور انکی پیاری بیٹی سیدہ فاطمہ زہرہؓ کو تکلیف پہنچے اور تمہارا یہ عمل تمہیں نمازی پرہیزگار ہونے کے باوجود جہنم میں لے جائے سید اگر غلط بھی ہو تب بھی آقا کریم کی نسبت سے اسکی تعظیم کرو کیونکہ اولاد چاہے نافرمان ہی کیوں نہ ہو والدین کو بہت پیاری ہوتی ہے۔ آخر میں بس ایک ریکویسٹ ہے کہ درود پاک کو اپنا ارڑھنا بچھونا بنا لیں اور مستقل مزاجی اور محبت سے ورد کرتے جائیں آپ پر ایک دن ضرور نگاہِ کرم ہوگی اور وارے نیارے ہوجائینگے۔ آمین

آقاﷺ تشریف لائے:

آج میں آپ کے ساتھ وہ واقعہ شیئر کرنے جارہی ہوں جس کے بعد میں نے باقاعدگی سے درود پڑھنا شروع کیا میں جب بھی نماز پڑھتی تھی درودابراہیمی جتنا آسانی سے ہوتا میں اُتنا پڑھ لیتی پھر ایک دن مجھے بخار ہوگیا اُس دن میں نے صرف نماز پڑھی درودابراہیمی نہ پڑھ سکی اور عشاء کی نماز پڑھ کر سوگئی۔

اس رات میں نے ایک خواب دیکھا میرے گھر کا گیٹ کھلا اور پہلے میرے گھر میں لوگوں کا ایک ہجوم داخل ہوا ساتھ میٹھی میٹھی سُریلی آواز بھی آرہی تھی ۔آواز مسلسل آرہی تھی کہ میرے گھر میں سیدنا محمدﷺ آگئے ہیں اور وہاں لوگ سب ایک دوسرے کو بتارہے ہوتے ہیں کہ میرے گھر میں سیدنا محمدﷺ آگئے ہیں۔خواب میں میں بخار میں خود کو محسوس کرتی ہوں اور میری آنکھیں بند ہوتی ہیں اور مسلسل میں آوازیں سن رہی ہوتی ہوں اور آواز سے میں اندازہ لگاتی ہوں کہ جیسے وہ آوازیں میرے قریب آرہی ہوتی ہیں۔

اسی دوران تجسس اور شوق سے میں جب آنکھیں کھولتی ہوں تو نبی کریمﷺ اُن سب لوگوں کے آگے میرے پاس کھڑے ہوتے ہیں اور سب لوگ آپﷺ کے پیچھے کھڑے تھے اور آپﷺ کا قد اُن کھڑے لوگوں میں سب سے واضح اور بلند دکھائی دے رہا تھا۔پھر میں نے دیکھا کہ نبی کریمﷺ نے اپنے کندھے سے کملی اُتاری اور میرے اوپر ڈال دی۔میں اپنے دل ہی دل میں یہ سب منظر دیکھ کر خوش ہورہی ہوتی ہوں ۔پھر میں دل ہی دل میں سوچنے لگتی ہوں کہ نبی کریم ﷺ کو کیسے پتہ کہ مجھے بخار ہے؟ پھر نبی کریمﷺ کے پیچھے جو لوگ کھڑے تھے اُن میں سے ایک شخص بولا تم روزانہ نبی کریمﷺ پر درود بھیجتی ہو اور آج تمہارا درود نہیں پہنچا۔

تو اس لیے نبی کریمﷺ اور ہم سب لوگ تمہارا پوچھنے آئے ہیں اور میرے چہرے کے اوپر کالی کملی تھی اور جو آدمی یہ بات بتارہا تھا میں نے اُس کا چہرہ نہیں دیکھا اُس کے بعد مجھے ایسا محسوس

ہو رہا تھا جیسے لوگ میرے گھر سے جا رہے ہیں اور وہ سُریلی آواز بھی آہستہ آہستہ مدہم ہونے لگی اور مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے میری ٹانگوں سے کوئی کالی کملی کھینچ کر لے جا رہا ہے جب پوری طرح سے کسی نے کالی کملی کھینچ لی تب میری آنکھ کھلی اور جب میری آنکھ کھلی تو میں نے دیکھا میرے گھر میں کوئی نہیں تھا۔سب لوگ جا چکے تھے میں اُٹھ کر بیٹھ گئی اور میں اس مبارک خواب کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔

خواب میں میں نے دیکھا میں ٹھیک ہوگئی ہوں اور میرا بخار اُتر گیا اور جب میں صبح تین بجے اُٹھی تب مجھے بخار نہیں تھا میں ٹھیک ہو چکی تھی اور میرا دل سرشار تھا۔میرے پورے گھر میں ایک بہت ہی خوبصورت خوشبو پھیلی ہوئی تھی۔خوشبو کبھی دھیمی ہو جاتی تھی اور کبھی تیز ہو جاتی تھی اب بھی جب میں درود شریف پڑھتی ہوں تو خوشبو شروع ہو جاتی ہے۔

میں نے اپنے خواب میں جس طرح نبی کریم ﷺ کی اپنے اُمتی سے محبت دیکھی ہے تب سے مجھے احساس ہوا ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے اُمتیوں سے کتنی محبت کرتے ہیں۔اس خواب کے بعد میری نبی کریم ﷺ سے محبت بہت بڑھ گئی ہے اب میرے سامنے نبی کریم ﷺ کا ذکر خیر چلے تو فرط محبت میں میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔اللہ کریم ہمیں نبی کریم ﷺ کا سچا عاشق بنائے۔آمین

درود شریف کی کثرت سے مراد:

درود شریف کی کثرت کے حوالے سے سوال کا جواب دیتے ہوئے حضرت علامہ شہاب خفاجی رحمتہ اللہ علیہ شرح شریف میں بیان فرماتے ہیں کہ کثرت درود شریف سے مراد یہ ہے کہ درود شریف پڑھنے والا اگر کثرت سے درود شریف پڑھنے میں مشکل محسوس کرے تو کم سے کم 313 بار ضرور پڑھے یہی کثرت درود تصور کیا جائے گا اللہ تعالیٰ نے 313 کے عدد میں ایک خاص تاثیر رکھی ہے جہاں یہ عدد پایا جاتا ہے وہاں فلاح، خیر و برکت اور کامیابی نصیب ہوتی ہے۔

اس لیے اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں میں 313 رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام بنا کر بھیجے غزوہ بدر میں شریک صحابہ کرامؓ کی تعداد 313 ہی تھی اس لیے 313 کا عدد خیر و برکت اور کامیابی کی علامت ہے۔ جالوت کے مقابلے میں حضرت طالوت کی جو فوج تھی اُس کی تعداد بھی تین سو تیرہ تھی اور اُس فوج میں حضرت داؤد علیہ السلام بھی موجود تھے جالوت کی موت حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھوں ہوئی اور بعد میں آپؑ کو نبوت اور بادشاہت سے نوازا گیا۔ تین سو تیرہ کے اندر رب کریم کی خصوصی مدد شامل ہے۔ ہمارے اکابر نے تین سو تیرہ بار درود شریف کو کثرت درود میں شمار لکھا ہے۔ کم از کم 313 مرتبہ روزانہ درود شریف پڑھیں تا کہ آپ کا شمار بھی کثرت سے درود شریف پڑھنے والوں میں شامل ہو جائے۔ ہمیں چاہیے کہ کم از کم ہم روزانہ عشاء کی نماز کے بعد 313 بار درود ابراہیمی کا ورد کرنے کی ترتیب بنائیں۔

ہم روزانہ جب درود ابراہیمی کی ترتیب بنائیں گے اور وقت مقررہ پر ورد کریں گے اور ایک جگہ طے کر کے ورد کریں گے تو ہمیں برکات جلد ملیں گے تاثیر جلد ملے گی اور درود شریف کے اندر موجود ثمرات ہمیں عطا کیے جائیں گے۔

ہم جس جائز نیت کو سامنے رکھ کر درود ابراہیمی عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں گے تو ہماری دعائیں قبول ہوں گی ہمیں کامیابی ملے گی ہمیں منزل ملے گی ہمیں عطا کیا جائے گا اور ہمارے دامن کو نعمتوں سے لبالب بھرا جائے گا۔ احتیاط یہ کرنی ہے کہ درود شریف کے ورد کے بعد موبائل نہیں دیکھنا، کمپیوٹر، ٹی وی سکرین کو استعمال نہیں کرنا ایسا نہ ہو نور اکٹھا کرنے کے بعد اُس میں ملاوٹ کرتے رہیں اور جب رزلٹ نہ ملے تو شکوے کرتے رہیں۔

قبولیت کی راہیں:

درود ابراہیمی نے قبولیت کی راہیں دیکھی ہوئی ہیں درود ابراہیمی نے محبوبیت کا سرٹیفکیٹ پایا ہوا ہے درود ابراہیمی کا اللہ کے ہاں ایک خاص مقام ہے روحانیت کے خزانوں میں سے ایک قیمتی خزانہ

ہے درودابراہیمی۔وقت شاہد ہے کہ جن کے بڑوں نے درودابراہیمی کو کثرت سے یقین سے محبت سے ادب سے اور روزانہ وظیفہ بنا کر پڑھا آج اُن کی نسلوں میں ولایت لڑی درلڑی چلے آرہے ہیں۔اور دنیا اُن سے جہاں فیض یاب ہورہی ہے ساتھ وہ ولی اللہ درودابراہیمی کی برکات کو سمیٹ رہے ہیں۔

درودابراہیمی کے اندر ایسے ایسے راز موجود ہیں جن کو اگر مخلوق خدا کے سامنے کھولا جائے تو لوگ دیوانہ وار درودابراہیمی کی محبت کو پانے ،درودابراہیمی کی خوشبو کو پانے کے لیے لپکیں۔اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو مختلف صورتوں میں بنایا ہے سو میں سے ایک فیصد حصہ بھی ابھی تک ہمارے مشاہدے میں نہیں آیا سامنے نظر آنیوالی کائنات کی یہ صورتحال ہے تو روحانی کائنات کی صورتحال کس قدر وسیع ہوگی۔روحانی کائنات میں مختلف جہان ہیں جن کی سیر درودشریف کی بدولت نصیب ہوتی ہے ہر جہان کا نظام دوسرے جہان سے مختلف ہے ہر جہان کی بناوٹ دوسرے جہان کی بناوٹ سے الگ ہے ہر جہان کا قانون دوسرے جہان کے قانون سے مختلف ہے ہر جہان کی مخلوق دوسرے جہان کی مخلوق سے مختلف رنگ وروپ ،غذا وفضا رکھتی ہے۔عالم الگ ہیں جہان الگ ہیں۔جس طرح نماز پڑھنے والے کو نمازی ،حج کرنے والے کو حاجی ،قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے کو قاری کہتے ہیں اسی طرح درودشریف کا ورد کرنے والے کو مصلی کہتے ہیں مصلی کا لفظ صلوٰۃ سے لیا گیا ہے صلوٰۃ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی صلوۃ وسلام اور دعا کے ہیں۔

لفظ مصلی صلوٰۃ سے مشتق ہے۔درود فارسی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی رحمت برکت اور تحفہ بھیجنے کے ہیں۔مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں حضور اقدس ﷺ پر درودشریف پڑھنے والوں میں سے ہوں۔کریم رب ہمیں درودشریف ہر پل پڑھنے اور اس کی قدردانی کرنے کی توفیق سے نوازے۔اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس کریم نے مجھے آپ کو نبی اکرم ﷺ کی اُمت میں پیدا فرمایا

اور درود شریف ورد کرنے کی توفیق عنایت فرمائی۔ الحمدللہ

بار بار حاضری کی سعادت ملی:

ایک بھائی ہیں جنھوں نے ایک کروڑ درودابراہیمی مکمل کیا ہے اب دوبارہ سے اُنہوں نے درودابراہیمی ایک کروڑ پڑھنے کی نیت سے درود شریف شروع کیا ہے وہ بھائی بتاتے ہیں کہ 2020ء میں کورونا کے جب دن چل رہے تھے تو کورونا کی وجہ سے سعودیہ میں حرم کو بھی مکمل طور پر بند کر دیا گیا تھا۔ اُن دنوں حرم کے بادشاہ، شہزادوں اور شاہی خاندان کے افراد کے علاوہ دیگر ممالک کے لوگوں حتیٰ کہ بادشاہوں کا داخلہ بھی بند کر دیا گیا تھا۔

اُس دور میں مجھ ناچیز کو حرم پاک میں خدمت کرنے کا موقعہ ملا۔ بھائی بتاتے ہیں کہ درودابراہیمی کے اندر بہت زیادہ کمالات موجود ہیں سب سے بڑا کمال اس کے اندر یہ ہے کہ درودابراہیمی کا ورد کرنے والے کو بار بار مکہ اور مدینہ کی حاضری نصیب ہوتی ہے۔ درودابراہیمی کی برکت سے مجھے کریم رب نے بارہا بار عمرہ ادا کرنے اور کافی بار الحمدللہ حج کرنے کی سعادت سے نوازا ہے ۔جو بندہ درودابراہیمی کا کثرت سے ورد کرتا ہے اُسے ان پاک سرزمینوں پر بار بار جانے زیارت کرنے اور عبادت کرنے کا موقعہ ملتا ہے۔

درودابراہیمی کی برکت سے اُن سرزمینوں پر عبادت کرنے کا موقعہ ملا جہاں وقت کے انبیاء کرامؑ نے اور میرے آقا ﷺ نے اپنے قدم رنجہ فرمائے ہیں۔ اُن گلیوں میں پلکیں بچھانے کا موقعہ ملا جہاں میرے آقا ﷺ کے قدم مبارک لگے ہوئے ہیں۔ رب کا کرم ہے کہ مجھے کریم رب نے درودابراہیمی کی برکت سے بار بار مکہ اور مدینہ میں حاضری کا شرف بخشا میرے چھوٹے موٹے کام خود سے ہی نمٹ جاتے ہیں مجھے کبھی معاشی تنگی کا سامنا نہیں کرنا پڑا میری عبادت ومعاملات الحمدللہ احسن طریقے سے چل رہے ہیں۔ درودابراہیمی کی برکات الحمدللہ مجھے بہت زیادہ ملی ہیں اور اس کے اندر موجود مٹھاس اور خوشبو سے مجھے نوازا گیا ہے جس پر میں اُس کریم رب کا شکر گزار

ہوں۔

انوکھی دنیا:

ایک بہن کہتی ہیں کہ میری ایک سہیلی تھی، اس کے دو چھوٹے چھوٹے بچے تھے، اچھی زندگی گزر رہی تھی کہ اچانک اس کو ایک بیماری لگ گئی بیماری اتنی شدید تھی کہ بڑھتی جارہی تھی، اس بیماری کو کینسر بھی کہہ سکتے ہیں، یہاں تک کہ اس کے سر کے بال وغیرہ بھی اترنے لگے تھے وہ بہت زیادہ لاغر اور کمزور ہو چکی تھی، ڈاکٹرز کو دکھایا علاج چل رہا تھا مگر امید کی کوئی کرن نظر نہیں آرہی تھی۔

ایک دن حسبِ معمول چیک اپ کے لیے ڈاکٹر کے پاس گئے، ٹیسٹ ہوا تو رپورٹس وہی منفی آئیں بلکہ اس بار ڈاکٹر نے اسے کوئی تسلّی دینے کے بجائے انتہائی دل ہلا دینے والی بات کہی کہ آپ کے پاس صرف چھ مہینے باقی رہ گئے ہیں آپ کی بیماری نا قابلِ علاج ہے، اور اگر ادویات دی جائیں تو زیادہ سے زیادہ آٹھ ماہ آپ زندہ رہ سکتی ہیں۔

یہ سن کر وہ سکتے میں آگئی اور اتنا روئی، اتنا روئی کہ اس کے آنسو تھمنے کا نام نہیں لے رہے تھے، گھر آکر اس نے مجھے فون کیا اور تمام بات بتائی، لیکن وہ فون پر بھی اتنا رو رہی تھی کہ مجھ سے بھی برداشت نہیں ہوا اور فون بند کرنے کے بعد میں سیدھا ان کے گھر پہنچ گئی، وہ مستقل اپنے معصوم بچوں کو دیکھ دیکھ کر رو رہی تھی، میں نے اسے بہت تسلی دی، پھر روتے ہوئے اس نے مجھ سے پوچھا کہ کبھی تم پر کوئی مشکل وقت آیا ہو تو تم نے کیا کیا؟

میں نے اس سے فوراً کہا کہ تم درود شریف پڑھو۔ مجھ پر بھی جب بھی کوئی مشکل وقت آیا میں نے درود شریف پڑھا ہے تو اللہ نے کرم کیا ہے۔ اس نے میری بات سنی تو سہی مگر وہ چاہتی تھی کہ فوراً سے کوئی کرشمہ ہو جائے اور میں بالکل ٹھیک ہو جاؤں، میں اس سے یہی کہتی رہی کہ تم درود شریف بھیجو نبی پاک ﷺ پر، درود شریف کے اندر شفاء ہے دیکھنا تم بالکل ٹھیک ہو جاؤ گی۔

اس نے میری بات پر عمل کرنا شروع کر دیا اور روز جتنا ہو سکتا درود شریف بھیجتی سرورِ کونین خاتم

الانبیاء حضرت محمد عربی ﷺ پر۔ کچھ دنوں بعد اس کو اپنے اندر کچھ بہتری محسوس ہونے لگی، وہ سمجھی کہ دواؤں کی وجہ سے میری طبیعت ٹھیک ہورہی ہے، تین ماہ بعد وہ ڈاکٹر کو واپس چیک اپ کروانے کے لے گئی، اس نے جانے سے پہلے پھر مجھے فون کیا اور وہ بہت زیادہ گھبرائی ہوئی تھی کہ پتہ نہیں اب کیا رپوٹس میں آئیگا، میں نے اسے پھر تسلّی دی کہ تم نبی پاک ﷺ پر درود بھیجتی رہو، دیکھنا درود پاک کی برکتوں سے سب بہتر ہوگا۔ ان شاءاللہ

پھر اس کے ٹیسٹ ہوئے اور ڈاکٹر نے اسے ایڈمٹ کرلیا اور کہا کہ رپوٹس دس گھنٹے کے بعد آئیں گی، دس گھنٹے کے بعد رپوٹس آئیں تو مزید اسے تین گھنٹے انتظار کے لیے کہا۔ اسی اثناء میں وہاں سے لیب ٹیسٹ والوں کا گزر رہا تو انھوں نے اس کو دیکھا اور ایک دم رک کر اس کا نام پوچھا اور پھر اس کے شوہر کا نام پوچھا تو اس نے اثبات میں سر ہلا دیا، پھر وہ حیرت سے آپس میں سرگوشی میں کچھ کہنے لگے کہ یہ رپوٹس تو انہی کی ہیں اور اس سے کہا کہ آپ میرے ساتھ اندر ڈاکٹر کے پاس آئیں۔

وہ اندر گئے تو ڈاکٹر نے اس کی رپوٹس کی اسکیننگ کی اور اسے بغور دیکھنے لگے۔ پھر اس سے کہا کہ آپ اس طرف آکر بیٹھیں وہ ڈاکٹر کے قریب والی کرسی پر جاکر بیٹھ گئی، ڈاکٹر بہت غور سے اور حیرت زدہ ہوکر کبھی اس کو دیکھتا اور کبھی اس کی رپوٹس کو، پھر ڈاکٹر نے پوچھا کہ آپ کہیں اور سے بھی علاج کروارہی ہیں کیا؟ اس نے کہا نہیں! یہاں سے علاج ہورہا ہے اور بس اسلام آباد میں ایک جگہ دیکھایا تھا تو انھوں نے آپ کے پاس بھیج دیا۔ پھر ڈاکٹر نے کہا کہ اچھا کہیں سے انجیکشن لگوارہی ہیں؟ تو اس نے کہا کہ نہیں! میں کہیں سے انجیکشن بھی نہیں لگوارہی۔ اب وہ بہت گھبرا گئی اور اس نے ڈاکٹر سے کہا کہ ڈاکٹر صاحب کیا بات ہے؟

آپ مجھے کیوں Confuse کررہے ہیں؟ جو بات ہے وہ بتادیں۔ تو ڈاکٹر نے کہا کہ میں آپ کی پرانی رپوٹس دیکھ رہا ہوں جس پر آپ کو چھے سے آٹھ ماہ تک کا ٹائم دیا ہوا ہے اور اس پر

آپ کے دستخط بھی ہیں اس نے کہا جی مجھے معلوم ہے۔ پھر ڈاکٹر نے کہا کہ اب میں آپ کی نئی رپوٹس دیکھ رہا ہوں جس میں ہر چیز پازیٹیو آ رہی ہے یعنی کہ اس بیماری کا کوئی وجود ہی نہیں ہے آپ میں۔ وہ کہتی ہے کہ میں نے اس وقت کچھ نہیں دیکھا کہ میں ڈاکٹر کے پاس بیٹھی ہوں یا ہاسپٹل میں ہوں۔

میں اسی وقت کرسی سے اٹھی اور وہیں زمین پر سجدے میں گر گئی اور اتنا روئی اتنا روئی کہ جب رو رو کر میرے آنسو تھم گئے تو مجھے تسلّی دے کر سب نے اٹھایا۔ پھر میں نے ڈاکٹر کو بتایا کہ ڈاکٹر صاحب مجھے میری دوست نے کہا تھا کہ تم درود شریف پڑھو تو میں رات کو سونے سے پہلے تین سو بار نبی پاک حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود بھیج کر سوتی تھی، اور یہ سب درود کی برکتوں سے مجھے اس جان لیوا بیماری سے شفا ملی ہے۔ اب وہ الحمدللہ مکمل صحت یاب ہے، اب اسے کوئی تکلیف نہیں، اب وہ گھر کے سارے کام باقاعدگی سے کرتی ہے اور بچوں کو بھی سنبھال رہی ہے۔ جیسے اسے کوئی بیماری تھی ہی نہیں۔ درودابراہیمی کی برکت سے رب کریم نے اُسے شفاء سے نوازا۔

ذہنی، گھریلو الجھنوں سے نجات ملی:

کراچی سے ایک بہن بتاتی ہیں کہ آج سے ڈیڑھ سال پہلے میں درس نظامی کی طالبہ تھی تین سال درس نظامی کیا۔ اس کے بعد میری ذہنی کیفیت بالکل بدلتی گئی۔ میرا ذہن الٹا چلنے لگا میں ٹینشن ڈپریشن میں ڈوبتی چلی گئی گھر کے مسائل آئے روز بڑھنے لگے۔ میری میرے شوہر کی ازدواجی زندگی متاثر ہونے لگی بچوں کے معاملات میں بھی ٹینشن رہی۔

ڈپریشن اتنا زیادہ ہو گیا کہ میں نفسیاتی مریض بن گئی اور باقاعدہ ذہنی امراض کی ادویات کا استعمال کرنے لگی۔ مجھے فوبیا کا مرض لاحق ہو گیا انجانا خوف ہر وقت مجھے گھیرے رکھتا مجھے محسوس ہوتا کہ میں پاگل ہو رہی ہوں کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کیا ہو رہا ہے؟

میرا اپنے آپ پر اعتماد ختم ہو گیا تھا خود کو کمرے میں بند کیے رکھتی اور عجیب سی گھٹن اور خوف تھا جس

میں میں مبتلا تھی۔ گھر کے حالات بہت زیادہ متاثر ہونے لگے میری قوت برداشت کم ہونے لگی۔ پڑھائی میں نے چھوڑ دی ماہر نفسیات کے پاس جا جا کر اور دوائیں کھا کھا کر میں اکتا گئی تھی اب صورتحال یہاں تک پہنچ گئی تھی کہ دوائیاں کھانے کے باوجود نیند نہیں آتی تھی نیند ختم ہوگئی۔ بیماریوں نے پریشانیوں نے ہر طرف سے مجھے گھیر لیا۔ میں ایک بند گلی میں کھڑی تھی جہاں سے مجھے کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

میں پاگل پن کی دہلیز پر کھڑی تھی۔ پھر رب کو مجھ پر ترس آ گیا اور مجھ پر اللہ کا کرم ہوا مجھے کسی نے درود شریف پڑھنے کا مشورہ دیا میں نے سوا لاکھ درود شریف پڑھنے کی نیت کر لی اور ساتھ ساتھ نوٹ کرنے کی بھی باقاعدہ ترتیب بنائی۔

جب میں نے درود شریف پڑھنا شروع کیا تو مجھے بہت اچھی Feelings آئیں جس سے میری ڈھارس بندھی۔ کچھ عرصہ نہ گزرا تھا کہ اللہ کا کرم ہوا الحمدللہ درود شریف پڑھتی گئی بیماریاں مسائل جان چھوڑتے گئے۔ اپنے حبیب خدا ﷺ کے صدقے اللہ جی نے ایسا کرم کیا کہ میرے دکھ سکھ میں ڈھلنے لگے۔ سوا لاکھ درود شریف مکمل کرنے تک میں نے نوٹ کیا کہ نفسیاتی امراض کی جو گولیاں میں کھاتی تھی ان کی تعداد آہستہ آہستہ گھٹنے لگی اور جب سوا لاکھ درود شریف مکمل ہوا اس وقت تک میری تمام گولیوں سے جان چھوٹ چکی تھی۔

اب اللہ کا کرم ہے سکون سے ہوں پڑھائی بھی دوبارہ شروع کر دی ہے زندگی میں سکھ ہے سکون ہے شانتی ہے۔ گھر کے معاملات اچھے ہو گئے ہیں۔ الحمدللہ ازدواجی زندگی بھی بہت اچھی ہو گئی ہے۔ الحمدللہ اب ہم میاں بیوی خوش و خرم ہیں۔

مکہ مدینہ میں حاضری کی بھی دلی تمنا ہے رب سے دعا گو رہتی ہوں کہ رب مجھے مکہ مدینہ کی حاضری نصیب کر دے۔ الحمد للہ سوا لاکھ سے آگے میں مزید درود شریف کو جاری رکھے ہوئے ہوں۔ میری نیت ہے کہ ایک کروڑ درود شریف پڑھوں گی اور اپنی تمام زندگی درود شریف پڑھنے

کی نیت رکھتی ہوں۔ میں تو یہ دعا مانگا کرتی ہوں کہ اللہ کریم مجھے مرنے کے بعد قبر میں بھی روز قیامت کی صبح تک درودشریف پڑھنے والی بنادے۔اللہ کریم ہمیں ہر پل درودشریف سے جوڑے رکھے۔آمین

جنت میں ٹھکانہ دکھایا گیا:

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ! پاکستان کے صوبہ سندھ کے علاقے سکھر میں ایک بزرگ محمد فاروق سکھروی رہتے تھے ایک مرتبہ ایسے شدید بیمار ہوئے کہ گھر والوں خصوصا بیٹوں کو گمان ہوا کہ ابا جان اب سفرآخرت پر جانے والے ہیں مشورہ ہوا کہ کفن دفن کا پہلے ہی انتظام کرلیا جائے تاکہ بعد میں پریشانی نہ اٹھانی پڑے۔

سکھروی صاحب نے جب یہ صورتحال دیکھی تو بیٹوں کے ارادوں کو بھانپ گئے ان کو آواز دے کر بلایا اور بیٹوں سے پوچھا کہ کہاں جارہے ہو؟ بیٹوں نے صاف صاف بتادیا تب بزرگوں نے فرمایا کہ میرے پیارے بیٹو! تمھیں ان تیاریوں کا خیال آیا یہ اچھی بات ہے لیکن مجھے اللہ کی ذات سے امید ہے کہ میں ابھی (اس بیماری) سے نہیں مرتا (ان شاءاللہ) صحت یاب ہوجاؤں گا۔

پھر کبھی آئندہ ایسے کھٹکے کا وقت آیا تو تمھیں خود پیشگی کفن دفن کا اشارہ دے دونگا۔بچوں نے جب اس راز کی وجہ پوچھی تو اُنھوں نے اپنے بیٹوں کو راز بتادیا کہ اُنہیں کیسے خبر ہے کہ ابھی اُن کی موت نہیں آئے گی؟

پھراس کے بعد وہ بزرگ دواڑھائی سال کے بعد پھر بیمار پڑے تو بچوں کو بلا کر سفرآخرت کی خبر دی پھر کہنے لگیکہ الحمدللہ سرکاردوعالم ﷺ کہ خوشخبری والے ارشاد پر(کہ روزانہ ہزار مرتبہ درود شریف والے عمل پر)عمل پیرا تھا لیکن پہلی بیماری تک جنت میں اپنے ٹھکانہ نہ دیکھ سکا تھا اس لیے مجھے موت کے نہ آنے پر بھی یقین تھا اور اس کے بعد سے اب کی موجودہ طبیعت کی ناسازی

کے درمیان میں نے الحمدللہ ساقی کوثر شافع محشر حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ارشاد کے مطابق جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لیا ہے۔ پھر وہ اللہ والے تیسرے دن ہی ایمان و دولت کی دولت عظیمہ کے ساتھ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے کتنی بڑی سعادت کی بات ہے کہ روزانہ ہزار مرتبہ درود پاک جس میں اتنا وقت بھی نہیں لگتا پڑھنے والے کو اللہ اس دنیا میں ہی جنت میں اپنا ٹھکانہ دکھا دیتے ہیں۔ اور پھر اُن بزرگ کا یقین پیہم بھی ایک مثال سے کم نہیں ہے۔

کرشمات ہوئے:

ایک خاتون بتاتی ہیں کہ درود ابراہیمی کا ورد کرنے سے کرشمات ہوتے ہیں درود ابراہیمی کی برکت سے نورانی و روحانی رازوں پر مشتمل خواب آتے ہیں درود ابراہیمی کا ایک کمال یہ ہے کہ آپ کا واسطہ اچھے اور نیک لوگوں کے ساتھ پڑنے لگتا ہے جو آپ کو ٹینشن نہیں دیتے بلکہ آپ کی زندگی میں سکون لے کر آتے ہیں اور آپ کو خیر کی راہوں کی طرف گامزن کرنے میں مددگار ہوتے ہیں ۔درود ابراہیمی کا ورد کرنے والے کے لیے راہیں کشادہ ہو جاتی ہیں۔

اُس کے معاملات اٹکتے نہیں ہیں پھنستے نہیں ہیں اور اُس کی زندگی سے الجھنوں کا خاتمہ ہوتا ہے زندگی میں مٹھاس آتی ہے اور انسان کامیابیوں ،عزتوں سکون کی سیڑھیاں چڑھتا چلا جاتا ہے ۔اس درود شریف کے اندر بہت زیادہ راز موجود ہیں جو خوش قسمت ہوگا اُسے درود ابراہیمی ورد کرنا نصیب ہوگا۔ درود ابراہیمی پڑھنے کی توفیق ہر کسی کو نہیں ملا کرتی اور یہ ایک راز کی بات ہے یہ ایک خاص بات ہے۔

درود ابراہیمی پڑھنے والا بندہ ہو اور مستقل پڑھنے والا ہو تو اُس کا حفاظت کے ایک خصوصی نظام میں داخل کیا جاتا ہے اگر کوئی اُس پر جادو کرنے کی کوشش کرتا ہے تو وہ جادو اُسی شخص پر لوٹا دیا جاتا ہے یہ بارہا کا مشاہدہ اور تجربہ ہے۔

مبشرات کا سلسلہ:

ڈیرہ غازی خان سے ایک بہن نے بتایا کہ مجھے درودابراہیمی سے عشق ہے اور درودابراہیمی میرے لیے ایسے ہے جیسے انسان کے لیے آکسیجن،جس دن میں مصروفیت یا کسی وجہ سے درودابراہیمی کی مخصوص تعداد نہ پڑھ لوں میرے اندر گھٹن رہتی ہے میں پریشان رہتی ہوں اور میں متفکر رہتی ہوں کہ کب میں یہ تعداد پوری کروں اور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں اپنی حاضری لگواؤں۔

بتاتی ہیں کہ بچپن میں جب میں پریشان ہوتی تھی تو خواب کے اندر میں دیکھتی تھی کہ سنہری حروف میں درودابراہیمی مجھے لکھا ہوا دکھایا جاتا تھا،کبھی آسمان پر خوبصورت سفید رنگ میں لکھا ہوا درودابراہیمی دیکھتی اور کبھی مجھے اپنی چاروں اطراف بہت ہی دلکش اور خوبصورت انداز میں درودابراہیمی لکھا ہوا دکھایا جاتا۔جس سے مجھے توانائی ملتی اور مجھے میرے سوال کا جواب مل جاتا میری پریشانی کا حل مل جاتا۔

درودابراہیمی کے ذریعے مجھے خوشخبریاں دی جاتی رہیں،درودابراہیمی نے میرے زندگی کے اندر بہاریں لائیں،درودابراہیمی کی برکت سے میرے اندر عبادت کا بہت زیادہ ذوق پیدا ہوا۔ایک بار میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ماتھے پر اللہ لکھا ہوا ہے۔جس کی تعبیر یہ ہے کہ مجھے نفلی عبادت کرنے اور سجدہ کرنے کا بہت شوق ہے اس لیے مجھے بشارت دی گئی کہ اللہ کے ہاں تمہارا سجدہ قبول ہے۔

ایک بار میں نے خواب دیکھا کہ نبی کریم ﷺ جلوہ افروز ہیں اور میں نے اُن کی زیارت کی ہے ایک بار میں نے اماں فاطمہؓ کی زیارت بھی کی ہے۔ایک بار میں نے خواب دیکھا کہ آسمان بہت زیادہ روشن ہے اور بہت ہی خوبصورت نورانی روشنی سے آسمان جگمگ، جگمگ کر رہا ہے ،ایک بار حکیم محمد طارق محمود چغتائی مدظلہ نے مجھے ایک امانت دی کہ فلاں تک پہنچا دو۔جس کا

مطلب یہ بنتا تھا کہ آپ کا درود شریف قبول کرلیا گیا ہے۔

یہ بہن بتاتی ہیں کہ مجھے درود ابراہیمی سے عشق ہے درود ابراہیمی ہر پل پڑھنا درود ابراہیمی سے محبت کرنا، درود ابراہیمی کے الفاظ میرے لیے آکسیجن کا کام کرتے ہیں جن کو ادا کر کے مجھے راحت ملتی ہے۔ میں چاہتی ہوں میں ہوں اور مصلیٰ ہو، میں چاہتی ہوں میں ہوں اور تسبیح ہو، دنیا کا کوئی ایسا کونہ ہو جہاں کوئی بھی نہ ہو، صرف اللہ ہو اور میں ہوں، میں اللہ کی عبادت کرتی رہوں اور درود شریف پڑھتی رہوں اور یوں ہی میری زندگی تمام ہو جائے۔ یہ بہن روزانہ دو ہزار سے زیادہ درود ابراہیمی کا ورد کرتی ہیں اور بچپن سے اُن کا یہ معمول ہے نفلی عبادات، نفلی روزے رکھنا، تلاوت کرنا اُن کے معمولات میں ہے۔ کریم رب ہم سب کو درود ابراہیمی محبت، ادب، یقین اور لگن کے ساتھ پڑھنے کی توفیق سے نوازے اور درود شریف کے ساتھ جوڑے رکھے۔ آمین

جائز حاجات:

ایک بہن بتاتی ہیں کہ انہیں درود شریف پڑھنے کا بہت شوق ہے چاہتی تو ہیں کہ بہت زیادہ درود شریف پڑھیں لیکن اُن کے بچے چھوٹے ہیں جس وجہ سے وہ کثرت سے درود شریف نہیں پڑھ پاتیں۔ بتاتی ہیں کہ میں نے درود شریف کی بہت برکتیں دیکھی ہیں توجہ اور دھیان سے درود شریف پڑھا جائے تو اُس کی تاثیر کمال کی ہو جاتی ہے۔ میں جب دھیان سے توجہ سے بیٹھ کر درود شریف پڑھتی ہوں تو مجھے اپنے اردگرد سے خوشبو آتی ہے۔

بہن اپنا ذاتی مشاہدہ بتاتی ہیں کہ درود شریف کے دیگر صیغے بھی ورد کرتی ہوں لیکن میں زیادہ کثرت درود ابراہیمی کی کرتی ہوں کچن میں میں چائے بنا رہی تھی کہ چائے نکالتے ہوئے چائے میرے ہاتھ پر گر گئی لیکن درود شریف کی برکت سے میرا نہ ہاتھ جلا اور نہ ہی مجھے جلن محسوس ہوئی اور نہ ہی چھالا بنا۔ میں یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کیونکہ اُسی وقت ہی تو چائے میں نے چولہے سے گرما گرم اُتاری تھی۔ لیکن درود شریف کی برکت سے رب کریم نے مجھے محفوظ رکھا۔

بتاتی ہیں کہ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ سسرال والے کہتے کہ میکے جا کر رہو اور میکے والے کہتے تھے کہ سسرال جا کر رہو یہ سب رویہ دیکھ کر میں بہت پریشان ہوتی تھی کہ میں جاؤں تو جاؤں کہاں ؟ نہ میکے والے قبول کرتے ہیں اور نہ ہی سسرال والے مجھے اپنے گھر میں ٹھہرنے دیتے ہیں۔ میں نے اسی پریشانی کے عالم میں درودابراہیمی کی تعداد بڑھالی اور مسلسل دعائیں بھی کرتی کہ یا اللہ میرے لیے آسانیاں پیدا فرما دے تاکہ میں پرسکون زندگی گزار سکوں میں روزانہ ہزار بار درودابراہیمی ورد کرتی اور ساتھ مناجات بھی کرتی رہی۔

اللہ کا کرم ہوا اور رب کریم نے مجھے اپنے خزانے سے اتنا دیا کہ میں نے اپنا الگ سے گھر لے لیا اور آج میں اپنے شوہر اور بچوں کے ساتھ پرسکون زندگی گزار رہی ہوں۔ میں نے تجربات ومشاہدات سے یہ سیکھا اور جانا ہے کہ درودابراہیمی جس جائز مقصد کے لیے پڑھا جائے اُس میں بہتری ہوتی ہے۔

ڈراؤنے خوابوں سے نجات:

درودابراہیمی کی برکت سے برے خوابوں کا سلسلہ بند ہوجاتا ہے اور اچھے خواب آنے لگتے ہیں جن لوگوں کو خطرناک، ڈراؤنے اور برے خواب آتے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ درودابراہیمی کا ورد کیا کریں ان شاء اللہ برے خوابوں کا سلسلہ بند ہوجائے گا اور برکت یہ ملے گی کہ روحانی اور نورانی خوابوں کا سلسلہ شروع ہوجائے گا۔

یہ میرا اپنا آزمودہ ہے اور یہ بہت ہی مجرب، کارآمد فارمولا ہے جسے میں بارہا آزما چکی ہوں۔ بتاتی ہیں کہ اگر آپ پر جادو جنات کے اثرات ہیں تو آپ کو دو کام ضرور کرنے چاہیں ایک تو روزانہ حسب توفیق صدقہ دینا شروع کردیں اور دوسرا درودابراہیمی کی کثرت کریں یہ کرکے دیکھیں ان شاء اللہ ہر قسم کا جادو، نظر بد، حسد ختم ہوجائے گا اور آپ کی زندگی میں خوشیاں ،خوشحالیاں، سکون اور عافیت آئے گی۔ صدقہ کرنے اور درودابراہیمی کا ورد کرنے سے آپ

انسان اور جنات دونوں مخلوقوں کے شر سے وار سے محفوظ رہتے ہیں۔آپ کی حفاظت کی جاتی ہے اور آپ کو با قاعدہ سکون میسرآتا ہے۔

جیسے جیسے میری درودابراہیمی کی تعداد بڑھتی جارہی ہے میرا دلی سکون بھی بڑھتا جارہا ہے میں خود کو ہلکا پھلکا اور پرسکون پاتی ہوں۔سب سے گزارش کروں گی درودابراہیمی کا ورد کیا کریں اور اس درودشریف کی قدر کریں ان شاءاللہ ہر وہ جائز حاجت پوری ہوگی جس کی آپ دل میں تمنا رکھتے ہیں۔

پکڑے ہوئے جکڑے ہوئے:

انڈیا کے شہر کانپور سے ایک بہن بتاتی ہیں کہ درودابراہیمی نے میری زندگی کو بدل کر رکھ دیا ہے رب نے وہ سب عطا کیا جو ناممکن لگتا تھا اور یہ سب درودابراہیمی کی برکت سے ہوا۔بہن بتاتی ہیں کہ میں سب درودشریف پڑھنے والوں کے لیے بھی دعا گو رہتی ہوں کہ رب کریم سب کو جھولیاں بھر بھر کر عنایت کرے اور اُن کے مسائل حل ہوں اور وہ خوشی خوشی اپنی زندگیاں گزاریں۔آمین

بہن بتاتی ہیں کہ میرے پانچ بچے ہیں اور ہماری مالی حالات بہت خراب تھی میرے شوہر کو کوئی کام پر رکھنے کے لیے تیار ہی نہیں ہورہا تھا ہر طرف دروازے بند ملتے تھے ہر طرف سے ناکامی ہی ناکامی نے ہمیں گھیرا ہوا تھا ایسا لگتا تھا کہ ناکامی ہی ہمارا مقدر بن گیا ہے میں بچوں کو سکول نہیں بھیج رہی تھی کیونکہ میرے شوہر کا کوئی کام نہیں تھا اور ہم پڑھائی کے اخراجات برداشت کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھے۔

ہمارے گھر میں فاقوں کا سلسلہ جاری تھا ہمارے اپنوں نے بھی ہمیں چھوڑ دیا تھا اور کبھی کسی نے حال تک نہ پوچھا تھا کہ تم لوگوں پر کیا بیت رہی ہے اور قرضہ اتنا زیادہ ہوگیا تھا کہ جینا مشکل ہوگیا تھا۔ہر کوئی مجھ سے دور بھاگنے کی کوشش کرتا تھا اُن کا یہ نظریہ بن گیا تھا کہ جب بھی اس کے پاس

بیٹھو یہ اپنی پریشانیاں لے کر بیٹھ جاتی ہے اوراس کی یہی کہانی ہم سن سن کر تھک گئے ہیں اُکتا گئے ہیں۔اور کچھ لوگوں نے ہمارے خلاف تو باقاعدہ پروپیگنڈہ کرنا بھی شروع کر دیا تھا۔

روحانی علاج معالجہ:

ادھر جب میں کسی پیر،فقیر،عامل کے پاس جاتی تو کوئی کہتا بندش ہے کوئی کہتا جادو ہے اور ہر کوئی اپنی اپنی کہانی بتاتا تھا میں اُن کے کہنے پر وظیفے بھی کرتی رہی لیکن حالات تھے کہ بدلنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے میں سب کچھ آزما چکی تھی۔رہی سہی کسر ایسے نکلی کہ میں نے گھر کی چیزیں بیچ کر روحانی علاج بھی کروایا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ہمارے گھر کی حالت ایسی ہو چکی تھی کہ دیکھنے پر محسوس ہوتا تھا کہ یہ گھر اب گرا کہ اب گرا اُس کی حالت اب رہائش کے لائق نہیں رہی تھی۔قرض دار ہمارے دروازے پر آتے اور ہمیں جلی کٹی سنا کر جاتے تھے جس سے ہمارا اکثر تماشا لگایا جاتا تھا۔

ہمیں کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی ہم مسلسل زوال کی طرف،ذلت کی طرف جا رہے تھے ہر راستہ بند اور ہر دروازہ بند دکھائی دے رہا تھا ہمیں کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ ایسا کیا کریں کہ ہم ان مسائل سے نکل جائیں۔ان مسائل نے ہمیں ذہنی مریض بنا دیا تھا ڈپریشن نے ہمیں جکڑا ہوا تھا گھر میں سکون نام کی چیز انمول ہو چکی تھی اور ہم سب بہت پریشان رہتے تھے ایک لمحہ بھی سکون میسر نہ تھا۔ میں اکثر سوچتی رہتی اور روتی رہتی تھی کہ اگر اس طرح کے حالات چلتے رہے تو ہم تو ذلیل ہو کر رہ جائیں گے ہمارے بچوں کا کیا بنے گا اور ہمارا کیا ہوگا؟

منفی خیالات مجھے گھیرے رکھتے ایک روز میں نے سوچا کہ میں اپنے بچوں،شوہر اور خود کو زہر دے کر ختم کر لیتے ہیں میں مسلسل کوشش کر کر کے تھک چکی تھی انیس سال کا عرصہ گزر چکا تھا اور حالات آئے روز بد سے بدتر ہوتے جا رہے تھے۔میرے بچے چھوٹی چھوٹی چیزوں کے لیے ترس گئے تھے۔ایسا لگتا تھا کہ ہماری زندگی میں خوشیاں کبھی نہیں آئیں گی مشکل وقت مسلسل تکلیف دہ

ہوتا جارہا تھا اور ہماری زندگی میں مسائل آئے روز بڑھتے جارہے تھے۔

اللہ کا کرم ہوا:

ایک روز اللہ کریم کا کرم ہوا اللہ تعالیٰ کو ہم پر شاید ترس آ گیا اُس کی رحمت ہماری طرف متوجہ ہوئی اور اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ درود ابراہیمی کی ویڈیو یوٹیوب پر میری نظر سے گزری جس میں درود ابراہیمی کے فضائل درود ابراہیمی کے کمالات درود ابراہیمی کی تاثیر حاصل کرنے والے لوگوں کے واقعات مشاہدات بیان کیے گئے تھے جب میں نے درود ابراہیمی کے کمالات کو سنا تو وہ کوئی قبولیت کی گھڑی تھی میں پہلے بھی ویڈیوز دیکھتی رہتی تھی لیکن ایسی ویڈیوز کا وقتی اثر ہونے کے بعد اثر ختم ہوجاتا تھا اور پھر میں کسی اور ویڈیو کی طرف متوجہ ہوجاتی تھی لیکن اس ویڈیو کے اندر میری کامیابی کی کنجی میرے سکھ کا فارمولا پوشیدہ تھا جو اللہ کریم نے میرے سامنے کھولا اور مجھے اس طرف متوجہ کیا کہ اے میری بندی درود ابراہیمی کی طرف توجہ کر ہم تجھے بہت نوازیں گے اور تیری جھولی کو بھر دیں گے۔

میں نے جب ویڈیو کو دیکھا تو میرا دل بہت زیادہ متوجہ ہوا اور درود ابراہیمی کے مشاہدات میرے دل و دماغ پر نقش ہورہے تھے مجھے محسوس ہورہا تھا کہ اسی درود کے اندر میری نجات میری کامیابی میری عزتوں کے فیصلے پوشیدہ ہیں درود ابراہیمی کے مشاہدات میں میری دلچسپی بڑھنے لگی اور میں بہت زیادہ اس درود کی طرف متوجہ ہونے لگی دل و دماغ میں اسی درود شریف کے مشاہدات گونجتے رہتے پھرتے رہتے اور میرا دماغ اُن کو بار بار میرے سامنے کھڑا کررہا تھا جو کمالات مشاہدات میں نے سن رکھے ہوتے تھے۔

یک روز اللہ کا کرم ہوا اور میں نے باقاعدہ اہتمام کرکے درود ابراہیمی کی ایک تسبیح پڑھی میں نے اسی روز ارادہ کرلیا کہ آج سے میں تمام وظائف روک دوں گی اور درود ابراہیمی کو ہی اپنا وظیفہ بناؤں گی دن ہو یا رات ہو صبح ہو یا شام ہو میں مسلسل درود ابراہیمی کو پڑھوں گی اور میرا من کہتا ہے

میرا دل کہتا ہے کہ ان شاءاللہ درودابراہیمی کی برکت سے سارے مسائل حل ہوجائیں گے۔

اصل پیغام:

وہ بہن بتاتی ہیں کہ سچی بات یہ ہے کہ ہم مسلمان دنیا کے پیچھے پڑ گئے ہیں۔ہمیں اللہ اوراس کے رسول ﷺ کی طرف توجہ ہی نہیں ہے نہ ہم نماز وقت پر ادا کرتے ہیں نہ ہم شریعت پر عمل کرتے ہیں جو بھی ہم وظیفہ کرتے ہیں یا جو بھی ہم عمل کرتے ہیں اس کے اندر ہماری لالچ چھپی ہوئی ہوتی ہے دنیا حاصل کرنے کی نیت ہوتی ہے تو میں نے سوچا کہ ہمیں اس رویے سے باز آجانا چاہیےاور درودابراہیمی کو نبی کریم ﷺ کی محبت میں اوراللہ کی معرفت کے لیے پڑھنا چاہیےاوردنیاوی لالچ کو پیچھے چھوڑ دینا چاہیےہم نے جب سے دنیا کو حاصل کرنے کی تگ ودوشروع کی اوراللہ اوراُس کے رسول ﷺ کو بھولے ہیں ہم ذلیل ہوکر رہ گئے ہیں اس طرح نہ دنیا ملی اور نہ ہی اُس کا رب اور نہ ہی پیارارسول ﷺ مل سکا۔

جب ہم اللہ اوراُس کے رسول ﷺ کی محبت کو لے کر چلتے ہیں تو دنیا بھی پھر ذلیل ہوکر ہمارے قدموں میں آتی ہے۔میرے اندر یہ احساس پیدا ہوا کہ میں نے اللہ سے دوری اختیار کر کے گھاٹا ہی گھاٹا پایا ہے اب میں اللہ کا قرب پا کر رہوں گی اور میں نے مسمم ارادہ کیا کہ درودابراہیمی کو مسلسل پڑھنا ہے اوراس رب کی عبادت کرنی ہے گناہوں سے بچنا ہے مجھ سے جو گناہ ہوئے ہیں ان پر استغفار کرنی ہے اور میں نے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا ہے اور نبی کریم ﷺ کے طریقوں کے مطابق زندگی گزارنے کا عزم کیا۔

میں دردر کے دھکے کھا کھا کے تھک چکی تھی اور جو سچا در ہے جس در سے سب کو ملتا ہے وہ اللہ کا گھر ہےاور میں اس در کو بھولی ہوئی تھی اب مجھے احساس ہورہا تھا کہ مجھے اللہ سے مانگنا چاہیےاوریقین کے ساتھ مانگنا چاہیے۔جب میں یقین کے ساتھ دعا کروں گی جب میں یقین کے ساتھ اللہ سے مانگوں گی تو وہ رب کریم مجھے ضرور نوازے گا اور میرے اندر یہ عزم پیدا ہوا کہ اب میں اللہ کے در

پرہی پڑی رہوں گی اوراسی سے مانگا کروں گی اوروہی مجھے عطا کرے گا۔

میں نے درودابراہیمی کو باقاعدہ پڑھنا شروع کر دیا شروع شروع میں میرے لیے مشکل ہورہی تھی کیونکہ اس درودشریف کے الفاظ زیادہ ہیں اور میں زیادہ تعداد میں درودابراہیمی نہیں پڑھ پاتی تھی میرے اندر وسوسے بھی سر اٹھاتے تھے کہ یہ درودابراہیمی لمبا ہے فلاں عمل پڑھ لو فلاں وظیفہ پڑھ لو لیکن میں اس کی طرف متوجہ نہیں ہورہی تھی اور میں مسلسل درودابراہیمی کو ہی لے کر چل رہی تھی میں نے درودابراہیمی روزانہ سو بار پڑھنا شروع کر دیا اور یہ میری تعداد مسلسل چلتی رہی تین چار مہینے تک میری تعداد یہی چلتی رہی پھر میں نے 313 بار درودابراہیمی روزانہ پڑھنا شروع کر دیا اور میرا یہ معمول بن گیا اور میں روزانہ درودابراہیمی معمول کے مطابق پڑھا کرتی تھی۔ ناغہ نہیں ہونے دیتی تھی غفلت نہیں کرتی تھی کیونکہ اب مجھ پر کرم ہو چکا تھا اور مجھے قبول کیا جا چکا تھا اللہ کی مدد میرے ساتھ تھی اور میری زبان پر درودابراہیمی جاری ہو رہا تھا۔

رزق کا دروازہ:

تین چار ماہ مسلسل درودابراہیمی پڑھنے کے بعد اللہ تعالی نے کرم کیا اور ہم پر سب سے پہلے رزق کا دروازہ کھلا۔ بہانے بہانے سے اسباب بنے اور میرے شوہر کی نوکری لگ گئی تنخواہ کم تھی لیکن اللہ تعالی سے دعا کی کہ یا اللہ ہمارے رزق میں برکت دے دے اور مجھے یقین تھا کہ ان شاءاللہ ہمارے رزق میں برکت ہوگی اور ان شاءاللہ کرم ہوگا۔

اب ہم مسائل سے نکلنا شروع ہو گئے تھے اور اب درودابراہیمی نے اپنی کرامت دکھانی شروع کر دی تھی اور درودابراہیمی کے تاثیر ہمیں ملنا شروع ہو گئی تھی۔ لیکن میں یہاں یہ عرض کرتی چلوں کہ درودابراہیمی پڑھنے میں ناغہ نہیں کرنا درودابراہیمی کو روزانہ اپنے معمولات میں رکھنا ہے سستی نہیں کرنی اور بے یقینی سے بچنا ہے درودابراہیمی کو یقین کے ساتھ پڑھنا ہے اور درودابراہیمی کو مسلسل پڑھنا ہے اور درودابراہیمی کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا ہے اور درودابراہیمی کو لگن، اعتماد کے ساتھ وقت نکال

کراہتمام سے پڑھنا ہے جلد بازی نہیں کرنی کی۔ یہ سوچ نہیں رکھنی کہ آج صبح پڑھوں اور شام کو کرامت سامنے آجائے صبر سے چلتے رہنا ہے اور اُس وقت کا انتظار کرنا ہے تب یہ تاثیر ملے گی تب یہ کرامت ہمیں دیکھنے کو ملے گی۔

درودابراہیمی کا ورد چلتا رہا اور پھر وہی ہوا جس کا انتظار تھا درود ابراہیمی کی برکت سے میرے شوہر کی آمدن میں برکت ہوگئی اور ہمارا گھر کا نظام راشن پانی بہترین چلنے لگا اور میرے جو بچے سالہ سال سے سکول نہیں جارہے تھے ہم نے ان کو سکول میں ڈال دیا اور آج یہ صورتحال ہے کہ میرے پانچوں بچے الحمدللہ اچھے سکول میں تعلیم حاصل کررہے ہیں اور ہمارے گھر کا نظام بہترین چلنے لگا اور یہ درودابراہیمی کی برکت کا ایک نظام شروع ہو چکا تھا جس کو ہم لے کر چل رہے تھے۔

درودابراہیمی کا سلسلہ چلتا رہا اور کافی عرصے کے بعد میں نے 1100 بار روزانہ درودابراہیمی پڑھنا شروع کردیا اور اس کو اپنا معمول بنالیا اللہ کا ایسا کرم ہوا رزق میں ایسی برکت ہوئی کہ ہم نے قرض اتارنا شروع کردیا قرض لینے والے جو آتے تھے اور ہمیں ذلیل کرکے جاتے تھے ہمیں باتیں سنا کے جاتے تھے وہ بھی حیران ہوتے تھے کہ ان کے پاس یہ مال کہاں سے آرہا ہے؟

اور اللہ کا نظام کہ ہم نے تھوڑی سی آمدن میں جو بظاہر دنیا والوں کے لیے بہت تھوڑی تھی اس میں بچوں کی تعلیم کا نظام بھی کیا گھر کا راشن بھی کیا گھر کے انتظامات بھی دیکھے اور قرض بھی اتارا اور درودابراہیمی کی برکت سے ہمیں قرض سے چھٹکارا نصیب ہوگیا۔

ہم جو ذہنی طور پر ٹارچر ہو رہے تھے ہم جو ذہنی طور پر دباؤ کا شکار تھے ہم جو ڈپریشن کے مریض ہو چکے تھے الحمدللہ درودابراہیمی کی برکت سے اللہ تعالی نے ہمیں اس بیماری سے اس تکلیف سے اس مشکل سے نکالا اور ہم قرض سے مکمل طور پر نکل گئے اور درودابراہیمی کی کرامت یہ بھی ہوئی کہ اللہ تعالی نے ہمارے رزق کے اندر بہت ہی زیادہ برکت ڈال دی۔

لوگ پوچھتے ہیں:

سلسلہ چلتا رہا میں درودابراہیمی مسلسل پڑھتی رہی دوسال کا عرصہ گزر گیا لوگ مجھ سے پوچھا

کرتے تھے خواتین مجھ سے پوچھا کرتی تھیں کہ آپ کیا کام کرتی ہو؟

آپ کی آمدن کا ذریعہ کیا ہے؟

آپ کے پاس ایسا کون سا عمل ہے کہ جس کی برکت سے آپ کے جو پہلے حالات ہم دیکھتے تھے اور آج یہ حالات دیکھ رہے ہیں تو ان حالات سے آپ لوگ کیسے نکلے ہیں؟ میں سب کے سوالات سن کر ان سے عرض کرتی تھی کہ میں درود شریف پڑھتی ہوں لیکن میں کسی کو اپنی تعداد نہیں بتایا کرتی تھی کہ میں کتنا درود شریف پڑھتی ہوں یہ تو عشق کا نظام ہے یہ تو یقین کا نظام ہے جو جتنا زیادہ پڑھے گا اتنا زیادہ اس کو نفع ہوگا۔

اور لوگ ہمارے ان حالات کے پلٹنے پر حیران بھی تھے کہ یہ کیا معاملات ہیں ادھر ہم لوگ خوش تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں مشکلات سے پریشانیوں سے الجھنوں سے نکالا ہے اور وہ ویڈیوز ہمارے لیے خیر کا ذریعہ بنی جن کے اندر درود شریف کے واقعات درود شریف کے کمالات بتائے گئے تھے اور وہ وقت قبولیت کا وقت تھا کہ جب میں نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے اس راستے کے لیے قبول کیا۔

عبادت کا مزہ:

آج ہم الحمدللہ بہترین زندگی گزار رہے ہیں نماز کے اندر دل لگتا ہے تلاوت کے اندر دل لگتا ہے گھر کے اندر سکون ہے درود ابراہیمی کا ورد مسلسل چل رہا ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس درود شریف کی برکت سے خیروں سے نوازا ہے۔ایک وہ وقت بھی تھا کہ خواتین میرے مسائل سن سن کے میری باتیں سن سن کے الجھنوں کی کہانیاں سن سن کے اُکتا چکے تھے اور وہ مجھ سے دور بھاگا کرتے تھے کہ اس کی روز کی یہی کہانی ہے اور یہ روزانہ کوئی نہ کوئی کہانی سناتی رہتی ہے تو لوگ مجھ سے اُکتا چکے تھے لوگ مجھ سے تنگ آ چکے تھے۔

لیکن آج یہ صورتحال ہے کہ میرے رشتہ دار میرے جاننے والے خواتین مجھ سے ملنا چاہتی ہیں اور

وہ راز جاننا چاہتی ہیں کہ جن کی وجہ سے ہم آج الحمدللہ خوشحال ہیں اور ہم مشکلات سے نکلے ہیں پریشانیوں سے نکلیں ہیں الجھنوں سے نکلے ہیں اور میں اکثر یہی بتاتی ہوں کہ میں درود شریف پڑھتی ہوں میں کامیاب ہوگئی آپ درود شریف پڑھیں آپ کامیاب ہو جائیں گے یہ تو وہ کنجی ہے کہ جس تالے کو لگائی جاتی ہے وہ کھل جاتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں یقین کے ساتھ درود ابراہیمی پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے درود ابراہیمی ایک بہت بڑا راز ہے درود ابراہیمی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی قدر دانی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اصل چہرے آشکار ہوئے:

درود ابراہیمی کے کرامت میں نے یہ دیکھی ہے کہ درود ابراہیمی پڑھنے والے پر لوگوں کے چہرے آشکار کر دیے جاتے ہیں لوگوں کے دل کھول کر سامنے کر دیے جاتے ہیں اور جو منافق ہوتا ہے جو دل میں آپ کے بارے میں دشمنی رکھتا ہے بغض رکھتا ہے کینہ رکھتا ہے اس کے بارے میں واضح نشاندہی ہو جاتی ہے اور یہ بہت بڑی کرامت ہے درود ابراہیمی کی۔

میں نے اس بات کا تجربہ کیا ہے کہ درود ابراہیمی میں نے جب سے پڑھنا شروع کیا ہے میرے اندر ایک آواز اتی ہے مجھے محسوس ہو جاتا ہے کہ یہ بندہ یا بندی ہمارے ساتھ مخلص نہیں ہے اور یہ ہمیں نقصان پہنچانے کی نیت رکھتے ہیں اور یہ ہمیں ذلیل کرنے کی نیت رکھتے ہیں اور یہ ہمیں گھاٹے میں دیکھنا چاہتے ہیں ہمیں پریشان دیکھنا چاہتے ہیں اور ہماری الجھنوں اور پریشانیوں پر تالیاں بجانے والوں میں سے ہیں۔

درود ابراہیمی کی برکت سے سینہ کھلتا ہے شرح صدر ہوتا ہے اور انسان کو وہ ساری معلومات ہو جاتی ہیں جس کو لوگ سالہ سال دھکے، دھو کے کھانے کے بعد حاصل کرتے ہیں زندگیاں گزر جاتی ہیں اور یہ چیز انسان مشکل سے ہی سیکھ پاتا ہے لیکن درود ابراہیمی کی برکت سے آپ کا سینہ کھول دیا جاتا ہے اور آپ کو وہ سارے معاملات دکھا دیے جاتے ہیں کہ کون آپ کے ساتھ مخلص ہے اور

کون آپ کے ساتھ منافقت کر رہا ہے۔

جادو کی نشانیاں:

درود ابراہیمی کی برکت سے روحانی خوابوں کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا جس میں میری رہنمائی کی جاتی تھی جس میں مجھے بتایا جاتا تھا جس میں مجھے راہیں سمجھائی جاتی تھیں اطلاع کی جاتی تھی جن لوگوں نے ہم پر کالا جادو کیا تھا ان کی نشاندہی کی گئی اور درود ابراہیمی کی برکت سے جس طرح ان لوگوں کے نقاب میرے سامنے اتارے گئے کمال ہے۔ درود ابراہیمی کی ورد سے میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ درود ابراہیمی کے ورد کرنے والے پر اگر جادو ہو تو وہ جادو ٹوٹ جاتا ہے اور جادو کرنے والے پر جادو لوٹ جاتا ہے اور جو آپ کو ذلیل کرنا چاہتا ہے برباد کرنا چاہتا ہے یا آپ پر سفلی عمل کرواتا ہے۔ اگر آپ درود ابراہیمی پڑھتے ہیں تو وہ کالا عمل آپ پر اثر نہیں کرے گا درود ابراہیمی پڑھنے سے کالا جادو سفلی عمل، تعویذات اور اس قسم کی جتنی بھی گندی چیزیں ہیں وہ ختم ہو جاتی ہیں اور انسان اُن گناہوں سے ان غلاظتوں سے ان مسائل سے ان الجھنوں سے نکل جاتا ہے جس سے نکلنے کے لیے ہم تگ و دو کرنے کے باوجود نکل نہیں پا رہے ہوتے۔

گناہوں کی غلاظت میں پھنسنا بھی جادو کی ایک قسم کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اور انسان جو گناہوں کے اندر مبتلا ہوتا ہے اور انسان جو غلطیاں کرتا ہے اور انسان جو بونگیاں مارتا ہے اور بعد میں پچھتاتا ہے کہ میں نے یہ کیوں کیا؟ مجھ سے یہ کیسے ہو گیا؟ مجھے سمجھ نہیں آئی میرا دماغ کام نہیں کر رہا تھا بعد میں مجھے سمجھ آئی اور بندہ ایسے ایسے کام کر بیٹھتا ہے جو انسان کی ذلت کا انسان کے گھاٹے کا سبب بنتے ہیں اس کے پیچھے اکثر جادو ہوتا ہے جو آپ کے دماغ پر کیا جاتا ہے جو آپ کے معاملات پر رزق پر کیا جاتا ہے تو اگر آپ کے ساتھ یہ معاملات ہیں تو آپ کو درود ابراہیمی کے ساتھ دوستی کرنی چاہیے آپ کو درود ابراہیمی کا مسلسل ورد کرنا چاہیے۔

طبیعت میں ہر وقت بے چینی کا رہنا، جسم میں ہر وقت تھکاوٹ، دکھن کا احساس رہنا، چڑ چڑا پن

رہنا ہر کام میں رکاوٹ مسائل کا ہونا، نہ نیند آنا نہ گھر کے اندر چین آنا، ہر معاملے میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑنا یہ سب جادو کی نشانیاں ہیں۔ جادو سے پورے پورے گھرانے ڈسٹرب ہوتے ہیں لوگ ذلتوں میں، مسائل میں زندگیاں گزار کر قبروں میں پہنچ جاتے ہیں۔ جادو جتنا پرانا ہوتا جائے گا اُس کے اثرات اُتنے سخت ہوتے جائیں گے جو بندہ درودابراہیمی کو اپنی زندگی میں لے کر آتا ہے اُسے جادو کی تمام اقسام سے تمام امراض سے تمام مسائل سے نجات ملتی ہے۔

جادو بندش کا توڑ:

اگر آپ نے اپنی زندگی کے اندر درودابراہیمی کو شامل کر لیا تو آپ دیکھیں گے کہ کرشمے ہوں گے آپ دیکھیں گے کہ کرامتیں ہوں گی کہ درودابراہیمی کی برکت سے آپ کو راہیں سجھا دی جائیں گی آپ کو مسائل سے نکال دیا جائے گا آپ کو روحانیت دے دی جائے گی آپ پر اگر کوئی اثر ہے آپ پر اگر کوئی سفلی عمل ہے آپ پر اگر تعویذات کیے گئے ہیں آپ پر اگر کوئی بندش ڈالی گئی ہے تو وہ سب زنجیریں سب بندشیں سب رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی چاہے وہ جتنی پرانی ہوں یا جتنی بھی سخت کی گئی ہوں درودابراہیمی کے سامنے ان کی کوئی وقت نہیں ہے۔

درودابراہیمی کی کرامت یہ ہے کہ وہ ان چیزوں کو توڑ دیتا ہے درودابراہیمی ان منفی چیزوں کو ختم کر دیتا ہے درودابراہیمی کا نور اتنا کمال کا نور ہے درودابراہیمی کا نور اتنا طاقتور ہے کہ جادو، نظر بد، بندش، تعویذات، سفلی عمل، کی نحوست کو اس کی کالک کو اس کی سیاہی کو ختم کر دیتا ہے۔ جس نے آپ کی زندگی اجیرن کی ہوئی ہوتی ہے درودابراہیمی کی برکت سے اُس سے آپ کو نجات ملتی ہے اور آپ سکھ کا سانس لیتے ہیں۔

درودابراہیمی کا نور آپ کے وجود کے اندر آپ کے گھر کے اندر آپ کی نسلوں کے اندر آتا ہے پھر آپ عبادت کرتے ہیں پھر آپ کا رویہ ٹھیک ہو جاتا ہے پھر آپ کے اخلاق بہتر ہو جاتے ہیں پھر آپ کا ڈپریشن ختم ہو جاتا ہے پھر آپ کی اینگزائٹی ختم ہو جاتی ہے گھر سے بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں

ہر کام سیدھا ہونے لگتا ہے ہر وہ کام جو الٹا ہو جاتا تھا وہ سیدھا ہونے لگتا ہے۔ پہلے جب آپ بولتے تھے تو گالی گلوچ اور برے الفاظ آپ کے منہ سے نکلتے تھے جس پر آپ بعد میں پچھتا جاتے تھے اُن بری عادات سے چھٹکارہ ملتا اور وہ سارے معاملات ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

شریعت پر عمل:

ایک اللہ والی لکھتی ہیں۔ درود ابراہیمی کو مسلسل ورد کرنے والا رنگ ورنگ ہو جاتا ہے اور اس کی زبان کے اندر تاثیر اس کی زبان کے اندر مٹھاس بھر دی جاتی ہے اللہ تعالی ہمیں درود ابراہیمی کا یقین عطا فرمائے اللہ تعالیٰ ہمیں درود ابراہیمی زیادہ سے زیادہ پڑھنے کی توفیق عنایت فرمائے اور یہ وہ نعمت ہے جو کائنات کی بہت ہی خوبصورت نعمت ہے اور یہ وہ نعمت ہے جو حضور اقدس ﷺ کے صدقے اللہ تعالی نے ہمیں عطا کی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس درود شریف کی قدردانی کرنے کی توفیق عطا فرمائے اللہ تعالیٰ ہمیں اس درود شریف کو محبت کے ساتھ پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے اللہ تعالیٰ ہمیں اس درود شریف کو یقین کے ساتھ ورد کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

درود ابراہیمی کی برکت سے اللہ تعالی نے مجھے نماز کی پابندی عطا فرمائی ہے اور نماز کے اندر حلاوت عطا فرمائی ہے اللہ تعالی نے درود ابراہیمی کی برکت سے مجھے قران مجید کی تلاوت نصیب کی ہے قران مجید کی تاثیر نصیب کی ہے قران مجید کی مٹھاس نصیب کی ہے درود ابراہیمی کی برکت سے میں عبادت کی طرف مائل ہوئی ہوں عبادت کی طرف چلی ہوں عبادت کے اندر مجھے سکون ملا ہے۔

درود ابراہیمی کے کرامت یہ بھی ہے کہ ہمارے گھر کے اندر پہلے کوئی بھی نمازی نہیں تھا جب سے ہم نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا ہے اللہ تعالی نے مجھے پنجگانہ نماز پڑھنے کی توفیق دی ہے میرے گھر والے جو بہت کم نماز پڑھتے تھے وہ بھی اب نماز باقاعدگی سے پڑھتے ہیں میرے بچے بھی پانچ وقت کی نماز الحمدللہ پڑھتے ہیں اور اب ہمارے گھر کے اندر کوئی بھی بے نمازی نہیں ہے

سب نماز باقاعدگی سے اور وقت پر ادا کرتے ہیں درود ابراہیمی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں نماز کی توفیق عطا فرمائی ہے۔

ماشاء اللہ سے ہمارے گھر کا ماحول مکمل طور پر پرسکون ہوگیا ہے درود ابراہیمی کی برکت سے میرے بچے اب تہجد کی نماز بھی باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں ہمارے گھر کے اندر تمام لوگ روزانہ قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں اور ہم سب مل کر روزانہ قرآن مجید کا ترجمہ سنتے بھی ہیں اور غور وفکر بھی کرتے ہیں کہ قرآن مجید کے اندر اللہ تعالیٰ نے ہمارے متعلق کیا کیا احکامات نازل فرمائے ہیں۔ درود ابراہیمی کے وجہ سے درود ابراہیمی کی کرامت کی برکت سے میرے ہاتھ کا جو بنا ہوا کھانا ہوتا ہے اس کے اندر برکت ہے اس کے اندر تاثیر ہے اس کے اندر ذائقہ ہے درود ابراہیمی کی برکت سے میرے وجود کے اندر جو بیماریاں تھیں میرے وجود جو کہ بیماریوں کے آماجگاہ بن چکا تھا اس سے نجات ملی ہے۔ اب میرا وجود ہلکا پھلکا اور جسم صحت مند رہتا ہے اور میں روحانی طور پر خود کو مضبوط محسوس کرتی ہوں۔

نشاندہی ہوگئی:

درود ابراہیمی کی برکت سے سینہ کھول دیا جاتا ہے جب میں نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا تھا تو درود ابراہیمی کی برکت سے ہمارے حالات بدلنا شروع ہو گئے تھے ایک بار ہمارے رشتہ داروں کی طرف سے کھیر بھیجی گئی اور میں نے اس کھیر کو فریج کے اندر رکھ دیا کہ بچے آئیں گے تو مل کر کھائیں گے لیکن نہ جانے بار بار بار میری کھیر کی طرف توجہ ہو رہی تھی کچھ تو گڑ بڑ ہے اور میں بار بار کھیر کے بارے میں سوچ رہی تھی کہ اس کھیر کو نہیں کھانا اور جب بھی میں فریج کی طرف جانے کی کوشش کرتی تو میرے دل کے اندر آواز آتی ہے کہ اس کے اندر گڑ بڑ ہے تو میں کوشش کرنے کے باوجود کی اس طرف نہیں جا پا رہی تھی اور فریج کھولتی بھی تھی لیکن میرا دل نہیں مان رہا تھا اور درود ابراہیمی کی برکت سے میرا اندر مسلسل آوازیں آرہی تھیں میں اکثر سوچا کرتی کہ یہ کوئی وسوسہ ہے

یا میرا وہم ہے ایسا کہاں ہوسکتا ہے؟

کہ وہ ہمارے رشتہ دار ہیں ہمارے ساتھ ایسے معاملات کیوں کریں گے لیکن درود ابراہیمی کی برکت سے وہ آواز اتنی طاقتور تھی وہ آواز اتنی صاف تھی کہ میں اس پر توجہ دینے کے لیے مجبور ہو جاتی اور میں کھیر کی طرف متوجہ ہو رہی تھی کہ اس کو نہیں کھانا اس کی طرف نہیں جانا اور بچوں کو بھی نہیں دینا اور ادھر میں حیران تھی کہ یہ کیا معاملہ ہے؟

بہرحال سارا کچھ ہونے کے باوجود چونکہ اس طرف سے معاملات ہو رہے تھے اور مجھے جکڑنے کی کوشش کی جارہی تھی کہ اس کا دماغ اس طرف جائے ہی نہیں اور ان کی کوشش تھی کہ ہم لوگ یہ کھیر کھائیں اور ذلت کی طرف جائیں، بیماریوں میں مبتلا ہوں، رسوائی کی طرف جائیں اور بندشوں کی طرف جائیں میں نے سورہ فلق اور سورہ ناس پڑھ کر کھیر پر دم کیا۔ اور جب اس کو کھانے کے لیے چمچ منہ میں ڈالی تو میں نے دیکھا کہ اس کے اندر چھوٹے چھوٹے باریک بال ڈالے ہوئے تھے جو درود ابراہیمی کی برکت سے سورہ فلق اور سورہ ناس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کھول دیے اور میں دیکھ کر حیران رہ گئی کہ اس کے اندر بہت ہی نفاست سے بھورے رنگ کے بال ڈالے گئے تھے۔

درود ابراہیمی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس سفلی عمل سے بچالیا اور میں نے اپنے شوہر کو بھی یہ سارا معاملہ بتایا اور کھیر دکھائی تو جو ہمارے رشتے داروں نے بھیجی تھی اور ان کے دل کے اندر جو نفرت تھی دشمنی تھی اور وہ ہمارے متعلق جو بغض رکھتے تھے دل کے اندر جو کینہ رکھتے تھے انہوں نے اپنی چال چلی تھی۔ لیکن درود ابراہیمی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بچالیا آخر میں میں یہی کہوں گی کہ ہر گھر سے آنے والا کھانا نہیں کھانا چاہیے وہاں ہمیں نہیں معلوم ہوتا کہ اس کے اندر کیا معاملات ہوسکتے ہیں؟ کوشش کرنی چاہیے کہ گھر کے اندر کھانا بنائیں اور کھائیں۔

دوستی لگائیں:

درود ابراہیمی کا ورد مسلسل کریں اور درود ابراہیمی سے دوستی لگائیں اور درود ابراہیمی کے ساتھ جڑ جائیں تو ان شاء اللہ زندگی کے اندر رنگ آئیں گے زندگی کے اندر خوشبو آئے گی زندگی کے اندر سکون آئے گا۔ اگر مجبوری ہو اور کھانا ہم نے باہر کہیں کھانا ہو، کسی کے گھر میں کھانا ہو تو سورہ فلق اور سورہ الناس پڑھ کر دم کر دینی چاہیے اور اس کے بعد کھالیں اگر اس کے اندر گڑ بڑ ہو تو بھی وہ چیز اثر نہیں کرتی۔ لیکن ایسا بھی نہیں ہونا چاہیے کہ ہم ہر کسی کو شک کی نظر سے دیکھنا شروع کر دیں ہمیں اُن گھرانوں کی خبر ہوتی ہے جو مشکوک ہوتے ہیں تو وہاں پرہیز کرنا چاہیے باقی رشتے داروں کے ساتھ، تعلق داروں کے ساتھ، پڑوسیوں کے ساتھ محبت کے ساتھ رہنا چاہیے، دعوتیں کرنی بھی چاہیں اور دعوتیں کھانی بھی چاہیں اس لیے بہت زیادہ شکی بھی نہیں بننا بلکہ زیادہ توکل پر چلنا اور مشکوک جو لوگ ہیں اُن سے حکمت سے بچ کر رہنا ہے۔

برکتوں کے دروازے:

درود ابراہیمی کی برکت سے مجھے بہت زیادہ برکتیں ملی ہیں اس کے ثمرات ملے، روحانیت ملی نورانیت ملی اور اللہ تعالی نے مجھے درود ابراہیمی کے برکت سے بہت نوازا جب میرے اوپر یہ چیزیں کھلیں تو میں نے سوچا کہ میں بھی اپنے معاملات میں اپنے مشاہدات آپ مخلصین کے ساتھ شیئر کروں تا کہ آپ کو نفع ہو۔

جب آپ تک یہ خیر کا پیغام پہنچے گا اور آپ درود ابراہیمی پڑھیں گے تو مجھے بھی اجر ملے آپ کی زندگیوں کے اندر بھی آسانی اور خوشحالی ہوگی تو اس میں ہم دونوں کے لیے فائدہ ہی فائدہ ہے۔ ساتھ مخلصین کی خدمت کرنے پر اللہ بھی راضی ہوگا اور اللہ کے حبیب ﷺ بھی خوش ہوں گے۔

اللہ والو! درود ابراہیمی سارا محبت ہی محبت ہے درود ابراہیمی سارا عشق ہی عشق ہے درود ابراہیمی کمال ہے درود ابراہیمی نور ہے اور درود ابراہیمی قبول عمل ہے درود ابراہیمی مقبول عمل ہے درود ابراہیمی محبوب عمل ہے اللہ تعالی ہمیں درود ابراہیمی کے ساتھ جوڑے رکھے اللہ تعالی ہمیں ہمارے

نسلوں کو درود ابراہیمی کی قدردانی عطا فرمائے۔آئیں آج عزم کریں ہم اپنی زندگیوں میں درودابراہیمی کو ضرور شامل کریں گے اور درودابراہیمی کو پڑھا کریں گے ۔اللہ ہم سب کو درودابراہیمی زیادہ سے زیادہ پڑھنے کی توفیق عطافرمائے۔آمین

رزق میں وسعت:

الحمدللہ رب کریم نے درودابراہیمی کی برکت سے اتنا رزق دیا ہے کہ ہمارا گھر جومکمل طور پرکھنڈر بن چکا تھا اور جس کی حالت انتہائی خستہ ہوچکی تھی ہم نے وہ گرا کر نیا گھر بنایا ہے اور رب کریم کا ایسا کرم ہوا کہ ہمارے گھر میں خوشحالی بھی ہے قرض بھی مکمل طور پر ادا ہوگیا ہے اور ہمارا گھر بھی بہترین بن گیا ہے اور یہ سب درودابراہیمی کی کرامت اور برکت ہے۔

درودابراہیمی کی برکت سے اللہ کریم نے مجھے عمرہ کرنے کی سعادت سے نوازا۔پہلے میری زندگی میں پردہ بہت کم تھا جب سے میں نے درودابراہیمی ورد کرنا شروع کیا ہے میرا مزاج یہ بن گیا ہے کہ میں رب کریم کے ہر حکم اور نبی کریم ﷺ کے ہرفرمان پرعمل کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ہم تمام لوگ سنت رسول ﷺ پر باقاعدگی سے عمل کرتے ہیں ہم لوگ ہر کام سنت کے مطابق سرانجام دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

میں نے اب باقاعدہ پردہ کرنا شروع کردیا ہے میں شریعت پرعمل کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔

میرے تمام فیملی ممبرز بھی شریعت کی طرف متوجہ ہیں۔ہم لوگ پہلے گناہ کرلیا کرتے تھےلیکن اب میں نگرانی کرتی ہوں کہ ہم لوگ چھوٹے سے چھوٹے گناہ سے بھی بچنے کی کوشش کرتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ نیکیوں کی کمائی کرنے کی کوشش جاری رکھتے ہیں۔درودابراہیمی نے میری زندگی کوسدابہار بنادیا ہے میری زندگی میں رنگ بھردیے ہیں۔

میں آج آپ سب سے یہی گزارش کروں گی کہ درودابراہیمی کوزیادہ سے زیادہ پڑھا کریں آپ جتنا زیادہ درودابراہیمی پڑھیں گے آپ پرکمالات،ثمرات،برکات کے دروازے کھلیں گے اور

وہ وہ نعمتیں آپ کو ملیں گی کہ عقل حیران رہ جائے گی اور لوگ آپ کی خوبصورت، باوقار زندگی پر رشک کیا کریں گے۔ ان شاءاللہ

فقط ایک بیٹی

انعامات کی بارش:

ایک بہن بتاتی ہیں کہ پچھلے کچھ عرصے سے میں پریشانیوں میں گھری رہی۔ میرا تعلق لاہور سے ہے اور میں اولیاء کرام کی توجہات لینے مختلف مزارات پر جاتی وہاں نوافل ادا کرتی حاضری دیتی رہی لیکن مسائل تھے کہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔ ادھر میری امی کی بھی وفات ہوگئی تھی۔ میں مسلسل کریم اللہ سے مانگتی رہتی تھی کہ یا اللہ مجھے ان مسائل سے نکال مجھے ان پریشانیوں سے نجات عطا فرما اور مجھے راہ دکھا میں کیا کروں؟

یہ سلسلہ چلتا رہا یہاں تک کہ مجھے ایک روز خیال آیا کہ میری امی درود ابراہیمی بہت شوق سے اور روٹین سے پڑھا کرتی تھیں اور احادیث کے اندر بھی فرامین موجود ہیں کہ درود شریف تو ہر درد کی دواء ہے کیوں ناں میں بھی درود ابراہیمی کا ورد کروں اور وہ فیض پاؤں جس کی بشارت مسلمانوں کو دی گئی ہے۔

اس سوچ کے ساتھ میں نے درود ابراہیمی کا ورد کرنا شروع کردیا۔ میں نے روزانہ صبح ایک تسبیح درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا اور شام کو ایک تسبیح درود ابراہیمی کا ورد کرنے لگی پھر مجھے جب سکون ملنے لگا میری درود شریف کی تعداد بڑھنے لگی پھر میں ہر نماز کے بعد ایک ایک تسبیح ورد کرتی حتیٰ کہ میری تعداد ہزاروں میں چلی گئی میں روزانہ صبح ایک ہزار بار درود ابراہیمی ورد کرتی اور شام کو بھی ایک ہزار درود ابراہیمی ورد کرتی دن میں جو موقعہ ملتا وہ میں الگ سے درود ابراہیمی کا ورد جاری رکھتی۔ درود ابراہیمی کی تعداد جوں جوں بڑھتی جارہی تھی مجھے طبیعت کے اندر سکون، عبادت کے اندر سکون، اور مزاج کے اندر مثبت بدلاؤ مل رہا تھا ادھر درود ابراہیمی کے نورانی سفر کی بدولت

میرا عشق رسول ﷺ بڑھتا جارہا تھا۔

میری دعاؤں کی نوعیت بھی بدل رہی تھی میری سوچیں بھی بدل رہی تھیں میرازاویہ نگاہ بھی بدل رہا تھا اور میں عشق کی سفر پر روانہ ہوئے جارہی تھی۔ میں بہت اہتمام سے درودشریف پڑھتی میں جائے نماز بچھا کر عطر لگا کر بہت اہتمام کے ساتھ گھنٹوں درودابراہیمی کا ورد کرتی تھی جس تسبیح پر میں درودابراہیمی پڑھتی تھی اُس سے خوشبو آنے لگی تھی اور جس ڈائری پر بمع تاریخ میں درودشریف کی تعداد نوٹ کیا کرتی تھی اُس سے بھی دھیمی دھیمی میٹھی خوشبو جاری ہوگئی تھی۔ میں سالہا سال سے جن مسائل میں پھنسی ہوئی تھی درودابراہیمی کی کثرت سے وہ مسائل خودکار طریقے سے حل ہونا شروع ہوگئے۔

اس طرح سکون زندگی میں آنا شروع ہوگیا کہ کمال تھا رشتوں میں جو تناؤ، بگاڑ پیدا ہو چکا تھا وہ ختم ہوگیا جو مالی مسائل تھے وہ حل ہونے لگے میری طبیعت کے اندر جو بےسکونی اور دباؤ تھا وہ ختم ہونا شروع ہوگیا اور میرے اندر سکون آنے لگے ٹھہراؤ آنے لگا۔ میری برداشت میں اضافہ ہوا اور مجھے سچے اور اچھے خواب آنے لگے۔ اکثر ایسا ہوتا کہ جس طرح میں خواب میں میں کوئی معاملہ دیکھتی دو تین روز کے بعد وہی معاملہ پیش آتا تھا۔

میرے جو رشتے دار تھے اُن کے اصلی چہرے مجھے خواب میں دکھائے جاتے کہ اندر سے وہ کیا ہیں؟ اور ظاہری طور پر انہوں نے کیا روپ دھارا ہوا ہے۔ جیسے جیسے دن گزر رہے تھے میرا درودابراہیمی کا ورد بڑھ رہا تھا میرا سینہ کشادہ ہورہا تھا اور مجھے اندازہ ہونے لگا تھا کہ کون میرے ساتھ مخلص ہے اور کس کے اندر میرے بارے میں بغض پایا جاتا ہے مجھے لوگوں کی اصلیت کا اندازہ ہونے لگا تھا اور یہ وہ کمال تھا جس کے ملنے پر میں بہت خوش اور مطمئن تھی۔

اس حوالے سے صرف ایک واقعہ آپ کے سامنے رکھنا چاہوں گی کہ ہمارے گھر میں کام ہورہا تھا وہاں ایک بابا جی مزدور آئے تو ایک روز میں نے اُن سے پوچھا کہ بابا جی آپ درودشریف ورد

کرتے ہیں؟ تو انہوں نے حیران ہوکر جواب دیا جی ہاں بیٹا میں اپنے بزرگوں کے سلسلے کا درود شریف ورد کرتا ہوں ۔دراصل میں نے اُنہیں خواب میں دیکھا تھا کہ وہ درود شریف کا ورد کرتے ہیں۔اب میں سوچتی ہوں کہ میرے جو چھے سات سال مسائل کے اندر گزرے کاش میں نے جگہ جگہ دھکے کھانے کی بجائے صرف درود ابراہیمی ہی پڑھا ہوتا تو آج حالات مزید اچھے ہوتے اور میرا وہ وقت قیمتی بن گیا ہوتا۔لیکن رب کے ہر اَمر میں حکمت ہوتی ہے بلاشبہ ان دھکوں میں بھی میرے لیے خیر موجود رہی ہوگی۔

مشکلات سے ملی نجات:

ایک بہن بتاتی ہیں کہ میں ٹیچنگ کرتی تھی لیکن کورونا کی وجہ سے میری جاب بھی متاثر ہوئی مسائل نے ہمیں گھیر لیا اور ہم لوگ لاکھوں کے قرض میں جکڑے گئے۔اللہ نے راستہ بنایا اور کینیڈا سے ایک خاتون اُن کو رقم بھیجنے لگیں قرضہ ساتھ ساتھ اُتر رہا تھا لیکن اکاؤنٹ میں پریشانی ہوئی اور سلسلہ بند ہوگیا۔

درود ابراہیمی کا کثرت سے میں ورد کرنے لگی بہت پریشان تھی مسائل نے مجھے گھیر لیا تھا آمدن کا کوئی نظام نہیں تھا جو وہ خاتون رقم بھیجتی تھیں وہ رقم آنا بھی بند ہوگئی میں نے کمیٹیاں ڈالی ہوئی تھیں اُن میں بھی مسائل پیدا ہونا شروع ہوگئے تمام راستے بند ہوتے دکھائی دے رہے تھے۔میں کثرت سے درود شریف کا ورد کر رہی تھی اور میرے اندر ایک یقین تھا کہ ان شاءاللہ کرم ہوگا اور میں ان مشکلات سے نکل جاؤں گی۔

بتاتی ہیں کہ ایک رات میں سوئی تو خواب میں ایک خاتون کو دیکھا جنہوں نے مجھے مخاطب ہوکر فرمایا کہ بیٹا آپ کے ساتھ کیا پریشانی ہے؟ آپ مجھے کھل کر بتاؤ۔اُن کی آواز سے مجھے ایسا محسوس ہورہا تھا جیسے وہ میری مدد کرنا چاہتی ہیں۔

خواب مکمل ہوا اور میں جاگ گئی میں نے دوپہر کو دیکھا کہ میرے موبائل پر ایک میسج آیا ہوا تھا کہ آ

پ کھل کر بتائیں کہ آپ کو کیا مسئلہ ہے؟اور آپ کا قرضہ کتنا ہے؟میں نے جو قرضہ تھا وہ بتایا تو ایک منٹ کے اندر اندر میرے اکاؤنٹ میں انہوں نے ساری رقم بھیج دی جس سے میرا سارا قرضہ ختم ہوگیا میں حیران ہورہی تھی کہ کمال ہوگیا کہ پہلے مجھے خواب میں تیار کیا گیا اور پھر موبائل کے ذریعے میرا رابطہ کرا کے میری مدد کردی گئی جس پر میں حیران بھی تھی اور خوش بھی۔درود شریف کی برکت سے نبی کریم ﷺ کی توجہات سے اور کریم رب کے کرم سے میرا قرضہ ادا ہوگیا اور میں نے خود کو ہلکا پھلکا پرسکون اور Relax محسوس کیا ایک بہت بڑا بوجھ تھا جو میری ذات سے ہٹا لیا گیا تھا اور یہ سارا درود شریف کی برکت سے ممکن ہوا تھا۔

اماں فاطمہؓ کی زیارت:

ایک بہن جن کا نام طاہرہ ہے، لاہور سے اپنا مشاہدہ بتاتی ہیں کہ میں نے رمضان المبارک 2023 میں جب درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا تو روز مجھے اپنے پاس سے خوشبو آتی تھی،تقریباً رات 1 بجے کے بعد، پہلے دن تو میں ڈر گئی تھی، کیوں کہ وہ خوشبو میں نے اس سے پہلے کبھی نہیں سونگھی تھی۔

سب سو رہے ہوتے تھے، میں دیکھتی بھی تھی کہ شاید باہر سے خوشبو آرہی ہوگی مگر جب میں نے خوب تسلی کی تو یہ جانا کہ خوشبو کہیں باہر سے نہیں آرہی ہوتی تھی جب میں نے بہت زیادہ غور و خوض سے کام لیا اور میں نے صحیح سے چیک کیا تو میں نے جانا کہ جہاں بیٹھ کر میں درود شریف پڑھا کرتی تھی وہیں سے آرہی تھی۔

یہ خوشبو کا سلسلہ میرے ساتھ روز ہی ہوتا تھا، پھر مجھے انتظار ہوتا تھا خوشبو کا روز ہی اور الحمدللہ رمضان المبارک میں آخر تک اور عیدالفطر کی رات بھی مجھے خوشبو آتی رہی۔پھر اسی طرح عیدالفطر کے تیسرے دن میں ظہر کی نماز کیلئے میں جب تیاری کر رہی تھی میں نے وضو کیا اور درود شریف پڑھنے لگ گئی،اذان میں ابھی ٹائم تھا، مجھے اتنی شدید نیند آنے لگی جیسے کوئی تھپکی دے کر سلا رہا ہو،

میں ایک بج کر دس منٹ پر وہیں سوگئی جہاں درود شریف پڑھ رہی تھی، خواب میں دیکھا میں کسی ایسی جگہ پر ہوں، جہاں ہر طرف سبزہ ہے جہاں تک میری نظر جا رہی تھی ہریالی ہی ہریالی تھی، وہ اتنا پرسکون منظر تھا آج بھی مجھے یاد آتا ہے تو بہت سکون محسوس ہوتا ہے۔ میں نے دیکھا میں ایک سڑک پر چل رہی ہوں، اور ساتھ اونچی آواز میں درود شریف درود ابراہیمی پڑھ رہی ہوں۔ میں دیکھتی ہوں کہ روڈ کی دونوں طرف پانی بہہ رہا ہوتا ہے اور اتنا شفاف پانی ہوتا ہے کہ نیچے سے زمین نظر آرہی ہوتی ہے، اور ساتھ دونوں طرف درخت بھی ہوتے ہیں بہت ہی خوبصورت منظر تھا جو میرے ذہن میں نقش ہو گیا ہے۔

وہ بہت دل نشین سی جگہ تھی، اتنے میں دیکھا کہ ایک ہستی آتی ہیں وہ مکمل چھپی ہوئی ہوتی ہیں، کوئی کہتا ہے یہ خاتون جنت نبی کریم ﷺ کی لاڈلی بیٹی حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیھا آئی ہیں، لیکن وہاں میرے علاوہ بس وہ ہستی تھیں اور کوئی نہیں تھا۔

وہ اسی سڑک پر ایک درخت کے نیچے چارپائی پر آ کر لیٹ جاتی ہیں، میں اُن کے پاس بیٹھ جاتی ہوں اور درود شریف درود ابراہیمی پڑھنے لگ جاتی ہوں، پھر کسی کی آواز میرے کانوں میں گونجتی ہے دعا مانگو، یہی وہ چہرہ ہے جس سے نبی کریم ﷺ کو بہت محبت ہے، دعا مانگو دعا قبول ہو گی میں جب یہ مبارک موقعہ دیکھتی ہوں تو خواب میں ہی دعا مانگتی ہوں۔

سب سے پہلے اپنی دوست کیلئے مانگی، پھر بھائیوں کیلئے ماں جی اور ابو جی کیلئے، پھر نبی کریم ﷺ کی ساری اُمت کیلئے دعا مانگنے لگ گئی، اپنے لیے نہیں مانگی، ابھی دعا مانگ رہی ہوتی ہوں تو 3 خواتین اور آجاتی ہیں وہ بھی مکمل چھپی ہوئی ہوتی ہیں وہ مجھے آکر حضرت فاطمہ زہرا ؓ کا پوچھتی ہیں تو میں کہتی ہوں والدہ سو رہیں ہیں، وہ تینوں چلی جاتی ہیں اور پھر آپ ؓ جو میرے پاس تھی وہ مجھے دیکھ کر مسکرانے لگ جاتی ہیں، پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے، اور اس وقت میری زبان پر درود شریف جاری تھا۔ میرا خواب مکمل ہوا میری آنکھ کھلی تو میں نے دیکھا تو اس وقت رات کے

minutes 01:50 ہوئے تھے۔

پچھلے سال 2023 مارچ کی بات ہے، میں نے ریسرچ آرٹیکل انٹرنیشنل جرنل میں جمع کروایا ہوا تھا، اور پریشانی کی بات یہ تھی اُس آرٹیکل کی کوئی خیر خبر نہیں مِل رہی تھی، نہ وہ پبلش ہورہا تھا اور نہ ہی Reject، مجھے اس بات کی بہت ٹینشن تھی اُن دِنوں میں میں اس پریشانی میں مسلسل چل رہی تھی۔ اِسی طرح عیدالفطر کے کچھ دنوں بعد تک بھی میں درود ابراہیمی پڑھتی رہی جس کی برکت سے مجھے آرٹیکل میں کامیابی ملی۔

عید کے کوئی 3,4 دِنوں کے بعد کی بات ہے ہم سب بیٹھے ہوئے تھے، سب باتیں کررہے تھے اور میں درود شریف پڑھ رہی تھی، مجھے پھر خوشبو آنے لگ گئی جو رات کو آتی تھی۔ میں نے سب سے پوچھا آپ کو خوشبو آرہی ہے سب نے نفی میں جواب دیا، میں نے کہا آرہی ہے، سب پھر کہتے ہمیں تو کوئی خوشبو نہیں آرہی، مگر مجھے آرہی تھی۔ میں نے observe کیا تھا میں جن دنوں میں درود ابراہیمی 313 مرتبہ پڑھتی تھی روز مجھے روحانی مشاہدات ہوتے تھے۔ مجھے بھینی بھینی خوشبو آتی تھی اور یہ میرا اکثر وہ مشاہدہ تھا جس کو میں کئی بار محسوس کر چکی تھی۔

زیارت رسول ﷺ:

ایک بہن جن کا نام فوزیہ ہے اُن کا تعلق کراچی سے ہے وہ درود ابراہیمی بہت شوق اور محبت سے پڑھتی ہیں یہ بہن بتاتی ہیں ماشاءاللہ سے میرے پاس درود ابراہیمی کے کافی مشاہدے ہیں درود شریف کے سفر میں مجھے دو سال کا عرصہ گزر چکا ہے اس سے پہلے میں درود تنجینا پڑھا کرتی تھی درود شریف کے اس سفر میں میری زندگی مکمل طور پر بدل چکی ہے۔

درود ابراہیمی کی برکت سے روحانیت، قرب الٰہی، قرب مصطفیٰ ﷺ ملتا چلا گیا یہ اس وقت کی بات ہے جب انسان کو کسی کی ضرورت ہوتی ہے اور انسان آپ کا ساتھ نہیں دیتے تو اس وقت ہمیں پتہ چلتا ہے کہ اللہ کے سوا ہمارا کوئی ساتھ دینے والا نہیں ہے زندگی میں یہ سب چل رہا تھا ہر

طرف سے ناکامی نظر آرہی تھی انسانی رویوں کی اصلیت کھل کر میرے سامنے تھی ایسا لگ رہا تھا کہ میرا دنیا میں کوئی نہیں یہ دنیا کاٹ کھانے والی لگ رہی تھی۔

پھر دل میں رب کریم کی طرف سے اشارہ ہوتا روحانی واردات ہوتی میرے گمان میری سوچیں درود شریف کی طرف چلتی چلی جاتیں، پھر میں نے سوچا کہ میں درود شریف کا سفر اختیار کروں اور یہ ساری توفیق کا نظام اللہ کی طرف سے تھا۔حکمت الٰہی کا سلسلہ چل پڑا میرے نظروں سے بہت سی ویڈیوز میں Messages میں درود شریف کے حوالے سے پیغام ملتے چلا گیا۔

لیکن مجھے تنویر بھائی کی ویڈیوز نے بہت Motivate کیا اوراُن کی بتائی ہوئی باتوں سے ان کے بتائے ہوئے مشوروں سے ان کے بتائے ہوئے مشاہدوں سے مجھے بہت نفع ہوا۔میرا درود شریف کا ورد شروع ہوگیا میرا درود شریف کا سفر شروع ہوگیا درود شریف کی طرف میں متوجہ ہوگئی اور جب سے میں نے درود شریف کے اس مبارک سفر میں قدم رکھا ہے تب سے شکر الحمدللہ اب نہ میں دنیاوی کسی ڈر یا خوف کا شکار ہوں اور نہ ہی کسی قسم کا مجھے ایسا مسئلہ ہے یہ درود شریف کا سفر اسی طرح چلتا رہا پھر اچانک سے تنویر بھائی کی ایک ویڈیو سامنے آئی کہ خواب میں نبی پاک ﷺ کی زیارت کی سعادت نصیب کرنے کے لیے کثرت سے درود بھیجیں نوافل پڑھیں اور بارگاہ رسالت ﷺ میں نذرانہ عقیدت پیش کریں بس طلبگار جو ہو اس کو عطا کر دیا جاتا ہے۔میرے ذہن میں بھائی کی بات بیٹھ گئی اور میں نے ربیع الاول کے حوالے سے بتایا گیا عمل کرنے کا عزم کیا۔

ربیع الاول کا عمل:

ربیع الاول کے حوالے سے تنویر بھائی نے جو عمل بتایا وہ عرض کرتی چلوں عمل اس طرح ہے کہ عشق رسول ﷺ پانے کے لیے دو نفل حاجت کے پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد دعا کریں یا اللہ مجھے عشق رسول ﷺ عطا فرما اور جو بندہ ربیع الاول میں یہ عمل کرے گا ان شاء اللہ اُسے عشق رسول

ﷺ نصیب کر دیا جائے گا۔

اسی طلب کو لے کر میں نے بھی دل سے عمل کیا اور درود شریف کے سفر میں میں نے پہلے حاجت کے نوافل پڑھے اور پھر درود شریف پڑھنا میں نے شروع کر دیا۔ساتھ التجاء کرتی رہی دعا کرتی رہی اللہ تعالی میری دلی مراد پوری ہو جائے اور میری دلی مراد کیا تھی؟ دلی مراد یہ تھی کہ الٰہی مجھے نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہو جائے۔

میں نے ربیع الاول 2023ء کے مہینے میں خواب میں نبی کریم ﷺ کی۔میں نے خواب دیکھا کہ گنبد خضراء پہ آپ ﷺ کھڑے تھے میں بہت زیادہ دکھی تھی اور بہت رو رہی تھی اپنی آخری مراد کے لیے دعا کر رہی تھی کہ اچانک سے نبی کریم ﷺ کی آمد ہوئی ان کی شبیہ ویسی ہی دکھائی دے رہی تھی جیسے قران میں ذکر ہے نور سے بھرا ان کا چہرہ لمبا چوڑا قد اور خوشبو چاروں طرف سے آ رہی تھی میں اس سے زیادہ بیان نہیں کر سکتی ہوں کیونکہ کچھ باتوں کے پردے ہوتے ہیں میں تڑپ کر روئے جا رہی تھی آپ ﷺ نے مجھے اپنے پاس بلایا میں نے اپنا سر نبی کریم ﷺ کے مبارک سینے پر رکھا۔انہوں نے مجھے تسلی دی اور فرمایا سب ٹھیک ہو جائے گا اور مجھے برفی کھلائی اپنے ہاتھ سے اور مجھے گرین چادر پہنائی جس میں کچھ عربی کی آیات لکھی ہوئی تھیں مجھے سکون ملا پھر اچانک سے نبی کریم ﷺ تشریف لے گئے اور میرا یہ مبارک خواب ختم ہو گیا۔

آپ بھی حاجت کے دو نفل پڑھ کر دعا کریں یا اللہ مجھے کثرت سے درود شریف پڑھنے کی توفیق عطا فرما۔یا اللہ مجھے زیارت رسول ﷺ اور عشق رسول ﷺ نصیب فرما یہ عمل آپ مہینے میں تین راتیں کریں ان شاء اللہ آپ کے دل کو عشق رسول ﷺ سے لبریز کر دیا جائے گا آپ کی زبان پر درود شریف جاری ہو جائے گا اور آپ کو ان شاء اللہ نبی کریم ﷺ کی زیارت سے نوازا جائے گا۔وکفیٰ باللہ ولی وکفیٰ باللہ نصیرا

خوبصورت منظر:

بہن مزید بتاتی ہیں کہ ایک اور مشاہدہ درودابراہیمی کے حوالے سے میں آپ کو بتاتی چلوں کہ تہجد کے ٹائم میں درودشریف پڑھتی ہوں ایک روز میں درودابراہیمی پڑھ رہی تھی اور دل بہت دکھی ہو رہا تھا اور اسی دکھی دل کے ساتھ میں فریاد کررہی تھی کہ اللہ سے کیسے بخشش طلب کروں سچی نیت نیک اعمال اور سجدوں کی طلب مانگو کیا کروں ایسا کہ اللہ راضی ہو جائے۔اور وہ کریم رب میرے دل وروح کو پاک کردے اور میری روح کے اندر نور ڈال دے۔پھر اچانک مجھے یہ خیال آیا کہ قبر جیسی تنہائی ہو اور میں وہاں بیٹھ کر رب کریم کی عبادت کروں ذکر کروں سجدے کروں اور کھلی قبر کے اندر ہی میری عبادت کرتے ہوئے روح پرواز کر جائے مسلسل یہ خیال میرے اندر آرہا تھا کہ کاش مجھے تنہائی میں رب کے سامنے التجاء کرنے کا موقعہ مل جائے۔

پھر میں یہی دل میں پکا خیال رکھ کر سوگئی بس پھر اتنا سوچا کہ صبح سویرے کا وقت تھا شاید فجر ٹائم مجھے روحانی خواب آیا روحانی خواب کچھ یوں تھا کہ میں ایک کھلی قبر میں بیٹھی نماز پڑھ رہی ہوں سیف لباس میں نے پہنا ہوا ہوتا ہے میں دیکھتی ہوں کہ سجدے سے سر اٹھاتی ہوں کہ زمین سے سفید رنگ کے دھند نما بادل نکلتے ہوئے نظر آتے ہیں اور ساتھ میں سبزہ دیکھتی ہوں، پھول پودے چھوٹی چھوٹی گھاس جو بہت خوبصورت ہوتی ہے وہ میں دیکھتی ہوں جس سے دل کو فرحت محسوس ہوتی ہے۔

مجھے وہاں اردگرد خوشبو ہلکی ہلکی محسوس ہوتی ہے ادھر ادھر دیکھتی ہوں نہ بندہ نہ بندے کی ذات میں وہاں بالکل اکیلی تھی لیکن وہاں سکون تھا وہاں ٹھہراؤ تھا اور وہ سب دیکھ کر دل کو خوشی ہو رہی تھی طبیعت کو فرحت مل رہی تھی سکون مل رہا تھا ایک بہت ہی پیاری خاموشی اور بہت ہی خوبصورت منظر تھا جو میں نے دیکھا۔درودابراہیمی کی برکت سے رب کریم نے مجھ پر روحانی خوابوں کا سلسلہ کھولا اور میری زندگی مکمل طور پر بدل گئی ہے اب میرے تمام معاملات حل ہونا شروع ہو گئے ہیں تمام پریشانیاں حل ہو رہی ہیں اور میں بہتری کی طرف خوشحالی کی طرف کامیابی کی طرف محو سفر

ہوں اور میرا درود شریف کا سلسلہ الحمدللہ

ایک بیٹی کا درود شریف کا سفر:

ایک بیٹی بتاتی ہیں کہ میرا تعلق خیبر پختونخواہ سے ہے، درود شریف سے تعلق جڑے ایک عرصہ بیت گیا اپنے درود سے جڑے سفر کو میں تین حصوں میں بیان کروں گی۔

میرا درود شریف کا سفر:

حضرت واصف علی واصف رحمتہ اللہ علیہ کا ایک قول ہے کہ حضور پاک ﷺ سے محبت حضور ﷺ کا ذکر مبارک وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کی روحیں پیدا ہونے سے پہلے حضور ﷺ کی محفل میں پرورش پا کر آئیں ہوں، اپنی زندگی پر نگاہ کروں تو سرکار واصف علی واصفؒ کا یہ قول من وعن درست ثابت ہوتا ہے کیونکہ مجھے بھی درود شریف کے سفر پر لگایا گیا ہے میں خود سے اس راستے پر نہیں آئی۔

اب میرا ایمان ہے کہ دو طرح کے لوگ ہیں ایک وہ جن کو درود شریف کے لئے پیدا کیا جاتا ہے اور وہ بہت کم عمری یا عین جوانی میں اس راستے پر چل پڑتے ہیں اور یہ لوگ خاص طور پر دو کریموں (اللہ کریم اور نبی کریم ﷺ) کی نگاہ کرم میں ہوتے ہیں۔

دوم وہ لوگ جو اپنی محنت اور کوشش سے کچھ حاصل کرنے کی لگن سے اس راہ کے لیے منتخب کر لیے جاتے ہیں۔ میں پہلی قسم کے لوگوں میں شمار ہوتی ہوں میری عمر سات آٹھ سال کے درمیان تھی جب ٹی وی پر چلنے والی ایک حدیث مبارک نے جیسے روح کو جکڑ لیا ہو کہ جب بھی آقا کریم ﷺ کا ذکر مبارک آئے تو درود نہ پڑھنے والا بخیل کہلاتا ہے۔

اس کے آگے اس حدیث مبارک کا ذکر بھی آیا کہ جب جمعتہ المبارک کے خطبے کے لیے منبر پر چڑھتے ہوئے آپ ﷺ آمین فرمانے لگے اور صحابہ کرامؓ کے پوچھنے پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ

ہلاک ہووہ شخص جو میرانام مبارک سنے اور درود نہ پڑھے۔"صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم"
اس وقت میری عمر کم تھی سمجھ اتنی نہیں آئی بس یہ بات دل میں بیٹھ گئی کہ اب درود شریف پڑھنا ہے اور کثرت سے پڑھنا ہے پس اللہ تعالی کے فضل وکرم سے میں نے سات سال کی عمر میں نماز کے ساتھ ساتھ درودابراہیمی کو پڑھنا شروع کر دیا اس وقت میں صرف درودابراہیمی کو ہی درود سمجھتی تھی مجھے درود شریف کے دیگر صیغوں کا علم نہیں تھا۔اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ ایک دن اسلامیات کے Lesson میں رسول پاک ﷺ کے اخلاق حسنہ کا Topic پڑھایا جارہا تھا چونکہ ارادہ تو کر چکی تھی اس لیے ذکر محمد ﷺ پر ہر مرتبہ درود شریف پڑھا کرتی تھی یہ Lesson تین دن جاری رہا اور میں نے ان تین دنوں میں اور کچھ نہیں سنا صرف انتظار کیا کہ کب ذکر رسول ﷺ آئے اور میں درودابراہیمی پڑھوں اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ایک سبق کے دوران کتنی مرتبہ نام مبارک آیا ہو گا کہ ابھی ایک مرتبہ بھی درودابراہیمی مکمل نہ ہوتا تھا اور دوبارہ سے پڑھنا شروع کر دیتی تھی پھر یہ عمل مجھے اتنا محبوب ہوا کہ سارا دن درود پڑھنے لگی۔
تیسری ہی رات قسمت جاگ اٹھی اور مجھے نبی آخر الزماں سرور کائنات آقا کریم ﷺ کا خواب میں دیدار نصیب ہو گیا. شب وروز گزرنے لگے میرا درود شریف کا سفر شروع ہو چکا تھا میں اب اس درود شریف کے سفر کی مسافر بن چکی تھی۔
اب تو معمول بن گیا درود شریف پڑھنے کا اور کھیلتے کودتے سوتے جاگتے درود ورد زبان رہنے لگا مگر کچھ کمی تھی، تسلسل نہیں تھا تھوڑی دیر پڑھا پھر بھول گئی پھر دوبارہ یاد آنے پر پھر سے پڑھنا شروع کر دیا کرتی، تھوڑی دیر بعد اگر پھر بھول جاتی تو جب دوبارہ یاد آتا پھر درود شریف پڑھنے لگتی۔لیکن اللہ کا یہ فضل مجھ پر رہا کہ ناغہ کبھی نہیں کیا، رفتہ رفتہ درود شریف پڑھنا عادت میں شامل ہو گیا اور میں درود شریف کے ساتھ پروان چڑھنے لگی عمر کے ساتھ ساتھ مصروفیات میں بھی اضافہ ہونے لگا لیکن دیدار اور خوابوں کا سلسلہ تواتر کے ساتھ جاری رہا مشاہدات ہوتے رہے

جس کی وجہ سے درود شریف سے تعلق مضبوط تر ہوتا گیا۔

بچپن سے ہی:

بچپن سے ہی میں نے درود شریف کسی حاجت یا مقصد کے حل کی نیت کے بغیر پڑھا یہ سوچ کر کہ اللہ اوراس کے فرشتے آپ ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اور ہم مسلمانوں کو بھی درود پڑھنے کا حکم ہوا لہٰذا میری نیت حکم ربی کو پورا کرنا اور محبت رسول کریم ﷺ کی تھی، کئی سال درود ابراہیمی پڑھنے میں گزر گئے پھر ایک دن مجھے علم ہوا کہ ''صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' بھی ایک درود شریف ہے چونکہ ایک مختصر مگر جامع درود شریف ہے تو زیادہ پڑھنے کے شوق میں اس درود کو میں نے اپنا وظیفہ بنالیا۔

درود شریف کی برکت سے میں نے بہت اچھے نمبروں سے تعلیم مکمل کی اور بہت اچھی جگہ جاب بھی مل گئی دوران جاب بھی میری یہی عادت رہی کہ میرے ہاتھ میں ہر وقت کاؤنٹر رہتا لیکن اکثر میں تعداد دیکھے بغیر درود شریف ''صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کھلا ورد کرتی رہتی۔ پہلے فارغ وقت میں مجھے کتابیں پڑھنے کا بے حد شوق تھا اور زیادہ تر فارغ اوقات میں کالج یونیورسٹی کی لائبریری میں کتابوں کا مطالعہ کرکے گزارتی تھی میرا مطالعہ بھی چلتا رہا اور درود شریف کا سفر بھی میں نے جاری رکھا۔

علامہ محمد اقبالؒ:

دو سال پہلے ایک کتاب میں علامہ اقبالؒ کا واقعہ پڑھا کہ آپؒ نے ایک کروڑ مرتبہ درود شریف پڑھا تو رب نے اُن پر علوم کو کھولا ہے۔ اس واقعے کے بعد مجھے گن کر درود پڑھنے کی افادیت معلوم ہوئی پھر میں نے بھی گن کر درود شریف پڑھنے کی نیت کر لی اور اب مجھے جتنا بھی وقت ملنے لگا میں اس وقت میں گن کر درود شریف پڑھنے لگی یہاں تک کہ کوئی شادی وغیرہ کی تقریب بھی ہوتی تو میں نہیں جاتی تھی بلکہ وہ وقت بھی میں درود شریف پڑھنے میں گزارتی تھی۔

آج الحمد اللہ میں نے گن کر پانچ کروڑ سے زیادہ درود شریف مکمل کرلیا ہے اور میرا درود شریف کا

سفر ابھی جاری وساری ہے جوکہ ان شاءاللہ آخری سانس تک جاری رہے گا۔پچھلے چند ماہ سے مختلف ذرائع سے درود شریف سے متعلق بے حد، راہنمائی ملی اوراب درود رحمت صلی اللہ علی محمد'' ہی پڑھنا شروع کیا ہے جبکہ درود شریف ''صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کا ورد بھی ساتھ ساتھ جاری ہے۔

مشاہدات کا سلسلہ:

میں نے پہلے بھی اس بات کا ذکر کیا تھا کہ میں نے درود شریف کو ہمیشہ بغیر لالچ کے پڑھا ہے تو میں نے کبھی اپنی زندگی میں درود شریف کے فوائد واثرات پر نظر نہیں رکھی مگر آج سب درود مشاہدات لکھنے بیٹھی ہوں تو اپنی گزشتہ زندگی کو مشاہدات سے بھرا دیکھتی ہوں جو کہ سب درود شریف کا ہی فیض ہے۔ان مشاہدات میں سرفہرست یہ ہیں کہ:

1-زندگی میں نمازوں کی پابندی نصیب ہوئی۔

2-تہجد کا معمول بہت کم عمری سے نصیب ہوا۔

3-مال وزر کی کبھی کمی نہیں ہوئی۔

4-حج اور عمروں کی سعادت درود شریف کی برکت سے نصیب ہوئی۔

5-روحانی اور سچے خوابوں کا ایک طویل اور مسلسل سلسلہ اللہ کریم اور نبی کریم ﷺ کی نظر کرم سے جاری ہے۔

6-غلط ماحول اور دوستوں سے حفاظت ہوئی۔

7-ہر کام میں غیب سے مدد ونصرت اترتی محسوس ہوئی۔

8-عزت میں بے پناہ اضافہ ہوا اور ہو رہا ہے۔

9- ہر ایک کی توجہ اور محبت ملی۔

10-زندگی کے ہر ایک مقام پر کامیابی نے قدم چومے۔

11- ہر مرحلے پر آسانیاں، راحتیں اور سہولت ملی۔

12- ہر کام میں خوابوں یا دیگر ذرائع سے راہنمائی ملی اور ابھی بھی ملتی ہے۔

13- پچھلے کئی سالوں سے اعتکاف میں بیٹھنے کی توفیق ملی۔

14- ہر سال رمضان المبارک میں اللہ کریم کے حکم اور درود شریف کی برکت سے شب قدر کا حصول ہوا۔ پہلے سے دیکھایا گیا کہ امسال شب قدر کی رات یہ ہوگی۔

15- تمام دعائیں مقبول ہوئیں خواہ وہ اپنے لیے کی ہوں یا دوسروں کے لیے اللہ پاک نے سب قبول کیں۔

16- عزت، آبرو، جان، مال، وقت الغرض ہر چیز میں بے پناہ برکت حاصل ہوئی.

17- ہر قسم کے شرور سے حفاظت کی گئی۔

18- جادو، بندش، نظر بد وغیرہ کا خواب کے ذریعے بتا کر حفاظت کی ترتیب کی طرف راہنمائی کی گئی.

19 - دکھ سکھ زندگی کا حصہ ہیں ان کے بغیر زندگی نامکمل ہے لیکن درود شریف کے ورد سے ان سب کو آسان تر کر دیا گیا۔

20- سب سے اہم اور سب سے خوبصورت میری زندگی کا مشاہدہ یہ ہے کہ اللہ تعالی نے درود شریف کو میرے ایمان پر پہرے دار مقرر فرما دیا۔

اسی طرح مشاہدات کا ایک لامتناہی سلسلہ ہے جو کہ شاید بیان سے باہر ہے کچھ روحانی مشاہدات جو کہ میری آنکھوں نے دیکھے ان میں سے بھی چند ایک یہاں ذکر کیے دیتی ہوں۔

موتیوں کی مالا:

چونکہ تہجد کی عادت تیرہ، چودہ سال کی عمر سے ہی اللہ پاک نے عطا کی ہوئی ہے گرمیوں کے دن تھے رات دو بجے کا الارم لگا کر صحن میں سوئی ہوئی تھی جب الارم بجا تو میری عادت ہے کہ الارم بند

کر کے تھوڑی دیر لگ بھگ پانچ منٹ لیٹ کر ہی درود و استغفار پڑھتی ہوں اسی طرح لیٹے لیٹے میں نے آسمان پر نگاہ ڈالی تو آسمان پر موجود تمام ستاروں نے یکدم اپنی پوزیشن بدل دی اور قرآن کریم کے دو اوراق کی شکل اختیار کر لی، جس میں سورۃ یٰسین لکھی نظر آئی میں انہی ستاروں میں لکھی سورۃ یٰسین کو پڑھنے لگ گئی، کچھ دیر بعد میں تھوڑے خوف اور ڈر کے احساس سے اندر کمرے میں جا کر نماز میں مشغول ہوگئی، جب دعا و درود میں مصروف تھی اچانک مجھے کچھ محسوس ہوا۔نظر اٹھا کر دیکھا تو سامنے دیوار پر ایک نور تھا اور اس نور میں سفید شفاف موتیوں کی مالا نظر آئی جس کے ایک ایک دانے سے اسی دیوار پر سورہ رحمٰن کی معروف و مقبول آیت مبارکہ "**فبای آلاء ربکما تکذبن**" لکھا ہوا دکھائی دیا۔ اتنے میں فجر کی اذانوں کے وقت وہ سب میری نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ درود شریف کی برکت سے مجھے یہ خوبصورت روحانی مشاہدہ دیکھنے کو ملا۔

دوران حج:

اسی طرح ایک مرتبہ حج کے دوران طواف کے بعد کعبہ کو دیکھتے ہوئے درود شریف پڑھتے وقت اللہ تعالٰی سے دعا کی کہ الٰہی! مجھے بار بار مقام حطیم میں نوافل پڑھنے کی اور کعبۃ اللہ کے ساتھ لگ کر سنت رسول ﷺ کی طرح دعا مانگنے کی توفیق اور آسانیاں عطا فرما۔

کیونکہ بے پناہ رش کی وجہ سے حطیم میں نوافل پڑھنے کے لیے بہت ہی کم اور مخصوص لوگوں کو موقع ملتا ہے پھر جب باب عبداللہ پہنچی تو وہاں موجود لوگوں نے اس طرح میرے لیے راستہ بنایا جیسے کہ انہیں راستہ بنانے کا حکم دیا گیا ہو میرے لیے رستہ چھوڑ دیا گیا اب میں حطیم پر تھی لیکن بے پناہ رش کی وجہ سے حطیم نظر نہیں آ رہا تھا اور وہاں پر موجود اہلکار باقاعدہ خواتین کو اندر نہ جانے کی تنبیہ کر کے ساتھ ساتھ پیچھے ہٹنے کو بھی کہہ رہے تھے اور اندر موجود کئی اہلکاروں نے ہاتھوں کی زنجیر بنا کر امراء کو نوافل پڑھنے کے لیے ایک بڑے دائرے میں جگہ دے رکھی تھی میں نے دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ کو مدد کے لیے پکارا اسی دوران ایک اہلکار دیکھ کر خود بخود پیچھے ہٹ گیا اور مجھے اندر جا کر

نوافل پڑھنے کی نہ صرف اجازت دی بلکہ باقی امراء کو واپس بھیج دیا اندر موجود اہلکار نے مجھے دیکھ کر پوچھا صلاۃ؟

میں نے اثبات میں سر ہلایا تو اہلکاروں نے ہاتھوں کو چھوڑ کر میرے لیے راستہ بنایا۔ میں نے اندر داخل ہو کر نوافل پڑھے اور کعبہ شریف کے ساتھ لگ کر دل کھول کر رو رو کر دعائیں مانگیں اور التجاء کی کہ الٰہی! مجھے یہ سعادت بار بار نصیب ہو اور الحمداللہ، اللہ پاک نے میری اس دعا کو قبولیت کا شرف عطا کیا کہ جتنے دن بھی مکہ معظّمہ میں قیام وطواف کیا یہی روٹین جاری رہی۔

پھر جب مدینہ منورہ حاضری ہوئی اور گنبد خضری کو دیکھ کر جو حالت تھی وہ بیان سے باہر ہے وہاں میرا ایک ایک پل درودسلام میں گزار۔ خواتین کے لیے ریاض الجنتہ میں مخصوص اوقات ہوتے ہیں جو ایک مرتبہ حاضری دے دے دوسرے وقت بہت کم چانس ملتا ہے۔ میں نے ظہر کے بعد جب پہلی مرتبہ ریاض الجنتہ میں نوافل ادا کیے تو ساتھ ہی درود وسلام کے دوران نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ ان دس دنوں کے قیام کے دوران مجھے اجازت مرحمت فرمائیں کہ تینوں اوقات حاضری دے کر ریاض الجنتہ میں درود وسلام کا ہدیہ آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کرسکوں، الحمداللہ میری عرضی قبول ہوئی اور تینوں اوقات میرا معمول رہا حاضری اور درود وسلام کا مجھے بھرپور موقعہ دیا گیا جس پر میں رب کریم کی بہت شکرگزار ہوں۔

طویل سلسلہ:

مشاہدات واقعات کا سلسلہ اتنا طویل ہے کہ شاید ساری عمر بھی لکھتی رہوں تو مکمل نہ ہو۔ مگر بے حد اختصار کے ساتھ ان مشاہدات کو بیان کیا اس دعا کے ساتھ کہ اگر کوئی ایک شخص بھی محبت کے ساتھ درود کے راستے پر چل پڑا تو دنیا اور آخرت میں میری نجات کا سامان بن جائے گا۔ ان شاء اللہ

ہوں خاک مگر محمد ﷺ سے ہے نسبت میری

بس ایک یہی رشتہ میری اوقات بدل دیتا ہے

زیارت نصیب ہوئی:

سات سال کی عمر میں ہی آپ ﷺ کی نظر کرم عطا ہوئی خواب دیکھا کہ ایک خوبصورت بگھی ہے جس کی اگلی سیٹ پر میں بیٹھی ہوئی ہوں اور اپنے بائیں جانب باہر کی طرف دیکھ رہی ہوں۔ اچانک مجھے محسوس ہوا کہ ایک لطیف سی خوشبو اور مہک فضا میں بکھر گئی ہے اسی اثناء میں دائیں جانب نظر گھمائی تو قسمت کا ستارہ چمک اٹھا کریم رب کا فضل ہوا اور میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ کائنات کی سب سے حسین وجمیل، محترم، مقدس ہستی حضرت محمد ﷺ تشریف فرما ہیں۔ اور اس قدر قریب کہ آپ ﷺ کا کندھا مبارک میرے کندھے سے مس ہو رہا ہے (یاد رہے میری عمر اس وقت سات سال تھی) میں نے عرض کیا، آپ محمد ﷺ ہیں؟ تو آپ ﷺ نے مسکراتے ہوئے اثبات میں سر ہلایا۔

یہ سنتے ہی میری آنکھ کھل گئی میرے چاروں طرف خوشبو بکھری ہوئی تھی ایسی خوشبو جو آج سے پہلے کبھی نہ سونگھی تھی۔ صبح اٹھ کر اپنی والدہ کی ٹانگوں سے لپٹ کر میں نے یہ خواب سنانا چاہا لیکن سنا نہ پائی میرے پاس الفاظ ہی نہیں تھے اور نہ ہی عمر اتنی تھی کہ لفظوں کا انتخاب کر سکتی وہ دن اور آج کا دن درود شریف سے تعلق مضبوط تر ہوتا چلا گیا۔ دن بہ دن درود شریف کی تعداد میں اضافہ ہوتا چلا گیا سوالوں کے جواب ملنے لگے اور صحیح سمت کی طرف راہنمائی ہونے لگی۔

مدینہ سے پیغام ملا:

ایک مرتبہ کسی معاملے میں کچھ پریشانی کا سامنا تھا ایک شب درود پڑھتے پڑھتے سوگئی خواب دیکھا کہ مدینہ شریف کی گلیوں میں چل رہی ہوں وہی عمارتیں ہیں وہی گلیاں ہیں جو نبی اکرم ﷺ کے دور مبارک میں تھیں اچانک میرے پاس سے ایک انجان شخص گزرا اور کہتا جاتا ہے کہ آپ ﷺ نے پیغام بھیجا ہے کہ تم جس کام کا ارادہ کیے ہوئے ہو وہ بے حد مشکل ہے اس لیے اس کو کرنے کا

خیال دل سے نکال دو یہ سن کر میں نیند سے بیدار ہوگئی اور پھر وقت سے ثابت بھی کیا کہ واقعی اس کام کا ہونا ناممکن تھا۔

شب وروز میرا اورد:

شب وروز میرے درود شریف کے ورد اور شوق میں گزرتے تھے۔ میں ہوتی تھی اور درود شریف کا ورد ہوتا تھا میری زبان پر ہر وقت درود ابراہیمی جاری رہتا تھا اور یہ بہت بڑا مجھ پر رب کا فضل تھا۔ زندگی کے شب وروز گزر رہے تھے اسی طرح میں ایک اور کام کے سلسلے میں پریشان تھی صبح جاب پر گئی تو میری ایک کولیگ کہنے لگی کہ رات میں نے خواب دیکھا جس میں آپ ﷺ نے تمھارے لیے پیغام بھیجا ہے پھر کہنے لگی کہ میں نے خواب دیکھا کہ اس میں لکھا ہوتا ہے کہ فلاں کو (یعنی میرا نام لکھا ہوتا ہے) حضور ﷺ کا پیغام پہنچا دو کہ روزانہ دو نفل حاجت اللہ کی بارگاہ میں نبی کریم ﷺ کی محبت کے لیے پڑھے اور درود شریف " صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم " کثرت سے پڑھتی رہے اس کا کوئی کام نہیں رکے گا اور اس کی تمام تر حاجات پوری ہوں گی۔ جب میں نے یہ خواب سنا تو میں نے بے حد شکر ادا کیا اور اس دن سے نوافل اور درود وسلام کی تعداد بڑھا دی۔

چاند اور ستارے:

رمضان المبارک میں اعتکاف میں بیٹھنے کے بعد جب میں جاب پر گئی تو میری ایک دوسری کولیگ جو کہ سچے خوابوں کیلیے ہم سب میں مشہور ومعروف تھی اس نے مجھے بتایا کہ میں نے آپ کو خواب میں دیکھا ہے جب آپ اعتکاف میں بیٹھی تھیں ایک بہت بڑا ہال ہے وہاں سٹیج سجا ہوا ہے اس سٹیج پر ایک صندوق رکھا ہوا ہے ہال کے دونوں جانب دروازے ہوتے ہیں اور ہم تمام کولیگز قطار میں کھڑی ہوتیں ہیں۔

نبی کریم ﷺ کی طرف سے ایک نامزد بزرگ اس صندوق سے ایک ایک ستارہ گولڈن رنگ کا

سب میں تقسیم کر رہے ہیں اور ہر خاتون اپنا ستارہ وصول کر کے دروازے سے باہر نکلتی جاتی ہے مگر صندوق میں موجود ستاروں اور ان کی روشنی میں کوئی کمی نہیں ہو پا رہی تھی قطار کے آخر میں آپ کھڑی ہوتی ہیں جب آپ کی باری آتی ہے تو وہ بزرگ صندوق سے ایک ستارہ اور ایک چاند نکال کر تمہاری جھولی میں ڈال کر کہتے ہیں کہ بیٹا یہ تمام تر ستارے اور چاند تمھاری ملکیت میں کر دیئے گئے ہیں جب میں نے یہ خواب سنا تو بے اختیار میری آنکھوں سے خوشی کے آنسو چھلک پڑے۔

میرے آنسو نہیں تھم رہے تھے کیونکہ اعتکاف میں تو کئی سالوں سے بیٹھ رہی تھی مگر اس اعتکاف کی قبولیت مجھے بذات خود بھی محسوس ہوئی تھی۔ اعتکاف کے دوران میں نے دیکھا کہ حشرات یعنی کیڑے مکوڑے اعتکاف کی جگہ کی نیت کردہ حدود کے قریب آ کر واپس مڑ جاتے ہیں۔

اسی اعتکاف کے دوران میں نے ایک اور خواب دیکھا میں نے چونکہ اعتکاف کے دوران کئی مرتبہ درود اور نوافل تمام امت کے مرنے والوں کو ہدیہ کیے تھے تو خواب دیکھا کہ ایک ایسا بازار ہے جہاں تمام ارواح جو اس دنیا سے رخصت ہو چکی ہی جمع ہیں اور بے چین پھر رہی ہیں مگر میں جہاں جہاں سے گزر رہی ہوں ان کو سکون ملتا جا رہا ہے یعنی دعا اور درود شریف کا فائدہ انہیں پہنچ رہا ہے۔

قائداعظم محمد علی جناحؒ:

میرا خواب کا سلسلہ چلتا رہتا ہے اسی خواب کے اندر ہی میں دیکھتی ہوں کہ ایک بہت اونچا مقام نظر آیا جس میں سے بے حد نور نکل رہا ہے وہاں پر قائداعظم محمد علی جناحؒ اپنے مخصوص انداز و لباس میں مسکراہٹ لیے پر سکون انداز میں کھڑے آسمان کی طرف نگاہ کیے ہوئے ہیں اور آسمان سے نور کا ایک خاص ہالہ ان کے گرد حصار باندھے ہوئے ہے غیب سے ایک آواز آتی ہے کہ قائداعظم محمد علی جناحؒ کو اللہ تعالیٰ نے بہت اونچا مقام عطا کیا ہے۔

اس خواب میں اور میری کولیگ کے خواب میں میرے لیے میری دعاؤں کی قبولیت کا اشارہ تھا کیونکہ مسلسل میرے دل میں یہی سوال تھا کہ نامعلوم میرا اعتکاف قبول تھا بھی یا نہیں؟ کہیں مجھ سے کوئی رُکن چھوٹ نہ گیا ہو کہیں کسی کمی کوتاہی کی وجہ سے اعتکاف کی قبولیت میں رکاوٹ نہ ہو لیکن جب یہ مبارک خواب آئے تو میرے دل میں اعتکاف کی قبولیت کا یقین پکا ہو گیا اور پھر اس کے بعد درود شریف سے وابستگی اور محبت میں مزید اضافہ ہوا۔

یاددہانی کروائی گئی:

درود شریف کا سلسلہ چلتا رہا اسی دوران میں ایک پریشانی میں مبتلا ہوگئی اس پریشانی کی وجہ سے میری درود کی تعداد میں کمی واقع ہوئی لیکن درود شریف نے مجھے بے سہارا نہیں چھوڑا میں نے ایک خواب دیکھا کہ ایک بہت بڑے باغ میں داخل ہوتی ہوں اور جیسے ہی تھوڑا آگے بڑھتی ہوں تو ایک بیل یعنی اژدھا نما پودا میری جانب بڑھتا ہے اور مجھے اپنی لپیٹ میں لینا چاہتا ہے اسی وقت میرے کانوں میں ایک آواز گونجتی ہے کہ "اللہ اکبر" کہہ کر اس میں ضرب لگاؤ اور پھر جیسے ہی میں "اللہ اکبر" کہہ کر ضرب لگاتی ہوں تو وہ پودا دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو کر غائب ہو جاتا ہے پھر تھوڑا آگے بڑھتی ہوں تو مجھے اپنی دائیں جانب کسی چیز کا احساس ہوتا ہے کہ سورج مکھی نما تین قد آور پھول جن کا رخ دوسری جانب ہوتا ہے میرے قریب پہنچنے پر آسمان سے ایک نور آ کر ان پھولوں پر پڑتا ہے اور ان کا رخ میری طرف پھر جاتا ہے اور پھولوں سے درود وسلام کی صدائیں بلند ہونا شروع ہو جاتی ہے۔

میں اچانک خواب سے بیدار ہو جاتی ہو بیدار ہوتی ہو تو ایک فرحت سے مزین احساس تھا مجھے اب سمجھ آتی ہے کہ درود کیسے اپنے پڑھنے والوں کی راہنمائی کرتا ہے یعنی خواب میں مجھے درود وسلام کثرت سے پڑھنے کی یاددہانی کروائی گئی۔

آسیب سے نجات ملی:

میری بہن کی شادی ہوئی تو اس کے ساتھ کچھ ہوائی مخلوق (آسیب) کا مسئلہ شروع ہوگیا جس کی وجہ سے اس کی ازدواجی زندگی بے حد متاثر ہوئی مگر چونکہ میرے بہنوئی یعنی میرے خالہ زاد جو انتہائی شریف النفس اور محبت کرنے والے انسان ہیں اس لیے انہوں نے میری بہن کا بھرپور ساتھ دیا میری بہن کے ساتھ جب یہ واقعات ہورہے تھے تو سب گھر والے پریشان تھے اسی دوران مجھے ملیریا کا شدید مرض لاحق ہوا مگر اس تیز بخار کی حالت میں بھی درود شریف پڑھ کر اللہ تعالی سے دعا کرتی رہی کہ یا اللہ میری بہن کے مسئلے کا کوئی حل مل جائے چونکہ ملیریا کا بخار تھا اور رات کے وقت بخار 106 سینٹی گریڈ تک پہنچ جاتا تھا تو رات کو مجھے نیند نہیں آتی تھی دن میں بخار کی شدت کم ہوتی تھی رات کو بخار تیز ہوجاتا تھا حب دن میں بخار کی شدت کم ہوتی تو کچھ دیر کے لیے میری آنکھ لگ جاتی تھی ایک صبح زبان پر درودوسلام کا ورد جاری تھا صبح دس بجے کے قریب کا وقت ہوگا درود شریف پڑھتے پڑھتے میری آنکھ لگ گئی۔

خواب دیکھا کہ روضہ رسول ﷺ کی سنہری جالیوں کے اندر آپ ﷺ کے پاؤں مبارک کی جانب کھڑی ہوکر التجائیہ انداز میں آپ ﷺ سے رو رو کر عرض کررہی ہوں کہ یا رسول اللہ ﷺ میری بہن کے لیے دعا کردیں میری بہن کا مسئلہ کسی طرح حل ہوجائے میری التجاء سننے کے بعد آپ ﷺ کی آواز مبارک آئی کہ درود ابراہیمی پڑھو اور خواب میں ہی طریقہ بتلایا کہ اس طرح پڑھو یعنی میری بہن کا چہرہ سامنے لایا گیا اور فرمایا گیا کہ درود ابراہیمی پڑھ کر اس کے چہرے پر پھونک مار کر ہاتھ پھیرتی جاؤ میں نے دیکھا کہ اس وقت میری بہن کے چہرے پر کوئی سایہ سا تھا۔ پس جوں جوں میں درود ابراہیمی پڑھ کر اس کے چہرے پر پھونک مارتی جاتی تھی چہرہ روشن ہوتا جاتا تھا۔

پھر میرا خواب مکمل ہوا اور میری آنکھ کھل گئی۔ یکدم خواب سے بیدار ہوئی تو میرا بخار اتر چکا تھا اور

میں نے فوراً بہن کو فون کیا اور اس کو درود ابراہیمی پڑھ کر اسی طرح عمل کرنے کو کہا اور میں نے خود بھی درود ابراہیمی کثرت سے پڑھ کر تصور میں اس کے چہرے پر دم کیا تو اللہ کے فضل و کرم اور درود ابراہیمی کی برکت سے کچھ ہی عرصے میں میری بہن کو اس آسیب سے نجات مل گئی۔ درود ابراہیمی کی برکت سے رب کریم نے مجھے اور میری بہن کو شفاء سے نوازا۔

خوشخبری ملی:

گرمیوں کے دن تھے میں اپنے بستر پر لیٹ کر روٹین کے مطابق تین ہزار مرتبہ درود شریف کا ورد مکمل کر رہی تھی اسی دوران اچانک یہ احساس جاگا کہ مجھ سے بڑا گناہگار کوئی نہیں ہے اس احساس کا آنا تھا کہ شدت سے رونا آ گیا یہاں تک کہ روتے روتے ہچکی بندھ گئی اور پھر درود پڑھتے پڑھتے آنکھ لگ گئی آنکھ سوئی تو قسمت جاگ اٹھی خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت باسعادت نصیب ہوئی۔

خواب دیکھا کہ اپنے علاقے کی سب سے بڑی سڑک پر جا رہی ہوں جہاں کثیر تعداد میں لوگ رواں دواں ہیں اچانک سے سب کچھ یکدم غائب ہو جاتا ہے میں تب بھی سڑک کے بیچ و بیچ ہی چل رہی ہوں مگر باقی کے لوگ کھڑے ہو چکے ہیں اور ہر طرف خوبصورت گلاب کے پھول اُگ آئے ہیں دائیں جانب نظر کرتی ہوں۔ تو چند بچیاں دف ہاتھ میں لیے نعت پڑھ رہی ہوتی ہیں:

''آئے سرکار مدینہ لائے انوار مدینہ ....''

اسی لمحے میں نے اپنے قریب سے حضور اقدس ﷺ کو آگے جاتے ہوئے دیکھا میں فوراً آپ ﷺ کے قدم مبارک کو دیکھ کر آپ ﷺ کے پیچھے روانہ ہو جاتی ہوں جیسے آپ ﷺ پیچھے آنے کا کہہ رہے ہوں اچانک مجھے اپنے والد صاحب دکھائی دیتے ہیں جو حضور اقدس ﷺ کو اپنے گھر آنے کی دعوت دے رہے ہوتے ہیں اور موٹر سائیکل پر بیٹھ کر گھر کی جانب روانہ ہو جاتے ہیں اس نیت سے کہ آپ ﷺ کے استقبال کی تیاریاں کر سکوں پھر آپ ﷺ ہمارے گھر کی جانب چل پڑتے ہیں

اور پیچھے پیچھے میں بھی چلی جاتی ہوں۔

اس کے بعد میری آنکھ کھل جاتی ہے ۔یہ ایک بہن کے روحانی سفر کے حوالے سے خوبصورت مشاہدات تھے جو آپ کے سامنے پیش کیے گئے ۔انہوں نے درودابراہیمی سے جو برکتیں، نعمتیں،کمالات،ثمرات پائے ان کی ہلکی سی جھلک آپ کے سامنے پیش کی گئی۔درودابراہیمی سے جس نے بھی دوستی کی اُسے کمال ملا،اُسے عزتیں ملیں،اُسے عشق رسولﷺ ملا،اُسے قرب الٰہی ملا۔آئیں ہم سب مل کر عہد کریں کہ ہم درودابراہیمی کے لیے وقت نکالیں گے،درودابراہیمی کو وقت دیں گےاوراپنی نسلوں کودرودشریف پرلےکرآئیں گے۔ان شاءاللہ

روحانیت کی چابی:

ہمارے ملک پاکستان کےایک معروف شہر سے تعلق رکھنےوالی ایک بہن درودابراہیمی کےحوالے سےاپنی زندگی کے،تجربات،مشاہدات،بتاتے ہوئےلکھتی ہیں۔

السلام وعلیکم ورحمتہ اللہ برکاتہ!

تنویر بھائی میں جب یوٹیوب پرآپ کا درودشریف کا سفرکوسن رہی تھی تو احساس ہوا کہ درودشریف پڑھنے والوں کے حالات وواقعات بہت زیادہ ایک دوسرے سے ملتے ہیں یہ یقیناً اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی ہے کیونکہ اگرآپ کے حالات ایسے ہوں کہ دوسراان حالات سے نہ گزراہوتو مشکل وقت میں سمجھنے والےلوگ یامخلص دوست ساتھ نہیں ہوتے۔

سفرکرنے والامسافرہی سفرکےمعاملات کوسمجھتا بھی ہے جانتا بھی ہے۔درودشریف کےسفر میں جب انسان کوہمدرددوست،کسی اپنے کی ضرورت ہوتی ہے درودشریف پڑھنے والےلوگوں کی زندگی میں اللہ تعالیٰ ضرورایسےلوگ لےکرآتے ہیں کہ جودرودشریف کثرت سے پڑھنے والے ہوتے ہیں وہ انہیں اپنی زندگی کے بارے میں بتاتے ہیں تو دل کوتسلی ہوتی ہے کہ یہ جومعاملات میرے ساتھ پیش آرہے ہیں یہ اس سفرکا حصہ ہیں۔

میں اکیلی نہیں ہوں جس کے ساتھ ایسا سب کچھ ہو رہا ہے اکثر درود شریف کے سفر میں یہ واقعات پیش آتے ہیں اور پھر ان میں سے ایک بھی جب کسی مشکل وقت سے گزر رہا ہوتا ہے تو اس کی کتاب، ویڈیو، آواز، پیغام، گفتگو کے ذریعے رہنمائی کر دی جاتی ہے۔ جیسے آپ نے اپنی ویڈیو میں ذکر کیا کہ درود شریف پڑھنا کم ہو جاتا ہے عبادات کو جیسے نظر لگ جاتی ہے کبھی کبھی کوئی جادو جنات، گناہ، ماحول، موسموں، رزق کے معاملات ہوتے ہیں یا کوئی بھی ایسا معاملہ ہوتا ہے کہ جس میں آپ کا ذکر اذکار کم ہو جاتا ہے تو اس وقت آپ کے اس مسئلے کو ایک عام آدمی شاید نہ سمجھ سکے لیکن درود شریف پڑھنے والا ضرور سمجھ پاتا ہے۔

خاص روحانی کیفیات:

اس راہ پر چلنے والا وہ مسافر اس وقت اللہ کے حکم سے آپ کی لفظوں کے ذریعے کیفیات کے ذریعے واقعات و مشاہدات اور تجربات کے ذریعے حوصلہ افزائی کرتا ہے آپ کے لیے دعا کرتا ہے اور آپ واپس ٹریک پر آتے ہیں۔

اب وہ درود شریف پڑھنے والے آپ کے پیر و مرشد بھی ہو سکتے ہیں یا وہ درود شریف پڑھنے والے آپ کے سلسلے کے احباب ہو سکتے ہیں، بہن بھائی ہو سکتے ہیں یا آپ کے ویسے بھی زندگی میں کچھ مہربان اور مخلص لوگ ہوتے ہیں تو یہ ایک بہت بڑی سپورٹ ہے جو اللہ تعالی درود شریف پڑھنے والے کے لیے پیدا کرتا ہے۔ درود شریف پڑھنے والا مسافر یہ مشاہدہ بھی کرتا ہے کہ اُس کے لیے اگر وقتی طور پر رکاوٹ آتی ہے تو بہت ہی کم عرصے میں اُس کا حل بھی پیش کر دیا جاتا ہے۔ جب یہ سب نوعیت آپ دیکھتے ہیں تو آپ اپنے آپ کو اکیلا نہیں سمجھتے اور مشکل وقت سے آپ آسانی سے اور شکر گزاری سے نکل جاتے ہیں۔

شیطان کے دلائل:

اکثر جب درود شریف پڑھنا ہمارا کم ہو جاتا ہے تو بہت الجھن ہوتی ہے بہت شدید تکلیف ہوتی

ہے کہ کیا ہو گیا زبان رک گئی ہے دماغ ساتھ نہیں دے رہا کیا مسئلہ ہے؟ ہم کیوں نہیں اس طرح درود شریف پڑھ پا رہے جس طرح آج سے ایک دن یا چند دن پہلے پڑھ پا رہے تھے؟ وسوسے انسان کو گھیر لیتے ہیں شیطان دلائل کے انبار لگا دیتا ہے کہ دیکھ تیرا درود شریف قبول نہیں ہو رہا اگر ہو رہا ہوتا تو تیرا درود شریف کا ورد رکتا نہیں ، دیکھ درود شریف تو تُو پڑھ رہا ہے لیکن تیرے گناہ ، تیرے عیب ، تیرے کرتوت اتنے زیادہ ہیں کہ تجھے کبھی بھی معافی نہیں مل سکتی ، کبھی بھی روحانیت نہیں مل سکتی ، دیکھ تُو نے اتنی محنت کی ہے ابھی تک تجھے ولایت نہیں ملی ، دیکھ تُو نے اتنا درود شریف کو وقت دیا لیکن ابھی تک تیرے مسائل حل نہیں ہوئے ، دیکھ تیرا درود شریف بھی چل رہا ہے لیکن تیرے گناہ بھی ساتھ چل رہے ہیں ، دیکھ تیری تنہائیاں ابھی تک پاک نہیں ہوئی ہیں ، تجھ پہ درود شریف کی نورانیت کا اثر نہیں ہو رہا ، دیکھ دنیا ترقی کرنے کے چکر میں پیسہ کمانے کے چکر میں لگی ہوئی ہے اور تُو تسبیح بیٹھ کر پڑھ رہی ہے وغیرہ۔

اللہ معاف کرے معاذ اللہ اس قسم کے وسوسے شیطان ڈالتا ہے چونکہ میں ان سب حالات سے گزر چکی ہوں اس لیے یہ وسوسے آپ کی خدمت میں عرض کر دیے ہیں تا کہ جب بھی آپ درود شریف کے راستے پر چلنے کے لیے سفر شروع کریں اور یہ معاملات جب پیش آئیں تو پریشان ہونے کی بجائے ان چیزوں کو اپنے سامنے رکھیں۔

درود شریف کے ورد کے دوران مختلف شیطانی رسے پھینکے جاتے ہیں کہ مومن ، عاشق اس راستے کو تنگ آ کر چھوڑ دے اس سے پہلے کہ کوئی الجھن آپ کو مایوس کرے اللہ کی رحمت سے آپ واپس ٹریک پر آ جاتے ہیں اور تسلسل سے درود شریف کا ورد چلنے لگتا ہے۔ درود شریف کا ورد کم ہو جائے یا رک جائے تو پریشان نہیں ہونا کوشش جاری رکھنی ہے اللہ سے رجوع جاری رکھنا ہے مشن جاری رکھنا ہے ان شاء اللہ کرم رہے گا اور آپ کا سفر چلتا رہے گا۔

آج کل ہم دیکھتے ہیں کہ ہر دوسرے شخص کے ساتھ کوئی نہ کوئی مسئلہ خاص طور پر نظر بد اور جادو کا

مسئلہ تو بہت عام ہے تو اس سلسلے میں میں اپنی زندگی کے کچھ اہم واقعات بیان کرنا چاہوں گی اور خاص طور پر جہاں پر اس بات کو نمایاں کرنا چاہتی ہوں کہ درود شریف نے اللہ کے فضل و کرم سے کس طرح ہم ہر قسم کے مسئلے اور چیز سے بچایا۔ درود شریف کی برکت سے کس طرح اللہ کی مدد ہمارے ساتھ شامل حال ہوئی۔

مرشد کا مشورہ:

تنویر بھائی یہاں پہ مجھے آپ کی وہ بات یاد آ رہی ہے کہ جب آپ اپنے پیر و مرشد حکیم محمد طارق محمود چغتائی مدظلہ سے ملے تو آپ کے پاس ایک لسٹ تھی کوئی 40 کے قریب مسئلوں کی تو آپ کے پیر و مرشد نے آپ کو ایک درود شریف "اَللّٰھُمّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ" اور کلید اعظم پڑھنے کے لیے دیا۔

(اس کی تفصیل آپ میرے یوٹیوب چینل

Durood Encyclopedia(Official) پر دیکھ سکتے ہیں۔) اور فرمایا کہ یہ آپ نے پڑھنا ہے اور اس کو یقین سے اعتماد سے پڑھنا ہے۔ اس عمل کے اندر ہر مسئلے اور ہر چیز کا حل موجود ہے آپ نے عمل پڑھنا شروع کر دیا لیکن کچھ عرصہ گزرنے کے بعد آپ اپنے مرشد کے پاس دوبارہ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ مسئلہ حل نہیں ہو رہا کوئی اور وظیفہ بتا دیں یا کوئی ایسا وظیفہ جو آپ نے کسی کتاب یا ویڈیو میں دیکھا تھا اس کی اجازت مانگنے گئے تھے۔

تو اس کے بعد آپ کے مرشد نے فرمایا تھا کہ درود شریف قرب مصطفی ﷺ اور کلید اعظم کا عمل ہی پڑھنا ہے زیادہ وظائف میں نہیں پڑنا آپ نے مرشد کے حکم پر عمل کیا تو رب نے آپ کے تمام مسائل بھی حل کر دیے اور درود شریف کا عظیم سفر بھی قبول کر لیا گیا۔

اور یہ بات اس قدر اٹل حقیقت ہے کہ اگر آپ یقین اور مضبوط ایمان کے ساتھ صرف ایک درود شریف کو جب بھی دل سے پڑھیں، خوشی سے محبت سے باوضو پڑھیں یا بے وضو پڑھیں تو قبول کیا

جاتا ہے اوراس کی تاثیر دی جاتی ہے۔مجھے نظر بد کے مسائل تھے مجھ پر جادو کیا گیا انسانوں اور شیطان نے اپنا اپنا زور لگایا لیکن درودشریف کی برکت سے میری حفاظت بھی ہوئی کفالت بھی ہوئی کفایت بھی ہوئی۔

درودابراہیمی عطا ہوا:

مجھے درودابراہیمی عطا کیا گیا ہے اس کو میں اس لیے کہوں گی کیونکہ درودابراہیم کو نماز کے علاوہ میں نے کبھی نہیں پڑھا تھا کم از کم اپنی زندگی کے 25یا26 سال بلکہ اس سے بھی زیادہ میرے خیال میں کوئی 35 سال میں نے درودابراہیم کو نماز کے علاوہ کبھی نہیں پڑھا اور پھر ایسا ہوا کہ ایک دن میں پریشان تھی زندگی کے کچھ معاملات اور چیزیں چل رہی تھیں تو رب کریم کی طرف سے نظام چلا مجھے گائیڈ کیا گیا اور ایک اللہ کے دوست کی طرف سے مجھے درودابراہیم پڑھنے کی تاکید کی گئی۔

جب مجھ حکم ملا:

حقیقت بتاؤں تو اس وقت جب انہوں نے مجھے کہا کہ بیٹا آپ نے اب درودابراہیم پڑھنا ہے تو مجھے ایک لمحے کے لیے لگا کے میری جان ہی نکل گئی ہے اور میں دل میں سوچوں میں درودابراہیم اتنا مشکل لمبا درودشریف کیسے پڑھوں گی؟

وہ جو عادت ہے مختصر سے مختصر درودودشریف پڑھنے کی جیسے درودخضری بہت پڑھا کبھی حضرت باغ حسین کا کمالؒ کا جو بتایا گیا درودشریف ہے اس کو بہت پڑھا وہ زبان پہ بہت آسانی سے رواں ہو جاتا تھا یا ایسے درودشریف پڑھنے کی عادت تھی کہ جن کو ایک مرتبہ پڑھیں تو لاکھوں میں ثواب ملے کروڑوں میں ثواب ملے اور دل بھی خوش ہو جاتا تھا دل کو تسلی ہوتی تھی کہ بس ایک مرتبہ درود شریف پڑھا ہے تو اس کا ثواب چھ لاکھ کے برابر ہے تو چلو چھ لاکھ کے برابر ایک تسبیح پڑھ لیتی ہوں۔

جب آپ کو اس طرح کے شارٹ کٹس اپنانے کی عادت ہو تو ظاہر ہے درودابراہیمی کا حکم ملے

بڑے اصرار سے آپ کو کہا جائے کہ آپ نے یہی پڑھنا ہے اگر آپ اپنے مسئلوں کا حل چاہتے ہیں اگر آپ زندگی میں سکون چاہتے ہیں تو درود ابراہیم کو پڑھنا ہوگا اس سے عشق کرنا ہوگا اور درود ابراہیم کے اندر ہی آپ کے تمام مسائل کا حل موجود ہے۔تو اس کو قبول کرنا مزاج پر بھاری محسوس ہوتا ہے۔ جو اس وقت مجھے بھی محسوس ہوا کہ میں اتنا لمبا درود شریف کس طرح پڑھ پاؤں گی مجھے یہ سب بہت مشکل لگ رہا تھا اور میرے جو باقی وظائف چل رہے تھے مجھے اُن سے بھی انسیت ہو گئی تھی میرا دل وہ وظائف چھوڑنے کو نہیں چاہ رہا تھا۔

کشمکش کا شکار:

دن گزرنے لگے درود ابراہیم کا سفر شروع ہوا چاہتا تھا اندر ہی اندر کشمکش بھی ساتھ ساتھ چل رہی تھی حالت میری یہ تھی کہ ہر روز یا ہر دوسرے روز ہی تقریبا میں ان اللہ والے کو روتی ہوئی میسج کرتی تھی کہ بڑا ہی مشکل ہے آج تو درود ابراہیمی مجھ سے صرف اور صرف چند دانے پڑھے گئے تو وہ جواب میں کہتے تھے کوئی بات نہیں کل پڑھ لینا۔

ایک بات انہوں نے جو مجھے پتے کی کہی تھی وہ یہ کہی تھی کہ بس یہ بات اپنے پلے باندھ لو کہ جب بھی درود پڑھنا ہے درود ابراہیم پڑھنا ہے ادھر میری حالت یہ تھی کہ ہفتوں میں چند مرتبہ درود ابراہیم روزانہ پڑھنے کے قابل ہوئی اچھا اس میں بھی پھر گیپ بھی آ جاتا تھا اور مجھ سے مستقل مزاجی سے پڑھا نہیں جاتا تھا۔

میں نفسیاتی طور پر یہ بھی سوچا کرتی تھی کہ میں جب درود ابراہیمی پڑھتی ہوں تو میرے سر میں درد شروع ہو جاتا ہے، کبھی سر میں درد، گلا خشک، کبھی ڈراؤنے خواب بھی آتے تو میں یہ سب درود ابراہیمی کے کھاتے میں ڈال دیتی تھی۔میں اس عمل سے بھاگ جانے کے لیے بہانے تلاش کیا کرتی تھی کہ کسی طرح۔اللہ والے فرمادیں کہ اچھا یہ عمل نہیں پڑھ سکتیں تو فلاں عمل پڑھ لیں لیکن میرے رہنما درود ابراہیمی کی طرف ہی ہر بار میری توجہ دلاتے تھے اور احساس دلاتے تھے کہ یہی چابی ہے جس سے تمام مسائل کے تالے کھلیں گے۔

میں اکثر فون کر کر کے انہیں تنگ کیا کرتی تھی میں انہیں کہتی کہ مجھے لگتا ہے کہ ایسے ہو رہا ہے ویسے ہو رہا ہے تو آگے سے وہ فرماتے بیٹا پریشان نہ ہو درودابراہیمی کا یہ عمل آپ کو رنگ ورنگ کر دے گا آپ کے مسائل اسی درود شریف سے حل ہوں گے یہ عمل آپ کی روحانی کیفیت کو دیکھ کر آپ کے مسائل کو دیکھ کر بتایا گیا ہے میں مطمئن ہوں آپ بھی مطمئن ہو کر سکون سے ادب سے یقین سے درودابراہیم کا ورد کریں۔ میں اُن سے گفتگو کرنے کے بعد تھوڑی مطمئن ہوتی اور پھر درودابراہیمی کا ورد کرنے لگتی۔

آج میں سوچتی ہوں کہ یہ شکر ہے کہ اس وقت اللہ تعالی نے یہ خیال دل میں مضبوط کر دیا کہ ان ولی اللہ کی بات ماننی ہے ان کی بات سے بغاوت نہیں کرنی میں ان کی شخصیت کی بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میرے اس رونے دھونے والے ٹائم میں میری بہت حوصلہ افزائی کی مجھے ڈانٹا نہیں مجھے ہمیشہ پیار سے اور عزت سے سمجھایا کہ بیٹا آپ درودابراہیم پڑھو گے تو پار لگ جاؤ گے

میرے اُستادمحترم:

درود شریف کا سفر شروع کیا تو نئی سوچیں نئے وسوسے شروع ہو گئے، درود شریف کے سفر میں مجھے خوب آزمایا گیا۔ مسلسل میں سوچا کرتی تھی کہ درودابراہیمی کے اس صیغے میں سلام شامل نہیں ہے یہ تو نماز میں پڑھنے کے لیے کہا گیا تھا دیکھیں حدیث میں تو اور بھی درود شریف آ رہے ہیں وہ کیوں نہ پڑھوں سلام کیسے کروں؟

میں یہ سوچا کرتی تھی کہ ان سارے دلائل کو دیکھتے ہوئے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اس کا مطلب ہے کہ یہ درود شریف شاید میرے لیے نہیں ہے یا درود شریف پڑھنے سے میرے سر میں درد کیوں ہو رہا ہے؟ ادھر وہ مجھے سمجھاتے تھے اور کہتے تھے کہ بیٹا جو آپ کو وظیفہ دیا ہے درودابراہیمی کا ٹھیک وظیفہ دیا ہے یہ سب وظیفوں کا سردار ہے یہ خوبصورت عمل ان شاء اللہ وقت کے ساتھ ساتھ اللہ کے امر سے نہ صرف آپ کے مسئلے حل کرے گا بلکہ آپ کو روحانیت کے سفر میں لے کر چلے گا آپ کو اپنے

نفس پر قابو پانے کی قوت عطا کرے گا آپ کی روح میں جذب ہوگا آپ کی رگوں میں دوڑے گا اس وقت کچھ باتیں سمجھ آتی تھیں کچھ باتیں سمجھ نہیں بھی آتی تھیں یہ بھی اللہ کا کرم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ایک مخلص اور کامل استاد عطا کر دے جو تحمل اور برداشت سے خوش اخلاقی کے ساتھ آپ کے بچوں والے رویے کو نہ صرف برداشت کرے بلکہ آپ کی حوصلہ افزائی کرے۔

سوالات کی بھرمار:

میری خوشی کی ابتداء تب ہوئی جب الحمدللہ درود ابراہیمی کی تعداد چند دانوں سے چند سو پر آئی ایک سال بیت چکا تھا اور پھر تعداد بڑھنے لگی اور ہزار میں آنا شروع ہوگئی اچھا ایک بہت ہی مزے کا وسوسہ یہ بھی آتا تھا کہ جو دل چاہ رہا ہے ناں چھوٹا مختصر درود شریف پڑھنے کو تو پڑھ لو اس کو ان کو کیسے پتہ چلے گا ادھر میں ویڈیو سنتی تو جب جب وظیفے کے متعلق پتہ چلتا کہ اس سے فلاں کا مسئلہ حل ہوگیا ہے تو چلو میں بھی اس کو پڑھ لوں اور یہی مسئلے کا حل ہے کبھی ہمت کر کے استاد محترم کو بھی وہ ویڈیو بھیج دیتی اور بتانا کہ یہ پڑھ لوں تو بہتر ہے یا رک جاؤں۔

اور ادھر انہوں نے یہی کہنا کہ نہیں بیٹا آپ کو صرف اور صرف درود ابراہیمی پڑھنے کے لیے کہا گیا ہے آپ اسی کو پڑھیں اچھا سب سے اچھی بات یہ ہے کہ کبھی انہوں نے ڈانٹا نہیں کہ اب بہت بار بلکہ ہزار بار سمجھایا ہے آپ بات کیوں نہیں سمجھتی یا یہ کہ آپ اتنی بڑی عمر کی ہیں پھر بھی بچوں کی طرح سوال کرتی ہیں ضد کرتی ہیں انہوں نے مجھے کبھی نہیں ڈانٹا بلکہ پیار سے شفقت سے میری رہنمائی کرتے رہے۔

کبھی کبھی میں ان سے یہ سوال بھی کرتی کہ آپ نے کہا تھا کہ میں روحانیت کے سفر پہ چل پڑوں گی تو کیسے چلوں گی کیا ہوگا؟ بہرحال وہ بہت صبر سے جواب دے دے کر کہتے تھے کہ آپ خود دیکھ لیں گی جب رب کا فضل ہوگا تو سب دکھایا بھی جائے گا سمجھایا بھی جائے گا۔

درود شریف جاری ہوگیا:

وقت گزرتا رہا پھر کچھ عرصے کے بعد ہی الحمدللہ درود ابراہیم جیسے جیسے پڑھتی چلی گئی درود ابراہیم پڑھنے کی عادت پڑتی گئی بعض اوقات تسبیحات میں نوٹ کرنا ممکن نہ ہوتا تو دل ہی دل میں درود پڑھ لینا چلتے پھرتے درود پڑھ لینا اوراس قدر عادت پڑ گئی کہ اگر بسم اللہ پڑھنی ہے کوئی کام شروع کرتے وقت تو درود ابراہیمی منہ سے نکلتا نماز پڑھنے کھڑی ہوتی تو تکبیر کے بعد درود ابراہیمی پڑھتے چلے جانا اور جب سلام پھیرنے کی باری آتی تب احساس ہوتا کہ میں تو مسلسل درود ابراہیم پڑھے جا رہی تھی اور مجھے پتہ ہی نہیں چلا اس طرح میں دوبارہ نماز پڑھتی تھی۔

حتیٰ کہ یہاں تک ہونا شروع ہو گیا کہ واش روم جاتی تھی تو واش روم جانے سے پہلے جو آپ دعا پڑھتے ہیں اس کی جگہ بھی درود ابراہیمی پڑھنا اور اکثر احساس ہوتا کہ واش روم میں موجود ہوتے ہوئے زبان پر درود ابراہیمی جاری نہ ہو جائے اس لیے میں اپنی زبان کو دانتوں کے نیچے دبا لیتی تھی اور احساس ہوتا تھا کہ یہ جگہ نہیں ہے میں درود شریف کے ورد سے اس وقت اپنے آپ کو روک لیتی تھی پھر اس کے لیے یہ عادت اپنانی شروع کی کہ جیسے ہی واش روم میں اندر ہونا اپنے ذہن میں بار بار اپنے آپ کو یہ کہتے جانا کہ درود شریف نہیں پڑھنا درود شریف نہیں پڑھنا۔

خوابوں کا نظام:

الحمدللہ خواب پہلے بھی بہت اچھے اور سچے آتے تھے لیکن جب درود ابراہیم کا ذکر رواں ہوا تو پھر ایسے خواب آنا شروع ہوئے کہ جو مستقبل کی طرف رہنمائی کرتے تھے ارد گرد موجود لوگوں کے بارے میں رہنمائی کرتے تھے کون مخلص ہے کون مخلص نہیں ہے؟ سب خبر دی جاتی تھی۔

اور جب خواب نہیں آتے تھے تو ایسا لگتا تھا کہ کوئی ساتھ موجود ہے جو ساتھ ساتھ گائیڈنس دے رہا ہے کہ یہ بات کرو یہ الفاظ زبان سے نہ نکالو زبان کے شر سے ہوشیار رہو یہ غیبت میں شامل ہو جائے گا اپنے آپ کو سنبھالو کہیں حسد میں نہ چلی جاؤ۔

کسی کی نعمت دیکھ کر دعا مانگو خاص طور پر امت کے لیے دعا مانگو اپنے سے بھی پہلے دوسروں کے

لیے دعا مانگو اور آپ یقین کریں کہ جب ہم دوسروں کے لیے دعا مانگتے ہیں امت مسلمہ کے لیے دعا مانگتے ہیں تو چاہے پھر اپنے لیے نہ مانگیں اللہ تعالی آپ کو بہترین عطا کرتے ہیں اور اس نعمت کی عطا کے ساتھ آپ کو اللہ کریم یہ بھی بتاتا ہے کہ دیکھو بن مانگے تو میں یہ دے ہی دیتا اور تمہارے ذہن میں کبھی ہلکا سا خیال آیا تھا اس بات کا تو دیکھو کیسے تمہارا یہ کام کر دیا گیا ہے۔اس لیے اپنی دعاؤں میں وسعت لائیں اپنی ذات اپنی فیملی کے خول سے نکلیں۔مخلوق خدا کے لیے دعائیں مانگیں گے تو کمال پائیں گے یہ میرا مشورہ بھی ہے اور میرا ذاتی تجربہ بھی ہے۔

بے اولادی کا خوف:

یہاں میں کچھ مسئلوں کا ذکر کروں گی مشہور ڈاکٹرز نے کہہ دیا تھا کہ اولاد نہیں ہوسکتی تمہاری جو مرضی کرلو اولاد نہیں ہوسکتی بہت لمبا علاج کرانا پڑے گا تب بھی شاید والی بات ہوگی مجھے لگتا ہے کہ یہ درود ابراہیم کا اثر ہے کہ آپ اللہ کی رضا میں راضی ہونے کی شروع کوشش شروع کر دیتے ہیں جو آسان بات نہیں ہے لیکن مزے کی بات یہ ہے کہ اللہ تعالی آپ کی کوشش کو دیکھتا ہے اور سراہاتا ہے تو جہاں ڈاکٹرز کہتے تھے کہ اولاد نہیں ہوسکتی اللہ تعالی نے اولاد کی نعمت سے نوازا

درود شریف کی برکت سے میری جھولی بھر دی گئی ہے۔بے اولاد ہونا ایک بہت بڑا امتحان ہے وہ لوگ اس کیفیت اور درد کو بہتر سمجھ سکتے ہیں جو اس امتحان سے گزر رہے ہیں جو ذہنی اذیت ہوتی ہے اور جو لوگوں کی باتیں اور طعنے سننے پڑتے ہیں اللہ اللہ۔

ایک ایسا بھی وقت آیا کہ جب گھر کی مصروفیت میں درود شریف پڑھنا بھول گئی اور یہ عرصہ کافی لمبا چلا لیکن یہ انسان کی کم ظرفی ہے کہ وہ اللہ کا ذکر بھول جاتا ہے لیکن اللہ اس کو یاد رکھتا ہے وہ تمام نیتیں جو درود شریف پڑھتے ہوئے موجود تھیں اس عرصے میں کہ جب ذکر بھول گئی تھی تب بھی اللہ نے عطا کیے رکھی بلکہ خاص طور پر ایسے وقتوں میں کہ جب آپ کو سمجھ نہیں آرہا ہوتا کہ آپ کے ساتھ کیا ہو رہا ہے اور کیوں ہو رہا ہے؟اس وقت بھی اللہ کی مدد میرے ساتھ شامل رہی میری

طرف سے پھر بھی سستی ہوجاتی تھی غفلت ہوجاتی تھی لیکن مجھ پر رب کا کرم ہمیشہ رہا ۔درود ابراہیمی کی برکت یہ بھی ہے کہ انسان زیادہ عرصہ غفلت میں نہیں رہتا بلکہ اُسے جلد احساس ہوجاتا ہے اور وہ پھر سے درود کی راہوں پر شریعت کی راہوں پر احکامات الٰہی اور عشق رسول ﷺ کی راہوں پر لوٹ آتا ہے۔

چھپے دشمن کا وار:

اس درد ودشریف کے سفر میں مجھ پر امتحانات بھی آئے جن سے مجھے گزارا گیا اور پھر مجھے کامیابی بھی ملی۔ جیسے ایک واقعہ ہے کہ اچانک سے بیٹھے بٹھائے طبیعت اس قدر خراب ہوگئی کہ لگا اب زندہ نہیں بچوں گی ان لمحات میں بچپن میں یاد کیا گیا قران کا تھوڑا سا حصہ کلمہ اور درود شریف اللہ تعالی نے زبان پر خود بخود جاری کر دیا میرے پاس کوئی موجود نہیں تھا لیکن پھر ایک دم کچھ لوگوں کا آنا ہوا جو مجھے ہسپتال بھی لے گئے ڈاکٹرز نے کہا کہ اگر ان کو لانے میں تھوڑی سی دیر ہو جاتی تو اس زندگی بھر کے لیے مفلوج ہوسکتی تھی۔اب یہ کیا معاملہ ہوا سوچ بہت آتی تھی کہ یہ کیا ہوا؟ کیسے ہوا؟

ڈاکٹرز کے پاس اس چیز کا کوئی جواب نہیں تھا سارے ٹیسٹ ہوئے سب ٹیسٹ ٹھیک تھے کوئی جسمانی مرض سامنے نہ آیا۔ایک کزن سے ذکر ہوا اس بات کا تو اس نے کہا کہ تم اپنے ایسے کپڑے کے جو تم نے کم از کم 24 گھنٹے پہنے ہوں وہ مجھے بھیجو یہاں ایک امام صاحب ہیں وہ دیکھیں گے اور بتائیں گے کہ تمہارے ساتھ مسئلہ کیا ہوا ہے؟

بات تو اُن کی میرے دل کو لگی لیکن اب مسئلہ سر پہ یہ کھڑا تھا کہ میں یہ سب کیسے کروں؟ میں بھرے پُرے سسرال میں رہتی تھی اور میرے سسرال والے ان باتوں کو نہیں مانتے تھے کسی کو بھی رازدار اس بات میں نہیں بنایا جاسکتا تھا۔

بہر حال کسی نہ کسی طرح کر کے کپڑے بھجوا دیے امام صاحب نے مجھے نہیں معلوم کہ کیا کہا یہ کیا کیا

پڑھا؟ بس یہ بتا دیا کہ آپ پر جادو کیا گیا تھا اور جادو آپ کو مارنے کے لیے کیا گیا تھا اور بڑا زبردست جادو کیا گیا تھا یہ سن کر میں حیران کہ میرا ایسا کون سا دشمن آ گیا کہ جو اس قدر شدید جادو کرے؟ امام صاحب سے پوچھا کہ کس نے جادو کروایا ہے؟ انہوں نے کہا یہ نہیں بتائیں گے لیکن یہ کہ جادو کا توڑ کر دیا گیا ہے اب آئندہ ان شاءاللہ کبھی ایسا مسئلہ نہیں آئے گا اور انہوں نے کہا کہ آپ کو پھر بھی کوئی اندیشہ ہو تو اپنے کپڑے بھیج دیجئے گا اب میں دل ہی دل میں سوچوں کہ بات تو ناممکن سی ہے ایک دفعہ تو ہو گیا بار بار ایسا نہیں ہو سکتا تو یا اللہ مجھے کوئی آسان راہ دکھا کہ میری عزت بھی رہ جائے اور مسئلے بھی حل ہو جائیں اور یہ وہ موقع تھا کہ جب مجھے درودابراہیمی عطا کیا گیا تھا۔

درودابراہیم ابھی تھوڑا تھوڑا ہی پڑھ رہی تھی شروع میں میرے ذہن میں سوال تھا کہ آخر ایسا کون سا دشمن ہے کچھ دن تک ذہن میں یہ سوال رہتا رہا کہ کس نے جادو کروایا ہے وہ بھی مارنے کے لیے۔ یہاں بھی مجھے درودابراہیمی عطا کیا گیا اور میری زبان پر درود شریف جاری ہو گیا۔ ایک رات میں درود شریف پڑھتے پڑھتے سو گئی اس رات میں مجھے خواب میں دشمنوں کے چہرے بہت واضع طریقے سے دکھا دیے گئے۔

یہ ساری صورتحال میرے لیے حیران کن تھی بہرحال یہ بھی دکھایا گیا کہ وہ دشمن جو دوست کی شکل میں آس پاس تھے ان پر ابھی کوئی اعتبار نہیں کرنا۔ درود شریف کی برکت سے مجھے سوال کا جواب بھی مل گیا اور دشمن جو چھپا ہوا تھا وہ میرے سامنے آشکار بھی ہو گیا۔

درود شریف کا کمال یہ ہے کہ اس کے نور کی بدولت اللہ تعالی آپ کے دل میں خیال ڈالتا ہے آپ کی رہنمائی کرتا ہے اس معاملے میں یہی رہنمائی ملی کہ نہ بدلہ لینے کی ضرورت ہے نہ کچھ بولنے کی ضرورت ہے بس درود پاک پڑھتے رہو اللہ سب سنبھالے گا حضور اقدس ﷺ کی نگاہ کرم درود شریف پڑھنے والے پر ضرور پڑتی ہے ان کو بددعا بھی نہیں دینی بلکہ اچھی دعا مانگنی ہے دشمنوں کے لیے خیر کی دعائیں کرنی ہیں۔

آخر ہم بھی تو گنہگار ہیں کتنے گناہ کرتے ہیں کتنے لوگوں کا دل دکھا دیتے ہیں جانے انجانے میں ہم سے بھی خطائیں ہوتی رہتی ہیں ہمارے ان سب کرتوتوں کے باوجود اللہ تعالیٰ ہمیں کتنی سزاؤں سے بچاتا ہے کتنی بددعاؤں سے بچاتا ہے اللہ تعالیٰ ہمارے لیے بھی تو اپنی مخلوق کے دلوں کو کشادہ کرتا ہے تو بس اسی طرح اچھا رویہ ہی رکھنا ہے جو بھی ملے چاہے بظاہر دوست ہو یا واضح دشمن ان کے وار کرنے سے پہلے ہی خواب میں دکھا دیا جاتا ہے کہ دشمن اب یہ چال چلنے والا ہے یہ جان کر تھوڑی سی ہمت کم بھی ہوتی ہے تھی لیکن یہ رہنمائی مل جاتی تھی کہ آپ زیادہ ہمت اور محنت سے درود شریف پڑھنا ہے۔

ایک اُصول اپنالیں:

یہاں یہ عرض کرتی چلوں کہ ایک اچھا اصول درود شریف پڑھنے کے بارے میں یہ ہے کہ پچھلے دن جتنا درود شریف پڑھیں اس سے کم نہ پڑھیں اور بہتر تو یہ ہے کہ کل جتنا درود شریف پڑھیں پڑھ رہے ہیں اس سے بے شک ایک بار زیادہ درود شریف پڑھ لیں اگر کسی دن درود شریف کم پڑھا جائے تو اس کو اگلے دنوں میں مکمل کرلیا جائے۔

تعداد کے اس اصول نے میری بڑی مدد کی ہے بہت دفعہ درود شریف پڑھنے کا شوق بھی ہوتا تھا بہت دفعہ اصول کی پابندی کی وجہ سے بھی درود شریف پڑھا جاتا تھا چاہے ہمت ہو یا نہ ہو چاہے طبیعت الجھن کا شکار ہو یا وسوسوں کا شکار ہو درود شریف پڑھنے والوں کے لیے یہ ایک بہت خاص بات اور Tip ہے کہ اپنے لیے کچھ اصول اپنائیں زیادہ اصول نہ رکھیں لیکن ایک ضرور رکھیں کہ جیسے ابھی آپ کو بتایا گیا ہے۔

ماں باپ کے لیے سب سے بڑا دکھ یہ ہوتا ہے کہ ان کی اولاد تکلیف میں ہو اور وہ ایسی حالت ہوتی ہے کہ آپ لاکھ چاہنے کے باوجود اپنی اولاد کی تکلیف اس سے لے نہیں سکتے بہت دل ٹوٹتا ہے دکھتا ہے ایسے لمحوں میں درود شریف آپ کے دل کو جو سکون دیتا ہے جو آپ کی مدد کرتا ہے اس سے

بہتر اور کوئی حل نہیں ایک دن خواب میں دیکھتی ہوں کہ میرے بچوں پر کوئی دشمن وار کرنے کی تیاری کر رہا ہے دشمن بھی کلیئر دکھایا گیا کہ دشمن وار کرنے کی کوشش کر رہی ہے یہ بھی دکھا دیا گیا۔ ادھر یہ سب دیکھ کر دیکھ کر میں بہت پریشان ہوتی ہوں استاد محترم سے اس چیز کا ذکر کیا انہوں نے کہا بیٹا درود شریف پڑھنا نہیں چھوڑنا ظاہر ہے میں سخت پریشانی کے عالم میں تھی کہ اپنے آپ پر تکلیف تو برداشت ہو جاتی ہے لیکن اولاد کی تکلیف کیسے برداشت ہو تو ان کو عرض کی کہ مزید کوئی عمل یا کوئی وظیفہ بتا دیں انہوں نے کہا آپ کے پاس سب سے بڑا وظیفہ already موجود ہے آپ اس کی اہمیت کو جان نہیں پا رہی ہیں یہی سب سے بڑا وظیفہ ہے۔

بہر حال انہوں نے یہ کہا کہ میں دعا کروں گا۔اور ساتھ میں یہ کہا کہ جب اس طرح کا کوئی خواب آئے تو آپ نے درود شریف کو بہت زیادہ مضبوطی سے پکڑنا ہے بلکہ اپنی اولاد کو بھی درود شریف پڑھنا سکھائیں ان کو عادت ڈالیں۔ بچوں سے کہو کہ درود شریف پڑھو ظاہر ہے چھوٹے بچوں کو درود ابراہیمی کا کہنا بڑا ہی مشکل ہوتا ہے تو ان کو بس ''صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' سکھانا شروع کر دیا لالچ دینا اچھا پیسے دوں گی کبھی کہنا اچھا تمہاری پسند کا کھلونا لے کر دوں گی۔ میرا بس چلتا تو ان کو ہر وقت درود پڑھنے پر ہی لگا دیتی کہ جو مصیبت خواب میں دکھائی جا رہی ہے وہ ٹل جائے بہر حال وہ وقت بھی آ گیا ڈاکٹرز نے کہا کہ آپ کے بچے کی بیماری کو ٹھیک کرنے کے لیے دو راستے ہیں جو راستہ Confirm علاج ہے مستقل علاج ہے وہ یہ ہے کہ اس کی میجر سرجری کی جائے ہاں ایک ہلکی سی امید یہ بھی ہے احساس ہے کہ پہلے چھوٹی سی سرجری کی جائے جس میں زیادہ ٹھیک ہونے کے امکانات نہیں ہیں لیکن اس کو ٹرائی کیا جا سکتا ہے۔

اب آپ بتائیں جو والدین کہیں گے ہم وہی کریں گے یہ بڑا مشکل مرحلہ ہوتا ہے کہ جب آپ نے یہ فیصلہ کرنا ہو کہ کون سا راستہ اپنایا جائے اگر ڈاکٹر یہ کہہ دے کہ یہی واحد حل ہے تو ظاہر ہے آپ کے پاس کوئی چارہ نہیں آپ اسی راستے پہ چلیں گے لیکن جب وہ آپ کو دو Option دے دیں۔

کہ مشکل راستہ کنفرم علاج کرے گا اور آسان راستے میں شک کی گنجائش ہے تو کافی کشمکش میں آپ مبتلا ہو جاتے ہیں اپنے لیے فیصلہ کرنا پھر بھی آسان ہوتا ہے لیکن دوسروں کے لیے خاص طور پر اولاد کے لیے فیصلہ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ میں درود شریف پڑھتی رہی اللہ تعالی سے مدد مانگتی رہی اور دل میں اللہ تعالی نے اس خیال کو پختہ کر دیا کہ چھوٹی سرجری کروائی جائے ڈاکٹرز ہمارا یہ جواب سن کر کچھ خاص مطمئن نظر نہیں آرہے تھے بہر حال والدین کا فیصلہ اس معاملے میں مانا جاتا ہے۔

چھوٹی سرجری ہوئی اور کامیاب ہوئی وہ دن آسان نہیں تھا ہاسپٹل پہنچنا بھی ایک گہری کھائی کو پار کرنے کے برابر تھا۔ مشکل پہ مشکل آتی جا رہی تھی لیکن پھر آسانیاں بھی ہوتی جا رہی تھی ہاسپٹل میں بھی ٹائم پر پہنچے جو ناممکن نظر آ رہا تھا پھر سرجری کے وقت کچھ مشکلات وہ بھی آسان ہوئیں اور سرجری کے بعد کے معاملات بھی آسان ہوئے پریشانی کے عالم میں اکثر ہم انسانوں سے باتیں کر کے تسلی حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں اور ادھر ہم اللہ کے ذکر کو بھول جاتے ہیں۔ لیکن مجھے یہ بات کسی رحمت سے کم نظر نہیں آتی کہ اس دن نہ تو لوگوں کا تانتا بندھا اور نہ ہی زیادہ فون کالز آئیں اور میری زبان پر مسلسل درود شریف جاری رہا اللہ نے کرم کیا اور میرے بچے کو شفاء ہوئی۔

سلسلہ بند ہو گیا:

اسی طرح زندگی میں ایک مقام یہ بھی آیا کہ کچھ خاص خواب دیکھے تھے وہ کسی سے شیئر کر دیے خواب آنا بند ہو گئے اب اس کا کیا حل نکلے گا اب کیسے پتہ چلے گا کہ دشمن کب وار کرنے کی تیاری کر رہا ہے اب گائیڈنس کیسے ملے گی؟ تو اس کا میرے لیے بہت ہی خوبصورت اللہ تعالی نے حل نکالا اور وہ یہ کہ درود شریف پڑھنے والے دوستوں کو میری رہنمائی کے لیے رہنما، خیر خواہ بنانا شروع کر دیا وقتاً فوقتاً ایسا ہوتا رہا کہ میں پریشان ہوتی تھی کسی دوست سے ذکر بھی نہیں کرتی تھی

اور خود ہی دوست کی کال آجاتی میسج آجاتا کہ تمہاری فکر ہو رہی ہے یا ہم نے تمہارے لیے دیکھا ہے کہ تم اس وقت شدید نظر میں ہو کوئی آستین کا رہائشی تم پر جادو کرنے کی ترتیب بنا رہا ہے۔یا سخت دشمنی پر اُترا ہوا ہے۔تم Alert ہو جاؤ اور خالی یہ وارننگ کے خواب ہی نہیں آتے تھے بلکہ کوئی خاص پیغام ہوتے تھے تو وہ بھی خواب مجھ تک مخلوق خدا کے ذریعے پہنچائے جاتے تھے۔

رب کی کریمی:

اچھا اگر آپ کو عادت ہو کہ ہر اچھا برا آپ کو آپ کے لیے خواب میں دکھا دیا جاتا ہے اور پھر آپ کے خواب آنا بند ہو جائیں تو بڑی بے چینی ہوتی ہے اس طرح کے وسوسے آتے ہیں کہ شاید میری کوئی غلطی ہے میں نے کوئی گناہ کر دیا ہے اپنے آپ کو آپ کوستے بھی ہیں بہرحال جس طرح کے خیال سوچ سکتے ہیں وہ آتے ہیں پریشانی ہوتی ہے لیکن درود شریف پڑھنے والے لوگ جو اللہ تعالی آپ کے گرد مسلسل تحفے کی طرح موجود رکھتے ہیں ان کے ذریعے آپ کی بہت حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

حالانکہ دیکھیں غلطی اپنی ہی ہوتی ہے کہ جو خواب جو مشاہدات ہوتے ہیں وہ ہر ایک کو سنانے والے نہیں ہوتے اب آپ خالی ہو کر بیٹھے ہیں لیکن اللہ تعالی کی ذات رحیم و کریم ہے کہ وہ آپ کی غلطی کے باوجود آپ کا حوصلہ بڑھائے رکھ رہا ہے۔

اس کی ایک مثال Share کروں گی پریشان تھی کافی۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ اس مسئلے کا حل کیسے نکلے گا کیا ہوگا؟ تو ایک دوست کی طرف سے پیغام آیا کہ نبی کریم ﷺ نے تمہارے لیے پیغام بھیجا ہے کہ میرے پاس آؤ مسائل حل ہو جائیں گے بہت خوبصورت پیغام لگا لیکن اب مسئلہ یہ کھڑا تھا کہ اس بات کو کیسے عمل میں لایا جائے؟

ایسا تھوڑی ہے کہ جانے کا فیصلہ کیا اور چل پڑے کاروبار میاں بیوی بچے سب دیکھنا پڑتا ہے اور ہمارے فیملی سسٹم ایسے ہوتے ہیں کہ زیادہ تر بلکہ 99 فیصد فیصلے شوہر کرتے ہیں۔سوچوں کا

سلسلہ ساتھ ساتھ چلتا رہا پھر یہی خیال آیا کہ مدینہ شریف تو نبی کریم ﷺ کا گھر ہے اور آپ ﷺ نے اگر اپنے گھر بلایا ہے تو انتظام بھی خود ہی کر دیں گے اور ایسا ہی ہوا ایسا وسیلہ بنا کے ایک ہفتے کے اندر اندر حاضری کا موقع نصیب ہو گیا۔ روضہ رسول ﷺ پر جا کر خوب صلوٰۃ وسلام پڑھا اور مکہ میں خوب دعائیں کیں جن کو رب نے قبولیت سے نوازا اور نظر کرم بھی ملی۔ اس کے بعد نہ صرف مسئلے حل ہوئے بلکہ نوازشات بھی بہت ہوئیں۔

اولیاء کرام کی دعوت:

اگر آپ درود شریف کی کثرت کریں تو آپ بہت سے لوگوں کی نظروں میں بغیر کہے ہی آ جاتے ہیں ایک وقت وہ بھی شروع ہوا کہ مختلف طرف سے مختلف سلسلوں میں بیعت کی دعوت دی جانے لگی اور یہ سب دعوتیں ایک ہی وقت میں شروع ہوئی کبھی کوئی کہتا تھا کہ آپ ہمارے سلسلے میں بیعت کر لیں آپ کو دو دن میں اس مقام پر پہنچا دیا جائے گا آپ کا قلب جاری کر دیا جائے گا آپ کے لطائف جاری کر دیے جائیں گے آپ کو حضور ﷺ کی محفل میں پہنچا دیا جائے گا یہ سب سن کر شوق بہت ہوتا تھا کہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ بغیر ریاضتوں کے اور بغیر محنتوں کے دو دن میں یہ سب ممکن ہو جائے۔

عشق درود شریف:

لیکن ایک چیز مجھے یہ بتا دی گئی تھی کہ درود شریف میرے لیے سب سے بڑے وظیفہ ہے بلکہ واحد وظیفہ ہے تو جب ان سلسلوں میں دعوت دینے والے لوگوں سے پوچھتی تھی کہ مجھے کیا پڑھنے کو دیا جائے گا؟ تو جواب میں یہ بتایا جاتا تھا کہ درود شریف کے علاوہ بہت کچھ پڑھنا پڑے گا تو میرا دل راضی نہ ہوتا اکثر کو تو یہ بھی کہا کہ اگر درود شریف کی کثرت ہے تو بتا دیں ورنہ درود شریف کے علاوہ میں کوئی وظیفہ نہیں پڑھ سکتی اور ایسا ہوتا بھی تھا کبھی کبھار اگر میں نے کوشش بھی کی کہ درود شریف کے علاوہ کوئی تسبیح بھی پڑھنے کی کوشش کروں تو جیسے پہلا کلمہ یا کوئی اور ذکر مشکل سے چند دانے ہی

ذکر کیے جاتے تھے اور تسبیحوں پہ تسبیح مکمل ہو جاتی تھی میں سمجھ رہی ہوتی تھی کہ میں وہ ذکر کر رہی ہوں لیکن احساس ہوتا تھا کہ مسلسل درود شریف پڑھ رہی ہوتی تھی۔

چناؤ کیا گیا:

میں نے جب اس بات کا ذکر اپنے استاد محترم سے کیا تو انہوں نے کہا کہ بیٹا جب آپ کو کہا گیا تھا کہ آپ کے لیے سب وظائف درود شریف میں ہیں تو پھر کیسے آپ کو کچھ اور پڑھنے دیا جائے گا اگر آپ کو درود شریف پڑھنے کے لیے چنا گیا ہے تو بس چن لیا گیا ہے آپ کوشش کر کے دیکھ لیں کچھ بھی پڑھنے کی آپ سے اور کچھ نہیں پڑھا جائے گا اور ان کی یہ بات وقتاً فوقتاً سچ ثابت بھی ہوتی رہی۔

حقیقت میں ہم انسان یہ فیصلہ نہیں کر سکتے کہ ہم نے کون سا ذکر کرنا ہے مالک ہمارے لیے ذکر کو چنتا ہے اور اس کو ہمارے لیے جاری کرتا ہے جتنی جلدی ہم اس حقیقت کو مان لیں اتنی جلدی ہماری آسانی ہو جاتی ہے ابھی بھی اگر کوئی کہے کہ آپ یہ وظیفہ پڑھ لیں یا اس وظیفے کی خاص ہم نے اجازت دی ہے آپ کے لیے آپ کا نام لے کے آپ کو اجازت دی ہے اس کے باوجود مجھے معلوم ہے کہ درود شریف کے علاوہ کچھ بھی میری زبان سے جاری نہیں ہو گا۔

جب بھی کبھی زندگی میں ایسے حالات ہوئے کہ ہمت حوصلہ ٹوٹنے لگے چاہے وہ انسانوں کی وجہ سے یہ ہو یا غیر مرئی مخلوق کی شرارتوں کی وجہ سے ہو اللہ تعالی نے درود شریف پڑھنے والوں کا ہاتھ تھاما ہے ان کے لیے نہ صرف معاملات کو کھول کر بیان کیا ہے بلکہ حل بھی بتایا ہے اور آسانیاں بھی کی ہیں۔

جس طرح میں نے پہلے ذکر کیا کہ چاہے مسئلہ کسی بھی قسم کا ہو حسد، جلن، نظر بد، جادو، جسمانی بیماری، روحانی بیماری، کچھ بھی سب کا حل مجھے درود شریف پڑھنے میں ہی عطا کیا گیا بہت سی ایسی باتیں ہیں کہ جن کے حصول کے بارے میں انسان کے دل میں ان کے ہونے سے حسرتیں پیدا

ہو جاتی ہیں تو وہ بھی درود شریف پڑھنے والوں کے لیے پوری کی جاتی ہے۔درود شریف پڑھنے والا خالی نہیں رہتا بلکہ اُسے عطا کیا جاتا ہے۔

خانہ کعبہ کا دروازہ:

جیسے میں نے ایک مرتبہ نیوز چینل پہ دیکھا کہ ایک خاتون جو کہ کسی ملک کے صدر کی والدہ تھی ان کے لیے خانہ کعبہ کا دروازہ کھولا جاتا ہے اور وہ اپنے صدر بیٹے کے ساتھ خانہ کعبہ کے اندر جاتی ہیں نفل پڑھتی ہیں تو دل میں خیال آیا کہ یا اللہ کیا آپ کے گھر کا اندر سے دیدار صرف صاحب حیثیت لوگوں کو ہی ہو سکتا ہے اب میرے بھی تو اتنے ہی اللہ ہیں جتنے باقی انسانوں کے لیے ہیں بہر حال اس خیال کو جھٹکا بھی لیکن پھر یہ خیال بار بار آتا تھا کہ اچھا اگر میں بھی کسی صدر مملکت کے رشتہ دار ہوتی تو مجھے بھی خانہ کعبہ کو اندر سے دیکھنے کا موقع ملتا۔

اب اس خیال کو چند دن ہی گزرے تھے کہ ایک دن خواب میں کیا دیکھتی ہوں کہ چاند پوری اب و تاب کے ساتھ چمک رہا ہے چودھویں کا چاند ہے لیکن اس کی روشنی اتنی زیادہ ہے کہ زمین کا جیسے ذرہ بھی نظر آ رہا ہو۔

اسی روشنی میں سیدھی ہاتھ پہ رخ کرتی ہوں تو خانہ کعبہ نظر آتا ہے بہت کم لوگ موجود تھے ارد گرد اپنے کچھ رشتہ داروں کو بھی وہاں دیکھتی ہوں میں کچھ دور کھڑی تھی لیکن ایسا تھا کہ جیسے خانہ کعبہ پر جو بھی میری نظر پڑ رہی ہے اس کے راستے میں کوئی موجود نہیں ابھی اس خوبصورت منظر کو دیکھ ہی رہی ہوتی ہوں کہ خانہ کعبہ کی تمام دیواریں آہستہ آہستہ جیسے ہٹنا شروع کر دیتی ہیں اور خانہ کعبہ اندر سے اتنا واضح طور پر نظر آنا شروع کر دیتا ہے کہ میں حیران ہو جاتی ہوں کہ یہ کیا ہوا ہے؟ اور پھر میں جی بھر کر اس نظارے کا دیدار کرتی ہوں اور اسی وقت مجھے یہ احساس ہو جاتا ہے کہ اللہ نے میری حسرت کا مان رکھ لیا۔ جو خیال صرف میرے دل و دماغ میں تھا جس کو میں زبان پر بھی نہیں لے کر آتی تھی یہ درود شریف پڑھنے کی برکت ہے کہ اللہ تعالی نے مجھے وہ دیدار عطا کیا کہ جس

سے میں سیر ہو گئی۔

مبارک ہستیوں کی زیارت:

اسی طرح اور بھی بہت سے خواب دکھائے گئے کہ جن میں مبارک ہستیوں کا دیدار ہوا ہے نبی کریم ﷺ کے عشق کی راہ میں بڑھنے کے لیے پیغامات دیے گئے یہ درود شریف پڑھنے کی ہی برکت ہے کہ اگر کسی کے مسئلے کا معلوم کرنا اور اس کے لیے دعا کرنا ہو تو اس کے لیے پیغام مل جاتا ہے کہ وہ کیا پڑھے گا تو اس کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

یا اس کی یہ مشکل کس وجہ سے ہے ایک بات کا ذکر ضرور کروں گی کہ بہت سے لوگ ایسے بھی ملتے ہیں آپ کو کہ جن کے لیے جب آپ کو کوئی پیغام دیا جاتا ہے اور آپ ان کو وہ بتاتے ہیں تو آپ کی بات کو مانتے نہیں ہے یا آپ کا مذاق اڑاتے ہیں یہاں پہ آپ دلبرداشتہ نہ ہونا۔ بلکہ اس کو اپنی ٹریننگ کا حصہ سمجھیں اللہ تعالی آپ کو سکھاتا ہے ہر انسان کو ہر بات کا جواب دینا ضروری نہیں ہے اپنے معاملات کو اللہ تعالی پر چھوڑنے کی سمجھ بوجھ کس طرح آتی ہے جو لوگ اپ کو جھوٹا سمجھتے ہیں یا آپ کا مذاق اڑاتے ہیں اللہ تعالی ان کو ضرور دکھاتا ہے کہ وہ ان کی بے وقوفی تھی اور وہی لوگ بعد میں آپ کی سچائی کی گواہی دیتے ہیں۔

ایک روحانی خواب:

کچھ اور روحانی خوابوں کا اگر ذکر کروں تو ایک مرتبہ دل میں یہ خیال آنے لگا اور اللہ تعالی سے بات کرنے لگی کہ اللہ تعالی اگر آپ نے مجھے اس وقت کے بجائے نبی کریم ﷺ کے زمانے میں پیدا کیا ہوتا تو میں بھی حضور اقدس ﷺ کا دیدار کر پاتی آپ ﷺ سے دعا لے پاتی یا کم از کم سلام ہی کر پاتی۔

یا اللہ میرے لیے یہ آپ کا فیصلہ ہے کہ آپ نے مجھے اس زمانے میں پیدا نہیں کیا نبی کریم ﷺ

میرے بھی تو نبی ﷺ ہیں بس اس اسی طرح کی باتیں اللہ تعالی سے کرتی رہتی لیکن بعد میں اپنے آپ کو ڈانٹتی بھی کہ یہ کیا خیال پالنا شروع کر دیا ہے اللہ تعالی کی رضا میں راضی ہونا سیکھو اور پھر جب بھی اس طرح کا خیال آتا تو کوشش کرتی کہ فورا اللہ کا شکرادا کروں کہ آپ نے جس وقت میں بھی پیدا کیا ہے بے شک میرے لیے یہی بہترین ہے۔

اکثر آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہم درود شریف پڑھنے کا اغاز بہت ہی خوش وخضوع سے کرتے ہیں اور پھر خیالوں میں باتیں کرتے چلے جاتے ہیں تو یہ اسی وقت کے خیال ہوتے تھے باتیں ہوتی تھیں زبان پر درود شریف ہوتا تھا اور ساتھ ساتھ باتیں کرتی جاتی تھی کبھی اللہ تعالی سے باتیں کرنی کبھی حضور پاک ﷺ کی بارگاہ میں عرض کرنا کہ میرے آقا ﷺ کاش میں آپ ﷺ کے زمانے میں پیدا ہوتی ساتھ ساتھ یہ باتیں کرتی جاتی اور اپنے اپ کو منع بھی کرتی کبھی یہ بھی سوچتی کہ میں بھی تو آخر ایک انسان ہوں اللہ تعالی نے کہا ہے کہ اللہ کی مرضی کے بغیر ایک پتہ بھی نہیں ہلتا تو یہ خیال بھی تو اللہ کی مرضی سے ہے میرے دماغ میں آ رہا ہے اگر اللہ نہ چاہے تو کیسے خیال آئے؟ یہ انسان کی فطرت میں ہے کہ جس سے انسان محبت کرتا ہے اس کا دیدار کرنا چاہتا ہے اس سے بات کرنا چاہتا ہے یا کم ازکم اس کو دیکھنا ضرور چاہتا ہے۔

اوراس خواہش پہ ہمارا بس نہیں میری یہ دعائیں دل ہی دل میں چلتی رہیں اور پھر اللہ کا کرم ہوا کہ اللہ نے مجھ جیسی گناہوں کی پوٹلی کو بھی نبی کریم ﷺ کے دیدار سے نوازا اور ایسا نوازا کہ اتنا وقت گزر جانے کے باوجود بھی وہ خواب میری آنکھوں میں چند لمحوں پہلے دیکھا گیا منظر کی طرح رہتا ہے جب بھی دل غم سے بھرا ہو اور کسی طرح بھی سکون نہ مل رہا ہو تو نبی کریم ﷺ سے چند لمحوں کی اس ملاقات کو یاد کرتی ہوں تو ایک ایسی سرشاری اور سکون عطا ہوتا ہے کہ جس کو آپ گھنٹوں محسوس کر سکتے ہیں،

روحانیت میں مرتبے:

ایک مرتبہ دل میں خیال آیا کہ لوگ روحانیت میں اتنے اعلی مرتبے پر فائض ہوتے ہیں اور اگر آپ سنیں تو معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اس کے لیے بہت بڑے چلے اور ریاضتیں کی ہوتی ہیں یا بہت سے وظائف کیے ہوتے ہیں بہت سی ناگواریوں سے اُن کو گزارا گیا ہوتا ہے۔ظاہر ہے کہ یہ سب مرشد کی نظر کے بغیر ناممکن ہوتی ہے۔

لیکن کافی محنت کی گئی ہوتی ہے ان اعلیٰ مقامات کو پانے کے لیے اب سوچ یہ تھی کہ میں تو ایسا کچھ بھی نہیں کرسکتی اور میری اس بات کو عورتیں سمجھ سکتی ہیں خاص طور پر جو شادی شدہ ہوتی ہیں بچوں کو دیکھتی ہیں یا گھر سنبھالتی ہیں کہ عورتوں کے لیے وظائف کرنا یا چلے کرنا کافی مشکل ہوتا ہے بہت سی شرائط کا کبھی سامنا ہوتا ہے یا بہت زیادہ پابندیاں ہوتی ہیں جن کو وہ نہیں اپنا سکتی تو یہ خیال رہنے لگا میں کہ میں تو صرف درود شریف پڑھتی ہوں کیا اس راہ پر میرا چلنا ممکن ہے؟

کیا میں روحانیت کے راستے پر چل رہی ہوں کیا میرا ابھی کوئی مقام ہے؟ حالانکہ عشق میں سوال نہیں سوچنے چاہیے سچا عشق تو وہ ہوتا ہے کہ جس میں بغیر کسی لالچ کے بس عشق کیا جاتا ہے نہ کسی انعام کی توقع رکھی جاتی ہے اور نہ منزلوں کی نشاندہی مانگی جاتی ہے نہ مقاموں کا پوچھا جاتا ہے بس عشق کیا جاتا ہے لیکن ہم ٹھہرے انسان انسانی خواہشوں سے ہم کیسے پیچھا چھڑا سکتے ہیں اسی عادت کو لے کر سوچا کرتی کہ ہماری کوشش کامیاب ہورہی ہے یا نہیں بس اسی طرح کی سوچوں میں مبتلا تھی درود شریف پڑھتے پڑھتے سوگئی۔

اولیاءکرام کا اشارہ:

خواب میں اللہ کے تین بڑے ولی اللہ تشریف لائے اور اشارہ کر کے کہنے لگے کہ تم ہم میں سے ہو ان کا یہ کہہ دینا ہی میرے لیے کافی تھا مجھے اپنے سوالوں کا بلکہ خیالوں کا جواب مل گیا تھا اس کے بعد میں نے اللہ تعالی سے معافی مانگی کہ یا اللہ ان خودعرض خواہشوں اور سوالوں کو نظرانداز کردے یا اللہ تیری قدرت میں ہے کہ تو مجھے بے نیاز کردے دیکھیں اللہ تعالی ہمیں سب سے بہترین

جاننے والا ہے وہ جانتا ہے کہ اب میرا بندہ زندگی کی کن مشکلات کی وجہ سے کس دوراہے پر کھڑا ہے اس وقت اس کو کیا بات حوصلہ دے گی کیا نعمت اس کو دوبارہ سے زندگی میں ہمت کے ساتھ کھڑا کر دے گی اور اللہ آپ کو وہ نعمت عطا کرتا ہے چاہے آپ مانگیں یا نہ مانگیں یہ بھی اللہ تعالی کا کرم ہے مہربانی ہے کہ انسان اللہ سے اپنے لاڈ میں کچھ مانگے خواہش کرے اور اللہ اپنے بندے کی لاج رکھے۔

ایسا بھی ہوتا تھا کہ دل میں کچھ سوال کچھ خواہشیں جاگتی تھیں لیکن اگر وقت نہیں ہوتا تھا ان کو عطا کرنے کا یا سمجھانے کا تو درود شریف پڑھتے پڑھتے ہی وہ خیالات اور سوال میرے دل و دماغ سے نکال دیے جاتے تھے اور وہ بے چینی ختم کر دی جاتی تھی ایک بات یہ بھی ہے کہ اگر آپ کو اللہ کی نظر میں نبی کریم ﷺ کی نظر میں اعلی مقام چاہیے تو اس کے لیے آپ کو محنت کرنی پڑے گی نفس کو مارنا پڑے گا حتی کہ اپنا حق چھوڑنا پڑے گا لوگوں کو معاف کرنا پڑے گا بدلہ لینے کا حق رکھتے ہوئے بھی رحم سے کام لینا ہوگا بڑی سے بڑی مصیبت میں اللہ کا زیادہ شکر ادا کرنا ہوگا دل سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کے علاوہ ہر انسان کی محبت کو نکالنا ہوگا چاہے وہ آپ کے والدین کی محبت ہو، شوہر کی محبت ہو، بیوی کی محبت ہو یا اولاد کی محبت ہو یا کسی بھی انسان کی محبت ہو ورنہ اللہ ایسی محبت کے ذریعے آپ کے دل کو توڑے گا۔

پھر روتے ہوئے واپس اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کی طرف جائیں گے یہ باتیں کہنا آسان ہے لیکن کرنا بہت مشکل ہے جگہ جگہ حوصلہ ٹوٹتا ہے وسوسے آتے ہیں ناشکری آتی ہے مایوسی آتی ہے لیکن یقین جانیے اگر ان لمحوں میں آپ درود شریف پڑھنا بھول بھی جائیں ناں تو جو پچھلے لمحوں میں آپ نے درود شریف پڑھا ہوتا ہے اسی کے وسیلے سے یا اسی کی برکت سے اللہ تعالی آپ کو ایسی راہیں دکھاتا ہے اور اسی طرح آپ کو ان خیالات سے نکالتا ہے کہ آپ دنگ رہ جاتے ہیں۔ درود شریف کی برکتیں اور نور آپ کا تعاقب کرتا ہے آپ کی نسلوں کا تعاقب کرتا ہے

اور یہ بار ہا کا مشاہدہ اور تجربہ رہا ہے۔

شور مچاتے عاشق:

یہاں ایک بات کہنا چاہوں گی کہ اکثر ویڈیوز میں ہم سنتے ہیں لوگ کہتے ہیں کہ میں نے اتنا درود شریف پڑھا میں نے یہ وظیفہ پڑھا میں نے وہ وظیفہ پڑھا لیکن نہ تو مجھے کوئی خواب آیا نہ کوئی مجھے زیارت ہوئی اور لوگ اس پہ کافی واویلا مچاتے ہیں دل برداشتہ بھی ہوتے ہیں کہ شاید اللہ ہم سے پیار نہیں کرتا یا ہمارا پڑھا ہوا قبول نہیں ہو رہا۔

ایسے تمام لوگوں کو عرض کرنا چاہوں گی کہ کیا آپ قربانیاں دینے کے لیے تیار ہیں اپنے نفس کو مارنے کے لیے تیار ہیں کھانا سامنے ہوتے ہوئے بھی بھوکا رہنے کو تیار ہیں اس بات کو سوچیں سب سے بڑی مثال ہمارے سامنے پیارے نبی ﷺ کی ہے وہ کون سا ایسا غم تھا کہ جو نبی کریم ﷺ کی زندگی میں نہیں آیا اپنے لائف پارٹنر کو کھونا اپنی تمام اولاد کو سوائے حضرت فاطمہؓ کے اپنی زندگی میں اس دنیا سے کوچ کرتے ہوئے دیکھنا ماں باپ سے پوچھیں کہ جن کے 10 اولادوں میں سے اگر ایک اولاد بھی ان کے سامنے اس دنیا سے چلی جاتی ہے تو غم کی کیا شدت ہوتی ہے۔

حالانکہ 10 میں سے صرف ایک اولاد جاتی ہے باقی نو اولاد سامنے ہوتی ہے آنکھوں کے سامنے ہوتی ہے لیکن اس ایک اولاد کا جانا ماں باپ کی کمر توڑ دیتا ہے وہ لوگ جو حضور اقدس ﷺ کی سچائی کی گواہی دیتے تھے وہی لوگ جب آپ ﷺ کی جان کے دشمن ہو گئے صرف اسی وجہ سے کہ آپ ﷺ نے انہیں حق کا راستہ دکھایا اور ادھر ہم کیا اس طرح کی کوئی بات امتحان برداشت کر سکتے ہیں یہاں تو سوشل میڈیا کے اوپر اگر آپ کوئی حق سچ کا کمنٹ لکھیں اور لوگ اس پہ آپ کو باتیں کرنا شروع کر دیں تو دیکھیں کیسا میدان گرم ہو جاتا ہے۔

اتنی سی بات تک کو ہم برداشت نہیں کر پاتے کجا یہ کہ اپنے ہی پیاروں کے ہاتھوں مخالفت برداشت

کر سکیں اگر آپ کو یہ لگتا ہے کہ جو لوگ ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں درود شریف پڑھتے ہیں یا جو اربوں کی تعداد میں درود شریف پڑھ چکے ہیں تو ان کی زندگی میں کوئی غم نہیں ہے کوئی مشکل نہیں ہے یا کوئی پریشانی نہیں ہے تو ایسا بالکل بھی نہیں ہے جب تک ہم اس دنیا میں موجود ہیں یہ تمام معاملات چلتے رہتے ہیں آسانی یہ ہوتی ہے کہ جیسے جیسے آپ درود شریف پڑھتے چلے جاتے ہیں آپ کی روح مضبوط ہوتی چلی جاتی ہے۔

اگر کبھی کسی چھوٹے سے چھوٹے امتحان پر بھی ہم آپ واویلا مچایا کرتے تھے تو درود شریف پڑھتے پڑھتے ایک وہ وقت بھی آتا ہے کہ بڑی سے بڑی آزمائش بھی گزر جائے تو آپ زبان پر شکوہ نہیں لاتے اللہ تعالی آپ کو وہ خاموشی عطا کرتا ہے جو سمجھداری کی خاموشی ہوتی ہے اللہ تعالی آپ کو اپنے آپ سے باتیں کرنے کی نعمت عطا کر دیتے ہیں درود شریف پڑھنے والوں کے دل کو اللہ تعالی ہر وقت حوصلہ دیتے ہیں ناشکری سے بچا لیتے ہیں۔

خواتین کے لیے پیغام:

اگر میں خالی خواتین ہی کی بات کروں جو کہ کثرت سے درود شریف پڑھتی ہیں تو ہر ایک کے ساتھ کوئی نہ کوئی معاملہ ضرور ہے اگر شادی شدہ ہے تو شوہر کی آزمائش ہے کبھی اولاد کی آزمائش ہے کسی کی اولاد اس کے سامنے اس دنیا سے چلی گئی ہے جو شادی شدہ نہیں ہے ان کے گھر والے ہر وقت ان کے درود شریف پڑھنے کی مخالفت کرتے رہتے ہیں۔

کبھی ان کے صبر کا امتحان لیا جاتا ہے کبھی صحت کی آزمائش چل رہی ہوتی ہے کبھی ایک زمانہ ان پر جادو کے وار کرنے پر لگا لگ جاتا ہے کبھی ان کے درجے بڑھنے کو جادو کا نام دیا جا رہا ہوتا ہے۔ کبھی ان کے کردار پر الزام لگائے جا رہے ہوتے ہیں جنہیں سن کر دل خون کے آنسو روتا ہے لیکن سبحان اللہ ان تمام درود شریف پڑھنے والی بہنوں کو اللہ تعالی وہ کمال کی ہمت اور حوصلہ عطا کرتے ہیں کہ عام انسان کے بس کی بات نہیں اور انہی آزمائشوں میں کامیاب کرتے ہیں بلکہ

دشمنوں کی نظروں میں اعلی مقام عطا کرتے ہیں دوستوں کو دشمنوں میں بدلتے ہیں اور برا چاہنے والوں کو دور کر دیتے ہیں۔ درود سے حوصلے بلند ہوتے ہیں مزاجوں میں وسعت آتی ہے اور برداشت میں اضافہ ہوتا ہے۔

میرے تجربات:

میں نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی ہے کہ میں بتا سکوں کہ میری زندگی میں درود شریف نے ہر وظیفے کا کام کیا ہے اگر مجھے استخارہ کرنا ہے تو درود شریف پڑھتی ہوں اپنے نفس کو قابو کرنا ہے تو درود شریف ہی پڑھنا ہے نظر اتارنی ہے تو درود شریف پڑھتی ہوں دن میں کسی شر سے بچنا ہے تو درود شریف پڑھتی ہوں جادو سے بچنا ہے درود شریف پڑھتی ہوں سوالوں کے جواب چاہیے درود شریف کام آتا ہے کوئی چیز نہیں مل رہی درود شریف پڑھتی ہوں۔

ایک پریشان مسلمان کا دل بہت چاہتا ہے کہ یہ بھی وظیفہ پڑھ لوں وہ بھی وظیفہ پڑھ لوں یہ بھی کام ہو جائے وہ بھی کام ہو جائے لیکن میں تو اب اس نتیجے پر پہنچ چکی ہوں کہ درود شریف سے بڑھ کر کوئی وظیفہ نہیں یہ وہ وظیفہ ہے جو آپ کو معرفت الہی تک پہنچا دیتا ہے۔

آپ خود سوچیں کہ ہم کمزور انسانوں کے لیے آسان ہے کہ بہت سارے وظیفے کرتے چلے جائیں یا صرف ایک ذکر کریں ایسا وظیفہ کیوں نہ ہو جو باکمال ہو۔ یہ واحد وظیفہ ہے کہ جس میں اللہ کریم بھی اپنے حبیب ﷺ پر ابد سے اب تک اور ہمیشہ تک درود بھیجتا جا رہا ہے جو اللہ تعالی کے فرشتوں کا وظیفہ ہے جو ایمان والوں کا وظیفہ ہے۔

تو درود شریف کو کوئی عام ذکر مت سمجھیے جو درود شریف پڑھتا ہے وہ کمال پاتا ہے۔ یہ بہت بڑا عمل ہے اللہ تعالی کے ہاں قبول ہے مقبول ہے محبوب ہے اور اس کے قبولیت میں کسی قسم کی شک کی گنجائش موجود نہیں۔

یہ ایک بہن کے مشاہدات تھے جو آپ کی خدمت میں پیش کیے گئے ہیں درود ابراہیمی کے حوالے

سے انہوں نے اپنی journy ہمارے ساتھ شیئر کی ہے اور میں نے اس مبارک سفر کو آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں درود ابراہیمی کثرت سے محبت سے عقیدت سے ادب سے یقین سے پڑھنے کی توفیق سے نوازے امین ثم امین۔

☆☆☆

اسٹاکسٹ

درویش نامہ لاہور پاکستان: **0313-4191174**

درود شریف روحانیت کی کنجی اور ولایت کی چابی ہے
ہر ولی اللہ کو درود شریف کا سفر ضرور بالضرور عطا کیا
جاتا ہے سچ یہ ہے جو عاشق درود شریف کی راہ پر
چلتا ہے وہ اور اس کی نسلیں رنگ و رنگ ہو جاتی
ہیں عاشق درود کی نسلوں میں ولایت کے فیصلے
ہوتے ہیں جو درود شریف کے سفر میں ہے اسے
دنیا و آخرت میں سرخرو ہونے سے دنیا کی کوئی
طاقت نہیں روک سکتی اور یہ پکی خبر ہے۔

درویش نامہ لاہور پاکستان

FAISAL NAZIR 0313-4191174

DARWESH NAMA LAHORE DARWESH NAMA LAHORE DARWESH NAMA LAHORE@GMAIL.COM